باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ® 168

جون 2020ء شوال المکرم 1441 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے



گھریلو جھگڑوں ناچاقیوں غلط فہمیوں
سے نجات اور شادی شدہ زندگی میں
سدا بہار خوشیوں کیلئے ہر گھر کی ضرورت

گھر میں جب کوئی چیز آئے یہ پڑھ لیں! غربت ختم!

چٹکی دوا سے مریض صحت یاب

فالج، اعصابی، جسمانی کمزوری
کمر درد اور پٹھوں کا کھچاؤ ختم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کھانے پینے کے انداز

- گرمیوں میں بچوں کی خصوصی دیکھ بھال
- اولاد، روزگار اور تبادلہ کیلئے فقیر کا بتایا عمل
- صرف پانچ دن میں نظر کی کمزوری ٹھیک
- منیٰ کی وادی میں سورۂ قریش کا کرشمہ
- دھاگہ کی 7 گرہیں بندشوں کا توڑ

کھانا کھانے کے بعد یہ 8 کام ہرگز نہ کریں

ائیرکنڈیشنز کے بغیر گھر کو ٹھنڈا کریں

اولاد، روزگار اور تبادلہ کیلئے فقیر کا بتایا عمل

تربوز! امراض قلب کا مزیدار معالج

ستو پینا سنت رسول ﷺ!

فوائد جدید سائنس سے جانیئے

شیخ الوظائف کی کراچی آمد

جمعہ 21 اگست سے لیکر اتوار 23 اگست 2020ء
تک گوشہ درود و سلام کراچی میں خصوصی چلہ، ختم درود و دعا
23 اگست بروز اتوار بعد نماز ظہر اختتامی دعا و اجازت

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جارہے ہیں تو ذرا ٹھہرئیے! 'حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ' کتاب حج و عمرہ پر جانے والوں کیلئے نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دئیے۔ پڑھیں اور گفٹ کریں!

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿القرآن﴾

بیاد

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب، جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

شمارہ نمبر 12 | جلد نمبر 14 | جون 2020 شوال المکرم 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماھنامہ عبقری لاہور

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

جون 2020ء

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1260 روپے بمعہ ڈاک | بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:۔ ہم جتنی زیادہ تکلیفیں سہنا اور قربانیاں دینا سیکھیں گے، اتنی ہی زیادہ پاکیزہ، خالص اور مضبوط قوم کی حیثیت سے ابھریں گے جیسے سونا آگ میں تپ کر کندن بن جاتا ہے۔ (پیغام عید الاضحی 24 اکتوبر 1947ء)

ایک اور جگہ فرمایا: میرے پیغام کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر مسلمان کو دیانت داری، خلوص اور بے غرضی سے پاکستان کی خدمت کرنی چاہیے۔ (27 اگست 1947)

فلک نے ان کو عطا کی ہے خواجگی کہ جنہیں	خبر نہیں روش بندہ پروری کیا ہے
فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا	نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے

حضرت علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں، ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹری کتابیں رسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہوں گے ایڈیٹری کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب، رسائل، جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں، مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر بھیجیں پہلے کال ضرور کریں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	نسلوں سے دولت چھن بھی صبر تاک انجام	37	اچھی صحت کے چار اہم راز جان لیجئے!
4	صدقات بلاؤں کو ٹال دیتے ہیں! انوکھے تجربات	38	تھوڑے سے چاول اور مدینہ کی حاضری
5	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانے پینے کے انداز	39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
6	غور سے پڑھیں! بچے کو خوف زدہ نہ کریں	41	گھر میں جب کوئی چیز آئے یہ پڑھ لیں! اذیت ختم!
7	قرآنی سورت سے غیبی مدد آئی!	44	دماغ کو چاق و چوبند رکھنے کیلئے قدرت کی نعمتیں
8	آپ کی صحت کیلئے مسکراہٹ کی قیمت	45	قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے
9	ایئر کنڈیشنر کے بغیر گھر کو ٹھنڈا کریں	48	جب بھی شیخ الوظائف کو خط لکھا پریشانی ختم
10	اللہ کا خصوصی فضل و کرم چاہیے تو ذیقعدہ میں یہ عمل کیجئے!	51	بواسیر سے نکلنے کا گر 5 سال بعد ملا
12	تربوز! امراض قلب کا مزیدار معالج	52	دوا کھائی ایپاری، سوزش اور سوتا پا ختم
13	جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج	53	آیت کریمہ ایسی جگہ سے رزق ملے کہ گمان نہ ہو
14	روحانی امراض اور ان کا علاج	54	معدہ کی تکالیف اور بلڈ پریشر! یقینی چھٹکارا
15	میری زندگی کیسے بدلی؟	55	بقیہ جات
16	آمدن سے اڑھائی فیصد نکالنے کے انوکھے فوائد	56	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
17	کھانا کھانے کے بعد یہ 8 کام ہرگز نہ کریں	57	امتحان میں A+ گریڈ! درود خضری کا لاثانی کرشمہ
18	ہاتھوں کی دلکشی سدابہار رکھیے!	58	گرمیوں میں بچوں کی خصوصی دیکھ بھال
20	ملازمین ضرور پڑھیں! نااتفاقی الگواری سے نکلنے کا عمل	59	یورک ایسڈ سے نجات! میرے تجربے سے استفادہ کیجئے
23	درد جہاں بھی ہو سرخ رنگ کا کپڑا بچھا کر لیٹ جائیں! درد ختم	60	ستو پینا سنت رسول! فوائد جدید سائنس سے جانیے
24	چٹکی دوا سے مریض صحت یاب	61	عبقری روحانی چلہ اور دعا (اجتماع)
26	اولاد روزگار اور تبادلہ کیلئے فقیر کا بتایا عمل	63	عبقری ادویات اشتہار
29	بلی اور کتیا کو گولی ماری! لرزہ خیز انجام پڑھیں!	64	پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریے
34	اروی صرف سبزی نہیں شفا یابی کا خزانہ بھی	65	عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ
35	قارئین کی آزمودہ تحریریں		

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود [illegible] سے چھپوا کر [illegible] لاہور سے شائع کیا

ایڈیٹر کے قلم سے

حال دل

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

نسلوں سے دولت چھن گئی عبرتناک انجام

قسط نمبر 2

ملازمین کی خیانت اور بددیانتی کھا گئی

ہمارے ایک رشتہ دار بہت بڑے سیٹھ ہیں' انہوں نے تقریباً ساڑھے تین سو جانور رکھے' بہت بڑا فارم ہاؤس بنایا' ماہرین بٹھائے لیکن وہ صرف دو سال سے زیادہ عرصہ نہ چل سکا' ملازمین کی خیانت' بددیانتی انہیں کھا گئی اور آخرکار وہ ناکام ہوگئے اور حیرت انگیز بات یہ ہے جب بھی کوئی جانور رکھنے والا ناکام ہوا ہے اور جب اس نے جانور بیچنے کا فیصلہ کیا ہے براہ راست یا کسی اور کو سامنے کرکے خریدار ہمیشہ وہی ملازم ہوتے تھے جن کو خدمت پر رکھا جاتا تھا لیکن جو بات سب سے حیرت انگیز ہے وہ ملازم بھی نہ تروتازہ ہوئے' نہ کامیاب ہوئے نہ ان کو برکات ملیں بلکہ ان کے گھروں میں بیماریاں' تکالیف' مشکلات' مسائل' جھگڑے حتیٰ کہ قتل وغارت اور خون ریزی تھی۔ صرف اس بدنیتی کی وجہ سے جو انہوں نے اپنے مالک کے ساتھ کی تھی۔

سارے مضمون کا نچوڑ

ہمارے ایک اور رشتہ دار ہمارے باغ کے ساتھ ان کا باغ ہے' انہوں نے قربانی کے دنبے پالے' خود محنت کی' شہر میں رہتے تھے' صبح جاتے تھے شام کو پوری محنت کرکے آتے تھے' انہیں کسی سیانے نے ایک بات کہی کہ آپ ناکام ہوجائیں گے جب تک دن رات خود اوپر نہ رہیں گے' ہاں دن رات خود اوپر رہیں' یہ بڑی خاص بات ہے اس سارے مضمون کا نچوڑ ہے' دن رات خود اوپر رہیں تو کامیاب ہوجائیں گے اگر دن رات خود اوپر نہ رہیں تو ناکام ہوجائیں گے لیکن انہیں اس بات کی سمجھ نہ آئی' وہ دن کا کچھ حصہ جاتے تھے' پوری نگرانی' پوری توجہ پورا دھیان کرتے تھے لیکن آخرکار وہ ناکام ہوگئے کیوں؟ ان کے ملازمین کی بدنیتی خیانت انہیں کھا گئی اور آخرکار انہیں اپنے جانور اور سب کچھ بیچنا پڑا اور ساری چیزیں بیچ کر آج وہ لوگوں کو نصیحتیں کرتے ہیں کہ کبھی بھی جانور نہ رکھنا اگر رکھنا بھی تو ایک لفظ کہتے ہیں کہ ''خود جانور ہوجانا'' یعنی ان کے ساتھ خود اپنا وقت دینا اگر خود وقت نہ دے سکے تو ناکام ہوجاؤ گے اور میری طرح ناکامی کا عبرتناک نشان بن جاؤ گے کیونکہ تمہیں کوئی بھی ملازم' کوئی لاکھوں میں ایک ملازم ہوگا جو کہ دیانت دار ہوگا' ورنہ تو وہ خیانت کرنا پیشے کا حصہ سمجھتے ہیں نہ کہ اس کو خیانت سمجھتے ہیں۔

دیہات میں چوری' زنا اور جھوٹ یہ گناہ نہیں سمجھا جاتا

میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایک بات فرمایا کرتے تھے ''دیہات میں چوری' زنا اور جھوٹ یہ گناہ نہیں سمجھا جاتا'' ان کا ساری زندگی کا تجربہ تھا۔ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے موجود ہیں' پانچوں انگلیاں برابر نہیں لیکن ہمیشہ جو بات کی جاتی ہے اکثریت کو سامنے رکھ کر کی جاتی ہے' میرے بڑے بھائی صاحب نے خود جانور رکھے اور ان کی نگہداشت کی' باقاعدہ چارہ کاٹنے کی مشین لگائی' لکڑی کی ان کی بہترین قسم کی کھرلیاں اور کھانے کا نظام بنایا' ساتھ ایک پڑوسی نے اپنا بیٹا یہ کہہ کر ملازم رکھا کہ یہ آپ کی خدمت کرتا رہے گا اور دن رات میں بھی اس کے ساتھ رہوں گا' وہ جتنا بھی چارہ تھا اپنے جانوروں کو کھلاتے تھے اور بھائی صاحب کے جانوروں کو چارہ نہیں کھلاتے تھے' آخرکار جانور کمزور ہوئے بیمار ہوئے اور بہت زیادہ مرنے لگے تو انہوں نے سارا انتظام آخرکار مجبوراً ختم کیا' جب وہ چیزیں بیچنے لگے تو خریداروں میں آخرکار وہ خود سامنے آئے کہ ہم خریدار ہیں لیکن انوکھی بات ہے انہیں تو میں خود ہی جانتا ہوں' ان کی نسلوں میں آبیاری نہیں ہوئی' اموات بہت زیادہ' بیماریاں' تکالیف بہت زیادہ ہیں کیونکہ دھوکہ' چوری اور جھوٹ کو گناہ نہیں سمجھتے' اپنی زندگی کا حصہ سمجھتے ہیں۔

جانور نہ رکھ' تیرے بس کا کام نہیں!

ایک پولیس کا اے ایس آئی تھا' جب ریٹائر ہوا تو اسے کسی نے مشورہ دیا کہ تم جانور رکھ لو' اس نے جانور رکھے' لوگوں نے اسے بہت سمجھایا کہ تو جانور نہ رکھ' تیرے بس کا کام نہیں' اس نے کہا ساری عمر نگرانی کی ہے' تفتیش کی ہے' ایک ایک چیز کا کھوج لگایا ہے' میں دھوکے بازوں کے دھوکے سمجھتا ہوں' یہ میرا کچھ نہیں کرسکتے' جانور رکھے' اس کے ساتھ بھی یہی ہوا' ظاہر ہے وہ جانوروں کے ساتھ ہر وقت نہیں رہ سکتا تھا' جانوروں کی بدبو' پیشاب' گوبر' ملازم کے اوپر چھوڑا' خود نگرانی کرتا رہا' ایک ایک چیز کو پرکھتا رہا' ملازمین نے گھاس بھی چوری کی اور بیچی اور جو کھل ہوتی ہے اس کو بھی چوری کیا' تھوڑی کھل کو بھگو کر جانوروں کے منہ کو لگادی جاتی تاکہ مالک آئے تو جانور اپنی زبان سے وہ کھل کو چاٹتے نظر آئیں' پھر وہ ناکام ہوا اور بری طرح ناکام ہوا پھر اس نے پنجابی میں ایک لفظ کہا کہ ''نہ رکھیں اوہنوں بیلی' جیندی ہوئی ایک لیلی'' یعنی اس کو دوست نہ رکھنا جس کا بکری کا ایک بچہ بھی ہو' کیوں؟ وہ گھاس تمہارے جانور کو نہیں کھلائے گا وہ اپنے بکری کے بچے کو ہی گھاس کھلائے گا۔

دکھ سکھ میں ساتھ دیا مگر ملازم نے دھوکے میں رکھا

ایک دفعہ میں گھر آیا تو میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ پریشان تھے' میں نے پوچھا اباجی کیا بات ہے؟ فرمانے لگے: (ہمارا بہت بڑا باغ ہے چونسا' انور رٹول بہترین قسم کا ہے اور آم کا مزاج ہے کہ کھڑے کھڑے مرجاتے ہیں یا آندھیوں کی وجہ سے گرجاتے ہیں تو اس کی جگہ اور پودا لگایا جاتا ہے اور اس کی نگہداشت کی جاتی ہے) میں پودا لگاتا تھا اور پودا سوکھ جاتا تھا حالانکہ اس کی نگرانی ہوتی تھی' ملازم اس کو پانی بھی دیتا تھا اور نگہداشت بھی کرتا تھا لیکن پودا سوکھ جاتا تھا' آخر مجھے حیرت ہوئی اور میں پریشان ہوا کہ یہ پودا کیوں سوکھتا ہے؟ میں نے اس کے لیے ایک نگران باقاعدہ جاسوسی کیلئے رکھا' تو پتہ چلا کہ رات کو وہی ملازم جس کو بہترین تنخواہ' اعلیٰ کھانے' ان کی خوشی' غمی میں بہت زیادہ شریک اور ان کے حالات کیلئے پیسے رقم' مال دیئے' وہ اٹھ کر پودے کو رات کو جڑ سے کھینچ کر ہلا دیتا تھا اور صبح اس کو پانی بھی دیتا تھا' کچھ دنوں کے بعد پودا سوکھ جاتا تھا پھر والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو کہتا کہ میں تو آپ کے سامنے اس کی پوری نگہداشت کرتا ہوں' پانی بھی دیتا ہوں' لگتا ہے ان کو کوئی بیماری لگی ہوئی ہے' ان کی سوچ یہ ہوتی کہ اگر یہ پودا بڑا ہوگیا تو ان کا باغ زیادہ ہوجائے گا اور پھر یہ مزید مالدار ہوجائیں گے' سو قسم کی بدنیتی کی باتیں ان کے پاس تھیں' والد صاحب پریشان بیٹھے تھے' ساری عمر میں نے ان لوگوں کی خدمت کی اور جاسوسی کے بعد مجھے اب پتہ چلا کہ انہوں نے میرے ساتھ یہ حرکت کی ہے۔ (جاری ہے)

جادو شکن پانی

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں' گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں ''جادو شکن پانی'' کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید کو دلاتا ہے۔

قیمت صرف 60 روپے

صدقات بلاؤں کو ٹال دیتے ہیں! نقد تجربات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

اللہ والو! اپنے پیچھے دعاؤں کا نظام چلوائیں۔ اپنے لیے صدقات جاریہ ملنے کا ذریعہ بنائیں اپنی اولاد کے ذریعے اپنی نسلوں کے ذریعے یا اپنے کاروبار کو صدقہ جاریہ بنائیں۔ اپنی زندگی کو صدقہ جاریہ بنائیں اور بعض صدقات جاریہ ایسے ہوتے ہیں کہ ان سے دنیا کے کام بھی بنتے ہیں، دنیا کی مشکلیں بھی حل ہوتی ہیں، دنیا کی مصیبتیں بھی ٹلتی ہیں۔

27 سال کا بیٹا: ایک بوڑھی خاتون میرے پاس آئی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے پہلے خواب میں کوئی چڑیا مری ہوئی دیکھی، پھر پرندہ مرا ہوا دیکھا۔ پھر کہنے لگیں کہ ہمارا 27 سال کا بیٹا رات کو سویا صبح اُٹھ نہ سکا' مر گیا۔ مزید بولیں: پرسوں ہم نے اپنے بیٹے کا چالیسواں کیا ہے۔ وہ بوڑھی ماں میرے پاس بیٹھی رو رہی تھی۔ اللہ جل شانہٗ صدقہ کی وجہ سے بلائیں ٹال دیتے ہیں۔ بعض صدقات جاریہ ایسے ہوتے ہیں، بعض دُعائیں ایسی ہوتی ہیں جو بلاؤں کو ٹال دیتی ہیں۔ اپنی لاکھ کوتاہیوں کے باوجود میں نے اپنے حضرت مرشد ہجویری رحمۃ اللہ علیہ سے جو چند دعائیں لیں تھیں، ان کا نقد تجربہ اپنی زندگی میں دیکھ رہا ہوں۔ ان کی جو خدمت کرنی تھی نہ کر سکا، جو ٹوٹی پھوٹی خدمت کی لیکن اُن کے دل سے نکلی ہوئیں جو دعائیں تھیں اُن کے ثمرات و تجربات اب تک مل رہے ہیں۔

سرسبز وشاداب: ہم اپنے ساتھ دعاؤں کا نظام بنائیں۔ یہ دنیا کی مصیبتیں ٹلواتی ہیں، یہ دنیا کے غم ٹلواتی ہیں۔ سرور کونین ﷺ کی دعائیں لیں۔ ''سرسبز وشاداب ہو وہ شخص'' یہ میرے آقا سرورِ کونین ﷺ کی کمال دعا ہے! کہ سبز وشادابی کسے کہتے ہیں؟ سرسبز وشاداب اس کو کہتے ہیں کہ دنیا کی نعمت بھی اس کے پاس ہو اور آخرت کی نعمت بھی اس کے پاس ہو۔ دنیا کی ہر نعمت من چاہی اور منہ مانگی اس کے پاس ہو۔ آپ ﷺ کی دعا کا مفہوم عرض کر رہا ہوں کہ سرسبز وشاداب ہو وہ شخص جو میری بات سنے اور دوسروں تک پہنچائے ''سبحان اللہ''!!

کملی والے ﷺ کا عشق: سرور کونین ﷺ کا فرمان آپ کسی تک پہنچا دیں۔ آپ کسی کو کملی ﷺ کے عشق پر، کسی کو اللہ کی محبت پر لگا دیں۔ یقین جانیے جب آپ کسی اللہ والے کو اللہ کی محبت پر لگا دیں پھر یہ یقین کر لیں کہ آپ نے سرور کونین ﷺ کی بات لوگوں تک پہنچائی ہے۔ انشاء اللہ! میرا رب سچا، میرے آقا ﷺ سچے۔ ان کی دعائیں سچی اور ان کے وعدے سچے جو فرمایا ہے وہ ہو کر رہے گا اور اللہ مجھے سرسبز شاداب کرے گا۔

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

سرسبز وشاداب گھرانے! آئیے راز بتاتا ہوں

اللہ کی بات سن کر سنایا کریں: میں حدیث مبارکہ کا مفہوم عرض کر رہا ہوں کہ: سرورِ کونین ﷺ نے فرمایا کہ: ''سرسبز وشاداب ہو وہ شخص جو میری بات سنے اور میری اُمت تک پہنچا دے۔'' ہم سب سے پہلے سرورِ کونین ﷺ کی دعائیں لیں اور جو احباب تسبیح خانہ سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی باتیں سن کر جاتے ہیں وہ گھر والوں کو جا کر سنایا کریں۔ ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے: میں نے طے کیا ہوا ہے کہ اپنی تنخواہ میں سے اتنے پیسے رکھنے ہیں۔ میں نے اس شخص سے کہا: آپ اپنے پیسے کس چیز کے لیے علیحدہ رکھتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ موبائل کارڈ کے لیے۔ میں نے کہا کہ موبائل کارڈ کا کیا کرتے ہیں؟ وہ کہنے لگے کہ: میں یہاں سے ہر ہفتے جو سن کر جاتا ہوں اسے اپنے دوستوں اور احباب کو سنواتا ہوں۔ موبائل پر ریکارڈ کر کے انہیں سنواتا ہوں اور پھر خود ہی کہنے لگے: میں نے کچھ عرصے کے بعد محسوس کیا کہ ان کا سبق پکا ہو یا نہ ہو میرا سبق تو پکا ہو رہا ہے۔ نیوٹن کا تیسرا قانون کہ ''ہر عمل کا ردعمل طاقت میں برابر ہوتا ہے'' لیکن سمت میں مخالف ہوتا ہے۔ پھر اس کی مثال بھی دیتے تھے کہ گیند کو جتنی زور سے دیوار پر مارو گے وہ اُسی زور سے واپس تمہاری طرف پلٹے گی۔ کسان جب گندم کاٹتا ہے تو گندم پہلے اس کے گھر میں آتی ہے، منڈی اور ملوں میں بعد میں جاتی ہے۔ جب آپ کسی کو اللہ تعالیٰ کی محبت کی بات سن کر بتائیں گے تو پہلے آپ کو ملے گا۔ اُسے بعد میں ملے گا اور یہ میں آپ کو حقیقت عرض کر رہا ہوں۔ آج ہم سب کچھ ہوتے ہوئے بھی سرسبز وشاداب نہیں ہیں۔ الا ماشاء اللہ چند لوگ سرسبز وشاداب ہوں گے لیکن میں اکثریت کی بات عرض کر رہا ہوں کہ لوگوں کے پاس سب کچھ ہوتے ہوئے بھی وہ سرسبز وشاداب نہیں ہوتے ہیں۔ سرسبز وشاداب وہ ہوتا ہے جس کے گھر میں چین ہو، سکون ہو، جس گھر میں راحت ہو، برکت ہو، جس گھر میں عافیت ہو۔ اسباب کے اعتبار سے ہمارے گھر میں سب کچھ ہے اگر چین نہ ہو، سکون نہ ہو، راحت نہ ہو، برکت نہ ہو تو وہ گھر سرسبز وشاداب تو نہ ہوا ناں! مجھے یہ بتائیں! ایک بہت بڑا بنگلہ ہے، اُس میں دُنیا کی ہر آسائش، دنیا کا ہر آرام موجود ہے، اُس میں پنگھوڑے بھی ہیں، بعض لوگ پنگھوڑوں میں سوتے ہیں۔ اگر اس میں چین نہ ہو تو وہ گھرانا سرسبز وشاداب نہیں ہوگا۔ (جاری ہے)

صرف درس سننے کے عجیب کمالات!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کی زندگی میں برکت عطا فرمائے اور آپ کو صحت و تندرستی والی لمبی زندگی عطا کرے آمین۔ حکیم صاحب جب سے آپ کا درس باقاعدگی سے روزانہ سننا شروع کیا ہے سچی بات تو یہ ہے کہ میں نے عجیب کمالات دیکھے ہیں مجھے اتنا غصہ آتا تھا لیکن اب درس سننے کی وجہ سے اس میں بتدریج کمی آتی جا رہی ہے۔ دو ہفتے پہلے کی بات ہے مجھے بچوں پر بے حد غصہ آیا اور اتنی ٹینشن لی کہ میری بائیں سائیڈ ساری درد کرنے لگی میں نے موبائل پر درس لگایا اور ہیڈ فون لگا لیا تقریباً ایک گھنٹہ کے بعد مجھے یوں محسوس ہوا جیسے مجھے درد تھا ہی نہیں۔ ہمارے گھر کے جو بھی مسائل تھے وہ صرف درس سننے اس میں بتائے اعمال کرنے سے ہی حل ہوئے ہیں۔ کاروبار سے لیکر شادیوں کے مسائل اور پریشانیوں تک تمام مسائل تسبیح خانہ سے حل ہوئے اور ہو رہے ہیں۔ حکیم صاحب اللہ نے سچ میں آپ کے الفاظ میں تاثیر رکھی ہے۔ اللہ یہ فیض آپ کی نسلوں میں بھی پہنچائے آمین۔ (اہلیہ عمر حبیب، گوجرانوالہ)

مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
فٹنس فولاد ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کھانے پینے کے انداز

انتخاب: ابولبیب شاذلی

عادات طیبہ

(۱) حضور اکرم ﷺ ٹیک لگا کر کھانا تناول نہ فرماتے۔ آپ ﷺ فرماتے تھے میں بندہ ہوں اور بندوں کی مانند بیٹھتا ہوں اور ایسے ہی کھاتا ہوں جیسے بندے کھاتے ہیں۔ (حضور ﷺ کی نشست اس قسم کی تھی کہ گویا گھٹنوں کے بل ابھی کھڑے ہو جائیں گے) یعنی اکڑوں بیٹھ کر۔ (زاد المعاد) ٹیک لگانے سے مراد جم کر بیٹھنا اور کھانے کے وقت چوکڑی مار کر سرین سے بیٹھنا، اس بیٹھنے کے مانند ہے جو کسی چیز کو اپنے نیچے رکھ کر ٹیک لگا کر بیٹھے۔ (۲) حضور ﷺ کی تواضع میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ ﷺ کھانے میں کبھی عیب نہ نکالتے اگر چاہا تو کھا لیا ورنہ چھوڑ دیا اور یہ کبھی نہ فرمایا کہ یہ کھانا برا ہے۔ ترش ہے۔ نمک زیادہ ہے یا کم ہے۔ شوربا گاڑھا ہے یا پتلا ہے۔ حضور ﷺ کھانے کی ابتداء میں بسم اللہ پڑھتے اور آخر میں حمد کرتے۔

(۳) آپ ﷺ کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتے اور سیدھے ہاتھ سے اپنے سامنے سے کھانا شروع کرتے۔

(۴) کھانا اگر برتن کی چوٹی تک ہوتا تو آپ ﷺ چوٹی سے کھانا شروع نہ فرماتے بلکہ اپنے سامنے نیچے کی جانب سے شروع کرتے اور فرماتے کہ کھانے میں برکت چوٹی میں ہی ہوتی ہے۔ (۵) آپ ﷺ جب کسی کھانے میں ہاتھ ڈالتے تو انگلیوں کی جڑوں تک کھانے سے نہ بھرتے۔ (۶) کعب بن مالک ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت شریف تین انگلیوں سے کھانا تناول فرمانے کی تھی اور ان کو چاٹ بھی لیا کرتے تھے۔ (حدیث) اگر کوئی چیز پتلی ہوتی تو شاذ و نادر بیچ والی انگلی کے برابر والی انگلی کو بھی استعمال کرتے۔ (۷) کھانے پینے کی چیز میں حضور ﷺ پھونک نہ مارتے اور اس کو برا جانتے۔ (۸) آپ ﷺ کھانے کو کبھی نہ سونگھتے اور اس کو برا جانتے۔ (۹) کھانا اگر ایک قسم کا ہوتا آپ ﷺ کے سامنے تو آپ ﷺ صرف اپنے ہی سامنے سے تناول فرماتے اور اگر مختلف قسم کا کھانا ہوتا چاہے برتن ایک ہی ہوتا تو بلا تامل ہی دوسری جانب بھی ہاتھ بڑھاتے۔ (۱۰) جب کھانا پاس آتا تو دعا فرماتے، جب کھانے میں سے اول لقمہ لیتے تو فرماتے "یاواسع المغفرۃ" کھانے کے بعد دعا پڑھتے۔ (۱۱) کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے اور ہاتھوں پر جو تری ہوتی اس کو ہاتھوں، چہرے اور سر مبارک پر مل کر خشک کر لیتے۔ ایک روایت میں اعضائے وضو پر ہاتھ پونچھنا بھی آیا ہے۔ (۱۲) حضرت سلمان فارسی ؓ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا "کھانے سے قبل اور کھانے کے بعد وضو (ہاتھ منہ دھونا) برکت کا سبب ہے۔

کھانے سے پہلے بسم اللہ

(۱) حضرت عمرو بن ابی سلمہ ؓ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضور ﷺ کے پاس کھانا رکھا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ بیٹا: قریب ہو جاؤ اور بسم اللہ کہہ کر داہنے ہاتھ سے اپنے سامنے سے کھانا شروع کرو۔ (۲) حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ داہنے ہاتھ سے اپنے سامنے سے کھانا شروع کرو۔ (۳) علماء نے لکھا ہے کہ بسم اللہ کو آواز سے پڑھنا اولیٰ ہے تاکہ دوسرے ساتھی کو اگر خیال نہ رہے تو یاد آجائے"۔ (۴) جس نعمت کے اول بسم اللہ اور آخر میں الحمد للہ ہو اس نعمت سے قیامت میں سوال نہ ہوگا۔

(۵) حضرت انس ؓ نے حضور ﷺ سے روایت کی ہے کہ حق تعالیٰ جل جلالہ بندہ کی اس بات پر بہت ہی رضامندی ظاہر فرماتے ہیں کہ جب ایک لقمہ کھانا کھا لیا ایک گھونٹ پانی پی لیا تو حق تعالیٰ کا اس پر شکر ادا کرے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پسندیدہ کھانے و مشروبات

(۱) حضرت عائشہ ؓ فرماتی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا "سرکہ بھی کیسا اچھا سالن ہے"۔ (۲) ایک حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے سرکہ میں برکت کی دعا فرمائی ہے اور یہ ارشاد فرمایا ہے۔ "پہلے انبیاء کا بھی یہی سالن رہا ہے"۔ (۳) ایک حدیث مبارکہ میں ہے کہ جس گھر میں سرکہ ہو وہ محتاج نہیں ہے یعنی سالن کی احتیاج باقی نہیں رہتی۔ حضور ﷺ نے فرمایا زیتون کا تیل کھانے میں بھی استعمال کرو اور مالش میں بھی اس لیے کہ یہ ایک بابرکت درخت ہے۔ (۴) حضور ﷺ کو بونگ کا گوشت پسند تھا۔ آپ ﷺ نے اس کو دانتوں سے کاٹ کر تناول فرمایا (یعنی چھری وغیرہ سے نہیں کاٹا) (۵) دانتوں سے کاٹ کر کھانے کی ترغیب بھی حضور ﷺ نے فرمائی ہے چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ گوشت کو دانتوں سے کاٹ کر کھایا کرو کہ اس سے ہضم بھی خوب ہوتا ہے اور بدن کو زیادہ موافق پڑتا ہے۔ (۶) ایک حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا "پٹھ کا گوشت بہترین گوشت ہے"۔ (۷) آپ ﷺ رات کا کھانا بھی تناول فرمایا کرتے تھے اگرچہ کھجور کے چند دانے ہی کیوں نہ ہوں۔ فرمایا: "عشاء کا کھانا چھوڑ دینا بڑھاپا لاتا ہے"۔ (۸) کھجور یا روٹی کا کوئی ٹکڑا کسی پاک جگہ پڑا ہوتا تو اس کو صاف کر کے کھا لیتے۔ آپ ﷺ کھانا کھاتے ہی سو جانے کو منع فرماتے تھے (یہ دل میں ثقالت پیدا کرتا ہے)۔ (۹) دوپہر کے کھانے کے بعد تھوڑی دیر کیلئے لیٹ جانا بھی مسنون ہے۔ (۱۰) کسی دوسرے کو کھانا دینا یا کسی سے کھانا لینا ہو تو دائیاں ہاتھ استعمال کرنا چاہیے۔ (۱۱) کھانے کے دوران جو چیز دسترخوان یا پیالہ سے گر جائے اسے اٹھا کر کھا لینا بھی ثواب ہے۔ (۱۴) حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو دسترخوان پر گری ہوئی چیز اٹھا کر کھاتا ہے کہ اس کی اولاد حسین و جمیل پیدا ہوتی ہے اور اس سے محتاجی دور کی جاتی ہے۔ (۱۵) کھانے کی مجلس میں جو شخص بزرگ اور بڑا ہو اس سے کھانا پہلے شروع کرانا چاہیے۔ (۱۶) کھانا کھاتے ہوئے کھانے کی چیز یا لقمہ نیچے گر جائے تو اس کو اٹھا کر صاف کر کے کھا لینا چاہیے شیطان کیلئے نہ چھوڑیں۔ (ابن ماجہ) (۱۷) کھانے کے درمیان کوئی شخص آجائے تو اس سے کھانے کیلئے پوچھ لینا چاہیے۔ (۱۸) دسترخوان پہلے اٹھا لیا جائے اس کے بعد کھانے والے اٹھیں۔ (ابن ماجہ)

مشروبات میں عادات طیبہ

(۱) حضرت انس ؓ فرماتے ہیں حضور ﷺ پانی پینے میں تین مرتبہ سانس لیا کرتے تھے اور یہ فرماتے تھے "اس طرح سے پینا زیادہ خوشگوار ہے اور خوب سیر کرنے والا ہے اور حصول شفاء کیلئے اچھا ہے"۔ (شمائل ترمذی) (۲) حضور پاک ﷺ کو سرد اور شیریں پانی زیادہ محبوب تھا۔ (۳) کھانے کے بعد پانی پینا حضور ﷺ کی سنت نہیں ہے خصوصاً اگر پانی گرم ہو یا زیادہ سرد ہو کیونکہ یہ دونوں صورتیں بہت زیادہ نقصان دہ ہوتی ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 37 پر)

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے اپاہج، معذور سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

غور سے پڑھیں! بچے کو خوف زدہ نہ کریں

طیبہ گل یاسمین، سیالکوٹ

ماہر نفسیات ڈاکٹر میکرانڈ نے بچوں کے نفسیاتی خوف کا جائزہ لیتے ہوئے لکھا ہے کہ بچپن میں خوف کا جو بیج ذہن میں پڑ جاتا ہے۔ وہ برسوں تک لاشعور کے اندر پڑا رہتا ہے۔ پیدائش کے بعد بچے اپنی نشوونما کے دوران جن دشواریوں سے دوچار ہوتے ہیں۔ وہ ان کی آئندہ زندگی پر گہرے اثرات مرتب کرتی ہیں۔ مثلاً جو بچے دیر سے چلنا بولنا سیکھتے ہیں۔ وہ ابتداء سے احساس محرومی اور بے بسی کا شکار رہتے ہیں۔ اور ان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ لوگ ان کا سہارا بن کر ان کی طرف توجہ کریں اور جب ان کو یہ توجہ نہیں ملتی تو ان کا رویہ جارحانہ ہو جاتا ہے۔ زندگی سے لطف اندوز ہونے کا جذبہ ان میں باقی نہیں رہتا۔

والدین کا غلط رویہ: اگر والدین ''ایسا نہ کرو ڈائن پکڑ لے گی۔ جن کھا جائے گا۔ بابا اٹھا کے لے جائے گا'' کا طریقہ زیادہ استعمال کرتے ہیں تو بچوں کے ذہن میں ڈر، خوف خواہ مخواہ گھر کر جائے گا۔ آپ کا بچہ نالی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ آپ غضب ناک ہو کر بڑی شدت سے چلاتے ہیں۔ ''ناں''۔ نالی کے قریب پہنچنے اور آپ کی کرخت آواز اور ڈراؤنی ناں ایک ساتھ سنتے رہنے سے بچہ نالی سے کترانے لگتا ہے اور قدرے خائف بھی ہو جاتا ہے۔ آہستہ آہستہ یہ خوف اس میں اس قدر پختہ ہو جاتا ہے کہ آپ خود بھی تنگ آجاتے ہیں اب وہ نالی دیکھتے ہی چیخنے چلانے لگتا ہے۔ اگر اس وقت آپ اس خوف کے مناسب علاج کی طرف دھیان نہ دیں تو ممکن ہے بڑا ہو کر وہ نالی سے مشابہ نالوں اور نہروں وغیرہ سے بھی غیر معمولی طور پر خائف رہنے لگے۔ بعض اوقات بچہ کھیلتے کھیلتے کسی ایسی چیز کو پکڑ لیتا ہے۔ جس کے ٹوٹنے یا خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ ماں یہ چیز بچوں سے چھین کر علیحدہ رکھ لیتی ہے اور اگر روکنے کے باوجود بچہ اسے بار بار پکڑنے سے باز نہ آئے تو نا سمجھ مائیں عموماً اسے ایک آدھ چپت رسید کر کے وہ چیز بھی چھین لیتی ہیں۔ چپت لگانے سے بچوں کو بدنی تکلیف ہوتی ہے۔ وہ تکلیف سے بہت زیادہ گھبراتے ہیں۔ چنانچہ اب وہ بدنی سزا کے خوف کے ساتھ ساتھ اس چیز سے بھی ڈرنے لگتے ہیں۔ ماں کو اس طرح قدرے سکون تو میسر آجاتا ہے۔ مگر بچے کی جذباتی زندگی بگڑ جاتی ہے۔ بچوں کی ذہنی زندگی کی تحقیق کی جائے تو پتہ چلتا ہے کہ ان کے بیشتر خوف اسی طرح کی ننھی ننھی باتوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ نفسیاتی تجربہ گاہوں میں متعدد تجربوں اور مسلسل تحقیق کے بعد ماہرین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ بالغ عمر کے اکثر خوف چھوٹی عمر میں والدین کی ناقص تربیت اور ناسازگار ماحول کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔

ننھا شیر خوار ابتداء میں محض کرخت آوازوں سے اپنا جسمانی توازن کھو دینے سے ہی فطری ڈر محسوس کرتا ہے۔ ماہرین نے دیکھا کہ نو ماہ کے ایک بچے کے قریب جب پہلی بار مختلف جانور مثلاً مینڈک، مچھلی، کبوتر، خرگوش اور بے ضرر سانپ وغیرہ لائے گئے تو اس نے بالکل خوف کا اظہار نہ کیا۔ بلکہ ان سے کھیلنے لگا اور ان سے مانوس ہوتا چلا گیا۔ کچھ عرصہ بعد جب بچہ ان جانوروں سے کھیلنے میں مشغول تھا تو اس کے قریب ایک بلند اور کرخت آواز سے بجنے والا آلہ نصب کر دیا گیا۔ بچہ ایسی اونچی آوازوں سے تو پہلے ہی ڈرتا تھا۔ اب جب جانوروں سے کھیلتے کھیلتے وہ ڈراؤنی آوازیں سنتا تو اس تلازم کی وجہ سے وہ ان بے ضرر جانوروں سے بھی خوف کھانے لگا۔ حتیٰ کہ خرگوش ایسی کھال والے دوسرے جانوروں کے علاوہ ہر کھال دار چیز سے بھی خوف کھانے لگا۔ بھیانک آواز کے اس فطری خوف کی وجہ سے وہ بعد میں اندھیرے ہی سے خائف رہنے لگا۔

بچے کا بے جا خوف اور اس کا علاج!

چمگادڑ اور چھپکلی عام گھریلو بے ضرر جانور ہیں اور ہماری اکثر گھریلو خواتین اسے دیکھتے ہی خوف زدہ ہو کر چیخنا شروع کر دیتی ہیں۔ خواتین کو اپنے اس خوف کا اظہار اپنے بچوں کے سامنے نہیں کرنا چاہیے۔ اس سے بچے میں اندھیرے کا ڈر بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر بچہ اندھیرے میں سو رہا ہے۔ آپ کی اچانک دھاڑ یا خوف ناک چیخ سے اس کا ڈر اندھیرے کی طرف منتقل ہو جاتا ہے اور وہ ساری عمر اندھیروں سے ڈرتا رہتا ہے۔

بے جا خوف اور ان کا علاج: آپ کا بچہ اگر آوازوں سے خوف زدہ ہے تو بچے کے سونے اور کھیلنے کی جگہوں کو ڈراؤنی آوازوں کی زد سے حتی الوسع محفوظ رکھنا چاہیے۔ آندھی چلنے سے پہلے دروازے اور کھڑکیاں بند کر دینی چاہئیں۔ تاکہ کواڑ بجنے سے شور پیدا نہ ہو اور ڈر، خوف بچوں کے قریب نہ پھٹکنے پائیں۔ ممکن ہے اسی ڈراؤنے شور ہی کی وجہ سے بچے آندھی سے بھی خوف کھانے لگیں۔ بچے سو رہے ہوں۔ تو ان کے نزدیک شور و غل نہیں کرنا چاہیے۔ بچوں میں خوف کے تدارک کے لیے جسمانی سزاؤں کے اصول کو ترک کر دینا چاہیے۔ مار پیٹ اور ڈانٹ کا بہت کم استعمال ہونا چاہیے۔ بچوں کو جن، بھوت، ڈائن، چڑیل اور بابا وغیرہ کی تو کبھی دھمکیاں نہیں دینی چاہئیں کیونکہ اس سے ان میں خوف کے علاوہ توہمانہ خیالات کے پیدا ہو جانے کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ بلی یا خرگوش جیسے بے ضرر جانوروں سے خوف کھانے والے بچے کا مذاق مت اڑایئے۔ بلکہ اسے ایسی کہانیاں سنایئے جس سے بچہ بلی یا خرگوش سے خوف کھانے کی بجائے ان سے کھیلنے کی خواہش کرنے لگے۔ اس کا ایک طریقہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بچہ جب کھانا کھا رہا ہو یا کسی ایسے ہی پر لطف شغل میں مشغول ہو تو اس سے بہت فاصلے پر گھریلو بلی یا خرگوش کو رسی سے باندھ دیں۔ پھر ہم روز بلی یا خرگوش کو بتدریج بچے کے نزدیک لاتے جائیں اور جس دن وہ ذرا بھی خوف ظاہر کرے جانور کو پھر پیچھے لے جائیں۔ کھانے کی لذت میں محویت سے اور کچھ اس خیال سے کہ دشمن بندھا ہوا ہے۔ بچے میں گھریلو جانور سے خوف کی ابتدائی شدت کم ہو جاتی ہے۔ آپ بدستور بچے اور جانور کا درمیانی فاصلہ کم کرتے جائیں۔ جب یہ دیکھیں کہ جانور قریب باندھنے سے بچے نے ڈرنا بند کر دیا ہے تو جانور کو کھول دیں۔ اور خود اسے پیار کرنا شروع کر دیں۔ آہستہ آہستہ بچہ بھی مانوس ہوتا جائے گا۔ اسی طرح کی تدریجی تربیت سے کئی قسم کے دوسرے خوف بھی مٹائے جا سکتے ہیں۔ مگر اپنی ناقص نگہداشت اور غیر سائنسی تربیت سے بچوں میں طرح طرح کے خوف پیدا کر دینے کے بعد پھر انہیں دور کرنے کے طریقوں کے بارے میں سوچ بچار کرنا کوئی دانش مندی کی بات نہیں ہوتی۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

آنکھ شفاء
موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم، موتیا بند، دھندلا پن، سوزش چشم، ضعف چشم، آنکھیں درد کرتی ہوں، صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں، آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں، آنکھوں میں دھندلا، غبار یا جالا ہو، آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو، آنکھوں کی جلن، ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پہ کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

قرآنی سورت سے غیبی مدد آئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو صحت والی لمبی عمر عطا فرمائے جو نیک کام آپ نے شروع کر رکھا ہے جس سے مجھ سمیت تمام عالم کو فیض مل رہا ہے اللہ تعالیٰ آپ کی اس نیکی کا آپ کو بہت اجر دے۔ (آمین)

ہر مشکل سے آسانی پانے کے لیے

قارئین کے لیے ایک بہت طاقتور وظیفہ ہے جس سے ہر مشکل کا آسان راستہ مل جاتا ہے۔ ہم گاؤں میں رہتے تھے میرے تایا کی اور ان کے دوستوں کی کسی سے لڑائی ہوئی اور سارا گاؤں ہمارا مخالف ہوگیا اور ہمیں گھر چھوڑ کر لاہور شفٹ ہونا پڑا۔ ہمارے والد بہت شریف انسان ہیں۔ لڑائی اتنی بڑھ گئی تھی کہ یہ بات پولیس تک پہنچ گئی۔ پولیس نے میرے والد سے کہا کہ جب تک آپ کے بھائی اور ان کے دوست نہیں آجاتے ہم آپ کو تھانے میں رکھیں گے۔ میرے ابو کو پولیس والے لے گئے۔ میرے تایا جلدی سے نئی گاڑی کروا کر لائے اور ہم سے کہا کہ جلدی سے ہم لاہور چلیں جب ہم راستے میں تھے تو میری والدہ بہت پریشان تھیں۔ میری والدہ نے اپنے ساتھ سورۂ فتح رکھ لی تھی اور انہوں نے کثرت سے اسے پڑھنا شروع کردیا جب لاہور پہنچے تو انہوں نے اکتالیس بار سورۂ فتح مکمل کرلی تھی۔ گاؤں میں ہماری ایک گاڑی رینٹ پر چلتی تھی جو اس گاڑی کے ڈرائیور تھے اتفاقاً وہ تھانے کے سامنے سے گزرے تو انہوں نے تھانے کے اندر جھانکا تو انہیں میرے والد صحن میں بیٹھے نظر آئے انہوں نے فوراً بریک لگائی اور میرے والد کو اشارہ کیا کہ جلدی سے آجائیں‘ میرے والد آرام سے چلتے ہوئے تھانے سے باہر آگئے‘ کسی پولیس والے نے نہ ان کو روکا‘ نہ آواز دے کر پوچھا کہ کہاں جارہے ہو؟ حالانکہ اس وقت تمام عملہ تھانے میں موجود تھا‘ سورۂ فتح کے عمل کی وجہ سے غیبی مدد آئی اور میرے والد آکر گاڑی میں بیٹھ گئے تو اس ڈرائیور نے فوراً گاڑی لاری اڈہ کی طرف بھگائی اور میرے والد کو لاہور جانے والی بس میں بٹھادیا۔ تھوڑی دیر بعد میرے والد نے میری دادی کو فون کیا کہ میں وہاں سے نکل کر لاہور آرہا ہوں۔ سورۂ فتح کا اللہ تعالیٰ نے کرشمہ دکھایا کہ میرے والد صحیح سلامت گھر پہنچ گئے۔ ادھر تین دن بعد مخالفین نے خود ہی صلح کیلئے تھانے بلالیا اور صلح ہوگئی۔ سورۂ فتح تین دن اکتالیس بار پڑھیں‘ یہ سورۃ پہلے ہی دن اپنا کرشمہ دکھادیتی ہے۔ (احسان اللہ، لاہور)

منیٰ کی وادی میں سورۂ قریش کا کرشمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ نے 2014ء میں حج بیت اللہ کی سعادت عطا فرمائی والدہ اور اہلیہ کے ساتھ 27 ستمبر کو لاہور سے روانگی ہوئی چونکہ ہم پرائیویٹ طور پر گئے تھے اور ہمارا تقریباً 100 لوگوں پر مشتمل گروپ تھا والدہ ضعیف اور کمزور تھیں اس لیے ان کیلئے ویل چیئر لے لی‘ رش میں گروپ کو پہچاننے کیلئے جب بھی کہیں جاتے تو چار جھنڈے بردار ساتھ چلتے جس کی وجہ سے ہم دور سے ہی اپنا گروپ پہچان لیتے اور کوئی حاجی گم نہ ہوتا۔ ایک صبح لاکھوں لوگ منیٰ کی طرف رواں دواں تھے ہمارا گروپ بھی چار جھنڈوں کے سائے تلے روانہ ہوا میری والدہ ویل چیئر پر تھی صبح ہی گرمی نے زور پکڑلیا ناشتہ بھی نہ کرسکے تاکہ جلدی شیطان کو کنکریاں مار کر فارغ ہوسکیں۔ چاروں طرف سفید لباس میں ملبوس حجاج کرام ہی تھے بہت روح پرور منظر تھا۔ چلتے چلتے ہمارا گروپ آگے نکل گیا اور میں والدہ کے ساتھ ویل چیئر ہونے کی وجہ سے پیچھے رہ گیا مجھے کہیں بھی گروپ نظر نہ آیا تو ویل چیئر پر چڑھ کر دیکھا تو بہت دور جھنڈے نظر آئے ہمارا گروپ بہت آگے نکل گیا تھا میرا گروپ کے ساتھ ملنا تقریباً ناممکن تھا سخت پیاس لگ رہی تھی مجھے اچانک یاد آیا کہ اگر کہیں رش میں پھنس جائیں تو سورۂ قریش پڑھ لیتے ہیں‘ مجھے سورۂ قریش بھی نہ آئے صرف پہلی تین آیات چند بار پڑھیں۔ اللہ ہی جانتا ہے کہ کیا ہوا اور کیسے ہوا؟ دو جھنڈا بردار گروپ کے آگے چلتے تھے اور دو پیچھے‘ درمیان میں بھی گروپ والے‘ جیسے ہی میں نے چند مرتبہ سورۂ قریش پڑھی اپنے دائیں دیکھا تو میرے ساتھ گروپ کے آگے آگے چلنے والا جھنڈا بردار تھا‘ میں حیران رہ گیا اور میں آج تک حیران ہوں کہ یہ سب کیسے ہوا۔ (محمد شاہ نواز انصاری، ملتان)

تجربات رومی — رومی احمد پوری — قسط 4

دانت کی حفاظت کیجئے

بہت زیادہ میٹھے‘ کھٹاس بھرے‘ مرچ مصالحے اور بازاری اشیاء کے استعمال کی وجہ سے دانتوں کا مسئلہ دن بدن بڑھ رہا ہے‘ اپریل 2020ء عبقری شمارہ کے صفحہ نمبر 7 میں نے دانت درد سے چھٹکارا پانے کیلئے ایک روحانی ٹوٹکہ بتایا تھا‘ جسے قارئین نے بے حد پسند کیا اور مجھے مزید اس موضوع پر لکھنے پر مجبور کیا۔ دانت درد سے چھٹکارا کیلئے میں آج بھی آپ کیلئے ایک انتہائی انوکھا‘ تیر بہدف اور آزمودہ عمل لایا ہوں اور حیران کن طور پر وہ ہے بھی اردو زبان میں‘ بس ادھر پڑھا ادھر درد ختم مگر اس سے پہلے میں آپ کو دانت خراب کن چیزوں سے ہوتے ہیں وہ بتانا چاہوں گا۔ قارئین دانت خراب کرنے والی دس چیزیں ہیں اگر ان چیزوں سے پرہیز کرلیا جائے تو 90 سال کی عمر میں بھی آپ دانت سے بادام بھی توڑ سکیں گے اور آپ کے دانت صحت مند اور چمکدار رہیں گے۔ آیئے وہ دس نقصان دہ چیزیں جانتے ہیں:۔ **1۔ برف چبانا:** برف چبانے سے دانتوں میں دراڑیں پڑ جاتی ہیں اور کچھ عرصہ کے اندر دانت خراب ہوجاتے ہیں۔ **2۔ دانت پیسنا:** اکثر لوگوں کو سوتے میں دانت پیسنے کی عادت ہوتی ہے۔ یہ اکثر بچوں کو پیٹ میں کیڑوں کی وجہ سے ہوتی ہے اور اکثر کو یہ کیفیت جاگتے وقت بھی ذہنی دباؤ کی وجہ سے ہوتی ہے جس سے جبڑوں پر زور پڑتا ہے۔ **3۔ کھانسی کا شربت:** کھانسی سے بچنے کیلئے کف سیرپ کا استعمال کیا جاتا ہے لیکن اس میں موجود چینی دانتوں پر اثر انداز ہوتی ہے جس سے دانتوں پر پلاک جم جاتی ہے **4۔ دانتوں میں چپکنے والی مٹھائیاں:** دانتوں کے لیے ہر طرح کی مٹھائیاں نقصان دہ ہوتی ہیں۔ مٹھائیاں کھانے کے بعد برش کیا جائے اور منہ کو اچھی طرح صاف کیا جائے۔ **5۔ سوڈا ڈرنکس:** سوڈا ڈرنکس میں موجود چینی اور ایسڈ دانتوں کی خرابی کا باعث بنتا ہے۔ **6۔** دانتوں سے کوئی پیکنگ، بال پن یا بوتل کا ڈھکنا کھولنا دانتوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ **7۔ فروٹ جوس:** فروٹ جوس میں موجود وٹامنز اور منرلز صحت کے لیے فائدہ مند ہیں لیکن اس میں موجود چینی کی مقدار ان فوائد کو کم کردیتی ہے۔ پھلوں کا رس پینے کے لیے اس میں پانی ملا کر استعمال کیا جائے تاکہ چینی کا اثر ہلکا ہوجائے۔ **8۔ آلو کے چپس:** اسٹارچ (باقی صفحہ نمبر 53 پر)

خون افزاء ٹانک — خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے‘ جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ وجگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ‘ اسٹریس‘ ڈپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ قیمت:۔ 120/ روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

آپ کی صحت کیلئے مسکراہٹ کی قیمت

دل کھول کر مسکرایئے! مسکرانے سے صحت بہتر ہوتی ہے۔ یہ بات آپ نے پہلے بھی سنی ہوگی اور اب اسے پھر ایک تازہ تحقیقی مطالعے میں دہرایا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ جو لوگ مسکراتے رہتے ہیں وہ بیماریوں کا مقابلہ احسن طریقے سے کرتے ہیں۔ پستی اور اضمحلال کے کچھ مریضوں کو یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ چار ہفتے روزانہ آدھ آدھ گھنٹہ مزاحیہ کتب پڑھیں یا کسی ایسے بندے کے ساتھ وقت گزاریں جو اپنی باتوں سے آپ کو مسکرانے پر مجبور کردے۔ چار ہفتے بعد ماہرین نے یہ محسوس کیا کہ ان میں سے بعض لوگ تو صحت یاب ہوگئے اور بعض کی علامات کی شدت کم ہوگئی۔

سائنس دانوں کو پہلے ہی اندازہ تھا کہ جو لوگ فطرتاً خوش رہتے ہیں اور نسبتاً زیادہ ہنستے ہیں ان کی صحت بھی دوسروں سے بہتر ہوتی ہے اور زندگی کی مدت بھی کچھ زیادہ ہوتی ہے۔ اب اس نئی تحقیق سے پتا چلا ہے کہ انسان فطرتاً زیادہ ہنسنے والا اور خوش رہنے والا بھی نہ ہو، لیکن وہ مزاح سے بھرپور کتب پڑھتے رہنے سے کچھ ایسے مریضوں کی حالت بہتر ہوگئی جو الرجی کے باعث بیماریوں میں مبتلا ہوگئے تھے جبکہ دوسرے تحقیق کاروں کو یہ اندازہ ہوا ہے کہ جن لوگوں میں مزاح کی حس نہیں ہوتی ان لوگوں کے لیے دل کی بیماریوں کا خطرہ نسبتاً زیادہ ہوجاتا ہے۔ امریکہ میں مزاحی معالجے یا معالجی مزاح کی ایک تنظیم قائم ہے جس کا نام ”امریکی انجمن برائے علاج مزاح“ ہے۔ اس تنظیم نے اس طریقہ علاج کو ”شفاء بخش مسکراہٹ“ کا نام دیا ہے۔ گو بعض ملکوں میں یہ طریق علاج مقبول ہورہا ہے لیکن ابھی تک یہ بات واضح طور پر نہیں بتائی گئی کہ مزاح کا اثر کس طرح ہوتا ہے۔ یہ بھی واضح نہیں کہ مزاح کا دماغ پر براہ راست مثبت اثر ہوتا ہے یا یہ مثبت اثرات مسکراہٹ کے نفسیاتی عمل کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ ایک نظریہ یہ ہے کہ مزاح کا اپنا براہ راست اثر نہیں ہوتا بلکہ اس کا کام ہماری معمول کی زندگی کے دباؤ اور تشویش کے اثر کو توڑنا ہے۔ البتہ تحقیق سے یہ ضرور معلوم ہوا ہے کہ ہنسنے سے جسم میں اینڈورفین (Endorphins) نامی ہارمون پیدا ہوتا ہے جو درد کو دباتا ہے۔ نیز اس عمل سے طبیعت میں بشاشت پیدا ہوتی ہے۔ ایک جائزے میں ساٹھ منٹ کے ایک مزاحیہ پروگرام کا ذکر کیا گیا ہے جس کے دوران دیکھنے والوں پر مثبت ردعمل ہوا اور جسم میں خوشگوار کیمیائی تبدیلی پیدا ہوئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ مسکراہٹ سے دباؤ، تشویش، پستی اور بے خوابی میں افاقہ ہوتا اور طبیعت بحال ہوتی ہے۔ مدافعتی نظام زیادہ مضبوط ہوتا ہے اور خون میں سفید خلیے پیدا ہوتے ہیں جو سرطان کا مقابلہ کرتے ہیں۔ جاپان کے ایک معالج نے بھی اس بات کی تائید کی ہے کہ مزاح کا صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ اس معالج نے کچھ ایسے مریضوں پر تجربہ کیا جو الرجی میں مبتلا تھے۔ ان مریضوں کو مزاح سے بھرپور مکالمے پڑھنے کیلئے دیئے گئے اور کچھ مزاح سے بھرپور پروگرام دکھائے گئے اور مکالمے پڑھنے سے پہلے پروگرام دیکھنے کے دوران میں اور مکالمے اور پروگرام کے بعد ان کی جلد پر الرجی کے ٹیسٹ کیے گئے۔ پھر انہیں ایک ایسا پروگرام دکھایا گیا جس کا تعلق موسم سے تھا۔ مزاح سے بھرپور پروگرام اور مکالمے سے الرجی کی علامات میں نمایاں کمی محسوس کی گئی جب کہ موسم سے تعلق رکھنے والا پروگرام بے اثر رہا۔

تھکن سستی کاہلی اچھی صحت کی دشمن

احمد خاں خلیل

اگر آپ صبح تازہ دم نہیں ہوتے، اگر آپ چڑچڑے رہتے ہیں اگر آپ سکون اور نیند کی گولیاں کھاتے ہیں، اگر آپ کی کارکردگی بڑھنے کے بجائے کم ہورہی ہے تو معالج کی تشخیص یہ ہے کہ آپ پوری نیند نہیں سوتے اور ہر دم تھکے ماندے رہتے ہیں۔ میڈیکل سکول کے ایک پرانے پروفیسر نے ایک دن طلبہ کو مشورہ دیا کہ کبھی کسی مریض سے یہ سوال نہ پوچھو کہ کیا تم تھکن محسوس کرتے ہو؟ یہ غیر ضروری سوال ہے۔ ہر شخص تھکا ہوا ہوتا ہے۔ پروفیسر صاحب کا یہ تبصرہ 90 فیصد درست ہے۔ چائے کی دکان یا کافی ہاؤس میں جایئے آپ ہر شخص سے یہ سنیئے گا ”آج میں بہت ہی تھکا ہوا ہوں“۔

لوگوں کو صبح اپنے کارخانوں اور دفتروں کی جانب رواں ہوتے دیکھیے، یوں محسوس ہوتا ہے کہ کسی نے کوڑے مار مار کر ان کے جسموں کو چور چور کردیا ہے۔ سر اور کندھے جھکائے ہوئے، قدم گھسیٹتے ہوئے، اکتائے ہوئے یہ شکستہ دل بادل ناخواستہ چلتے نظر آتے ہیں۔ کبھی دواؤں کے اشتہاروں میں آپ کو یہ عنوان نظر آتا ہے ”تھکن کا علاج“ تو آپ کی آنکھوں میں چمک پیدا ہوتی ہے۔ اشتہار سے دھوکہ نہ کھایئے۔ کوئی ٹانک آپ کا علاج نہیں ہوسکتا۔ اگر آپ کو گاڑی میں بیٹھے بیٹھے غنودگی محسوس ہوتی ہے اگر آپ کرسی پر بیٹھے بیٹھے تھوڑی دیر کے لیے اونگھ لیتے ہیں، اگر آپ کا موڈ خراب رہتا ہے اگر آپ صبح وقت پر جاگنے کے لیے گھڑی کے الارم پر انحصار کرتے ہیں، اگر آپ کم خوابی کی شکایت ہے اور نیند کی گولیاں کھاتے ہیں تو ان سب کا اصل سبب یہ ہے کہ آپ پوری نیند نہیں سوتے۔ یہ ہے آپ کی صحیح طبی تشخیص۔ پہلے تو ان عوامل کا جائزہ لیجئے کہ آپ پوری نیند کیوں نہیں سوتے؟ کیا آپ نیند کے وقت تاش اور شطرنج کھیلتے ہیں؟ کیا سونے سے پہلے آپ چائے یا کافی پی لیتے ہیں جس سے نیند ختم ہو جاتی ہے؟ کیا آپ گھر کے بکھیڑوں پر غصہ کرتے اور بڑبڑاتے ہیں؟ کیا آپ اپنے بیوی بچوں سے الجھ پڑتے ہیں؟ یہ سب عوامل نیند کو خراب کرنے کا باعث ہوسکتے ہیں۔

نیند خراب کرنے والے اور اسے روکنے والے تمام عوامل ختم کیجئے۔ رات کو ہر چیز سے اول، ہر چیز سے زیادہ ضروری نیند ہے۔ پوری نیند۔ آپ اپنے ہاتھ کو حکم دیتے ہیں تو ہاتھ میں حرکت ہوتی ہے، پیروں کو مڑنے کا حکم دیتے ہیں تو پیر دوسری سمت کو مڑ جاتے ہیں۔ آپ کو اپنے دماغ پر بھی یہی اختیار اور طاقت حاصل ہے۔ دماغ کو حکم دیجئے: ”میرے جسم کو آرام کرنے دو! مجھے اب سونے دو“۔ اس کو معمول بنائیں۔ آپ کا دماغ آپ کے حکم پر عمل کرے گا۔ دماغ کو حکم دیتے ہی آپ اپنے ہاتھوں اور ٹانگوں کو آرام کرنے کے لیے ڈھیلا چھوڑ دیں۔ آنکھیں بند کرلیں اور کوئی خوشگوار خواب خیال سوچیں۔ اس سال گرمیوں میں سوات کی سیر، آپ کی والدہ ماجدہ کی طرف سے آئے ہوئے میسج پر غور، دفتر میں اپنی متوقع ترقی کے لیے تیاری، آپ کے افسر نے آپ کے کام کی تعریف کی، اس پر غور۔ اگر سردیوں کا موسم ہو تو یاد رہے پاؤں کو گرم رکھنا چاہیے۔ تکیہ نہ بہت اونچا اور نہ بہت نیچا ہو۔ پہلو پر سویئے۔ پرامید رہیے۔ سوتے وقت اپنے خالق، مالک اور رازق کو نہ بھولیے۔ اللہ کا شکر ادا کرکے سویئے۔

پوری نیند کا لطف لینا ہو تو وقت پر سویئے اور وقت پر اٹھیے۔ پھر کوئی عذر کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ اس کے بعد آپ دیکھیں گے کہ صبح آپ تازہ دم ہونگے چہرے پر رونق ہوگی دل میں سکون، دماغ روشن اور آپ کی تمام شکایتیں دور ہوجائینگی۔

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سوفیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند دنوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بار ہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ایئرکنڈیشنز کے بغیر گھر کو ٹھنڈا کریں

سدرہ اظہر، کراچی

بے رحم موسم کا مقابلہ کیسے کیا جائے؟

ہیٹ ویو کا سامنا اب تو عام سی بات ہے پوری دنیا میں گلوبل وارمنگ کا مسئلہ جیسے جیسے سنگین ہوتا جا رہا ہے ویسے ویسے پوری دنیا میں موسم کی تبدیلی کا رونما ہونا اسی بات کی ایک کڑی ہے۔ پاکستان کا شمار گلوبل وارمنگ سے متاثرہ 13 ممالک میں سے تیسرے نمبر پر ہے۔ ہیٹ ویو کی اہم وجہ درختوں کی کمی اور رہے سہے درختوں کی بے دریغ کٹائی بھی ہے۔ شہروں کے وسیع ہونے اور بلند و بالا عمارتوں کی تعمیر سے سب سے زیادہ نقصان درختوں کا ہو رہا ہے۔ پورے شہر کا جائزہ لیا جائے تو ہریالی تو دور اب پارکس کا بھی وجود نظر نہیں آتا۔ ایسے میں بے رحم موسم کا سامنا کیا جائے تو کیسے؟ ایک درخت بھی لگایا جائے تو اسے مضبوط ہونے میں ڈیڑھ سے دو برس لگتے ہیں لیکن گھروں کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے ایک حل ایسا ہے جس پر عمل کرتے ہوئے ہیٹ ویو سے اپنے گھروں کو تپتی ہوئی گرمی سے بچایا جا سکتا ہے۔

گھروں میں پودے لگایئے

عام تاثر ہے کہ گھروں میں پودے لگانے سے گھر ہرا بھرا تو دکھائی دے سکتا ہے لیکن اس سے گرمی میں بچاؤ کیسے ممکن ہے؟ بالکل ہے۔ اس کا فرق جاننا بہت ضروری ہے۔ کبھی آپ شدید گرمی میں کسی درخت کے نیچے کھڑے ہو جائیں تو آپ کو درجہ حرارت آس پاس کے درجہ حرارت سے چار سے پانچ ڈگری سینٹی گریڈ کم محسوس ہوگا۔ اس لیے گھروں کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں تاکہ باہر سے آنے والی گرم ہوائیں ان پودوں کے باعث بہتر ہو سکیں۔

کشادہ گھر چھوٹا فلیٹ، مسئلہ نہیں!

اگر تو گھر میں لان ہے تو مسئلہ نہیں آپ با آسانی درخت لگا سکتے ہیں لیکن گھر چھوٹا ہے تو آپ گھر کے باہر کیاری میں بھی درخت اور پودے لگا سکتے ہیں۔ اگر گھر میں چھت کی سہولت ہے تو اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے۔ آپ اپنی مرضی سے بہت سے پودے لگا سکتے ہیں۔ چاہے وہ پھول ہوں یا پھر دوسرے پودے جو نظر کو بھی بھائے اور ماحول کو بھی ٹھنڈا رکھیں۔ جو لوگ فلیٹس میں رہتے ہیں ان کے پاس بالکونی کی سہولت ہے وہ اس میں بھی پودے لگا سکتے ہیں چند گملے یا پھر Hanging Pots میں بھی پودے لگا سکتے ہیں۔ کھڑکیوں میں بھی بوتلوں یا چھوٹے گملوں میں ہرے بھرے پودے نہ صرف آپ کے گھر کو خوبصورت بنائیں گے بلکہ ماحول کو بھی تر و تازہ رکھیں گے۔

کیا کیا لگائیں؟

گھروں کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے پودے لگائیں لیکن اس میں کیا کیا لگائیں؟ یہ ایک اہم سوال ہے۔ تو سب سے پہلے اپنی سہولت کو کیوں نہ سامنے رکھا جائے۔ گھر میں ضرورت کی استعمال کی سبزیاں سب سے پہلے لگائیں۔ کریلے، لیموں، ہری مرچیں، دھنیا، پودینہ، ہری پیاز، بھنڈی، توری، بینگن یہ تمام سبزیاں با آسانی آپ گھر میں اُگا سکتے ہیں۔ اس سے ایک تو آپ کو گھر میں ضرورت کی سبزی مل جایا کرے گی اور آپ کا گھر بھی ہرا بھرا دکھائی دے گا۔ خوشبو کے لیے آپ گھر میں چمپا، موتیا، گلاب، رات کی رانی، ہارسنگھار، چنبیلی، بیلا بھی لگا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ منی پلانٹ سے آپ کے گھر کی دیواریں اور گرل بھی خوشنما دکھائی دیں گی۔

گھر کو ٹھنڈا ماحول دوست اور پرسکون کیسے بنائیں؟

پودے کس میں اُگائیں

کم خرچ بالانشین تو آپ نے سنا ہی ہوگا تو جناب اسی پر عمل کرتے ہوئے آپ بھی تھوڑا بچت سے کام لیجئے گملوں میں پودے ضرور لگائیں لیکن بڑے ڈرمز، پرانی بالٹیاں، ٹب، بوتلیں، ٹائرز اور بڑے کین بھی پودے لگانے کے کام آ سکتے ہیں۔ ان میں پودے لگانے سے نہ صرف آپ کے پودوں کو کھلی اور بڑی جگہ ملے گی بلکہ وہ تیزی سے پھلے پھولیں گے اور دنوں میں ان کی نشوونما ہو سکے گی۔ اس لیے ضروری ہے کہ بچت کے طریقوں کو آزماتے ہوئے ان اشیاء کو بھی استعمال میں لایا جائے جنہیں آپ بیکار سمجھ کر پھینک دیتے ہیں۔

پانی کا کتنا استعمال کیا جائے

کیاریوں میں کھلی زمین میں لگنے والے پودوں کو پانی زیادہ دیا جاتا ہے جبکہ گملوں میں لگے پودوں کو ایک لیٹر سے زیادہ پانی کی ضرورت نہیں ہوتی وہ پانی جو آپ ضائع کرتے ہیں انہیں بھی آپ گملوں میں ڈال سکتے ہیں۔ جبکہ گملوں میں دیئے جانے والا پانی اس وقت تک گملے کی مٹی کو نمی دیئے رکھتا ہے جب تک دوسری بار اسے پانی کی ضرورت نہ ہو اس لحاظ سے وہ پودے جو گھروں میں گملوں میں لگے ہوں وہ دوسرے پودوں کی نسبت کم پانی لیتے ہیں۔ ضرورت سے زیادہ پانی بھی پودوں کے لیے نہ صرف نقصان وہ ثابت ہو سکتا ہے بلکہ اس سے پودے جل بھی جاتے ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے مرجھانے لگتے ہیں۔ اس لیے یہ سوچنا کہ پودوں کو بے تحاشہ پانی کی ضرورت رہتی ہے درست نہیں۔ ان تمام عوامل کو سامنے رکھتے ہوئے آپ گھروں کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے پودے اور درخت ضرور لگائیں تاکہ شدید گرم موسم میں بھی آپ کا گھر ٹھنڈا رہ سکے۔ خصوصاً ہیٹ ویو کے دوران آپ کو یہ فرق لازمی محسوس ہوگا تو ابھی سے اس کی تیاری کیجئے اور اپنے ساتھ ساتھ اپنے گھر کو بھی ٹھنڈا اور ماحول دوست بنانے میں اہم کردار ادا کیجئے۔

گردے سکڑ گئے ڈاکٹرز کا جواب شفاء کیسے ملی؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو سدا سلامت رکھے اور خوش رکھے' بے شمار لوگ ایسے ہی آپ سے فیض پاتے رہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کے لنگر خانہ میں مزید برکت دے۔ آمین! آج میں قارئین کے ایک انتہائی انوکھا شفائی واقعہ لائی ہوں جو کہ ہمارے خاندان میں پیش آیا۔ یہ واقعہ میرے ابو کی چچازاد بہن کے بیٹے کا ہے وہ فیصل آباد میں رہتے ہیں ان کا نام ''ٹیپو بھائی'' ہے۔ ان کے گردے سکڑ چکے تھے' ڈاکٹرز نے پانی بند کر دیا تھا اور ایک دن ڈاکٹرز نے جواب دے دیا کہ اس بندے کے بچنے کی کوئی امید نہیں ہے' لہٰذا اب انہیں آپ گھر لے جائیں۔ بھائی کو گھر لے آئے۔ بھائی نے کہا زندگی جتنے دن کی بھی بچی ہے مجھے'' کچی لسی'' پلاؤ۔ لہٰذا ساری رات بھائی کچی لسی پیتے رہے' صبح انہیں پیشاب آنا شروع ہو گیا اور یہی چیز ان کی زندگی کا وسیلہ بنی یہ کئی سال پہلے کی بات ہے اور آج بھی یہ بھائی ماشاء اللہ سلامت ہیں۔ (صائمہ شکیل' لاہور)

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے' کیل' مہاسے' جھائیاں' داغ' کھردرے پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

اللہ کا خصوصی فضل و کرم چاہیے تو ذیقعدہ میں یہ عمل کیجئے!

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیرشرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

ذیقعدہ اسلامی سال کا گیارھواں مہینہ ہے۔ یہ بڑا مبارک اور حرمت والا مہینہ ہے' اس مہینے میں عرب جنگ کو ترک کردیتے تھے اور اپنے گھروں میں بیٹھے رہتے تھے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ذیقعدہ کا مہینہ بہت بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت بہت افضل ہے۔

ذی قعدہ کا چاند: جب ذیقعدہ کا چاند دیکھے تو یہ پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الشَّھْرُ اَوَّلُ مِنْ شَھْرِ الْحَرَامِ وَ اَوْسَطُھَا مِنْ شُھُوْرِ حَجِّ بَیْتِكَ الْحَرَامِ فَاغْفِرْ لَنَا جَمِیْعَ الْمَعَاصِیْ وَالْاٰثَامِ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

پہلی شب: اس مہینے کی پہلی شب کو چاہیے کہ تیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ زلزال پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک مرتبہ سورۂ نبا، یعنی عم یتساءلون پڑھے۔ اس کے علاوہ جو کوئی ذیقعدہ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 33,33 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز کے بعد نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور خلوص دل سے توبہ کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کو بخش دینگے۔

جمعہ کے نوافل: ذیقعدہ کے مہینے میں چاہیے کہ ہر جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اکیس اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ **دو رکعت نفل:** ذیقعدہ کے مہینے کی ہر شب کو نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ہر رات عمرہ کی عبادت کا ثواب حاصل ہوگا۔

ثواب عظیم پانے کیلئے اس رات کا انتظار کیجئے!

ترقی درجات کیلئے: جو کوئی چاہے کہ بارگاہ الٰہی میں اس کا درجہ بلند ہو جائے' اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے تو اُسے چاہیے کہ وہ ذیقعدہ کے مہینہ کی نو تاریخ کی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد تین مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے۔ **جمعرات کی شب:** ذی قعدہ کے مہینے میں جو کوئی ہر جمعرات کی شب سو رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اسے ثواب عظیم حاصل ہوگا۔

آخری دن: جو کوئی ذیقعدہ کے مہینہ کی آخری تاریخ کو چاشت کے وقت دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین سو مرتبہ سورۃ القدر پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اس کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور سجدے میں جا کر اللہ تعالیٰ سے جو بھی جائز دعا مانگے گا انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

عمل جائز محبت کیلئے کریں!

21 کالی مرچ لے کر 21 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھیں۔ ہر مرچ پر ایک مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر دم کرنا ہے جب اِنَّ شَانِئَكَ پر پہنچیں تو مطلوب کا نام مع والدہ لیکر کہیں فلاں بن فلاں ھُوَ الْاَبْتَرُ۔ جائز محبت کیلئے جس سے جی چاہے کرے لیکن یہ بات یاد رکھیں اللہ کی نافرمانی کرنے والے فلاح نہیں پایا کرتے۔ ناجائز کرنے والا سخت نقصان اٹھائے گا اور الٹ اثر ہوگا' اللہ تعالیٰ سب کو بچائے۔ 21 دن کا یہ عمل ہے۔ جمعرات سے عمل شروع کریں' آدھا کلو گوشت صدقہ دیں۔ ایک ہفتہ میں کام ہو جائے گا۔ اگر نہ ہو تو پھر صدقہ دیں' دوسرا ہفتہ پڑھائی' پھر صدقہ دیں' تیسرا ہفتہ پڑھائی کریں۔ انشاء اللہ العزیز کام ضرور بہ ضرور ہوگا۔ یہ ہمارا مجرب آزمایا عمل ہے۔ یہ ساری پڑھائی آگ کے قریب بیٹھ کر کرنی ہے آیۃ الکرسی کا حصار کریں تو بہتر ہے ڈر کی کوئی بات نہیں۔ 21 دفعہ سورۂ کوثر پڑھ کر 21 کالی مرچ پر دم کریں۔ ایک دفعہ پڑھ کر ایک مرچ پر دم کریں۔ حب تمام عملوں سے بے نیاز کر دینے والا عمل ہے۔ زوجین کی محبت کیلئے بہت ہی مفید ہے۔

معدہ کی گرمی' قبض اور گیس کیلئے: معدہ کی گرمی کیلئے' قبض اور گیس کیلئے' گلے کے امراض کیلئے' اعصابی کمزوری' پٹھوں میں کھچاؤ اور دل کی گھبراہٹ کیلئے مفید اور بہترین زیادہ تعریف مناسب نہیں جو بنائے اس کے فوائد کا خود پتہ چل جائے گا۔ **سفوف شیریں:** ملٹھی 100 گرام' سونف 100 گرام' تخم دانہ مرغ 100 گرام' زیرہ سفید 50 گرام' کلیجی 100 گرام' الائچی خورد 50 گرام' ست پودینہ 6 ماشہ' مصری 250 گرام' سنڈھ 50 گرام۔ تمام اجزاء باریک سفوف بنالیں' جوان بکرے کی کلیجی سو گرام لیکر بھون لیں' باریک کر کے سفوف میں ملالیں' اگر کوئی صاحب کلیجی نہ ڈالنا چاہے تو بغیر ڈالے بھی دوائی انشاء اللہ پورے فوائد دے گی۔ (بحوالہ عبقری جلد نمبر 10)

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

اصلاح معدہ وجگر پیکیج

معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔

معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج

معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا

قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خواجہ ابوبکر وراقؒ کے مستند روحانی وظائف

خوبصورت گول مٹول بیٹا حاصل کرنے کا عمل

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ کریم اس کو اولاد نرینہ کی دولت سے مالا مال کریں تو اُسے چاہیے کہ وہ بیوی کے حمل کے بعد ایک چینی کی پلیٹ پر روزانہ ایک مرتبہ سورۂ علق کو زعفران یا زردہ رنگ والے پانی سے لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی اسے پلاتے رہیں' ان شاء اللہ چاند کی طرح خوبصورت گول مٹول بچہ آپ کی گود میں کھیلے گا۔

آنکھوں کے امراض سے بچنے کا آسان عمل

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی آنکھیں کبھی خراب نہ ہوں نظر ہمیشہ برقرار رہے تو اُسے چاہیے کہ جب بھی وضو مکمل کرے تو آسمان کی طرف نظر کرکے ایک مرتبہ سورۂ القدر کی تلاوت کرلے' اللہ کریم کے چاہنے سے اس شخص کی بصارت بڑھاپے تک بے مثال رہے گی۔

بچے کی ام الصبیان کے مرض سے حفاظت

جس عورت کے بچے ام الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں' شروع حمل سے یعنی حمل ٹھہر جانے کے بعد یہ عمل شروع کرے اور بچے کے دودھ پینے تک برابر یہ عمل جاری رہے۔ وہ عمل یہ ہے:۔

تین مرتبہ سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ط

روٹی کے ٹکڑے یا بسکٹ پر باوضو لکھ کر حاملہ کو کھلائیں یا زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں پانی سے دھو کر پانی حاملہ عورت کو پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا اور عمر طبعی کو پہنچے گا۔ یہ عمل روزانہ کرنا ہے ناغہ نہیں کرنا ناغہ کرنے سے عمل ٹوٹ جائے گا۔ لہٰذا پابندی لازمی ہے اور نماز پابندی سے ادا کریں۔

ہر خطرناک مرض کا بیری کے پتوں سے علاج

اگر کسی مریض کا مرض سمجھ میں نہ آتا ہو اور اسے کوئی دوائی فائدہ نہ دیتی ہو اور مریض کی حالت دن بدن گرتی جارہی ہو تو اس کیلئے یہ عمل باعث شفاء ہوگا۔ مریض جلد ہی صحت یاب ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے:۔

سورج نکلنے سے پہلے باوضو جاکر بیری کے سات پتے توڑ کر لائیں اور باوضو ان کو سل پر باریک پیس لیں پھر پسے ہوئے پتوں کو ایک بالٹی پانی میں ملادیں اور بیری کے اس آمیزے کو پانی میں خوب حل کریں اور ہاتھ پانی میں چلاتے وقت آیۃ الکرسی سات مرتبہ پڑھیں اور اس پانی پر دم کردیں اور اس پانی سے مریض نہالے۔ اس وقت صابن وغیرہ لگانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ پانی سے تمام بدن بھیگ جائے۔ سات روز بلا ناغہ یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کتنا ہی خطرناک مرض ہوگا اس سے مریض ٹھیک ہوجائے گا۔ یہ احتیاط رہے کہ نہانے کے دوران گرنے والا پانی گندی نالی یا گٹر میں نہ جائے بلکہ کسی زمین پر گرے۔ اگر ایسا مکان ہو جس کا پانی گندی نالی یا گٹر میں جاتا ہو تو مریض کو کسی ٹب میں بٹھا کر پانی ڈال دیا جائے اور وہ پانی دور کسی جگہ ڈال دیا جائے یا سڑک' گلی یا راستے میں چھڑک دیا جائے۔

گم شدہ بچہ کے بخیر و عافیت گھر آنے کے لئے

اگر کسی شخص کا بچہ گم ہوجائے اور وہ نہ مل رہا ہو تو سورۃ الیل کو ایک مرتبہ کسی موٹے کاغذ یا گتہ پر لکھ کر گم شدہ بچے کا نام لکھ دیں اور اس تعویذ کو کسی بھی درخت پر لٹکادیں' ان شاء اللہ کچھ ہی دنوں میں وہ بچہ بخیر و عافیت گھر آجائے گا۔

من کی تمام مرادیں پوری! ٹھگوں سے حفاظت

بدنیت اور ٹھگ سے نجات

اگر کوئی بدنیت اور ٹھگ ذہنیت کا مالک ہو اور کسی کے مال پر جائیداد پر ناجائز قبضہ کرلے یا رقم لے کر واپس نہ کرے تو اس کیلئے روزانہ تین بار سورۂ یٰسین شریف ایک وقت مقررہ پر پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے جب تک قرضہ وصول نہ ہوجائے یا جائیداد کا قبضہ بحال نہ ہوجائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے مال وصول ہوجائے گا اور جائیداد کا قبضہ بھی مل جائے گا۔

وسوسہ نفسانی سے نجات

جو شخص طرح طرح کے وسوسوں میں مبتلا ہو اور اس کے سبب ذہنی سکون برباد ہوگیا ہو اور الٹے سیدھے خیالات نے اسے اور اس کی صحت کو تباہ کردیا ہو اور ہر وقت پریشان رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور باوضو اَلسَّلَامُ 66 بار کسی پاک چینی کے برتن پر باوضو لکھے اور پانی سے دھو کر وہ پانی پی لے۔ لکھنے کیلئے زعفران کو عرق گلاب میں گھول لے۔ روزانہ یہ عمل اکتالیس دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وساوس شیطانی اور وساوس نفسانی سے مکمل نجات حاصل ہوگی۔ اگر خود لکھنا نہ جانتا ہو یا لکھ نہ سکتا ہو تو دوسرے سے لکھوالیا کرے یا آٹھ دس دن کیلئے آٹھ دس چینی کی پلیٹوں میں کسی سے باوضو لکھوالے اور باوضو گھول کر پانی پی لیا کرے۔

من کی تمام مرادیں پوری ہونے کے لئے

جس شخص کے من میں بہت سی مرادیں ہوں، دل میں چاہتیں چھپی ہوں تو اسے چاہیے کہ رات کے وقت بکثرت سورۂ فجر کی تلاوت کا اہتمام کرے۔ اللہ تعالیٰ کے چاہنے سے تمام من کی مرادیں پوری ہوجائیں گی۔ جو شخص اس کو 7 مرتبہ پڑھ کر دعا کرتا ہے اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازتے ہیں اور بگڑے کام بنادیتے ہیں۔

بداخلاق شخص کو بااخلاق بنانے والا عمل

اگر کوئی شخص بہت گالیاں دیتا ہو، زبان کا بداخلاق ہو، کڑوی زبان کی وجہ سے کوئی شخص اس سے ملنا نہ چاہتا ہو، لوگوں کی غیبت اور عیب جوئی اس کا بہترین مشغلہ ہو تو ایسے شخص کو سورہ نباء کی آیت نمبر 37 تا 40 تک کا دم کیا ہوا پانی پلایا جائے تو اللہ کے فضل سے ایسا شخص زبان کا نہایت میٹھا بن جاتا ہے۔

ہر قسم کے استخارہ کے لئے

کوئی شخص کہیں رشتہ کرنا چاہتا ہے، کوئی کاروبار کرنا چاہتا ہے یا اگر کوئی شخص روحانی رہنمائی کیلئے کسی کامل رہبر کی تلاش میں ہو تو اسے چاہیے کہ 21 مرتبہ روزانہ 40 دن تک تہجد کے بعد سورۂ تغابن کی تلاوت کرے اور دعا کرے۔

حاملہ کے حمل کی حفاظت کا عمل

اگر کسی عورت کا حمل بار بار ضائع ہوجاتا ہو تو اُسے چاہیے کہ 40 دنوں تک روزانہ ایک مرتبہ سورۃ الملک کو پانی پر دم کرکے پی لے۔ اللہ کریم کی رحمت سے حمل ہر قسم کی مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بے طاقتی' بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوت و شباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔

تربوز! امراض قلب کا مزیدار معالج

افشاں مراد، لاہور

اللہ کا خاص احسان ہے کہ اس نے انسان کی خوراک کو بھی موسموں کی مناسبت سے پیدا فرمایا تاکہ انسان موسموں کے مضر اثرات سے محفوظ رہ سکے۔ تربوز کا شمار بھی ایسے ہی پھلوں میں ہوتا ہے جو نہ صرف انسان کو گرمی کی شدت و وحدت کے اثرات سے بہت حد تک محفوظ رکھتا ہے بلکہ اور بھی کئی بیش بہا فوائد کا حامل ہے اگر اسے اللہ کی جانب سے انسانوں کے لیے گرمی کا تحفہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ یہ شکل کے اعتبار سے گول اور لمبوترا ہوتا ہے جبکہ رنگ کے اعتبار سے سبز جبکہ چھلکا سخت ہوتا ہے۔ تربوز تقریباً ہر علاقے میں پایا جاتا ہے لیکن خاص طور پر پاکستان، ہندوستان، شمالی بنگال، اور افغانستان میں بھی اس کی کاشت کی جاتی ہے۔ اس کے گودے کی رنگت سرخ، ذائقہ شیریں اور مزاج سرد تر ہوتا ہے۔ اگر اسے خالی پیٹ استعمال کیا جائے تو بے حد فائدہ دیتا ہے، اسی طرح اگر اسے شکر کے ساتھ ملا کر کھایا جائے تو موثر ہوتا ہے۔

تربوز کے فوائد

یہ صفرا کو کم کرتا ہے، تربوز پیاس کو بجھاتا ہے۔ خصوصاً جون، جولائی کی گرمی میں اس کا استعمال جسمانی حرارت و گرمی کم کرنے کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے، بوڑھے اور سرد مزاج کے حامل افراد تربوز زیادہ نہ کھائیں۔ تربوز میں پانی زیادہ ہوتا ہے اس وجہ سے یہ گردے اور مثانے کی پتھری کے اخراج میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔ تربوز معدے میں پہنچ کر انتہائی فائدہ مند صورت اختیار کر جاتا ہے اس کے بیج جلد کی صفائی کے لیے بہت مفید ہوتے ہیں اگر اس کے چھلکے کا لیپ پیشانی پر رکھ دیا جائے تو آنکھوں کے امراض کے لیے موثر ہوتا ہے۔ جدید تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ خون کے دباؤ کی زیادتی میں مغز تربوز کے اندر موجود خاص مادے کے بہت فائدے ہوتے ہیں اس سے 82 فیصد مریضوں میں دل پر سے بوجھ کم ہوتا ہے۔ یہ بدن کو فربہ کرتے ہیں جبکہ خود تربوز میں ایک خاص قسم کا جزو موجود ہے، بعض ڈاکٹروں نے اس خاص جزو کو پہلوان سے تشبیہ دی ہے جو جسم کو نقصان پہنچانے والے خطرناک اجزا کو پچھاڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ یہ سرطان کے خلیات کو قابو میں رکھتا ہے۔ یہ جز تربوز کے علاوہ دوسرے پھلوں اور سبزیوں میں بھی پایا جاتا ہے جس کے استعمال سے جسم کو بہت فائدہ ملتا ہے جو لوگ ان کو باقاعدہ استعمال کرتے ہیں ان میں سرطان سے محفوظ رہنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

تربوز کھانے کے فوری بعد شربت یا چائے ہرگز نہ پئیں

تربوز کے استعمال سے آنتوں کی سختی میں کمی آتی ہے اور شریانوں کو لچک بھی قائم رہتی ہے۔ اس کے کثرت استعمال سے جوڑوں کے درد اور بلغم کے امکانات ہوتے ہیں اس لیے ہمیشہ اعتدال سے کھانا چاہیے۔ تربوز کھانے کے فوری بعد سکنجبین دہی اور کوئی شربت یا چائے وغیرہ کسی قسم کی چیز استعمال نہیں کرنی چاہیے۔ گرمی کے آغاز کے ساتھ ہی تربوز بازار میں آنے لگتے ہیں۔ یہ پھل مزاج کے اعتبار سے سرد تر تیسرے درجے میں ہے۔ معمولی سا دکھائی دینے والا یہ پھل اپنے اندر بہت سی خوبیاں رکھتا ہے۔ ٹھنڈک پہنچانے کے سبب یہ گرمی کی پیاس کو بجھاتا ہے اور صفراء کے زور کو کم کرتا ہے۔ پیشاب آور ہے اور طبع کو نرم کرتا ہے۔

گرمی سے سردرد: تربوز کا گودا ململ کے باریک کپڑے میں ڈال کر اس کا پانی نچوڑ کر اور ایک شیشہ کے گلاس میں ڈال کر تھوڑی مصری ملا کر صبح کے وقت پلائیں۔ سردرد سے آرام آجائے گا۔ اسی طرح تربوز کے مغز کو کسی برتن میں ڈال کر خوب گھوٹیں یہاں تک کہ وہ مکھن کی طرح ملائم لیپ بن جائے۔ یہ لیپ مریض کے سر اور پیشانی پر مل دیں اس سے سردرد کو فوری آرام ہوگا۔ **قلب کی گرمی:** یہ ایک مجرب نسخہ ہے۔ اس کو لگاتار ایک ہفتہ تک استعمال کریں تو دل کے امراض میں افاقہ ہوگا۔ تربوز کے بیج کا مغز 2 تولہ رات میں پانی میں بھگو دیں۔ صبح چینی ملا کر چھان کر پی لیں۔

دل کی دھڑکن میں تیزی: تربوز کا مغز ایک تولہ لے کر تھوڑے پانی میں ڈال کر گھوٹ لیں اور پھر چھان لیں۔ اس میں تھوڑی مصری ملا کر دن میں (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد مسلسل اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھیں اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

میری بچی کا رشتہ! ڈبہ والے عمل سے ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری رسالہ ہم سب گھر والے بہت شوق سے پڑھتے ہیں، اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو مزید ترقی دے۔ گزشتہ سال مارچ کا شمارہ پڑھا، اس میں بچیوں کے رشتہ کے بارے میں ایک عمل لکھا ہوا تھا کہ سورۂ احزاب لکھ کر ایک ڈبہ میں رکھنی ہے اور اس ڈبہ کو جہاں بچی کے کپڑے پڑے ہیں وہاں رکھنا ہے۔ میں نے اسی دن باوضو بیٹھ کر یہ سورۂ مکمل لکھی (اعراب کے بغیر)۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے چند دنوں میں ہی ایسی ترتیب بنی کہ ایک رشتہ آیا، تمام تحقیق کے بعد ہم نے ہاں کر دی، ان کو بھی بچی پسند آگئی اور یوں یہ انتہائی اچھا رشتہ ہو گیا۔ آپ یقین کیجئے مارچ میں یہ عمل کیا، اپریل میں رشتہ آیا، اور اگست میں شادی ہے۔ اللہ تعالیٰ عبقری کو دن دگنی رات چگنی ترقی دے، آپ کو اور عبقری کو سلام۔ (فوزیہ ناز، راولپنڈی)

خاص الخاص عمل کے بعد

جادو شکن تیل

کالا جادو جنات، نظر بد، سفلی عمل، بد روحوں کے بڑے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 40 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

سرکاری ملازم مگر گھر میں فاقے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ میرا چھوٹا بھائی نشہ کا عادی ہو گیا ہے اس کے چھوٹے چھوٹے تین بچے ہیں گھر میں بہت تنگی ہے سرکاری ملازم ہے مگر نشے کی عادت کی وجہ سے خرچ سے ہمیشہ تنگ رہتا ہے مقروض رہتا ہے میں اپنے بھائی کی حالت دیکھ کر اندر ہی اندر کڑھتی رہتی ہوں' وہ نشہ جیسی بدعادت کو چھوڑ دے اور اپنے بچوں کی طرف دھیان دے میری تڑپ کو آپ سمجھ سکتے ہیں میرے بھائی کے لیے دعا فرمائیں۔ (ایک بے بس بہن)

جواب: جسمانی علاج کیساتھ آپ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھیں' اس کا چند دنوں میں سوا لاکھ مکمل کریں اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، نو سوا لاکھ کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گی اتنا جلد مسائل حل ہونگے۔ اس کے علاوہ سورۂ لہب ہر دو گھنٹے کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر تصور کر کے بھائی پر پھونک مار دیا کریں۔ ان شاء اللہ بہت جلد مثبت نتائج دیکھیں گی۔

بہوئیں ہیں مگر کسی سے نہیں بنتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری امی نے جب سے گھر بنایا ہے گھر میں تب سے جھگڑا رہتا ہے گھر میں برکت ہے نہ کسی میں سلوک اتفاق ہے۔ میرا چھوٹا بھائی کام تو کرتا ہے لیکن امی کو خرچہ نہیں دیتا۔ میری امی نے جو مکان بنایا ہے وہ اسی طرح ہی پڑا ہے کوئی مکان بنانے کا نام نہیں لیتا۔ میری امی کی پانچ بہوئیں ہیں وہ میری امی کو اچھا نہیں سمجھتیں امی کے ساتھ اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ میرے بھائیوں کو نیک صالح بیٹے دے۔ (پوشیدہ' خانیوال)

جواب: ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ آپ کی والدہ اور بھائی سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں وضو بے وضو ہر حالت میں یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

سسرال میں اذیت ناک زندگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کی زندگی انتہائی مشکلات کا شکار ہے سسرال میں بہت اذیت کی زندگی گزار رہی ہے اللہ نے بیٹی دی جو چھ سال کی عمر میں فوت ہو گئی اب اللہ نے پھر امید دلائی ہے تو بہت زیادہ بیمار ہو گئی ڈاکٹر نے مکمل بیڈ ریسٹ کا کہا ہے' کچھ بتائیں اس کی زندگی میں آسانیاں پیدا ہوں۔ (ح، ب)

جواب: آپ کی بہن اور آپ ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پر پہنچیں تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں جب بھی پڑھنا شروع کریں اول تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں اور جب وظیفہ ختم کریں تو آخر میں تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ وضو بے وضو یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

پانچ بیٹیاں! اچھے نصیب مقدر کیلئے وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری پانچ بیٹیاں ہیں ایک کی شادی ہو گئی ہے اور باقی چار گھر پر ہیں اللہ ان کے بہترین وسیلے بنائے اور وہ اپنے گھروں کی ہو جائیں میرے میں اتنی ہمت نہیں کہ جہیز دوں پہلے میں جون 2015 میں آئی تھی اور آپ کا بتایا ہوا وظیفہ بھی میں نے پڑھا اس سے حالات بہت اچھے ہوئے اور اللہ پاک نے بہت کرم کیا ہے اب میرے دیور کے پاس دو حصے ہیں اور ہمارے پاس تیسرا حصہ ہے اس کے لیے بھی دعا کریں وہ بغیر لڑائی کے آدھا حصہ ہمیں دیدے' میرے میاں صاحب بھی بیمار ہیں ان کے لیے بھی دعا کریں اور میرے بچے پڑھائی میں دھیان نہیں دیتے۔ (کلثوم اختر، پوشیدہ)

جواب: آپ پہلے والا وظیفہ جاری رکھیں اس کیساتھ آپ تمام گھر والے ہر دو گھنٹے بعد گھر میں "اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان کا عمل" کریں اور اپنی بیٹیوں کے دونوں کانوں میں دم کریں۔ دفتر ماہنامہ عبقری سے اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان کے عمل کا میموری کارڈ منگوا کر اپنے گھر کے کسی کونے میں ہر وقت ہلکی آواز میں اس کی ریکارڈنگ چلائیں۔ انشاء اللہ آپکے شوہر کی صحت' بچیوں کے رشتے' اچھے نصیب مقدر اور کاروبار کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ جائیداد کا مسئلہ بھی اسی عمل سے بہت جلد حل جائے گا۔ اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان کا عمل: اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کر لیں' یہ عمل باوضو اور پاک حالت میں کریں۔

مویشیوں کا بیوپاری! نقصان در نقصان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو اور تسبیح خانہ کو سدا سلامت رکھے میرا مسئلہ ہے کہ میرے شوہر کا کاروبار نہیں چلتا وہ مویشیوں کا بیوپاری ہے اور زیادہ نقصان ہوتا ہے اور کم نفع ہوتا ہے اور ہماری زمین چھ سال سے ٹھیکہ پر ہے اور اپنا نہ کوئی خاص ذاتی کاروبار ہے نہ جائیداد اور تین بچے ہیں اور ہمارا مکان بھی کچا ہے اور کوئی خاص سہولت بھی نہیں ہے' ہمارا گھر بھی اچھا اور پکا بن جائے جیسا میں چاہتی ہوں' ہمارے آس پاس کوئی گھر ایسا نہیں ہے اللہ میری اولاد کو نیک اور فرمانبردار بنائے' ہماری بڑی سی دکان بن جائے اور ہماری اپنی دودھ دینے والی گائے بھینس ہو۔ ہمارے گھر دو درخت تھے وہ سوکھ گئے ہرے بھرے تھے اتنی گہری چھاؤں تھی ان کی آپ دعا کریں کہ ہمارے گھر چھاؤں بھی بن جائے۔ خدا ہمیں اپنی موٹر سائیکل دے۔ (م۔ع)

جواب: آپ بہن مایوس نہ ہوں' یہ عمل بے شمار لوگوں نے کیا ہے نہایت اکسیر اور پر تاثیر ہے۔ سورۃ والضحیٰ 90 دن پڑھیں روزانہ 41 بار پڑھیں صبح 41 دفعہ شام کو اول و آخر درود شریف 7 بار پڑھیں آپ یقین جانیے! میں نے جس توجہ اور دھیان سے آپ کا روحانی مسئلہ دیکھا ہے، اس کا صلہ صرف دعا ہے۔ آپ یہ عمل اعتماد سے شروع کریں۔

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج ——— طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

بیٹی کی نظر کمزور اور سر درد

میری بیٹی جس کی عمر 21 سال ہے وہ بہت کمزور ہے کھاتی پیتی کچھ نہیں، اس کے سر میں اکثر درد رہتا ہے، نظر بھی کمزور ہے، عینک استعمال کرتی ہے برائے مہربانی اس کیلئے بھی کوئی دوا تجویز فرمادیں تاکہ جس طرح مجھے آپ کی تجویز کردہ دوائی سے افاقہ ہوا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ اسے بھی ان چیزوں سے نجات دے۔ (عبدالقیوم، لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی دوا ''روشن دماغ'' اپنی بیٹی کو چند ڈبیاں مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔ اس کے علاوہ اپنی بیٹی سے کہیں کہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ **یَانُوۡرُ** پڑھ کر آنکھوں پر انگلی پھیر لیا کرے۔

جلدی بیماری نے پریشان کر رکھا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے دو سال سے جلدی بیماری میں مبتلا ہوں جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں۔ جلد پر ایک پیپ والا دانہ ہوتا ہے پھر وہ دائرے کی صورت اختیار کر جاتا ہے جس سے اس دائرے میں مزید دانے ہو جاتے ہیں ڈاکٹر اس بیماری کو Ichthyosis کہتے ہیں مجھے ڈاکٹروں نے بہت سی دوائیاں دی ہیں لیکن مجھ اس سے کوئی فرق نہیں پڑا۔ مجھے میری ایک سہیلی نے عبقری دواخانہ کے بارے بتایا۔ برائے مہربانی مجھے ایسی دوا بتائیں جس سے میں اس بیماری سے چھٹکارا حاصل کر سکوں۔ (پوشیدہ، ڈیرہ غازی خان)

مشورہ: آپ گرم، تلی ہوئی اور مصالحہ دار اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔ ایک پیالی دہی میں پودینہ کے پتے ڈال کر گاڑھا سا مکسچر بنالیں اور اس مکسچر میں حسب ذائقہ نمک اور کالی مرچ ڈال کر کھانے کی جگہ ایک وقت میں یہی غذا کھائیں۔ یہ ٹوٹکہ چند ہفتے مستقل مزاجی سے کریں۔ مزید عبقری دواخانہ کی دوا ٹھنڈی مراد اور خون صفاء لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام جلدی مسائل اس ٹوٹکے اور دوا سے ٹھیک ہو جائینگے۔

دائمی نزلہ زکام کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم سب گھر والوں نے حال ہی میں عبقری پڑھنا شروع کیا ہے اور سب ہی کا یہ پسندیدہ ترین رسالہ بن چکا ہے، پڑھ کر سکون ملتا ہے لوگوں کے مسائل کا حل اسی میں ہے۔ میرے والد کو ہر دوسرے دن گرمی ہو یا سردی نزلہ زکام کی شکایت رہتی ہے، تھوڑی سی گرد اٹھے تو فوراً چھینکیں شروع ہو جاتی ہیں۔ سردیوں میں تو کبھی آرام ہی نہیں آتا۔ علاج بھی بہت کروایا ہے لیکن صرف وقتی طور پر آرام آتا ہے، بہت پریشان ہیں کوئی اچھا سا علاج بتا دیں۔ (س،ر۔ راولپنڈی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''الرجی نزلہ کورس'' اپنے والد کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔ اس کے علاوہ اپنے والد سے کہیے رات کو سوتے وقت گائے کے گھی کو ایک ڈراپر میں ڈال کر حسب برداشت ہلکا گرم کر کے ایک قطرہ ناک کے دائیں اور ایک قطرہ ناک کے بائیں نتھنے میں ڈال کر کھینچ لیں۔ یہ عمل اپنی زندگی کا حصہ بنالیں۔ ان شاء اللہ ٹوٹکے اور دوائی سے آپ کے والد کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔ دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی، نزلہ زکام، بالوں کا سفید ہونا ان تمام مسائل کا حل اسی ٹوٹکے میں ہے۔

ٹی بی کے مریضوں کیلئے دو آزمودہ نسخہ جات

حافظ غلام محمد، سرگودھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ سے آپ کا رسالہ عبقری ہم سب گھر والے چھوٹے بڑے بہت شوق سے پڑھتے ہیں، اس میں انمول چیزیں ملتی ہیں۔ میری بیٹی پانچ سال سے ٹی بی کی مریض ہے بہت علاج کروا رہے ہیں لیکن مکمل تندرست نہیں ہو رہی اس کے تین بچے ہیں مہربانی فرما کر ہمیں گندم والا نسخہ بتائیں جو آپ نے چند سال پہلے عبقری کے کسی شمارے میں شائع کیا تھا۔ وہ نسخہ دوبارہ بتا دیجئے تاکہ میری بچی کو صحت مل سکے اسے کھانسی میں کبھی کبھی خون آتا ہے جس سے جسم میں درد ہوتا ہے۔ مہربانی کر کے آئندہ ماہ عبقری میں نسخہ ضرور شائع کیجئے اور کوئی روحانی عمل بھی بتائیں۔

مشورہ: آپ نے عبقری کا وہ شمارہ نمبر نہیں بتایا جس میں نسخہ شائع ہوا تھا اور نہ نسخہ کے متعلق بتایا کہ اس میں کیا کیا اجزاء تھے۔ عبقری میں ٹی بی کے متعلق وقتاً فوقتاً قارئین کے بھیجے نسخہ جات اور وظائف شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ہم یہاں آپ کو دو نسخہ جات دے رہے ہیں موسم کے حساب جو چیز میسر ہو اسی کو استعمال کر لیں، یہ دونوں نسخہ جات انتہائی مفید ہیں اور قارئین کے بارہا کے آزمودہ ہیں:۔

نسخہ نمبر 1 ھوالشافی: ٹی بی کیلئے کوزی ایک چھٹانک، اشخار ایک چھٹانک، بادیان ایک چھٹانک، مصری ایک پاؤ، یہ تمام ادویات کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ صبح و شام دس ماشے سے پندرہ ماشے تک پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ یہ نسخہ ایک ساٹھ سالہ حکیم کی طبی زندگی کا نچوڑ ہے جو انہوں نے قارئین عبقری کی نذر ایک شمارے میں کیا تھا۔

نسخہ نمبر 2 ھوالشافی: لوکی کا سیزن ہے، سبزی کی دکان سے تازہ عام مل جاتی ہے، روزانہ دو کلو تازہ لوکی لیں اس کا اتنا جوس نکالیں کہ ایک بڑا کپ بن جائے، اس میں حسب ذائقہ شہد ملائیں اور تین مرتبہ درود شفاء پڑھ کر پی لیں۔ یہ عمل دن میں چار مرتبہ دہرائیں۔ یعنی 4 مرتبہ لوکی کا جوس نکال کر شہد ڈال کر پینا ہے۔ یہ ٹوٹکہ 90 دن روزانہ کرنا ہے۔ جس نے بھی آزمایا چالیس سے پینتالیس دن تک صحت یاب ہوا۔ مگر 90 دن ٹوٹکہ نہیں چھوڑنا۔ ایک ایسی مریضہ جس کے پھیپھڑے بالکل ختم ہو چکے تھے ڈاکٹر مایوس تھے مگر اس نے یہ ٹوٹکہ پینتالیس دن استعمال کر کے ٹیسٹ کروائے تو پھیپھڑے صحت یاب ہو چکے تھے۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
جلدی کی خرابی، پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو، کسی قسم کا انفیکشن ہو، الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو، بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔
(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفاء
جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔
قیمت -/120 روپے

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

مجھے گناہوں اور بداعمالیوں کی خوب سزا ملی

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہروقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو دونوں جہاں کی خوشیاں نصیب کرے 'جزائے خیر دے۔ آج میں جو کچھ ہوں عبقری رسالے ہی کی وجہ سے ہوں۔ 2011ء سے ہمارے گھر عبقری رسالہ آتا تھا لیکن مستقل نہیں پڑھا۔ 2015ء سے مستقل پڑھنا شروع کردیا۔ پہلے بہت گنہگار تھی ٹی وی، گانے، ڈرامے، فلمیں ان سب کے بغیر تو زندگی بے رونق لگتی تھی' صرف نماز پڑھتی تھی وہ بھی ٹوٹی پھوٹی' جھوٹ، غیبت، چغلی سب کچھ ساتھ تھا لڑائی جھگڑا بھی بہت کرتی تھی پھر 2014 اور 2015 میں مجھے میرے گناہوں اور بداعمالیوں کی خوب سزا ملی۔ مطلب دنیا نے مجھ سے منہ موڑ لیا میں دنیا کے پیچھے بھاگتی اور وہ مجھ سے بھاگتی۔ کہیں کوئی عزت نہیں تھی، دوست بناتی لیکن دوستی نبھانی نہیں آتی تھی یہ سب میں خود مشاہدہ کررہی تھی کہ یہ سب میرے گناہوں کی سزا ہے۔ 2015ء کا آخر تھا ایک دن صحن میں رات کو چکر لگاتے لگاتے مجھے میرے گناہ یاد آنے لگے، میں رونے لگ گئی، اللہ رب العزت سے باتیں کرنے لگی، توبہ کی خود کو قصوروار مانا، بہت گڑگڑائی۔ توبہ کی کہ یا اللہ میں بری ہوں، گناہگار ہوں ظاہر ہے تالی ایک ہاتھ سے تو نہیں بجتی میں نے گناہ کیے' بداعمالیاں' سیاہ کاریاں کیں' جبھی تو میرے ساتھ یہ سب کچھ ہورہا۔ اللہ رب العزت سے پکا عزم کیا کہ سارے گناہ چھوڑ دوں گی، اپنی زبان بند کردوں گی بس تو مجھے توفیق دینا میری مدد کرنا۔ بس میرے اللہ پاک نے میری توبہ قبول کرلی اور مجھے عبقری رسالہ ملا۔ میری زندگی بدلنے لگ گئی۔ عبقری رسالے سے کافی اعمال شروع کیے، تلاوت قرآن کا آغاز کیا، تسبیحات وغیرہ شروع کیں پھر 2016ء میں کالج میں بی اے کا آخری سال تھا اس وقت میری تین سہیلیاں تھیں لیکن فضول اور دوسروں کا مذاق اڑانے والی مجھ پر بھی ہنستی تھیں۔ میں نے ہمت کرکے بنا کچھ کہے ان سے کنارہ کشی کرلی اور اکیلی رہنے لگ گئی شروع میں تو مشکل لگتا تھا لیکن میں نے عزم کرلیا کہ اچھی زندگی گزارنی ہے وہ مجھے بہت تنگ کرتیں، آوازیں کستیں، اشارے کرتیں لیکن میں سب برداشت کرتی الحمدللہ۔ میں نے کالج میں بھی مستقل سکارف لے لیا اور بس ہروقت تسبیح کرتی رہتی۔ دل لگاکر پڑھنا شروع کردیا بولنا کم کردیا میری ٹیچرز بھی مجھ سے متاثر ہوتیں پھر میں آخر میں پرائیویٹ ہوگئی تھی تو میری ٹیچرز نے میرا ساتھ دیا اور بہت کوشش کی اور مجھے ریگولر کروادیا۔ میں ہمیشہ ان کے لیے دعا کرتی ہوں۔ کالج میں آخری سال میرا بہت اچھا گزرا اور سب سے الگ اور بہتر گزرا پچھلے سالوں کی نسبت عبقری رسالہ کی بدولت بس آگے میری ہدایت کی راہیں کھلتی گئیں۔ 2017ء میں بی اے کے پیپرز کی تیاری کررہی تھی تو امی نے بتایا کہ قریبی مدرسے میں ہر ہفتے بیان ہوتا ہے میں نے پیپرز کی نیت سے وہاں جانا شروع کردیا۔ الحمدللہ میرا درس میں بہت دل لگتا ہے۔

نالائق گمراہ تھی! آج عالمہ کے کورس میں ٹاپ کرچکی

پھر پیپرز ختم ہوگئے لیکن میں نے آپ کے آن لائن درس سننا نہیں چھوڑے۔ پھر گھر کے قریب ایک ادارے میں فہم دین کا کورس کیا اس میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ اس ادارے کی باجی مجھ سے کافی متاثر ہوئیں اور انہوں نے مجھے عالمہ کے کورس کی دعوت دی تو میں نے دوسرے بڑے ادارے سے عالمہ کا کورس کیا۔ عبقری کے وظائف کی وجہ سے میرا حافظہ الحمدللہ بہت تیز ہوگیا۔ عالمہ جیسے مشکل کورس میں میرے پورے نمبرز آتے وہاں سے بھی میں نے بہت کچھ سیکھا سب سے بڑھ کر ادب سیکھا۔ ہمارے استاد کہتے کہ ادب سے آدھا علم آتا ہے میں نے الحمدللہ کتابوں، قلم وغیرہ کا بہت ادب کیا اور میں جامعہ کی سب سے لائق لڑکی بن گئی ٹاپ کرتی۔ یہ عبقری رسالہ اور درس کی برکات تھیں۔ مجھ سے وہاں پر سب بہت خوش تھے میں نے وہاں پر کوئی دوست نہیں بنائی میرے استاد مجھے بہت دعائیں دیتے۔ میری زندگی مکمل طور پر بدل گئی تھی میرے اللہ رب العزت نے مجھے بے نیاز کردیا تھا بہت پرسکون تھی گھر والوں کا رویہ بھی بہت بدل گیا۔ جامعہ کا پہلا سال کامیابی سے گزر گیا پھر دوسرا سال شروع ہوا وہ بھی ایسا ہی روحانیت اور نورانیت سے بھرپور تھا۔ عبقری سے جڑنے کے بعد میری زندگی مکمل بدل چکی تھی' میرا رمضان المبارک تو بہت بہترین گزارا، اعمال و عبادات سے بھرپور، امتحانات بھی ہوگئے۔ اس میں بھی میں ممتاز درجے سے پاس ہوئی۔ صدقہ وغیرہ بھی کرتی ہوں زیادہ خیال یہ ہی رہتا ہے کہ میری موت قریب ہے کیونکہ ابھی تک وہی کیفیت ہے اپنے آپ کو نارمل محسوس نہیں کرتی۔ گھر والوں کو مجھ سے بہت امیدیں ہیں وہ چاہتے ہیں کہ میں آگے مزید علم حاصل کروں اور عالمہ کا کورس جو کیا ہے وہ بھی لوگوں کو سکھاؤں' لوگوں کو اور اللہ رب العزت کو معلوم ہے کہ میں مچھلی کی طرح تڑپ رہی ہوں کہ اللہ پاک مجھے صحت دے تو میں پھر سے جامعہ جاؤں، پڑھاؤں بھی اور حفظ بھی کروں' چھ سال کا کورس کروں' یہ سب میری شدید خواہشات ہیں۔ میں عبقری سے دیکھ بہت وظائف پڑھتی ہوں' نظربد اور اثرات دور کرنے کے وظائف کرتی ہوں۔ مجھے آپ کی مدد کی ضرورت ہے' آپ مجھے خدارا کوئی عمل یا وظیفہ عنایت فرمائیں میں گنہگار' حقیر' دین کی خدمت کرنا چاہتی ہوں جو دین کا علم حاصل کیا ہے اسے آگے پھیلانا چاہتی ہوں۔ اپنا ماضی دیکھتی ہوں تو رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں میں کیا تھی اور ایک شمارے نے مجھے کیا بنادیا۔ میں وہی ہوں جس سے سب نفرت کرتے' میری تیز زبان کسی کو میرے سامنے ٹکنے نہ دیتے' رشتہ داروں نے حتیٰ کہ گھر والوں نے بھی منہ موڑ لیا تھا' مگر عبقری ملا' درس سننا شروع کیے' آج ایک عالمہ فاضلہ ہوں' دنیا عزت کی نظر سے دیکھتی ہے' جہاں جاتی ہوں خواتین اٹھ کر کھڑی ہوجاتی ہیں۔ میں الحمدللہ عبقری پر یقین رکھتی ہوں لیکن آپ کوئی وظیفہ مجھے مخصوص فرمادیں مجھے ڈر ہے کہ یہ عالمہ بننا میرے لیے وبال نہ بن جائے میں چاہتی ہوں کہ میں باعمل بنوں، دین کا علم سکھاؤں۔ (ع۔ع، راولپنڈی)

تندرستی ٹانک (جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک)	تمام اعضاء کیلئے آب حیات	چندونوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں	ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
	گھر بھر کی ضرورت	چندروز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں	(قیمت 440 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

آمدن سے اڑھائی فیصد نکالنے کے انوکھے فوائد

صدقے کا کرشمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درس میں اکثر آپ آمدن میں سے اڑھائی فیصد نکالنے کے فوائد بتاتے ہیں' میں نے اپنی آمدنی میں سے اڑھائی فیصد نکالا ہے اور اس کا راشن لے کر اپنے رشتے داروں اور غریبوں کو دیا ہے گھی، چینی، چاول، صابن، چائے کی پتی مکس دالیں' انڈے اور آٹا گھر کے دانوں کا پسوا کر دیا۔ اسی دن میرے خاوند کے کسی بندے کے پاس تین سال سے پھنسے 35 ہزار روپے مل گئے میرے خاوند بڑے خوش ہوئے۔

انمول خزانے کی برکت

ہمارے مکان کا مسئلہ تھا ہم نے زمین فروخت کر کے ملتان مکان لیا تھا اس کی رجسٹری درج نہیں ہوئی تھی اس کے بعد کھیوٹ بلاک ہو گئی میرے خاوند جاتے رہے لیکن وہ کہتے تھے کہ ابھی کھیوٹ بلاک ہے جب کھلے گی تو آپ کا کام ہو جائے گا۔ یہ جنوری 2018ء کی بات ہے میرے خاوند جنوری 2018 میں گئے تو پٹواری نے بتایا کہ کل وہ ہی بندہ آیا تھا جس نے ہمیں مکان بیچا تھا اور پانچ مرلے کی فرد ملکیت کا پرچہ لے گیا ہے' ہمیں بڑی پریشانی ہوئی اس کو فون کیا کہ آپ نے کیوں نکلوایا ہے آپ ہمیں واپس کر دو وہ پہلے پانچ سات لاکھ مانگنے لگ گیا پھر تین لاکھ پر آ کر پکا ہو گیا پیسے دو پھر دوں گا۔ ہم بڑے پریشان تھے میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی اور انمول خزانہ کامل یقین کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ ماشاء اللہ ہماری اللہ پاک نے ایسی مدد کی کہ انمول خزانے کی برکت سے ہم نے کیس کیا اور فیصلہ ہمارے حق میں ہو گیا ہمارے مکان کی رجسٹری درج ہو گئی۔ (مسز حافظ محمد عمران، ملتان)

خواتین کے پوشیدہ امراض اس عمل سے دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی اور آپ کی نسلوں کی کامل حفاظت فرمائے۔ میں، میری والدہ اور بہن بھی آپ سے بیعت ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے بیعت کی بہت برکت مل رہی ہے۔ دم میں شرکت کرتا ہوں۔ دم کی برکت سے ہماری بہت سے پریشانیاں دور ہوئیں۔ والدہ کی آپ سے دو بار ملاقات ہو چکی ہے' پہلی ملاقات میں آپ نے یَامُمِیْتُ یَاقَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھنے کو دیا تھا، 200 بار سورۃ الفلق اور سورۃ الناس دی تھی پھر دوبارہ ملاقات ہوئی اس میں آپ نے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ دیا تھا یہ وظیفہ ابھی تک جاری ہے کیونکہ دوبارہ ملاقات نہیں ہو سکی۔ اس وظیفہ سے ہماری بہت پریشانیاں دور ہوئیں۔

میری والدہ کو ایک مسئلہ پیش آیا ہم سب گھر والے بہت پریشان ہوئے۔ میری والدہ کی عمر تقریباً 59 سال ہے اچانک ان کو بلیڈنگ شروع ہو گئی۔ والدہ نے مجھے بتایا کہ اس طرح مسئلہ ہو گیا ہے مجھے تو تقریباً پندرہ سال سے بلیڈنگ بند ہو چکی ہے ڈاکٹر کو دکھایا تو اس نے فوراً ڈی این سی کا مشورہ دیا۔ ڈی این سی سے پہلے ایک دم کروا چکا تھا۔ دوسری بار ڈی این سی سے پہلے دم کروایا۔ 4 فروری کو سروسز ہسپتال میں ڈی این سی ہوئی۔ بہت پریشان تھا کہ کیا کروں آپ سے ملاقات کرنے کی کوشش کی مگر کامیاب نہیں ہو سکا۔ عبقری کے فیس بک پیج سے ایک دن مجھے ایک دعا ملی' جس میں ایک مسنون دعا کی فضیلت لکھی اس کا عنوان تھا ''مسنون دعا کی برکت سے ٹانگ کٹنے سے بچ گئی'' دعا یہ ہے: یَاجَابِرَ الْعَظْمِ الْکَسِیْرِ اَغِثْنِیْ اِشْفِنِیْ یہ دعا ایک اللہ والے نے کسی مریض کو بتائی تھی جس کی ٹانگ کٹنے والی تھی' اس نے یہ دعا پڑھی اور جب اس کی پٹی کھولی تو ڈاکٹر بھی حیران رہ گئے' زخم بالکل ٹھیک ہو چکا تھا۔ اس دعا کی فضیلت یہ ہے کہ حضور ﷺ نے یہ دعا بدر کے موقع پر پڑھی تھی۔ جب میں نے یہ دعا ڈی این سی کی رپورٹ آنے تک رو رو کر پڑھی اللہ کے کرم اور فضل سے رپورٹ بالکل ٹھیک آئی۔ دوسرا یہ کہ ڈی این سی سے پہلے میں نے والدہ کو بسم اللہ والا تعویذ بھی صبح شام چھوٹے سے کاغذ پر لکھ کر دیا جس دن امی ڈی این سی کروانے گئیں اس وقت بھی یہ تعویذ امی کے منہ میں تھا اور ابھی تک یہ تعویذ لکھ کر کھلا رہا ہوں اس (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

خود ساز، تاریخ ساز

مولانا وحید الدین خاں

آدمی دو قسم کے ہوتے ہیں ایک خود ساز' اور دوسرے تاریخ ساز' خود ساز آدمی کی توجہات کا مرکز اس کی اپنی ذات ہوتی ہے اور تاریخ ساز آدمی کی توجہات کا مرکز وسیع تر انسانیت۔ خود ساز آدمی کی سوچ اس کی ذاتی مصلحتوں کے گرد بنتی ہے۔ اس کے جذبات وہاں بھڑکتے ہیں جہاں اس کے ذاتی فائدہ کا کوئی معاملہ ہو اور جس معاملہ کا تعلق اس کے ذاتی فائدے سے نہ ہو وہاں اس کے جذبات میں کوئی گرمی پیدا نہیں ہوتی۔ خود ساز آدمی اپنے ذاتی نفع کے لیے ہر دوسری چیز کو قربان کر سکتا ہے خواہ وہ کوئی اصول ہو یا کوئی قول و قرار۔ خواہ وہ کوئی اخلاقی تقاضا ہو یا کوئی انسانی تقاضا۔ وہ اپنی ذات کے لیے ہر دوسری چیز کو بھلا سکتا ہے۔ وہ اپنی خواہشات کے لیے ہر دوسرے تقاضے کو نظر انداز کر سکتا ہے۔ تاریخ ساز انسان کا معاملہ اس کے بالکل برعکس ہوتا ہے۔ وہ اپنی ذات کے خول سے نکل آتا ہے۔ وہ برتر مقصد کیلئے جیتا ہے وہ اصولوں کو اہمیت دیتا ہے نہ کہ مفادات کو۔ وہ مقصد کیلئے تڑپنے والا انسان ہوتا ہے نہ کہ مفاد کیلئے تڑپنے والا انسان۔ وہ اپنے آپ میں رہتے ہوئے اپنے آپ سے جدا ہو جاتا ہے۔ تاریخ ساز انسان بننے کی واحد شرط خود سازی کو چھوڑنا ہے۔ آدمی جب اپنے آپ کو فنا کرتا ہے اسی وقت وہ اس قابل بنتا ہے کہ وہ تاریخ ساز انسانوں کی فہرست میں شامل ہو سکے۔ اس کے دل کو جھٹکے لگیں پھر بھی وہ اس کو سہہ لے اس کے مفاد کا گھروندا ٹوٹ رہا ہو پھر بھی وہ اس کو ٹوٹنے دے۔ اس کی بڑائی اس کی آنکھوں کے سامنے مٹائی جائے پھر بھی وہ اس پر کوئی رد عمل ظاہر نہ کرے۔ تاریخ سازی کے لیے وہ افراد درکار ہیں جو خود سازی کی خواہشات کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرنے پر راضی ہو جائیں جو صرف اپنے فرائض کو یاد رکھیں اور اپنے حقوق سے دستبرداری پر خود اپنے ہاتھ سے دستخط کر دیں۔

بات سنی' عمل کیا عمرہ پر چلی گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین سال پہلے درس میں آپ نے فرمایا کہ جس کو عمرہ یا حج کی خواہش ہو اذان کے بعد دعا کے بعد تلبیہ (لبیک اللھم لبیک۔۔۔الخ) تین مرتبہ پڑھے' تب ہی سے میں نے پڑھنا شروع کر دیا' اور اسی سال عمرہ کی سعادت حاصل ہوئی۔ (مسز اظہر' گجرات)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

اس پتہ پر ارسال کریں: دفتر ماہنامہ عبقری عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

042-37552384-042-37425801-3

کھانا کھانے کے بعد یہ 8 کام ہرگز نہ کریں

ڈاکٹر شاہد رسول لاہور

کھانے کے بعد سونے سے بچیں

کھانا دن کا ہو یا رات کا کھا کر سونا ہرگز نہیں چاہیے۔ طبی ماہرین دوپہر کے کھانے کے بعد تھوڑی دیر کے لیے سونے کو مفید قرار دیتے ہیں۔ بات غلط نہیں مگر دوپہر کے کھانے اور نیند کے درمیان وقفہ بہت ضروری ہے۔ بات اگر رات کے کھانے کی ہو تو کھانا کھا کر فوراً بستر پکڑنا بیماریوں کو دعوت دینے کے برابر ہے۔ کچھ لوگوں کو عادت ہوتی ہے کہ وہ رات کو دیر سے کھانا کھاتے ہیں اور پھر فوراً ہی سو جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو یہ عادت فوری طور پر چھوڑ دینی چاہیے۔ کیونکہ آپ نے چاہے کتنی ہی صحت بخش خوراک کیوں نہ کھائی ہو۔ اگر آپ کھا کر سو گئے تو سمجھیں سب بیکار چلا گیا۔ رات کے کھانے اور بستر میں جانے کے درمیان کم از کم دو گھنٹے کا وقفہ لازمی رکھیں۔ اس دوران آپ کا کھانا بھی ہضم ہو جائے گا اور رات کو نیند بھی اچھی آئے گی۔

چائے سے گریز کریں

کھانا کھانے کے بعد گرم گرم چائے کا ایک کپ پینے میں ضرور اچھا لگتا ہے، اور بہت سے لوگوں کی عادت میں بھی شمار ہوتا ہے۔ لیکن صحت کے لحاظ سے یہ عادت بالکل بھی اچھی نہیں ہے۔ دراصل چائے میں ایک ایسا عنصر ہوتا ہے جو جسم میں آئرن جذب کرنے کی صلاحیت کو انتہائی کم کر دیتا ہے۔ جب ہم کھانا کھا کر چائے پیتے ہیں تو چائے کی وجہ سے ہماری خوراک میں شامل آئرن جسم میں جذب نہیں ہو پاتا اور ضائع ہو جاتا ہے۔ یہ بات تو ہم سب جانتے ہیں کہ آئرن ہمارے خاص طور پر خواتین کے لیے کتنا ضروری ہے۔ جبکہ چائے کی ہمارے جسم کو کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس لیے خوراک میں شامل آئرن سے فائدہ اٹھانے کے لیے آپ کو کھانا کھانے کے فوری بعد چائے سے گریز کرنا چاہیے۔

ٹھنڈا پانی نہ پئیں

گرم موسم میں ٹھنڈا پانی سب کو ہی اچھا لگتا ہے۔ کھانا کھانے کے بعد بھی ہم میں سے اکثر لوگ ٹھنڈا پانی ہی پیتے ہیں۔ لیکن اگر آپ کو اپنی صحت کا خیال ہے اور آپ کسی بھی طرح کی بیماری سے بچنا چاہیے ہیں تو کھانے کے بعد ٹھنڈے پانی کا استعمال فوری طور پر ترک کر دیں۔ اس کی جگہ آپ سادہ پانی پی سکتے ہیں۔ ٹھنڈا پانی ہمارے نظام ہضم کو بری طرح متاثر کرتا ہے۔ جب خوراک اچھی طرح ہضم ہی نہیں ہوگی تو وہ ہمارے جسم کو بھلا کیا فائدہ پہنچائے گی۔ اس لیے اب گرمیوں کے موسم میں چاہے کتنی ہی طلب کیوں نہ ہو، کھانے کے بعد ٹھنڈے پانی کا استعمال آپ کو ہرگز نہیں کرنا۔

کھانے کے بعد پھل نہ کھائیں

پھلوں کی اہمیت اور افادیت سے بھلا کون انکار کر سکتا ہے۔ مگر ہر چیز کا ایک وقت ہوتا ہے۔ ہم میں سے بہت سے لوگ کھانا کھانے کے بعد پھلوں کے استعمال کو لازمی سمجھتے ہیں۔ حالانکہ حقیقت تو یہ ہے کہ کھانے کے فوری بعد پھل کھانے سے آپ کی صحت کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ کھانے کے بعد کھایا جانے والا پھل ہمارے عمل انہضام کو سست کر دیتا ہے۔ ہمارے معدے کو خوراک ہضم کرنے میں زیادہ محنت کرنا پڑتی ہے اور یوں اس کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ دوسرا نقصان یہ ہے کہ کھانے کے بعد پھلوں کے استعمال سے آپ ان کی خصوصیات سے بھی محروم رہ جاتے ہیں۔ پھل صحت کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ ضرور کھائیں، مگر کھانے کے کم از کم ایک گھنٹے پہلے یا ایک گھنٹے بعد تب ہی آپ ان کی خصوصیات سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔

کھانے کے بعد سگریٹ کے خوفناک نتائج

کہیں آپ بھی ان لوگوں میں تو شامل نہیں جنہیں اکثر زیادہ کھانا کھا لینے کے بعد بیلٹ ڈھیلی کرنا پڑتی ہے۔ اگر ایسا ہے تو آپ یہ عادت ابھی سے بدل لیں۔ کیونکہ ایسا کرنا ضرورت سے زائد کھانے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ کوشش کریں کہ یہ نوبت ہی نہ آئے کہ آپ کو زیادہ کھانا کھانا پڑے۔ زیادہ کھانے کے باعث ہمارے معدے کو زیادہ محنت کرنا پڑتی ہے۔ یوں اس کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور وہ کمزور ہو جاتا ہے۔ اس لیے کھانا اتنا ہی کھائیں جتنی ضرورت ہو۔

تمباکو نوشی سے مکمل پرہیز

یہ بات ہم سب اچھی طرح جانتے ہیں کہ سگریٹ ویسے ہی صحت کے لیے تباہ کن ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے کئی جان لیوا بیماریاں جنم لے سکتی ہیں۔ اگر کھانے کے فوری بعد اس کا استعمال کیا جائے تو اس کے کئی خوفناک نتائج سامنے آسکتے ہیں۔ حالیہ تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ وہ لوگ جو کھانے کے بعد سگریٹ پینے کی عادت میں مبتلا ہیں ان میں السر کا امکان کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ اس لیے اگر آپ سگریٹ نوشی کے عادی ہیں تو فوری طور پر یہ عادت ترک کر دیں خاص طور پر کھانا کھانے کے بعد تو سگریٹ کو ہاتھ بھی نہ لگائیں۔ طبی ماہرین کے مطابق کھانے کے بعد ایک سگریٹ دس سگریٹ پینے کے برابر ہے۔

کھانے کے بعد نہانا بالکل نہیں

کھانا کھانے کے بعد نہانے کی عادت آپ کے عمل انہضام کو سست کر دیتی ہے۔ دراصل کھانے کو ہضم کرنے کے لیے توانائی کی ضرورت ہوتی ہے اس توانائی کا انحصار ہمارے دورانِ خون پر ہوتا ہے۔ جب ہم نہاتے ہیں تو ہمارے جسم کا درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے۔ جس سے دورانِ خون متاثر ہوتا ہے اور جسم کو وہ توانائی نہیں مل پاتی جو اسے خوراک کو ہضم کرنے کے لیے درکار ہوتی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ آپ کھانا کھانے سے پہلے نہا لیں۔ کھانا کھانے کے کم از کم دو سے تین گھنٹے بعد نہانا چاہیے۔

چہل قدمی ضرور کریں مگر

نظام ہضم اور فٹنس دونوں کے لیے کھانے کے بعد سیر کرنا فائدہ مند ہے۔ خاص طور پر رات کا کھانا کھانے کے بعد چہل قدمی ضرور کرنی چاہیے۔ لیکن کھانا کھانے کے بعد فوری بعد ٹہلنے کے لیے نہیں نکل جانا چاہیے، کھانا کھانے کے بعد فوری پیدل چلنا صحت کے لیے کسی بھی طرح ٹھیک نہیں۔ کھانا کھانے کے بعد کچھ دیر آرام کریں اس کے بعد چہل قدمی کریں اس سے ایک طرف آپ کا کھانا بھی ہضم ہو جائے گا اور دوسرے آپ کو رات کو نیند بھی بہت اچھی آئے گی۔

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

ہاتھوں کی دلکشی سدا بہار رکھیے!

شگفتہ نسیم، کراچی

خواتین اپنے چہرے کو شاداب رکھنے کی خاطر، صحتمند غذا سے لے کر اعلیٰ درجے کے اسکن کیئر ٹریٹمنٹس لینے تک ہر ممکن جتن کرتی ہیں اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان تدابیر کے نتیجے میں اپنی عمر کو کئی سال پیچھے دھکیلنے میں کامیاب ہو جاتی ہیں۔ لیکن ہاتھ ہمارے جسم کا ایسا حصہ ہیں کہ جو عمر کا راز فوراً افشاں کر دیتے ہیں اور یہ بھی حقیقت ہے کہ چہرے کے بعد اگر جسم کے کسی حصے پر لوگوں کی توجہ جاتی ہے تو وہ ہاتھ ہی ہیں۔ ہم کسی سے ہاتھ ملائیں کسی کو دیکھ کر اپنا ہاتھ لہرائیں یا محفل میں بیٹھ کر کھانا کھائیں ہر صورت میں ہمارے ہاتھ سب کی نظروں کے سامنے رہتے ہیں۔ اس لیے اپنے ہاتھوں کی حفاظت کی جانب سے کبھی لاپرواہی نہ برتیں اور ان پر بھی بالکل اسی طرح توجہ دیں جس طرح کہ چہرے پر دیتی ہیں۔ بیشتر خواتین کی توجہ اپنے چہرے کی جانب ہی رہتی ہے اور وہ آنکھوں کے گوشوں پر پڑنے والی جھریوں، پیشانی پر دکھائی دینے والی لکیروں، آنکھوں کے نیچے پڑنے والے حلقوں اور گردن کے گرد نظر آنے والی شکنوں کے علاج میں الجھی رہتی ہیں جبکہ بڑھتی ہوئی عمر کے اثرات ہاتھوں پر بھی اسی قدر نمایاں دکھائی دیتے ہیں جتنے کہ چہرے پر اور ان کی روک تھام بھی ممکن ہے۔ کیسے؟ آئیے اس بارے میں کچھ کارآمد باتوں سے آپ کو آگاہ کرتے ہیں: بڑھتی ہوئی عمر کے آثار خواتین کے ہاتھوں پر 30 سال کی عمر سے لے کر 40 سال تک نمودار ہو سکتے ہیں، جن کے تحت ہاتھوں کی جلد ڈھیلی پڑ سکتی ہے اور اس پر جھریاں نمودار ہونے کے علاوہ رگیں بھی نمایاں ہو سکتی ہیں۔ یہ تبدیلیاں عموماً ہر ایک کے اپنے طرز زندگی، ماحول اور موروثی اثرات پر منحصر ہوتی ہیں۔ تاہم ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ دھوپ کے مضر اثرات بھی ہاتھوں کی ایجنگ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں لہٰذا ہمارے ہاں کی خواتین کو یہ بات خاص طور سے ذہن میں رکھنی چاہیے، کیونکہ ہم جیسے گرم ملک میں رہنے والوں کا واسطہ زیادہ تر چلچلاتی ہوئی دھوپ سے ہی پڑتا ہے۔ اس لیے دھوپ میں نکلنے سے پہلے صرف چہرے پر ہی نہیں بلکہ ہاتھوں پر بھی سن بلاک لگانا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ اپنے ہاتھوں کو بھی اسی طرح موئسچرائز کریں جس طرح کہ چہرے کو موئسچرائز کرتی ہیں۔ جب محسوس کریں کہ آپ کے ہاتھ خشک ہو گئے ہیں تو اس عمل کو دہرا لیں، خواہ باہر بادل ہی کیوں نہ چھائے ہوئے ہوں۔ بیوٹی ایکسپرٹس کا کہنا ہے کہ دستانے بھی آپ کے بہترین دوست ہیں، خصوصاً جب آپ ڈرائیونگ کر رہی ہوں تو کاٹن کے ہلکے دستانے پہننے سے آپ کے ہاتھ سورج کی مضر شعاعوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ گھر کا کام کاج کرنے کے دوران جیسے کہ کپڑے یا برتن دھوتے ہوئے ربڑ کے دستانے پہنیں کیونکہ واشنگ یا کلیننگ ڈٹرجنٹس ہاتھوں کی جلد کو بری طرح خشک کر دیتے ہیں۔ اگر دیکھیں کہ آپ کے ہاتھوں پر خشکی نمودار ہو رہی ہے تو رات سونے سے پہلے ہاتھوں پر آئل کا مساج کریں یا موئسچرائزر لگا کر دستانے پہن لیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اسٹریس، آلودگی، تمباکو نوشی، جسم میں پانی اور مختلف وٹامنز کی کمی سے بھی ہاتھوں کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔ سو، ان باتوں پر بھی دھیان رکھیں۔ مارکیٹ میں دستیاب بہترین قسم کی ہینڈ کریمز اور لوشنز سے استفادہ کریں اور ہاتھوں کی روزانہ دیکھ بھال کو اپنے معمول میں شامل رکھنے کے علاوہ مینی کیور بھی وقتاً فوقتاً کرواتی رہیں کیونکہ اس سے نہ صرف ہاتھ نرم و ملائم رہتے ہیں بلکہ جلد کی نمی بھی قائم رہتی ہے۔ اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ کس طرح اپنے ہاتھوں کو خوبصورت رکھتی ہیں تاکہ انہیں فخر سے سب کے سامنے لا سکیں۔

پاؤں کی جلد کو حسین اور تروتازہ رکھیے!

پیروں کی اہمیت سے کون انکار کر سکتا ہے لیکن خواتین کی اکثریت اپنے پیروں کی دیکھ بھال پر توجہ نہیں دیتی بعض خواتین تو پیروں کو روزانہ دھونا بھی ضروری نہیں سمجھتی ہیں۔ قیمتی وجدید تراش خراش کے لباس میں ملبوس خاتون کے پیر کالے، بدنما، موٹے اور کھردرے ہوں تو نمایاں حسن ماند پڑ جاتا ہے۔ خواتین اپنے چہرے، بالوں اور کپڑوں پر تو خوب دھیان دیتی ہیں۔ وہ مہنگا جوتا تو خرید لیتی ہیں لیکن پیروں کی حفاظت نہیں کرتیں، حالانکہ جسم کے دیگر اعضاء کی طرح پیر بھی اہم ہیں۔ ان پر ہمارے پورے جسم کا بوجھ ہوتا ہے اور ان ہی کی بدولت ہم چلتے پھرتے ہیں۔

پاؤں دن بھر جوتوں میں قید رہتے ہیں لہٰذا ان میں پسینہ اور میں انگلیوں کے درمیان جمع ہو جاتا ہے اس لیے اپنے پیروں کا خیال رکھیں۔ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ سخت جوتے اور بدبودار موزے پہننے سے پیروں میں مختلف بیماریاں ہو جاتی ہیں لہٰذا روزانہ دھلا ہوا موزہ استعمال کریں۔ جوتا پہننے سے قبل اور اتارنے کے بعد انہیں یعنی پیروں کو صابن سے اچھی طرح دھو کر تولئے سے خشک کر لیں اور رات کو سونے سے قبل ان پر کوئی اچھی کریم ضرور لگائیں تاکہ یہ نرم و نازک رہیں۔ پیروں کو خوبصورت اور سڈول بنانے کیلئے مہینے میں کم از کم دو بار پیڈی کیور کریں۔ پیڈی کیور ایڑیوں، پنجوں اور ناخنوں کی صفائی کو کہتے ہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک ٹب میں اتنا نیم گرم پانی لیں جس میں آپ کے دونوں پیر ٹخنوں تک باآسانی بھیگ جائیں۔ پانی میں کسی اچھی کمپنی کا تھوڑا سا شیمپو ڈال لیں اور اس میں پندرہ سے بیس منٹ تک پیر بھگوئے رکھیں۔ اسفنج یا جھانوے کی مدد سے ایڑھیاں اچھی طرح رگڑ کر صاف کر لیں تاکہ مردہ کھال الگ ہو جائے۔ اب ٹھنڈے پانی سے پیروں کو دھو کر تولئے سے خشک کر لیں۔ ناخنوں سے میل نکال کر انہیں سیدھا کاٹیں۔ پیروں کے ناخن ہمیشہ چھوٹے رکھیں اور کناروں کو کبھی نہ کاٹیں بلکہ انہیں نیل فائیلر کی مدد سے شیپ دیں۔ اس کے بعد کولڈ کریم یا نیم گرم ناریل کے تیل سے پیروں کی ایڑیوں سمیت مالش کریں پھر نرم تولئے سے پاؤں صاف کر لیں اگر آپ نیل پالش لگاتی ہیں تو نیل پالش کا انتخاب لباس کے رنگ اور جلد کی رنگت کو مدنظر رکھتے ہوئے کریں۔ جب پالش کی پہلی تہہ خشک ہو جائے تو ٹانگوں پر لوشن سے مالش کریں۔ موسم سرما میں اکثر خواتین کو پاؤں پھٹنے کی شکایت رہتی ہے۔ اس کا سب سے آسان اور مفید حل یہ ہے کہ روزانہ رات کو پیروں پر بکری کا کچا دودھ مل کر سوئیں۔ صبح پاؤں اچھی طرح دھو کر کولڈ کریم لگا لیں۔ رات کو سونے سے قبل کولڈ کریم سے مساج کرنے سے بھی پاؤں پھٹتے نہیں ہیں۔ اگر سردیوں میں انگلیاں سوج جائیں تو دیسی شلجم ابال لیں اور ابلے ہوئے پانی میں نمک اور سرسوں کا تیل ڈال کر انگلیوں پر لگا کے آہستہ ملیں اور پھر کپڑا لپیٹ کر سو جائیں تاکہ پاؤں پر ہوا نہ لگنے پائے۔ پاؤں کی جلد نرم و ملائم کرنے کیلئے انڈے کی سفیدی سے پیروں کی مالش کریں۔ بدنما اور کھردرے پیر چند دنوں میں ہی دلکش ہو جائیں گے۔

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں فری بالکل فری بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پہ کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

امیرزادے سے شادی کی خواہش! جو پوری ہوئی مگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے لیے کن الفاظ کا چناؤ کروں سمجھ نہیں آرہی۔ اللہ پاک نے آپ کو دکھی لوگوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے یہ میرا بندہ ہے جتنا فائدہ اٹھانا چاہتے ہو اٹھالو۔ اللہ آپ کی دنیا اور آخرت سنوار دے جس طرح آپ لوگوں کی سنوارنے میں لگے ہوئے ہیں۔ میرا نام 'ج' ہے میں نے کبھی سوچا نہیں تھا کہ آپ کو خط لکھوں گی لیکن اب خط لکھے بغیر رہ نہیں سکتی چند سال پہلے میرا عبقری سے تعارف ہوا دکھوں بھری زندگی سے چھٹکارا پانے کے لیے انٹرنیٹ پر وظائف چیک کرنے بیٹھی تو عبقری کی سائٹ نظر آئی کھول کر دیکھا تو کچھ اور کھولنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئی میں آج اللہ کے کرم سے بہت بہتر حال میں ہوں۔ میں اپنے ماں باپ کی اکلوتی بیٹی ہوں بچپن ہی سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف دل مائل رہا۔ بچپن میں سب کو کھیل ہی یاد ہوتا ہے مجھے یاد ہے میں مسجدوں میں رویا کرتی تھی اور اللہ کو مانگا کرتی تھی اور اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی طرح مجھے اس کا جواب ضرور دیتا تھا، یہ باتیں میں نے کسی کو نہیں بتائیں، آج پتہ نہیں دل کر رہا ہے کہ آپ سے اپنے دل کی باتیں کروں۔ کمسنی میں ہی میں اللہ سے دل ہی دل میں باتیں کرتی تھی۔ ایک دن میں سجدے میں رو رہی اور کہتی کہ یا اللہ تو اپنے بندوں سے 70 ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے میری پریشانیاں دور کر اچانک دل میں ایک سکون سے پیدا ہو گیا۔ میرے والد صبح ہوتے ہی تلاوت قرآن پاک لگاتے' پھر نعت رسول مقبول ﷺ سنتے جنہیں میں بھی بہت شوق سے سنتی رہتی۔ وقت گزرتا گیا میں جوان ہو گئی دنیا کی رنگینوں میں گم ہو گئی۔ اللہ سے دور ہوتی گئی اللہ تعالیٰ مجھے معاف کرے میرا تعلق غریب گھرانے سے تھا تو اس غریبی سے نکلنا چاہتی تھی بس کہتی کوئی امیر لڑکا مل جائے دعائیں مانگتی 'میری شادی امیروں میں کرنا اور میری دعا قبول ہو گئی' خاندان کے سب سے اونچے گھرانے سے میرے لیے رشتہ آیا جس طرح میں پانچ بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹی اسی طرح میرا شوہر بھی سب سے چھوٹا۔ لوگوں کے منہ کھلے کے کھلے رہ گئے لوگ کہنے لگے سنا تھا کہ بیٹیوں کے نصیب پہاڑ توڑ دیتے ہیں آج دیکھ بھی لیا۔ ہم اتنے خوش تھے کہ کوئی جانچ پڑتال بھی نہ کی کیونکہ میں نے تو اللہ تعالیٰ سے صرف دولت مانگی تھی سکون تو مانگا ہی نہیں۔ میری شادی ہو گئی اور میں اپنے آپ کو بہت خوش نصیب سمجھنے لگی' شادی کے دو دن کے بعد ہی گھر میں لڑائی جھگڑے ہونے لگے' میری ساس اور سسر کی ہر وقت لڑائی رہتی میری ساس نفسیاتی مریضہ ہے۔ اس کو اس بات کا ڈر کہ میرا بیٹا مجھ سے دور نہ ہو جائے ہر وقت اس کو میرے بارے میں بھڑکاتی رہتی۔ میری شادی کو آٹھ سال ہو چکے ہیں اور ان سالوں میں میرے شوہر نے کبھی کوئی کام نہیں کیا صرف آرام کرتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا، ساس نے جینا حرام کیا ہوا ہے اور جب کوئی کہتا ہے کہ بڑے گھر کی اکلوتی بہو ہو تو غصہ آتا ہے کہ جس زندگی میں سکون نام کی کوئی چیز نہیں اس کو لوگ خوش قسمتی سمجھتے ہیں۔

غربت کے طعنے اور عبقری کا ساتھ

روتے روتے تکیے بھیگ جاتے کہ میں کہاں آگئی!

ساس ہر وقت غریبی کے طعنے دیتی شادی کے نو ماہ بعد میری بیٹی پیدا ہوئی اس دن اس نے ہمارا کمرہ علیحدہ کر دیا' آج آٹھ سال ہو گئے ہمارا کمرہ علیحدہ ہی ہے۔ میرے لیے کوئی بھی چیز آ جائے تو گھر میں قیامت آ جاتی ہے بات طلاق تک پہنچ جاتی ہے میری ساس نے ہر ممکن کوشش کی کسی طرح میرا گھر ٹوٹ جائے بات بات پر طلاق کی دھمکی' رات روتے روتے میرے تکیے بھیگ جاتے کہ میں کہاں آ گئی آہستہ آہستہ سمجھ آنے لگی زندگی میں دولت نہیں سکون ہونا ضروری ہے۔ میرے تین بچے ہیں ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ان کی پیدائش پر میری ساس نے صرف ماتم کیا' ان سے اور مجھے پتہ نہیں کس بات کی اتنی نفرت سمجھ سے بالاتر ہے کسی کا ایک ایک بیٹا ہو اور وہ اسی کے گھر کی دشمن بنی ہو؟

پھر ایک دن عبقری ملا اور۔۔۔!!!

پھر ایک دن عبقری ملا پڑھتی گئی تو بہت سکون ملا ہر ماہ عبقری ضرورت لاتی اور پڑھتی ہوں آہستہ آہستہ اللہ کے پھر قریب آنے لگی اور اپنے گناہوں کی معافی مانگنے لگی اب پھر اس جگہ آ گئی ہوں جہاں بچپن میں تھی' اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنا اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دل خوش ہونا اب تو بس دل کرتا ہے کہ قرآن سنتی رہوں یا نماز پڑھتی رہوں دل مطمئن ہو گیا ہے۔ اب اللہ تعالیٰ سے اللہ تعالیٰ کو مانگتی ہوں جب طعنوں سے تنگ آ جاتی ہوں تو دنیا بھی مانگنے لگتی ہوں آپ کا درس سننا شروع کر دیا ہے، بہت سکون ملتا ہے۔

ایک دن اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا میں نماز کی کتاب کھول کر پڑھوں کئی دنوں سے دل کرے کہ میں نماز کی کتاب کھولوں۔ کچھ دن پہلے میں نے نماز کی کتاب اٹھائی اور نماز پڑھنی شروع کر دی نماز میں دو سجدوں کے درمیان کی دعا لکھی ہوئی تھی اس پر آ کر میرا دل اٹک گیا اور میں سمجھ گئی میرا اللہ مجھے یہی بتانے کے لیے کتاب کھولنے کا میرے دل میں ڈال رہا تھا۔ میں نے دعا یاد کر لی اور دو سجدوں کے درمیان پڑھنے لگی ہوں ساتھ ہی میرے دل میں بے چینی پیدا ہو گئی کہ یہ دعا میں آپ کو بھیجوں کہ آپ لوگوں کو بھی اس کا نفع بتائیں میں نماز پڑھ رہی تھی میں بتا نہیں سکتی میری کیا کیفیت تھی کہ ابھی پین اٹھاؤں اور آپ کو یہ لکھ کر بھیجوں کہ آپ اپنے درس میں دو سجدوں کی دعا اور اسکی فضیلت کے بارے میں بتائیں شاید اللہ چاہتا ہے کہ تمام لوگ یہ دعا جانیں کیونکہ یہ وقت بھی قبولیت کا ہوتا ہے اس لیے میں نے آپ کو خط لکھا کہ آپ ضرور اس بارے میں ایک درس کریں اور لوگوں کو دو سجدوں کے درمیان کی دعا کی فضیلت کے بارے میں بتائیں کتنی پیاری دعا ہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي وَاجْبُرْنِي وَارْفَعْنِي وَاهْدِنِي وَ عَافِنِي وَارْزُقْنِي۔ میں نے آپ کے درس میں چاشت کی نماز کی فضیلت سن کر چاشت کی نماز شروع کر دی ہے۔ صلوٰۃ حاجت اور توبہ کے بعد تین بار سورۂ یٰسین روزانہ پڑھتی ہوں۔ شیشہ کو دیکھ کر بھی دعا پڑھنی شروع کر دی ہے۔ کھانا کھاتے ہوئے سورۂ فاتحہ اور کھانے کے بعد سورۂ قریش بھی پڑھنی شروع کر دی ہے۔ (ک، غ۔ اسلام آباد)

مسائل اور مشکلات ہیں تو درود ابراہیمی پڑھیں!

قارئین السلام علیکم! میرے بے شمار مسائل تھے' شیخ الوظائف نے مجھے سارا دن درود ابراہیمی پڑھنے کا فرمایا۔ میں سارا دن چلتے پھرتے وضو بے وضو ہر حال میں یہ درود پڑھتی ہوں' اللہ نے اتنے احسانات کیے اور ایسی ایسی مشکلات ٹال دیں کہ میں حیران ہوں۔ (ا، ظ)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ زکام، ٹی بی، دق اور بلغم کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
"شفائے حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے

ملازمین ضرور پڑھیں! ناحق انکوائری سے بچنے کا عمل

سیف اللہ، پشاور

اللہ تعالیٰ قیامت کے روز حساب لے گا یعنی جو کچھ اس نے ہمیں دیا ہے اس کے متعلق وہ پوری طرح باز پرس کرے گا اس لیے اسے حسیب کہا جاتا ہے۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی اس صفت کی بنا پر اپنی ساری مخلوق سے حساب لینے کی طاقت رکھتا ہے یعنی جو مال اس نے ہمیں دنیا میں دیا ہے اس کے متعلق ہم سے پوچھے گا کہ ہم نے اس مال کو اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق خرچ کیا ہے کہ نہیں۔ اسی طرح جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے علم دے رکھا ہے اس کے متعلق دریافت کرے گا کہ تو نے علم کو میرے احکامات کے مطابق استعمال کیا تھا؟ اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ ذرے ذرے کا حساب لے گا۔ اس کے علاوہ حسیب کافی کے معنوں میں آتا ہے یعنی کفایت کرنے والا ہے کیونکہ وہ بندوں کو چیزیں عطا فرماتا ہے تاکہ وہ ان کی دنیا اور آخرت میں کفایت کرسکیں۔ حضرت امام غزالیؒ نے فرمایا ہے کہ حسیب، حسب سے بنا ہے جس کا مطلب سرداری اور شرف کمال ہے۔ بہرکیف علماء نے زیادہ تر اس سے حساب کرنے والا ہی مراد لیا ہے۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۸۰ ہیں۔

انکوائری میں بچنے کا عمل

اگر کوئی شخص سچا ہو مگر اس کے خلاف خواہ مخواہ تفتیش ہوگئی ہو تو اسے انکوائری میں بچنے کے لیے اس اسم کو ''یَاحَفِیۡظُ'' کے ساتھ ملا کر پڑھنا چاہیے یعنی ''یَاحَفِیۡظُ یَاحَسِیۡبُ'' 8604 مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے انشاء اللہ انکوائری ختم ہو جائے گی اور پڑھنے والے کی ہر لحاظ سے حفاظت اور بچت ہوگی۔

قرضہ وصول کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص قرضہ لے کر واپس نہ دے اور پریشان کرتا ہو تو قرض واپس لینے کے لیے اس اسم کو 8 ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں اور آخری دن پڑھائی کے بعد اسم یَاحَسِیۡبُ کو ایک کاغذ پر گیارہ مرتبہ لکھیں اور تعویذ بنا کر کسی درخت کی شاخ سے لٹکا دیں۔ ان شاء اللہ قرضہ وصول ہوگا اور کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔

چور، حاسد اور دشمن سے حفاظت کا عمل

ایک اللہ والے کا قول ہے کہ اگر کوئی چور، حاسد ہمسایہ یا دشمن سے بچنا چاہتا ہو تاکہ ان سے نقصان نہ پہنچے تو اسے چاہیے کہ ایک ہفتہ صبح شام ستر ستر مرتبہ حَسۡبِیَ اللّٰہُ الۡحَسِیۡبُ پڑھے اور جمعرات سے یہ عمل شروع کرے۔ ان شاء اللہ سال بھر تک ہر قسم کے دشمن سے محفوظ رہے گا۔

ہر حاجت پوری ہونے کا عمل

جو شخص اس اسم کو روزانہ 1280 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور ایک سال سے زائد عرصہ تک پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اس کے حال پر مہربان ہوگا اور جو کچھ وہ مانگے گا اللہ تعالیٰ عنایت فرمائے گا۔

ایماندار رہنے کا عمل

اگر کوئی شخص رضائے الٰہی کی خاطر کسی کاروبار میں ایماندار رہنا چاہتا ہو یعنی لین دین کے حساب میں کوئی فرق نہ چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ اسم یَاحَسِیۡبُ کو کاروبار کے آغاز میں 80 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے وہ ہمیشہ ایماندار رہے گا اور اس کی عاقبت درست ہو جائے گی بینک ملازمین کیلئے اس اسم کا ورد بہت مفید ہے۔

یاحسیب کا عمل اور نقش

اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو چالیس یوم تک 12800 مرتبہ روزانہ پڑھیں اور پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے اس کے بعد اس اسم کو روزانہ سو مرتبہ پڑھتے رہیں تاکہ عمل برقرار رہے۔ عامل بننے کے بعد اس کا نقش مندرجہ بالا مقاصد کے لیے دوسروں کو دے سکتے ہیں۔ حسیب کا نقش یہ ہے:۔

ح	س	ی	ب
۱	۱۱	۵۱	۹
۵۸	۲	۴	۱۲
۱۳	۳	۷	۵۷

قسط نمبر 146

اسلام اور رواداری

پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

ابن زیب بھکاری

بحیثیت مسلمان ہم جس باخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے

حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ سے حاضرین میں سے ایک نے ذکر کیا کہ بعض بدمذہب اور آپ کا برا چاہنے والے مخالفین جناب والا کو ہر جگہ برا بھلا کہتے ہیں جو ہم سے سنا نہیں جاتا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''میں نے سب کو معاف کیا' تم بھی معاف کردو اور ایسے آدمی سے جھگڑا نہ کرو''۔

دل جوئی و دل داری: صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے نزدیک دل جوئی' دل داری اور دوسروں کو راحت و سکون پہنچانے سے بڑھ کر کوئی نیکی نہیں۔ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ ایک شخص کے پاس کچھ درہم لے کر گئے کہ آپ یہ درہم لے لیں تو انہوں نے جواب دیا کہ مجھے ان کی ضرورت نہیں۔ آپ نے فرمایا: آپ کو ان کی ضرورت نہیں تو میں ایک مسلمان ہوں۔ آپ کے لے لینے سے مجھے خوشی ہوگی لہٰذا آپ مجھے خوش کرنے کی خاطر لے لیں۔ (کتاب اللمع' ص 263)

''پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں گفٹ کریں اور ''غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں'' ''امن اور عبقری'' انسانیت اور رواداری' کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

مجھے بیوی اچھی نہیں لگتی تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ اور آپ کے اہل و عیال پر ہر لمحہ رحمت نازل فرمائے۔ کافی عرصہ سے مجھے نجانے کیوں بیوی اچھی نہیں لگتی تھی' میں بلاوجہ اس سے لڑتا وہ بیچاری بھی پریشان رہتی اس کو نجانے کیا ہوگیا؟ مجھے بھی سمجھ نہ آرہی تھی یہ کیا ہو رہا؟ آپ کے درس میں بیت الخلاء کی مسنون دعا کا سنا' صبح و شام ایک تسبیح پڑھنا شروع کردی' میری طبیعت ہلکی اور پرسکون ہوگئی' بیوی سے بلاوجہ کی نفرت ختم اور محبت جاگ اٹھی۔ (قیصر مختیار' کویت)

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

آپ کا سوال۔۔حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

عبدالصمد، کوئٹہ۔ رابعہ علی، کراچی۔ شازیہ بشیر، گجرات۔ عشرت فاطمہ، عبدالحکیم۔ غلام عباس، قلعہ احمد آباد۔ نور محمد، پشاور۔ تحریم رضا، چونیاں۔ افتخار حسین، لاہور۔ معراج خالد، سرگودھا۔ نسیم اختر، لاوہ۔ ہیرا فروز، کراچی۔ س۔ احمد، اخلاص۔ راشدہ منیر، میانوالی۔ محمد اسامہ، میانوالی۔ سلطان جان، ضلع خیبر۔ ناہید اختر، فیصل آباد۔ تہمینہ رمضان، ننکانہ صاحب۔ محمد ثناء اللہ فاروقی، قائد آباد۔ محمد طارق شہاب، ملتان۔ زاہد محمود غزنوی، پشاور۔ حافظ شفیق، منڈی بہاؤالدین۔ سارہ، منڈی بہاؤالدین۔ کوثر ریاض، واہ کینٹ۔ محمد ظفر شاہ، میاں چنوں۔ محمد صہیب خان بلوچ، کراچی۔ کشف العالی، راولپنڈی۔ عاصمہ کنول، راولپنڈی۔ نصیر احمد، راولپنڈی۔ محمد انور بیگ، گوجرانوالہ۔ نگہت نورین، گوجرہ۔ فرح زمان، ماتلی۔ ربیعہ خلیل، سیالکوٹ۔ کرن، اوکاڑہ۔ محمد فاروق، چکوال۔ مہوش، کراچی۔ مفیض الرحمان، کراچی۔ عائشہ شہزاد، ملتان۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

سورۂ اخلاص کا عمل: دو رکعت نماز نفل پڑھیں اس کی ہر رکعت میں **101** بار سورۂ اخلاص پڑھیں دوران نفل ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں لیکن تسبیح صرف نوافل کیلئے ہے فرائض کیلئے نہیں۔ دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ سجدے کرنے ہیں اور ہر سجدے میں گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور اٹھ کر بھی گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ کوئی سا بھی استغفار پڑھنا ہے اس کے بعد گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے اور گیارہ منٹ کم از کم انتہائی زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کرنی ہے۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

محمد سلیم، کراچی۔ نسرین اختر، کراچی۔ محمد عثمان، ہری پور۔ زیبا نور، لاہور۔ شہناز، لاہور۔ فائقہ صباحت، اٹک۔ فائزہ، حیدر آباد۔ محمد اسلم، جلال پور شریف۔ سدرہ بخاری، کوہاٹ۔ پروین، کوٹ غلام محمد۔ باسط طفیل، سامارو۔ باعث طفیل، سامارو۔ مہرین اویس، لاہور۔ ثوبیہ، حیدر آباد۔ طوبیٰ طارق، فیروزہ۔ عظمیٰ راشد، فیصل آباد۔ شمائلہ کوثر، فیصل آباد۔ شاہد علی، خیر پور۔ محمد سرفراز، جہلم۔ نائلہ بی بی، واہ کینٹ۔ دلشاد بیگم، صوابی۔ محمد عثمان حفیظ، اللہ آباد۔ محمد انور، اسلام آباد۔ حسینہ کاشف، کراچی۔ سیف الرحمن، حیدر آباد۔ محمد باقر سہیل، چکوال۔ الیاس، مانسہرہ۔ محمد اکمل فاروق، چھنی ریحان۔ سائدہ بتول، چھنی ریحان۔ سمعیہ کلثوم، چھنی ریحان۔ عاصمہ بتول، مڈھ رانجھا۔ رفعت مڈھ رانجھا، نواز زاہد، رانجھا۔ اقرا، میانوالی۔ سمعیہ، موسیٰ خیل، عمران حیدر، سرگودھا۔ غلام بشیر، اٹک۔ سہیل، کراچی۔ انعم بی بی، ٹنڈو حیدر۔ حسین ممتاز، شکر گڑھ۔ پوشیدہ، اٹک سٹی۔ عائشہ، ملتان۔ سید رضا حسین، نارووال۔ فرزانہ اظہر، کراچی۔ زہرہ مشتاق، ملکوال۔ غلام، جہلم۔ راحیلہ خورشید انور، کراچی۔ خورشید انور، کراچی۔ صوفیہ خورشید، کراچی۔ فوزیہ، نواب شاہ۔ عابد علی خاں، حیدر آباد۔ عنبرین اصغر، کاموکی۔ فائزہ شمن، بہاولپور۔ امان اللہ خان، پشاور۔ سائرہ وقار، چکوال۔ نسیم ارشد، لاہور۔ تبسم اعجاز، کلر کہار۔ ناصر علی، میر پور خاص۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ کا نادر النوادر وظیفہ: دو رکعت نماز نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں اور اس میں ثناء کے بعد سورۂ فاتحہ شروع کریں جب **اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ** پر پہنچے اس کو بار بار دوہرائیں اور اتنا دوہرائیں' اتنا دوہرائیں کہ تین سو، چار سو، دو ہزار، تین ہزار کی تعداد میں اس کو دوہرا اگر کھڑے ہو کر نفل پڑھ لیں تو سعادت اگر کھڑے نہیں ہو سکتے تو بیٹھ کر پڑھ لیں۔ جتنا کریں گے اتنا کمال پائیں گے۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

شبانہ محمد حنیف، کراچی۔ یاسمین طاہرہ، گجرات۔ سفیر احمد جاوید، اٹک۔ رابعہ حنیف، لاہور۔ اقراء بوٹا، راولپنڈی۔ نوشی نورین، جہلم۔ صوفیہ طاہرہ قیوم، منڈی بہاؤالدین۔ شازیہ عارف، کراچی۔ نور خاتون، جوہر آباد۔ عقیل احمد، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ محمد عرفان، گوجرہ۔ بشریٰ، لاہور۔ محمد عارف اسحاق، گکھڑ۔ الطاف الرحمن، ماتلی۔ کشور ناہید، لاہور۔ محمد محمود الحسن، کہروڑ پکا۔ عائشہ، لاہور۔ عشرت سلطانہ، لاہور۔ محمد اجمل ملک، لاہور۔ محمد خان، ڈی آئی خان۔ شفقت علی، لاہور۔ نور فاطمہ، اسلام آباد۔ ساجدہ امجد، ساہیوال۔ منز سہیل احمد، ڈی جی خان۔ عامر علی، لاہور۔ ثناء سہیل، لاہور۔ وسیم شہزاد، میانوالی۔ نسیم بی بی، عیسیٰ خیل۔ شبانہ ارم، ملتان۔ عارفہ، کراچی۔ محمد فواد مسعود، لاہور۔ محمد یعقوب، ترمڑی چوک۔ نصرت پروین، بصیر پور۔ الحاج عادل خان نقشبندی، پشاور۔ ندیم شاہ، لاہور۔ صفیہ بی بی، بصیر پور۔ محمد اسد اقبال، حیدر آباد۔ فرحت ناز، سرگودھا۔ عاصمہ ملک، اسلام آباد۔ ثوبینہ، بھمبر۔ یاسمین یوسف، کراچی۔ آصف احمد، لاہور۔ لائبہ، ٹوبہ۔ الیاس بی بی، راولپنڈی۔ حسین اکرم، سیالکوٹ۔ ثریا لطیف، لاہور۔ ثروت پروین، جام پور۔ شازیہ پروین، کوٹ ادو۔ میاں غلام مرتضیٰ، سیالکوٹ۔ محمد اسلم، جہلم۔ ریحانہ قیصر، جھنگ۔ محمد نعیم، پشاور۔ محمد حمزہ، ہری پور۔ معین الدین، عیسیٰ خیل۔ محمد شاکر، کراچی۔ آمنہ طارق، حویلی لکھا۔ یاسمین پروین، دنیا پور۔ محمد قاسم، کراچی۔ ذربی بی، کراچی۔ نوید احمد، لاہور۔ محمد سہیل عبدالمجید، کراچی۔ صاحب اللہ، ایبٹ آباد۔ اسد الاسلام، سرگودھا۔ سخی سلطان، مانسہرہ۔ ثمرین، کوہاٹ۔ محمد عبداللہ، خان پور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب **مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ** پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

انوکھی شفاء — مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔ کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔ دوران کھیل کوئی چوٹ' موچ' ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کر دیتا ہے۔ بڑی بات کوئی سائیڈ ایفکیٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

فصل پر سورۂ الم نشرح پڑھیں اور کمال دیکھیں

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میرے بھائی کو اس کے ٹیچر نے دیا تھا جسے وہ گھر لے آیا اور وہ دن اور آج کا دن ہمارے گھر میں عبقری لازما آتا ہے۔ میرا تعلق ایک زمیندار گھرانے سے ہے' میرے والد کی زمینیں ہیں جسے کاشت کرنے کیلئے انہوں نے ملازم رکھے ہوئے ہیں' ان کا سارا دن کھیتوں کی دیکھ بھال میں گزرتا ہے' عبقری رسالہ سے ہمیں آپ کے درس کا معلوم ہوا' ہم نے عبقری ویب سائٹ سے درس ڈاؤن کرکے سننا شروع کردیئے۔ ایک مرتبہ درس میں آپ نے ایک واقعہ سنایا کہ ایک شخص اپنی فصل میں کام کرنے والوں کو الم نشرح پڑھتے ہوئے کام کرنے کی تلقین کرتا تھا' اس کے اس عمل کی بدولت اس کی فصل ہمیشہ شاندار ہوتی تھی' لوگ حسرت سے اس کے لہلہاتے کھیتوں کو دیکھا کرتے تھے۔ میں نے جب یہ سنا تو میرے دماغ میں میرے والد کی تمام باتیں آگئیں جو وہ اکثر گھر بیٹھ کر میری والدہ سے کرتے تھے کہ آج فلاں فصل کو کیڑا لگ گیا' فلاں فصل بارش سے خراب ہوگئی' فلاں جگہ ملازم صحیح کام نہیں کررہے' اس مرتبہ فصل ٹھیک نہیں ہوئی۔ ان کی باتیں میں اکثر سنتی تھی۔ میں فوراً اٹھی اپنے والد کے پاس گئی اور انہیں یہ درس سنایا۔ میرے والد نے جب سورۂ الم نشرح کے فضائل سنے تو مجھے کہا میں وضو کرکے آتا ہوں تم قرآن پاک لے آؤ اور مجھے یہ سورۂ یاد کروادو۔ میں نے اور میرے والد نے وضو کیا اور الحمدللہ! میرے والد نے تقریباً آدھے گھنٹے سے بھی کم وقت میں سورۂ حفظ کرلی اور مجھے کئی مرتبہ بغیر دیکھے سنائی' پھر تین سے چار گھنٹے بعد میں نے پھر امتحان لیا' پھر میری والدہ نے تین سے چار مرتبہ سنی' انہوں نے بالکل صحیح سنائی۔ میرے والد اگلے دن سے ہی فصلوں پر جاکر سورۂ الم نشرح پڑھ پڑھ کر دم کرنا شروع کردیا اور اس کے علاوہ تمام ملازمین کو اکٹھا کیا جو جو قرآن پڑھے ہوئے تھے تمام کو سورۂ الم نشرح یاد کرنے کا حکم دیا ان سے کچھ ایسے بھی تھے جن کو پہلے سے ہی یہ سورۂ یاد تھی۔ میرے والد نے تمام ملازمین کو کہا کہ روزانہ صبح آتے ہی کم ازکم تین مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر پھر کام شروع کرنا اور شام کو جاتے ہوئے بھی تین مرتبہ پڑھنا ہے۔ بس وہ دن اور آج کا دن ہماری قسمت سنور گئی' ہماری فصل ایسی ہوتی ہے کہ دوسرے گاؤں کے لوگ بھی دیکھنے آتے ہیں' میرے والد سے کھاد کے متعلق پوچھتے ہیں کہ بیج کونسا استعمال کرتے ہو اور کھاد کہاں سے اب لارہے ہو جبکہ میرے والد عبقری رسالہ اور آپ کے درس کا بتاتے ہیں۔ (ع، خانیوال)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

حکیم نابینا کی چشم کشا کرامات

قاضی محمد اسحاق، مظفر گڑھ

حکیم عبدالوہاب انصاری عرف حکیم نابینا مشرقی یوپی کے ضلع غازی پور کے قصبہ یوسف پور میں 1868ء کو پیدا ہوئے آپ کا سلسلہ نسب صحابی رسول ﷺ حضرت ابو ایوب انصاریؓ سے ملتا ہے۔ آپ کے والد حکیم عبدالرحمان انصاری بھی بہت مشہور اور صاحب کمال عالم تھے۔ حکیم نابینا بچپن میں چیچک نکل آنے کی وجہ سے بینائی سے محروم ہوگئے تھے۔ دس سال کی عمر میں قرآن شریف حفظ کیا ابتدائی تعلیم اپنے وطن میں حاصل کی۔ طب کی تعلیم حکیم عبدالمجید خان دہلویؒ سے 1901ء سے حاصل کی۔ آپ کچھ عرصہ سابق نظام حیدرآباد کے خصوص معالج بھی رہے۔ خواجہ حسن نظامی نے آپ کو لقمان الملک کا خطاب دیا۔ آپ 1941ء میں دہلی میں فوت ہوئے۔ وصیت کے مطابق آپ کو حضرت گنگوہیؒ کے مزار کے قریب دفن کیا گیا۔ آپ نباضی میں بہت ماہر تھے نباضی کا یہ عالم تھا کہ اگر کسی مریض کو مہینوں پہلے دیکھا ہوتا تو نبض دیکھ کر پہچان لیتے تھے کہ فلاں صاحب ہیں۔ حکیم نابینا کے مطب میں ان کے سامنے دواؤں کا ایک بڑا صندوقچہ رکھا رہتا تھا جس میں بہت سے خانے تھے۔ بے تامل اس میں دوا نکال لیتے تھے۔ ان کا ہاتھ اسی دوا کے خانے پر پڑتا تھا جس کی ضرورت ہوتی۔ اسی طرح وہ خود ہی ٹیلیفون کے نمبر ڈائل کرلیتے تھے۔

حکیم صاحب ایک مرتبہ مہاراج ہرکشن کے بچوں کی نبض دیکھنے ان کی کوٹھی پر تشریف لے گئے۔ حکیم صاحب نے بچوں، دائیوں اور بیگمات کی نبض دیکھیں لیکن کسی سے حال نہیں دریافت کیا بلکہ سب کی بیماری کی تفصیل خود ہی بیان کردی بعد میں مریضوں نے خود تصدیق کی۔ اس طرح ایک مرتبہ حیدرآباد میں رانی صاحبہ کی نبض دکھانے کے لیے حکیم صاحب کو بلایا گیا لیکن مہاراجہ نے رانی صاحبہ کی نبض دکھانے کی بجائے خود اپنی نبض دکھادی۔ حکیم صاحب نے نبض پر ہاتھ رکھا اور بتایا کہ یہ تو مہاراجہ کی نبض ہے۔ سب لوگ حکیم صاحب کی نباضی سے انگشت بدنداں رہ گئے۔ حکیم نابینا کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ کسی عورت کی نبض اپنے ہاتھ سے نہیں پکڑتے تھے بلکہ اس کی کلائی پر دھاگہ باندھ کر دوسرا سرا خود اپنے ہاتھ میں پکڑتے تھے اور اسی سے مرض کی تشخیص فرمالیا کرتے تھے۔ علامہ محمد اقبالؒ حکیم نابینا کی معالجانہ سوجھ بوجھ کے بہت معتقد تھے۔ ایک مرتبہ علامہ صاحب کو گردے میں پتھری ہوگئی دوستوں کے مشورے سے حکیم نابینا کا علاج شروع کیا۔ حکیم صاحب کے علاج کے بعد ایکسرے کرایا تو پتھری کا نام ونشان تک نہیں تھا۔ اسی طرح ایک مرتبہ علامہ محمد اقبالؒ بہت بیمار ہوئے ڈاکٹر صاحبان اور اعزہ زندگی سے مایوس ہوگئے مگر علامہ محمد اقبالؒ نے اصرار کیا کہ حکیم نابینا کو دکھاؤ چنانچہ حکیم صاحب سے علامہ محمد اقبالؒ کی بیماری کے بارے میں مشورہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ضعف اعضاء کی وجہ سے کمزوری ونقاہت کا غلبہ ہے انہوں نے اپنے صندوقچے سے روح الذہب نکلوا کر علامہ محمد اقبالؒ کو بھیجی (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود کار تیر اور کسوٹی بنادیا ہے
معدہ کا مسئلہ بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

پھوڑے پھنسی کا علاج: جس جگہ پھوڑا پھنسی ہو تل کے تیل اور مرغی کے انڈے کی سفیدی ملا کر اس کا لیپ کریں۔

دردجہاں بھی ہو سرخ رنگ کا کپڑا بچھا کر لیٹ جائیں! درد ختم

رابعہ عبدالحمید، کراچی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری میرا پسندیدہ رسالہ ہے جس طرح آپ بے لوث دکھی انسانیت کی مدد اور خدمت کررہے ہیں۔ آج بندی ناچیز چند آزمودہ نہایت مفید اور انتہائی آسان نسخے لے کر پہلی بار حاضر ہوئی ہے۔ امید ہے آپ انہیں شائع ضرور کریں گے تاکہ اس مفید صدقہ جاریہ کے سلسلے میں میں بھی ثواب کی حقدار ہو جاؤں۔

(1) انگلیوں کی پوریں ناخن کے آس پاس سے سوج جاتی ہیں، کوئی نس کھنچ جاتی ہے، زیادہ تر خواتین کے ساتھ یہ مسئلہ ہوتا ہے برتن، کپڑے دھونے کے دوران سرف، صابن یا وم کے ذریعے ہاتھوں کی انگلیوں کے کناروں ناخن کے اندر چلے جاتے ہیں درد اور دکھن ہوتی ہے اس کیفیت میں ایک ایلوپیتھک دوا ہے جس کا نام ہے ''کلوٹرم'' میڈیکل سٹور سے عام مل جاتی ہے، اس کے ایک یا دو قطرے متاثرہ جگہ پر ٹپکائیں دو تین بار میں ہی آرام آجاتا ہے۔ میرے ہاتھوں میں اکثر یہ تکلیف ہوتی تھی اس دوا کے استعمال کے بعد اب نہیں ہوتی ضرور آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

(2) اکثر رات کو ایک ہی کروٹ سوتے رہ جائیں یا تکیہ اونچا ہو اور گردن اکڑ جائے (جسے عام زبان میں وَل بھی کہتے ہیں) سو کر اٹھیں تو گردن موڑی جائے نہ ہلائی جائے تو اپنا تکیہ دھوپ میں سارا دن رکھیں اور رات کو یہی تکیہ استعمال کریں، دوسرا کام یہ کریں کہ روٹی بیلنے کا بیلن لے کر گھر کے کسی فرد سے کہیں کہ وہ گردن کی پچھلی سائیڈ متاثرہ جگہ پر بیلن کو اوپر سے نیچے پھیرے جیسے روٹی بیلتے ہیں، ایسا کئی بار وقفہ وقفہ سے کریں کیونکہ بعض اوقات کوئی رگ دب جاتی ہے دوران خون جم جاتا ہے تو بیلن پھیرنے سے خون کی گردش بحال ہو جاتی ہے اور درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میرا کئی بار کا آزمودہ ہے۔ اسی طرح کبھی پاؤں میں موچ آجائے جب بھی بیلن یا کوئی لمبی گول لکڑی کے اوپر پاؤں آگے پیچھے چلائیں جلد آرام آجاتا ہے۔

(3) جسم میں، کمر میں، گردن میں درد ہو ایک سرخ رنگ کا ڈیڑھ یا ایک گز کا تولیہ یا کاٹن کا کپڑا لے لیں اگر گھر میں دھوپ اچھی آتی ہے تو کچھ دیر دھوپ میں وہ کپڑا پھیلا دیں پھر اپنے نیچے بچھا کر لیٹ جائیں۔ سرخ رنگ میں درد کو جذب کرنے کی صلاحیت ہے مجھے بھی کسی ہربل میڈیسن کے ماہر نے بتایا تھا۔ اکثر درد کی صورت میں طریقہ آزماتی ہوں آرام آجاتا ہے۔

گھٹنوں اور جوڑوں کا درد ختم اور تحفظ کیلئے لاہوری نمک کا ٹوٹکہ

(4) اب ایک بہت اہم بات کی طرف آتی ہوں وہ یہ کہ ہر طرف گھٹنوں کے درد کے مسائل سننے میں دیکھنے میں آرہے ہیں۔ گھٹنے موڑے نہیں جاتے کرسیوں پر نماز مجبوری میں پڑھی جارہی ہے یہ سب مسئلے سمندری نمک کی پیداوار ہیں جی ہاں تمام مشہور کمپنیوں کے نمک جس میں وہ دعویٰ کرتے ہیں ''آیوڈین ملا نمک'' درحقیقت یہ نمک نہیں زہر ہے جو ہماری ہڈیوں کو کھوکھلا کررہا ہے۔ ہمارے ملک میں لاہور میں کھیوڑہ کے مقام پر نمک کی کانیں ہیں۔ بہترین معدنیات تقریباً 75 فیصد وٹامنز سے بھرپور قدرتی نمک جو ہمارے جسم اور خصوصاً ہڈیوں کے لیے بہت مفید ہے۔ جی ہاں اپنے کھانوں میں لاہوری نمک کا استعمال شروع کردیں۔ یورپی ممالک کے باشندے ہماری نمک کی کانوں سے نمک لے جاتے ہیں نمک کے ڈلوں سے لیمپ بنا کر سرہانے جلا کر سوتے ہیں اس کی ہیٹ سے جسمانی دردوں، نزلہ زکام سے محفوظ رہتے ہیں۔ نمک کا ایک کلو کا ٹکڑا اپنے کمروں میں رکھ دیں اس میں یہ تاثیر ہے سردی کو جذب کرتا ہے نزلہ زکام سے محفوظ رہیں اور گرمیوں میں لو لگنے سے محفوظ رہیں۔

ہمارے بچپن میں ہماری امی نمک کے ثابت ڈلے لاکر ہاون دستے میں کوٹ کر چھان کر استعمال کرتی تھیں ان دنوں سمندری ''آیوڈین'' والا نمک نہیں ہوتا تھا کبھی بھی کسی کا گھٹنے کا درد سننے یا دیکھنے میں نہیں آیا جب سے سمندری نمک استعمال میں لایا اور آیوڈین کے سنہری نعرے لگائے گئے اس وقت سے ہڈیوں کی کمزوری بڑھ گئی ہے خدارا فطرت کی طرف لوٹیں ہماری قدرتی کان کا نمک لاہوری ہر لحاظ سے فائدہ مند ہے ہمیں یہ معلومات موبائل میسج کے ذریعے ایک ڈاکٹر کے ذریعے ملی ہم نے فی الفور عمل شروع کردیا اور اب عبقری کے ذریعے تمام لاکھوں قارئین سے مخلصانہ گزارش ہے اپنی ہڈیوں اور گھٹنوں کے تحفظ کے لیے لاہوری نمک کا استعمال شروع کریں۔ ہمیں ایک سال ہو گیا یہ نمک استعمال کرتے کافی فائدہ ماشاء اللہ ہو رہا ہے۔ سمندری نمک اعصابی کمزوری، چڑچڑاپن اور غصے کا بھی سبب بن رہا ہے۔ حکیم صاحب سے درخواست ہے میری اس اپیل پر ضرور غور فرمائیں یہ تحریر مفاد عامہ اور میرے لیے دعاؤں کا سبب بنے ضرور شائع کیجئے اور ہو سکے تو آپ خود ایک تحقیقی مضمون دونوں نمک کے بارے میں فوائد و نقصانات کے حوالے سے تحریر فرمائیں بے شمار کا آپ کی سونے کے حروف اور سچے موتیوں جیسی تحریروں سے بھلا ہوگا اور ہوتا ہے۔ ہم آپ کا طبی مضمون سب سے پہلے پڑھتے ہیں۔

گرمی ہو یا سردی! سوجن، ورم اور اندرونی طاقت کیلئے ہلدی کا نسخہ

پچھلے کسی شمارے میں کچی ہلدی اور دیگر میوہ جات کے ساتھ حلوہ بنا کر سردی سے بچاؤ کے لیے کسی مخلص نے تحریر کیا جو کہ ایک مہنگا نسخہ ہے ہر کوئی افورڈ نہیں کرسکتا میں اس کا آسان حل بتاتی ہوں میرا آزمودہ ہے۔ نزلہ زکام، کھانسی سے پوری سردی بچاؤ رہے گا بلکہ سارا سال استعمال کریں ہلدی اپنے طبی فوائد کے حساب سے بے مثال ہے۔ ہلدی کو صرف سردی کے ساتھ منسوب نہ کیجئے یہ سارا سال کھانے والی چیز ہے، آپ کے اندر قوت مدافعت پیدا کرتی ہے اور سارا سال امراض سے بچاتی ہے۔ امراض معدہ و جگر اور جسمانی کمزوری سے آپ کو ہمیشہ محفوظ رکھے لہٰذا سردی ہو یا گرمی ہلدی کا استعمال ہرگز نہ چھوڑیئے، چلیے اب نسخہ بتاتی ہوں:۔

ھوالشافی: کچی ہلدی اچھی طرح دھو کر باریک چھلکا اتار کر یا ویسے ہی کاٹ کر گرائنڈ میں پانی ڈال کر یا کوکنگ آئل ڈال کر پیس لیں، پھر فریج میں رکھ لیں جب بھی کھانا بنائیں ہنڈیا میں ایک کھانے کا چمچ ضرور ڈالیں اور سردیوں میں رات کو سوتے وقت آدھی چمچ گرم دودھ میں ڈال کر پئیں سوجن ورم درد کسی بھی قسم کا ہو یا نزلہ زکام فوراً آرام آتا۔ ہے گرمیوں میں ہلدی خود پسوا کر کیپسول میں بھرلیں، ایک کیپسول روزانہ ضرور کھائیں۔ آپ ہر قسم کی کمزوری سے محفوظ رہیں گے اور صحت بھی بھرپور ہوگی۔

دردی ہربل بام
پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے، کسی عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، لاغری، ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، موچ آجانا، بجلی کا شاک لگنا، کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ جوڑ درد کرتا ہو اس دردی ہربل بام کا استعمال کریں۔
قیمت=/80 روپے
خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت، کئی ہفتے چلے
ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

چٹکی دوا سے مریض صحت یاب

فالج اعصابی جسمانی کمزوری کمر درد اور پٹھوں کا کھچاؤ ختم

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

حکماء کی ماں اور نانی

پنساری یا عطار دراصل حکماء کی ماں اور نانی ہوتی ہے۔ وہ دوا ٹھیک دے دے تو دوا ٹھیک۔ وہاں سے اگر دوا غلط مل جائے تو جب اجزاء ہی ٹھیک نہیں ہوں گے تو پھر شفاء یابی کیسی' پھر پنساری کے ہاں بہت ٹوٹکے ہوتے ہیں۔ کتنے بے شمار ٹوٹکے ایسے ہیں جو وہاں سے ملتے ہیں۔ ایک ٹوٹکہ مجھے بہت پرانا ملا' کچھ عرصہ تو سوچتا رہا کہ نامعلوم اس میں تاثیر ہوگی یا نہیں ہوگی' اس کا فائدہ ہوگا یا نہیں ہوگا۔ پھر اس کے اجزا پر غور کیا ساری زندگی جڑی بوٹیوں کے ساتھ تجربات کے ساتھ گزری ہے تو اجزاء بولے کہ نہیں اس میں تاثیر اور قوت ہے اور یہ واقعی فائدہ دے گی۔ ان اجزا کو سامنے رکھتے ہی میں نے ٹوٹکہ بنایا اور لوگوں کو دینا شروع کیا اس سے پہلے بھی جن صاحب نے میرے قریبی عزیز نے ٹوٹکہ بتایا' وہ کہتے ہیں کہ بہت فائدہ مند ہے اور ایک صاحب ہمارے پاس آتے ہیں دیہاتی طرز کے ایک طبیب ہیں بس وہ یہ دوا ادویات لیتے ہیں' ہاون دستہ میں کوٹ کر پڑیا بنا کر لے جاتے ہیں اور لوگوں کو چٹکی چٹکی دیتے ہیں چٹکی دے دیں یا اس کو کیپسول میں بھر لیں' یہ ساری چیزیں کیپسول میں بھر لیں' جیسے بھی استعمال کریں' میں نسخہ بتانے سے پہلے اس کے تھوڑے سے فوائد ضرور بتاؤں گا۔

فالج' جسمانی واعصابی کمزوری کا علاج

موجودہ دور اعصابی اور دماغی کشمکش کا ہے' اعصابی کمزوری' دماغی کمزوری' ذہنی ٹینشن کی وجہ سے فالج' لقوہ' کمر کا درد' برین ہیمرج یہ مسائل بہت زیادہ ہیں' ان مسائل کی وجہ سے زندگی مشکل سے مشکل تر ہوتی جارہی ہے۔ ہمارے ہاں دریا کے پاس ایک صاحب تھے' وہ ایک دوا بناتے ہیں لوگ دور پرے سے فالج کا علاج کروانے آتے تھے' مجھے یاد ہے میں چھوٹا سا تھا تو ہمارے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے استاد کے بیٹے مفلوج ہوگئے' فالج زدہ ہوگئے تو ان کے علاج کے لیے ان کو لے گئے تو میں بھی ساتھ چل دیا۔ اس وقت اس دوا کا میں نے نام سنا تھا۔ طب کے گھرانے سے میرا تعلق لیکن ابھی عمر کا وہ حصہ نہیں تھا جس میں میں ادویات سے پوری شناسائی لے سکتا۔ بہرحال وہ ذہن میں دوا تھی اور پھر ساری عمر کے مطالعہ' کتب' رسالوں اور تحقیق سے ان ادویات کو مسلسل اپنے مشاہدے اور تجربے میں دیکھتا آیا' پتہ چلا کہ اس دوا میں کچھ ہے' دراصل جس دوا کا تذکرہ میں کررہا اس کو ''ہریاول'' کہتے ہیں اور ہڑتال ورقی اسی میں سے نکلتی ہے اصل بنیاد اس کی ہریاول ہے' ہریاول میں دراصل تانبہ' سونا' چاندی' پارہ وافر مقدار میں موجود ہوتا ہے۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو موجودہ سائنس کی بنیادیں ہیں' ہماری سائنس کی جتنی بھی ادویات ہیں مہنگی سے مہنگی اور قیمتی سے قیمتی ان سب میں یہ اجزاء موجود ہیں۔ فالج ہو یا لقوہ' اعصابی کمزوری ہو یا پٹھوں کی کمزوری' طبیعت میں مسلسل اضمحلال ہو' ہروقت کی تکان ہو' یا ایسے لوگ جو سالہا سال سے بستر پر پڑے ہوئے ہیں ادویات ان پر کارگر نہیں' علاج ہوتا ہے تو مستقل نہیں' طبیعت میں مسلسل بے چینی' اعصاب میں کمزوری' پٹھوں میں کمزوری ان ساری چیزوں کے لیے یہ چیز بہت زیادہ فائدہ مند اور بہت زیادہ موثر ہے۔ میں بات کررہا تھا اس دیہاتی حکیم کی جو دریا کے پار بیٹھتا تھا' اس کی یہ پڑیا بہت مشہور تھی اب مجھے یاد آتا ہے کہ اس پڑیا کا رنگ اور اس دوا کا رنگ بالکل برابر ہے اور یہی نسخہ اور فارمولہ ہوگا جو آج میں آپ کو بتانے لگا ہوں اور مجھے یہ بات بھی بہت وثوق سے پتہ چلی اور اس وقت جب میں چھوٹا تھا اور والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ گیا تھا' اس وقت پتہ چلا کہ یہ نسخہ ان کا بہت مشہور ہے اور بہت زیادہ لوگ آتے ہیں اور آکر یہ دوا لے کر جاتے ہیں اور لیکن وہ یہ فارمولہ کسی کو نہیں دیتے۔

مجھے یہ فارمولہ کیسے ملا؟

مجھے یہ فارمولہ ایک پنساری سے ملا جہاں سے اس دوا کے اجزاء لیتے تھے' اس فارمولہ کے اجزاء لیتے تھے' وہ بتانے لگے کہ وہ مسلسل آتے اور انہی سے لوہے کا ہاون دستہ لیتے اور کوٹ کر چلے جاتے ہیں۔ ایک دفعہ انہوں نے پوچھا آپ یہ دوا ادویات لیتے ہیں جو بہت زیادہ مہنگی بھی نہیں اور ہروقت' ہرجگہ میسر ہیں۔ اس کے کیا فوائد ہیں؟ کہنے لگے: آپ کی روزی ہے' آپ نے مجھے ادویات بیچ دیں' اب یہ میرا راز اور میری روزی ہے کہ میں ان ادویات کو کہاں استعمال کرتا ہوں' اس سوال کو آپ نہ چھیڑیں' نہ پوچھیں' وہ حیران اور حیرت زدہ ہوئے کہ آخر یہ دوا کیا ہے' ان کا تجسس بڑھا' تحقیق بڑھی حیرت بڑھی۔ پھر آخر کار ان سے دوستی کی' دوستی کے بعد انہوں نے بتایا کہ میں فالج کا کامیاب معالج ہوں' پٹھوں کی کمزوری' اعصابی کمزوری' کمر' ٹانگیں' جسم کمزور ہوگیا ہو' اس کے لیے بہترین دوا دیتا ہوں جن کو لقوہ ہوگیا ہو انہیں بھی بہت زیادہ میں اس دوا سے فائدہ ہوتا دیکھتا ہوں حتیٰ کہ کہنے لگے: انہوں نے تو اس کے فوائد نہ بتائے جب میں نے استعمال کرنا شروع کیا' یہ دوا جوڑوں کے درد کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوئی پنڈلیوں کے درد کیلئے' چھوٹے یا بڑوں جوڑوں کے درد اس کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی۔

لکھنؤ کے طبیب کا کامیاب نسخہ

لکھنؤ کے ایک گاؤں میں ایک طبیب رہتے تھے' یہ اٹھارہویں صدی کا واقعہ ہے جن کے بارے میں مشہور تھا وہ ایک چٹکی دیتے ہیں جس سے لوگ بہت شفاء یاب ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ انگریز کو ایک مرض لاحق ہوا' وہ یہ ہوا کہ اس کا ایک حصہ فالج زدہ ہوکر ختم ہوگیا۔ اس نے بہت علاج کروائے اور اس سے فائدہ نہ ہوا۔ کسی نے اس سے کہا کہ فلاں جگہ طبیب ہے وہاں جائیں۔ اسے اعتماد تو تھا نہیں لیکن شہرت سنی اور وہاں چلا گیا۔ انہوں نے چٹکی دی اور کہا کہ یہ دودھ سے استعمال کرلیں۔ بے یقینی کی حالت میں اس نے استعمال کیا لیکن فائدہ ہوا۔ انگریز حیران ہوا کہ ہماری ساری تحقیق ریسرچ کہاں گئی؟ اور اس دیہاتی جو لکھنؤ کے مضافات میں بیٹھا ہوا کا فارمولہ کتنا بہترین اور کامیاب نکلا۔ آخرکار اس نے تحقیق کی۔ اس دور میں پانچ ہزار روپے چاندی والے دے کر اس سے یہ ٹوٹکہ اس نے حاصل کیا اور پھر اسے لیبارٹری کیلئے اس نے اسے انگلینڈ میں بھیجا جب وہاں سے رپورٹ آئی تو پتہ چلا کہ یہ اجزاء وہ اجزاء ہیں جو انسانی زندگی اور صحت کیلئے آخری ہیں اور سر کے بالوں سے لیکر پاؤں کے ناخن تک ان اجزاء کی بہت طاقت اور تاثیر ہے۔ انگریز حیران ہوا کہ ہماری تحقیق تو اپنی جگہ اس دیہاتی کو کیسے پتہ چلا؟ پھر وہ اس دیہاتی کی طرف متوجہ ہوا تو دیہاتی نے بتایا کہ یہ تو ہماری طب کا پرانا فارمولہ ہے اور طب کا پرانا نسخہ ہے' عجیب اور حیرت کی بات ہے پھر اس نے اپنی تحقیقات اور بڑھائیں (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

بے شمار کا آزمودہ! شوگر کورس
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفکیٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

پیپرز اور منفی خیالات

میں شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہوجاتی ہوں خاص طور پر اس وقت جب میرے پیپر شروع ہورہے ہوں، تب تو ہر وقت ٹینشن رہتی ہے حالانکہ پڑھائی میں ٹھیک ہوں۔ (ن، لاہور)

ذہنی دباؤ سے نجات کیلئے اپنے خط کے آخری جملے کو پڑھیں۔ پڑھائی میں ٹھیک ہیں تو ذہنی دباؤ سے نجات حاصل کرنا آسان ہے بلکہ جو طالب علم سارا سال پڑھتے ہیں بار بار ٹیسٹ دیتے ہیں سال کے آخر میں ان لوگوں کے مقابلے میں بہت مطمئن نظر آتے ہیں جنہوں نے سارا نہیں پڑھا ہوتا۔ رہی پیپر شروع ہونے سے پہلے پریشانی کی بات تو یہ گھبراہٹ کی ایک قسم ہے جو اکثر طالب علموں کو ہوجاتی ہے کیونکہ اس وقت پیپر کے حوالے سے منفی خیالات آتے ہیں کہ پیپر میں کہیں ایسے سوالات نہ آجائیں جو آتے نہ ہوں۔ ایسی کیفیت سے بچنے کیلئے خود کو سمجھائیں کہ امتحان اس سلیبس سے آئے گا جو پڑھایا گیا ہے۔

طلاق دے کر وہ مان تو گئے مگر!

ڈیڑھ سال قبل میری شادی ہوئی۔ شوہر نے اپنے گھر والوں کی باتوں میں آکر مجھے ایک طلاق دے دی، سات ماہ گزرنے کے بعد میں نے ہی رابطہ کیا کہ میں گھر آباد رکھنا چاہتی ہوں، گھر بسائے رکھنے کی خواہش ہے۔ اب وہ تو مان گئے مگر ان کی امی نہیں مان رہیں۔ سوچتی ہوں میرا گھر بس جائے گا یا نہیں کوشش بھی صرف میری ہے کہ سب کچھ ٹھیک ہوجائے میں نے بی ایڈ کیا ہوا ہے۔ (س، لاہور)

مشورہ: ایسا شخص جو گھر والوں کی باتوں میں آکر طلاق دے دے اس سے یہ امید کس طرح کی جاسکتی ہے کہ گھر بسایا جاسکے گا۔ کوشش دو طرفہ ہونی ضروری ہے۔ اپنے مسئلے کے حل کیلئے طلاق کے حوالے سے عالم دین یا مفتی صاحب سے رابطہ کریں، شریعت کے مطابق اپنے مسئلہ کا حل ڈھونڈیں۔

خواب پر اس قدر پریشان نہ ہوں!

خواب تو پہلے بھی نظر آتے تھے لیکن آج کل ایک خواب پر بہت پریشان ہوجاتی ہوں۔ اپنے ایک ٹیچر (جن کی میں بہت عزت کرتی ہوں) کو کئی بار دیکھ چکی ہوں، ان سے باتیں کرتی ہوں ان کے ساتھ گھومتی پھرتی ہوں۔ آنکھ کھلتی ہے تو یہ خواب ہوتا ہے، اس کے بعد نیند نہیں آتی۔ یونیورسٹی جاتے ہوئے ڈر لگتا ہے کیونکہ جب حقیقت میں ان کی طرف نظر اٹھتی ہے تو گھبرا جاتی ہوں کہ کہیں میری آنکھیں ان سے سب کچھ نہ کہہ ڈالیں اور وہ مجھے اپنے کمرے میں بلا کر ڈانٹنے لگیں۔ کوئی ایسی دوست نہیں ہے جسے یہ ساری باتیں بتاؤں۔ (ج، کوئٹہ)

مشورہ: خوابوں کی کئی قسمیں ہیں لیکن ہر قسم پر خیالات اثر انداز ہوتے ہیں لہٰذا خوابوں پر اس قدر پریشان نہیں ہونا چاہیے کہ معمولات متاثر ہونے لگیں۔ لیکچر سنتے ہوئے اہم نکات کو لکھنے کی طرف توجہ دیں اور بھلا دیں کہ خواب میں کیا دیکھا۔ اسے ذہن میں دوبارہ نہ لائیں اور نہ کسی سے ذکر کریں، اپنے آپ سے بھی نہیں۔ ایسی باتیں جو خواب و خیال پر مبنی ہوں، ان کا ذکر کسی دوست سے ہرگز نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس سے شخصیت کی کمزوری ظاہر ہوتی ہے۔

تقدیر بدلتے دیر نہیں لگتی!

لوگوں کو خود سے محبت ہوتی ہے اور میں اپنے آپ سے نفرت کرتا ہوں۔ گریجویٹ ہوکر بھی بیروزگاری ہے۔ کبھی کبھی اپنے چہرے کو غور سے دیکھتا ہوں کہ اس پر ناکامی لکھی ہے، بے رونق اور مرجھایا ہوا چہرہ بری تقدیر کی کہانی سنا رہا ہے۔ چھوٹا بھائی شادی شدہ ہے۔ میری عمر کے اور بھی لڑکے اچھی زندگی گزار رہے ہیں۔ (شفیق حمید، کراچی)

مشورہ: اپنے آپ سے نفرت کرنے والے اپنے بارے میں اچھی رائے قائم نہیں کرسکتے جبکہ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اپنی بہترین صلاحیتوں کا اعتراف اور ان کا اچھا استعمال ضروری ہے۔ تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے اپنے ذہن میں کسی مخصوص جاب کا خاکہ بنالیا ہے جو نہ ملنے پر افسردگی ہوگی۔ بیروزگاری کا آسان حل کام کرنے میں ہے۔ محدود وسائل کو استعمال کرتے ہوئے محنت اور دیانتداری سے ذمہ داریاں انجام دیں۔ تقدیر بدلتے دیر نہیں لگتی۔

گھر کے بھید نہ بتائیں تو اچھا ہے

میرے گھر میں امی ابو اور سب کی سوچ ایک ہے۔ امیر ہونے کے باوجود کنجوس ہیں، گھر میں کوئی سہولت نہیں ہے، صرف بڑی بہن میری ہم خیال ہے۔ مجھ سے اپنے گھر کے ماحول میں نہیں رہا جاتا۔ بڑی بہن اور اس کے شوہر کہتے ہیں ہمارے گھر آجاؤ۔ لگتا ہے ایسا ہی کرنا پڑے گا۔ ایم ایس سی کا طالب علم ہوں، کزن سے منگنی ہوئی ہے۔ اس کا کہنا ہے وہ بھی میرے گھر والوں کے ساتھ نہیں رہ سکتی۔ نانی کہتی ہیں تم دونوں میرے ساتھ رہ لینا ہمیشہ۔ (کامران احمد، لاہور)

مشورہ: جب آپ والدین کے مسائل کو سمجھنے کی کوشش کریں گے تو محسوس ہوگا کہ وہ بات جس کو کنجوسی سمجھ رہے ہیں، وہ کفایت شعاری ہے۔ والدین کے بارے میں منفی نہیں سوچنا چاہئے ورنہ اپنے ہی مسائل میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بڑی بہن کے شوہر کو آپ کے گھر کے معاملات کا پتا نہیں چلنا چاہیے۔ وہ ہمدردی میں اپنے گھر آنے کا کہہ دیں گے لیکن کبھی اس ارادے سے ان کے گھر رہ کر دیکھیں کہ اب انہی کے ساتھ رہنا ہے، چند روز میں اپنے گھر کی قدر ہوجائے گی۔ اپنے گھر کے بھید نہ بتانے میں عزت ہے۔ گھر والوں کو خود اچھا نہیں سمجھیں گے تو وہ لڑکی بھی انہیں کچھ نہ سمجھے گی جو آپ کے ساتھ زندگی گزارے گی۔

پاس ہونے کی ایسی ترکیب کہ سب حیران

میں امتحان میں پاس ہونے کی ایسی ترکیبیں بتاتا ہوں کہ لڑکے حیران ہوجاتے ہیں۔ بغیر محنت کے پاس ہونے کا سب کو شوق ہوتا ہے، مجھے بھی ہے مگر میں اپنی ہی ترکیبوں پر عمل نہیں کرتا۔ ہر موضوع پر معلومات ہیں اور بہت سے کام بھی سیکھے۔ گھر والوں کا اصرار ہے کہ پڑھوں۔ امتحان میں فیل ہوجاتا ہوں، کسی کو رزلٹ کے بارے میں نہیں بتاتا مگر پتا چل جاتا ہے۔ اب پہلی ترجیح یہی ہے کہ کسی طرح ملک سے باہر چلا جاؤں، سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا۔ اس حوالے سے بھی گھر والوں کا تعاون حاصل نہیں۔ میں ذہین نہیں، کوئی طریقہ بتائیں کہ ذہانت میں اضافہ ہوجائے۔ (شرجیل اختر، کراچی)

مشورہ: امتحان میں پاس ہونے کی صرف ایک ترکیب ہے، ایک ہی طریقہ ہے، وہ یہ کہ اچھا پڑھنا۔ پڑھ کر پاس ہونے والوں میں قابلیت ہوتی ہے۔ آپ ذہین ہیں، ذہانت میں اضافہ بھی ممکن ہے مگر آج تک آپ نے اپنے ذہن کو زیادہ تر منفی طریقوں سے سوچنے پر استعمال کیا ہے۔ مثبت سوچ کے ساتھ مثبت سرگرمیوں میں ذہن کا استعمال کریں گے تو نہ صرف اچھے نمبروں سے پاس ہوں گے بلکہ آپ کے سامنے ترقی کے مزید راستے بھی کھل جائیں گے۔

عبقری تلبینہ
عورتوں بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بھی بہترین چیز
ٹینشن ڈیپریشن تھکان جسمانی کمر ٹانگوں کا درد پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں بڑوں بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا ٹانک بھی دوا بھی شفا بھی اور عطا بھی

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

محمد فاران ارشد، مظفرگڑھ

اولاد، روزگار اور تبادلہ کیلئے فقیر کا بتایا عمل

اولاد کے لیے، بیٹے کے لیے، روزگار کے لیے، تبادلہ کے لیے یعنی ہر قسم پریشانی کیلئے ایک فقیر کا بتایا ہوا عمل ہے۔ دروازے پر ایک فقیر نے صدا لگائی گھر والی آٹا لے کر دروازے پر آئی دروازہ کھلا ہوا تھا فقیر کی نگاہ اندر صحن پر پڑی تو اسے ہر طرف لڑکیاں ہی لڑکیاں نظر آئیں فقیر نے آٹا لے لیا اور دعا دی پھر پوچھا بہن یہ تمام بچیاں آپ کی ہیں۔ ہاں بھائی مجھ غریب کی نو بیٹیاں ہیں بیٹے کے لیے ترس رہی ہوں کوئی ڈاکٹر، حکیم، پیر نہیں چھوڑا وظیفے کیے مزاروں پر گئی اللہ تعالیٰ سے بیٹا مانگا لیکن ہر بار بیٹے کی آس امید پر حمل ہوا مگر پیدا بیٹی ہی ہوئی۔ ہر دفعہ امید ہوتی شاید اس دفعہ اللہ تعالیٰ بیٹا عنایت کر دے نو بیٹیوں کا منہ دیکھ لیا اب تو تھک چکی ہوں مجبوراً اللہ کی رضا پر راضی ہو گئی ہوں سوچ لیا ہے کہ میرے نصیب میں بیٹا نہیں ہوگا۔ نہیں نہیں میری بہن اللہ سے ناامید نہیں ہوتے خداوند کریم ضرور تمہیں بیٹا دے گا مایوس نہ ہو۔ عورت کے ہونٹوں پر بے بسی میں ڈوبی مسکراہٹ آ گئی اب ناممکن ہے۔ اب میں مزید رسک نہیں لے سکتی۔ فقیر مسکرایا اور بولا تم نے بہت وظیفے علاج وغیرہ کیے ہونگے لیکن آج اپنے اس فقیر بابا سے وظیفہ لے لو۔ انشاء اللہ پھر جب میں آؤں گا یقیناً تیری گود میں بیٹا ہوگا بابا نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا لیے کافی دیر دعا کرتا رہا پھر وظیفہ بتایا۔ عورت نے یقین کر کے خلوص دل سے وظیفہ کیا اور اللہ کی مہربانی سے نو ماہ بعد اللہ نے اسے صحت مند بیٹا عطا کیا فقیر بابا نے کہا تھا یہ بہت ہی لاجواب وظیفہ ہے ہر مشکل کے لیے پڑھا جا سکتا ہے۔ بہن تجھے اللہ تعالیٰ انشاء اللہ بیٹا دے گا تجھے اجازت ہے یہ وظیفہ تم ہر مشکل میں پھنسے شخص کو بتا سکتی ہو اب وہ خاتون کئی لوگوں کو یہ وظیفہ بتا چکی ہے اور اللہ کے حکم سے ہر ایک کا کام سنور گیا ہے۔ اسے بابا کا شدت سے انتظار ہے وہ فقیر بابا کو انعام اکرام دینا چاہتی ہے لیکن ابھی تک پھر بابا نہیں آیا۔ سوچتی ہے خدا نہ کرے بابا فوت نہ ہو گیا ہو۔ کافی بوڑھا بھی تو تھا واللہ عالم لیکن اسے ابھی بھی امید ہے بابا آئے گا اس نے کہا تھا میں آؤنگا تیری گود میں بیٹا ہوگا۔ میری گود میں بیٹا تو اللہ کے فضل و کرم سے آ گیا۔

کینسر کی مریضہ پر عمل آزمایا تو حیران رہ گئی

نجانے فقیر بابا کہاں گم ہو گئے۔ اسی عورت کی ہمسائی سخت بیمار تھی ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا انہوں نے کہا تھا کہ ایک مہینہ بمشکل یہ جی سکے گی کینسر آخری سٹیج تک پہنچ گیا ہے وہ اس کی عیادت کے لیے گئی‘ اس کی حالت سخت خراب تھی‘ ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو چکی تھی اچھی خاصی گوری ہوا کرتی تھی اب کالا سیاہ رنگ ہو چکا تھا۔

بے بسی سے پڑی تھی بولنا بھی اس کے لیے مشکل تھا اسے بہت ترس آیا اور فوراً اسے وظیفہ یاد آ گیا اس کے میاں سے بولی بھائی ایک وظیفہ ہے اللہ کے کلام میں بڑا اثر ہوتا ہے تم وہ وظیفہ کرنا چاہو تو میں تمہیں بتا دوں‘ اس نے کہا ضرور میری بہن مجھے وظیفہ بتاؤ ڈاکٹروں نے تو ہمیں مایوس کر دیا ہے۔ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں شاید اللہ رحم کر دے میں وہ وظیفہ ضرور کروں گا پھر اس شخص نے بھی سچی نیت سے وظیفہ کیا آہستہ آہستہ پہلے اس مریضہ کی رنگت صاف ہوئی پھر وہ متواتر صحت مند ہوتی چلی گئی جسے ڈاکٹروں نے کہا تھا مہینہ جی لے تو بڑی بات ہے وہ تین مہینے کے اندر صحت یاب ہو کر چلنے پھرنے کے قابل ہو گئی۔ گھر کا سارا کام سنبھال لیا اس کے میاں نے دل کھول کر صدقے کیے بیوی کے صحت مند ہونے پر شکرانے کے نفل ادا کیے یہ ہماری آنکھوں دیکھے واقعات ہیں وہ نو بیٹیوں والی خاتون بھی ہماری ملنے والی ہے اور مریضہ کا خاوند بھی ہمارے ہمسائے میں رہتا ہے اب وظیفہ درج ذیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا اسم پاک ’’یَاعَزِیْزُ‘‘ سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا ہے اس کا طریقہ یہ ہے بروز بدھ فجر کی نماز کے بعد شروع کرنا ہے جمعرات کو بھی پڑھنا ہے بروز جمعہ نماز جمعہ سے پہلے پہلے ختم کر لینا ہے دن رات ہر وقت پڑھ کر جمعہ کو ختم کرنا ہے۔ پرہیز۔ وظیفے کے تین دن کے اندر نمک بالکل نہیں کھانا صرف میٹھا کھانا ہے یا پھیکا کھانا نمک سے مکمل پرہیز کرنا۔ گاجر کا حلوہ، (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 جون بروز بدھ عصر تا مغرب۔ 19 جون بروز جمعہ صبح 10 بجے سے لیکر 11 بج کر 13 منٹ تک۔ 28 جون بروز اتوار رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 19 منٹ تک۔ یَاشَافِیُ یَا کَافِیُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، ورد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا‘ اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

نابینا موچی کی نظر کیسے لوٹ رہی ہے؟ جان لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے علاقہ میں ایک موچی بھائی ہیں‘ جوتے ان سے سلائی کروائے‘ تو مجھے پتہ چلا کہ اسکی نگاہ انتہائی کمزور ہو چکی ہے‘ میں نے اس سے پوچھا کہ تمہاری نظر شروع سے ہی اتنی کم ہے کہ بعد میں ہوئی۔ کہنے لگا: پہلے میری نظر ٹھیک تھی اب بالکل ختم ہو گئی۔ میں نے اس کو بتایا کہ تم سارا دن یہاں بیٹھے سورۃ الم نشرح پڑھا کرو‘ اس نے پڑھنا شروع کر دیا ابھی پتہ چلا ہے کہ اس آدمی کی نظر دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔ (مشکور حسین‘ اسلام آباد)

نُورتن شفاء
بواسیر‘ الرجی‘ بڑھا پیٹ‘ اٹھرا‘ خون کی خرابی‘ پھوڑے پھنسی‘ شوگر کے زخم‘ رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو‘ دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
150/روپے

ایک آنکھ والی عظیم ماں اور بدبخت بیٹا

رابعہ، لاہور

ایک آدمی بیان کرتا ہے کہ میری ماں کی ایک آنکھ تھی وہ لوگوں کے گھروں میں کھانا پکا کر اور سکولوں میں صفائی کرکے اپنا اور میرا پیٹ پالتی تھی۔ ایک دن میں اپنے دوستوں کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف تھا کہ میری ماں میرے لیے کھانا لیکر ادھر آگئی۔ میں نے جب اپنے دوستوں کے سامنے اپنی ایک آنکھ والی ماں کو دیکھا تو شرم کے مارے میرا برا حال ہوگیا کہ لوگ کیا کہیں گے کہ اس کی ماں کی ایک آنکھ ہے۔ میں اپنی ماں سے اس کی ایک آنکھ کی وجہ سے بہت نفرت کرتا تھا اور اسے دور بھگا دینا چاہتا تھا۔ میری ایک آنکھ والی ماں میرے لیے ایک ڈراؤنا خواب بن گئی تھی جیسے میں جلد از جلد بھول جانا چاہتا تھا۔ میری ایک آنکھ والی ماں نے ہمیشہ مجھے اچھی تعلیم دلوائی میں جوان ہوکر سنگاپور چلا گیا وہاں میں نے بہت دولت کما کر ایک نہایت عالی شان گھر تعمیر کرلیا پھر میری شادی ہوگئی اور اللہ تعالیٰ نے مجھے اولاد سے بھی نوازا۔ ان خوشیوں میں اور عیاشیوں میں گم ہوکر میں اپنی ایک آنکھ والی ماں کو بھول چکا تھا۔ ایک دن گھر کے دروازے پر دستک ہوئی اس وقت کون ہوسکتا تھا یہ سوچتے ہوئے میں نے دروازہ کھولا تو سامنے کا منظر دیکھ کر میرا سر چکرا گیا اپنی ماں کو دیکھ کر میں غصے کے عالم میں چیخا تم یہاں کیا کرنے آئی ہو؟ میری آواز سن کر میرے بچے بھی باہر آگئے اور اس عورت کو دیکھ کر ہنسنے لگے۔ میں نے بھی غصے کی حالت میں اپنی ماں کو برا بھلا کہا اور دور چلے جانے کو کہا لیکن اس عورت کے چہرے پر کرب کے تاثرات تک نہ تھے اور نہ ہی اس نے اپنے دفاع کے لیے ایک لفظ بھی کہا وہ کمال مہارت سے دکھوں کو اپنے سینے میں چھپانے کا ہنر جانتی تھی۔ اس لیے مسکراتی ہوئی چلی گئی میں اس واقعے کو بھی ماضی کا حصہ سمجھ کر بھول گیا۔ کئی سال بعد مجھے ایک خط موصول ہوا جس میں سکول کے تمام پرانے طلباء کو مدعو کیا گیا تھا۔ میرے دل میں بھی سکول کی محبت جاگ اٹھی اور میں کاروباری دورے کے بہانے اسی جگہ چلا آیا جہاں میں پلا بڑھا تھا۔ چلتے چلتے میں اس جھونپڑے کے پاس پہنچ گیا جہاں میں اپنی ایک آنکھ والی ماں کے ساتھ رہتا تھا۔ میں نے حوصلہ کرکے دروازہ بجانا شروع کردیا لیکن کوئی مانوس آواز میری سماعتوں سے نہ ٹکرائی۔ میں اس وقت صحرا میں تنہا مسافر کی طرح کھڑا تھا۔ میں نے ہمسایوں سے ماں کے بارے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ بہت عرصہ پہلے وہ عورت فوت ہوچکی ہے اور تمہارے لیے ایک خط چھوڑا ہے میں نے جلدی سے وہ خط کھولا اور پڑھنے لگا میری ماں نے لکھا تھا۔

میرے پیارے بیٹے جب تم چھوٹے تھے ایک حادثے میں تمہاری ایک آنکھ ضائع ہوگئی تھی۔ میرے لیے بطور ماں یہ ناقابل برداشت تھا کہ عمر کی منزلیں اسی طرح ایک آنکھ کے ساتھ طے کرو میں چاہتی تھی کہ تمہارے دوست تمہارا مذاق نہ اڑائیں۔ میرے پاس تمہیں ان تمام مشکلات سے بچانے کا ایک ہی حل تھا اس لیے میں نے تمہاری محبت میں اپنی ایک آنکھ تمہیں دے دی۔ تاکہ تم دنیا کو ایک آنکھ سے نہیں بلکہ میری آنکھوں سے دیکھ سکو میرے پاس یہی ایک طریقہ تھا کہ تم ہمیشہ مسکراسکو اور ترقی کی منزلیں طے کرو۔ لیکن ایسی دولت کا کیا فائدہ جو انسان کو اپنے ماں باپ سے غافل کردے اور وہ اس بے فائدہ سی چیز کی وجہ سے وہ ایک نہایت عظیم نعمت سے محروم ہوجائے جو کہ صرف دنیا میں ایک بار ملتی ہے اور صرف قسمت والے ہی مستفید ہوسکتے ہیں۔ میرا سر شرم اور ندامت سے چکرا گیا' مجھے خود سے نفرت محسوس ہورہی تھی' میں خود ہی کھڑا اپنا چہرہ اور بال نوچ رہا تھا' مگر اب کیا ہوسکتا ہے؟ سوائے ندامت اور شرمندگی کے۔

آئیے! پیارے بچو آپ کو جنت کا راستہ بتائیں

دھماکے کی آواز اتنی زیادہ تھی کہ کئی بچوں کی چیخیں نکل گئیں۔ ڈرائیور نے جلدی سے سکول بس کو بریک لگا کر سڑک کی بائیں جانب روکا تو پتہ چلا کہ بس کے پچھلے ٹائروں میں سے ایک ٹائر پھٹ گیا ہے جس سے دھماکے کی آواز پیدا ہوئی ہے۔ بس کی چھت پر اضافی ٹائر تبدیل کرلیا تو سکول بس دوبارہ سڑک پر رواں دواں ہوگئی۔ احمد سکول سے آدھا گھنٹہ تاخیر سے گھر پہنچا تو اس کے باقی بہن بھائی کھانے کی میز پر اس کا انتظار کررہے تھے۔ طارق نے کھانے کی میز پر احمد کو بلایا۔ احمد نے جلدی سے یونیفارم تبدیل کی۔ منہ ہاتھ دھو رہا تھا کہ نماز ظہر کی اذان سنائی دینے لگی اذان سنتے ہی احمد وضو کرنے لگا تاکہ کھانے سے پہلے مسجد میں جاکر نماز ظہر ادا کرے۔ وضو کے بعد احمد کھانے کی میز کی طرف بڑھنے کی بجائے مسجد جانے کے لیے گھر کے گیٹ کی جانب جانے لگا تو امی نے کہا'' تمہارے بھائی بہن کب سے کھانے کی میز پر تمہارا انتظار کررہے ہیں۔ کھانا ٹھنڈا ہورہا ہے اس لیے کھانے کے بعد مسجد چلے جانا'' احمد یہ بات سن کر پریشان ہوگیا ایک طرف نماز کا وقت ہورہا تھا دوسری جانب کھانا ٹھنڈا ہورہا تھا ایسے میں ایسے یاد آیا کہ ایک روز خطبہ جمعہ میں امام مسجد نے پیارے نبی ﷺ کی ایک حدیث سنائی تھی۔ کہ جب کھانا سامنے آجائے تو نماز بعد میں پڑھی جاسکتی ہے۔ یہ سوچ کر احمد اپنے دوسرے بھائی بہنوں کے ساتھ کھانے کی میز پر بیٹھ گیا اس نے اطمینان سے کھانا کھایا اس کے بعد بڑے بھائی طارق کے ساتھ مسجد پہنچا تو نماز باجماعت ہوچکی تھی۔ چند لوگ فرض نماز کے بعد سنتیں اور نوافل ادا کررہے تھے کچھ لوگ ایک دائرے میں بیٹھے ہوئے تھے ایک صاحب کھڑے ہوکر ان کو کچھ بتا اور سمجھا رہے تھے۔'' بھائی جان! دائرے میں بیٹھے ہوئے لوگ سنتیں اور نوافل کیوں نہیں ادا کررہے، مسجد تو صرف نماز پڑھنے کے لیے ہوتی ہے۔ یہ لوگ کیا کررہے ہیں۔ احمد نے پوچھا، احمد میاں! تمہارے سوال کے جواب میں ایک واقعہ پیارے نبی ﷺ کا سناتا ہوں۔ ایک مرتبہ رحمت دوجہاں ﷺ مسجد نبوی میں تشریف لائے تو آپ ﷺ نے دیکھا کہ کچھ لوگ نوافل ادا کررہے ہیں اور کچھ لوگ دینی علم سیکھنے اور سکھانے کے لیے جمع ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے دیکھ کر فرمایا: نوافل ادا کرنے والے بھی اچھے ہیں لیکن وہ لوگ جو علم سیکھ اور سکھلا رہے ہیں (اللہ کی باتیں سکھلا رہے ہیں) ان کا درجہ نوافل ادا کرنے والوں سے کئی گنا زیادہ ہے''۔ علم حاصل کرنے کی اتنی زیادہ اہمیت میں نے تو کبھی سوچا بھی نہیں تھا احمد نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔ احمد میاں! علم کی اتنی زیادہ فضیلت اور اہمیت ہے کہ تم اس کا اندازہ بھی نہیں لگا سکتے۔ قرآن مجید کی بہت ساری سورتوں میں اس کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ جیسا کہ سورۃ المجادلہ میں ارشاد ربانی ہے ''تم میں جو لوگ ایمان رکھنے والے ہیں اور جن کو علم بخشا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو بلند درجے عطا فرمائے گا''۔ بھائی جان نے قرآنی آیت (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

جوش جوشاندہ
الرجی کھانسی ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد دماغی بوجھ سستی کاہلی بخار ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

تعلیمی اداروں میں جنات طالب علم! سچے واقعات

اسماء حبیب، مانسہرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عبقری اور عبقری والوں کو دنیا و آخرت میں کامیاب کرے۔ (آمین) **تحریر نمبر 1:** میں ایک سکول میں ناظرہ پڑھاتی ہوں' وہاں کی بڑی باجی نے اپنے بھائی کے بارے میں بتایا کہ میرے بھائی نے عالم کا کورس شیخوپورہ کے ایک ادارہ سے کیا ہے اور وہ ہوسٹل میں رہتے تھے۔ ان کے کلاس فیلو میں ایک جن جو کہ انسانی روپ میں پڑھتا تھا اور یہ بات کسی کو بھی وہاں معلوم نہ تھی۔ ایک دن اس کا راز اس طرح فاش ہوا کہ میرے بھائی کے استاد نے اس جن کے بچے کو ایک دن اپنی پگڑی اتار کر دی کہ یہ دھو کر کہیں ڈال دو جب سوکھ جائے گی تو مجھے لا دینا۔ اس کے بعد بہت زیادہ وقت گزر گیا تو میرے بھائی کے استاد نے دوسرے بچوں سے پوچھا کہ میں نے فلاں بچے کو اپنی پگڑی دھونے کے لیے دی تھی۔ اب تک سوکھ گئی ہوگی مگر اس نے میری پگڑی ڈالی کہاں ہے۔ دوسرے بچوں کو بھی نہیں پتہ تھا 'اچانک استاد کی نظر اوپر گئی تو انہوں نے دیکھا کہ (اس ادارہ میں بہت اونچے اونچے درخت تھے) تو اس جن نے وہ پگڑی کچھ درختوں کی چوٹیوں پر پھیلا کر ڈالی ہوئی تھی' استاد ساری بات سمجھ گئے پھر اس جن نے وہاں اوپر سے ہی پگڑی رول کر کے اپنے استاد کی طرف پھینک دی اور چلا گیا پھر کبھی واپس نہ آیا۔ **تحریر نمبر 2:** یہ بات بھی اس ادارہ کی ہے کہ ایک مرتبہ رات کو ہاسٹل میں رہنے والے سارے طالب علم اپنے کمرے میں تھے اور سب اپنے اپنے بستر پر بیٹھے مطالعہ کر رہے تھے جب سونے کا وقت آیا تو سب ایک دوسرے کو (لائٹ سوئچ دور ہونے کی وجہ سے) کہہ رہے تھے کہ تم لائٹ جا کر بند کرو مگر کوئی اٹھنے کو تیار نہ تھا۔ آخر ایک جن (جو انسانی روپ میں پڑھتا تھا) اس نے وہیں بیٹھے بیٹھے لائٹ کے سوئچ تک اپنا ہاتھ پہنچا کر لائٹ بند کر دی تو سارے بچے حیران اور سہم گئے۔

تحریر نمبر ۳: اور اسی ادارہ میں کچھ ایسے جنات بھی پڑھتے تھے جو کسی روپ میں بھی سامنے نہیں آتے تھے اور ان خفیہ جنات کا اس طرح پتہ چلتا تھا کہ جب میرے بھائی اور اس کے ساتھی چھٹی کے وقت کمروں کی صفائی کرتے تو سب ڈیسک تو دیوار کے ساتھ جوڑ کر اوپر نیچے لگا دیتے اور کمروں کو تالا لگا کر چلے جاتے لیکن جب صبح کلاس شروع ہونے سے پہلے جب تالا کھولتے تو کمروں میں کلاس کی نوعیت کے مطابق سلیقے سے سب ڈیسک پہلے سے رکھے ہوتے تھے۔

جناتِ نکاح ہمارے بزرگ سے پڑھواتے

مسز وقار، راولپنڈی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ ہم بہت شوق سے پڑھتے ہیں' میرے پاس عبقری قارئین کیلئے بالکل سچی داستان ہے جو کہ جنات کے متعلق ہے۔ ضرور پڑھیے! ہمارے بزرگ دینی علوم میں دلچسپی رکھتے تھے۔ علاقے کے لوگوں کو دینی و شرعی معاملات میں رہنمائی بھی کرتے تھے' نکاح پڑھا دیتے، جنازے' امامت وغیرہ کراتے تھے لوگ بہت عزت کرتے تھے۔ باقی وقت وہ اپنی عبادات اور روزی کمانے میں صرف کرتے۔ ایک دن ہمارے یہ بزرگ سو رہے تھے آدھی رات کو ایک جن نے اٹھایا کہ براہ مہربانی آپ ہمارا نکاح پڑھا دیجئے' وہ اکثر جنات کے ہاں بھی جاتے تھے' چلے گئے نکاح پڑھایا اور کھانا بھی نہ کھایا اور نہ ہی کچھ نقد لیا مگر جنات اصرار کرتے رہے کہ کچھ تو لے لیں۔ آخر کار انہوں نے ایک سوت کا گولہ دے دیا کہ قاضی صاحب یہ تحفہ تو رکھ ہی لیجئے مگر کسی کو بھی نہ بتائیں کہ کس نے دیا ہے۔ گھر آ کر سو گئے صبح بیوی صاحبہ نے پوچھا رات کو آپ بستر پر نہیں تھے کہیں گئے تھے؟ بولے کام سے گیا تھا۔ سوت کا گولہ دیا کہ یہ کسی نے تحفہ دیا ہے۔ پرانے دور میں سوت دے کر اس کی دریاں بنائی جاتی تھیں انہوں نے بنوانے کو دیئے تو بہت ساری چیزیں بن گئیں مگر سوت ختم نہ ہوا' اب اہلیہ پوچھنے لگیں یہ کہاں سے آیا؟ یہ تو ویسے کا ویسا ہے ختم ہی نہیں ہو رہا۔ بابا جی کہتے تمہیں کیا غرض' جب اہلیہ نے پیچھا نہ چھوڑا تو انہوں نے مجبوراً بتا دیا کہ جنات نے دیا تھا۔ اس کے بعد سوت کا گولہ غائب ہوا اور جب اس سوت کے دھاگے سے بنی دریاں دیکھیں تو وہ بھی سب بھسم ہو چکیں تھیں۔

کوئی منزل قبر سے زیادہ خوفناک نہیں دیکھی

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ جب کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو بہت رویا کرتے تھے، حتیٰ کہ آپ رضی اللہ عنہ کی ڈاڑھی مبارک آنسوؤں سے تر ہو جاتی تھی، آپ رضی اللہ عنہ سے اس سلسلہ میں معلوم کیا گیا کہ آپ رضی اللہ عنہ جنت یا دوزخ کے ذکر پر اس قدر نہیں روتے اور قبر پر اس قدر روتے ہیں؟ تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قبر آخرت کی منزلوں میں سے اوّل ہے، پس! اگر اس سے نجات پا گیا تو اس کے بعد کی منزلیں اس سے آسان ہوں گی اور اگر اس سے نجات نہیں پایا تو اس کے بعد کی منزلیں اس سے زیادہ سخت ہوں گی۔ نیز رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے کوئی منظر قبر سے زیادہ خوفناک نہیں دیکھا۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

زندگی گزارنے کے دو راستے

دنیا میں زندگی گزارنے کے دو راستے ہیں برائی کا راستہ اور اچھائی کا راستہ ان دو راستوں کی خصوصیات درج کی جاتی ہیں۔ **برائی کا راستہ:** یہ راستہ خوبصورت ہوتا ہے اور شارٹ کٹ بھی انسان اس راستے پر چل کر بہت جلد دولت اکٹھی کر لیتا ہے اور آسودہ حال ہو جاتا ہے لیکن سفر کے درمیان یا آخر میں یہی آسودگی، یہی اختیار اور یہی دولت اس کی سب سے بڑی ناکامی بن جاتی ہے، اسے کوئی بیماری لگتی ہے، بیماری اس کی دولت کو نگل جاتی ہے کچھ مال بچ جائے تو نالائق اولاد اسے اجاڑ دیتی ہے آخر میں وہ انسان اور اس کا خاندان زیرو پوائنٹ پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ **اچھائی کا راستہ:** یہ راستہ ذرا طویل، مشکل اور کٹھن ہوتا ہے۔ قدم قدم پر رکاوٹیں کھڑی ہوتی ہیں اس راستے پر چلنے والے لوگ دوران سفر زیادہ سہولتیں حاصل نہیں کر سکتے۔ انہیں فاقے بھی کاٹنے پڑتے ہیں۔ اپنی خواہشات اور حسرتوں کی قربانی بھی دینی پڑتی ہے۔ شیطان جگہ جگہ ان کے ایمان پر ڈاکے ڈالتا ہے لیکن سفر کے آخر میں وہ دنیا کی تمام نعمتیں پاتے ہیں انہیں دولت بھی ملتی اور عزت بھی، شہرت بھی نیک نامی بھی اور سکون قلب بھی۔ (غلام قادر ہراج، جھنگ)

مشروب عبقری افزا
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سوفیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیارشدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

ساس پر ظلم! انجام انتہائی دردناک کینسر کے ساتھ موت

(ڈاکٹر عبدالغنی فاروق، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہا ہوں اور اس میں وقتاً فوقتاً لکھتا بھی ہوں اور الحمدللہ! میری تحریری شائع بھی ہوتی ہیں اور میں مطمئن بھی ہوں کہ میرے قلم سے نکلے الفاظ سے لوگوں کو فیض مل رہا ہے۔ آج بھی حسب روایت مکافات عمل کے متعلق ایک تحریر لیکر حاضر ہوا ہوں۔ یقیناً قارئین غور فرمائیں گے۔

انتہائی حلیم الطبع آور درویش صفت عالم دین کی ضعیف العمر بیوہ نے محلے کی دو خواتین کو بتایا میری بہو نے ایک روز مجھے بازو سے پکڑا اور کھینچتی اور گھسیٹتی ہوئی اوپر کی منزل میں لے گئی اور کمرے میں مجھے زور سے پٹخ کر پھینکا اور سخت غصے میں کہا اب تم اوپر ہی رہا کرو نیچے مت آنا تم ہر معاملے میں دخل دیتی ہو زندگی حرام کردی ہے تم نے۔ اور پھر بات بات پر قہقہے لگانے والی اور ڈھولکی بجانے کی شوقین یہ خاتون پچاس سال کی عمر میں کینسر میں مبتلا ہو کر اس وقت فوت ہوگئی جب اس کی دو بیٹیوں اور ایک بیٹے کی شادیاں ابھی ہونی تھیں موت سے پہلے وہ لمبے عرصے تک شدید تکلیف میں مبتلا رہی۔ اس المناک صورتحال کو جنم دینے میں اس خاتون کے خاوند کا بھی گہرا عمل دخل ہے جو نمازوں کو کند چھری سے ذبح کرتا تھا یعنی رکوع و سجود سے گویا مذاق کرتا تھا اور خلق خدا سے جس کا رویہ مکمل بیگانگی اور رعونت پر مبنی تھا۔

بلی اور کتیا کو گولی ماری! لرزہ خیز انجام پڑھیں!

ماموں سے بدسلوکی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دوست کی تائی اماں ہیں ان کے سگے ماموں جنہوں نے شادی نہیں کی تھی وہ عملیات کا شوق رکھتے تھے وہ اپنی بہن کے گھر رہتے تھے۔ تائی اماں جب اپنی امی کے گھر ملنے گئی تو اپنے اس عامل ماموں سے کہتی باہر جاؤ میں نے کمرے کی صفائی کرنی ہے اس نے کہا بیٹی مجھے اندر بیٹھا رہنے دو باہر سردی ہے اور وہ حقہ پی رہے تھے۔ دوست کی تائی نے غصہ سے ان کا حقہ اٹھا کر باہر پھینک دیا تو ان کے عامل ماموں نے غصے سے انہیں بددعا دی کہ (ش) نہ تو اپنی گود میں لعل کھلائے گی نہ تو اس بھوری بھینس کا دودھ پیو گی۔

پھر حکیم صاحب! ایسا ہی ہوا دوست کی تائی اماں کی اولاد نہیں ہوئی اس نے ہر طرح کا علاج کروایا تعویذ لیے مزاروں پر جا جا کر کئی کئی دن گزارے ہر طرف سے مایوس اب تو بوڑھے ہو چکے ہیں اور نہ ہی تائی اماں کی بھینس کا بچہ ہوا حالانکہ انہوں نے سات سال رکھی آخر وہ بھینس فروخت کردی۔

کتیا کو گولی ماردی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ ہمارا آنکھوں دیکھا عبرت ناک واقعہ ہے' ہمارے گھر کے پاس ہی مرغی خانہ ہے کافی سال پہلے کا واقعہ ہے' ہمارا ہمسایہ جو ہماری گلی میں ہی رہتا ہے' اس کا مرغی خانے میں بہت آنا جانا تھا' وہ مرغی خانے والے کا گہرا دوست بنا ہوا تھا' دن رات مرغی خانے میں آتا جاتا تھا' مرغی خانے والے کے سب کام بھاگ بھاگ کر کرتا تھا۔ مرغی خانے کی دیواریں چھوٹی تھی تو رات کو کتیا دیوار پھلانگ کر آتی اور مرغی کھا جاتی تھی ہمارے ہمسائے نے گھر آکر بندوق اٹھائی اور جاکر کتیا کو گولی ماردی۔ حکیم صاحب! کتیا کا پیٹ پھٹ گیا اور اس کے چھوٹے چھوٹے بچے ادھر ادھر بکھر گئے کتیا موقع پر ہی مرگئی۔

بلی کو گولی ماردی

حضرت جی! اس شخص کا ایک اور واقعہ یہ بھی ہماری آنکھوں دیکھا ہے اس کے بیٹوں نے کبوتر پال رکھے تھے ایک دوبار ایسا ہوا کہ بلی آکر ان کے کبوتر پکڑ کر لے جاتی یا کھا جاتی تھی ان کو بہت غصہ آیا انہوں نے بلی کو پکڑ لیا اور لکڑی کے گلا (جس کے ساتھ گاؤں میں بھینس باندھتے ہیں) اس کے ساتھ رسی سے بلی کو باندھ دیا اور بندوق سے بلی کو گولی مارنے لگے۔ بلی کبھی ادھر بھاگتی کبھی ادھر بھاگتی ایسے لگتا جیسے منتیں کررہی ہو کہ مجھے چھوڑ دو۔ حکیم صاحب ہم بھی وہاں کھڑے تھے انہیں ذرا ترس نہیں آیا اور بلی کو گولی ماردی وہ وہاں ہی مرگئی پھر اپنے چھوٹے بیٹے سے کہا بلی کو اٹھا کر کوڑے کے ڈھیر پر پھینک دو۔ اس کے بیٹے نے بلی کو ڈھیر پر پھینک دیا۔ پھر ان کے گھر تو جیسے تباہی آگئی کچھ عرصہ بعد ان کا وہی چھوٹا بیٹا جو بلی کو ڈھیر پر پھینک کر آیا تھا اس بیٹے کا ایکسیڈنٹ ہوگیا اور وہ مرگیا پھر انہوں نے اپنی بیٹی کی چودہ سال کی عمر میں شادی کی تو ان کے ہاں بیٹی پیدا ہوئی یعنی ان کی نواسی تو وہ مرگئی کچھ عرصے بعد ان کی وہ بیٹی بھی مرگئی ان کے گھر میں شدید لڑائیاں رہنے لگی ان کے بیٹے گھر میں ذرا سی لڑائی پر ایک دوسرے کے خلاف بندوق اٹھا لیتے پھر ان کا بڑا بیٹا لڑکر علیحدہ ہوگیا۔ ان کی بیوی کی کئی کئی دن زبان بند رہتی وہ اشاروں سے بات کرتی تھی پھر کچھ عرصہ بعد اس کی بیوی بھی مرگئی۔ ان کی بڑی بیٹی ملنے آئی تھی فیصل آباد سے تو اس کی تین چار مہینے کی بیٹی بھی ان کے گھر فوت ہوگئی وہ روتی ہوئی واپس گئی۔

قبرستان میں بے زبان پر ظلم کا نتیجہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے محلے میں ایک نوجوان انتہائی خوبصورت گورا چٹا تھا۔ دور سے دیکھنے میں انگریز معلوم ہوتا تھا۔ خوشحال گھرانے سے تعلق تھا' اعلیٰ ترین سواری اور بہترین کپڑے پہنتا۔ اکثر محلے میں کہیں نہ کہیں کھڑا دوستوں سے گپ شپ میں مشغول نظر آتا۔ کافی عرصہ سے وہ مجھے نظر نہ آیا' ایک دن ایسے ہی میں نے محلے کے کریانہ والا سے پوچھا کہ فلاں جوان کدھر ہے؟ کافی عرصہ سے نظر نہیں آیا۔ کریانہ والے بھائی نے افسردہ لہجے میں کہا کہ "وہ تو پاگل ہوگیا ہے" مجھے حیرت کا جھٹکا لگا اور فوراً پوچھا وہ کیسے؟ کہنے لگے: اس کا اٹھنا بیٹھنا غلط لڑکوں میں ہوگیا' اپنے ساتھ ہروقت پستول رکھتا' ایک مرتبہ قبرستان میں کسی عزیز کی قبر پر فاتحہ خوانی کیلئے گیا' وہاں سے واپسی پر ایک بلی دور بیٹھی ہوئی تھی نجانے اس کے دل میں کیا خیال آیا' پستول نکالی اور اس کا نشانہ لیکر گولی چلادی' وہ گولی سیدھی بلی کے پیٹ میں لگی بلی کی ایک چیخ نکلی جس نے سارے قبرستان کو ہلا دیا اور وہ وہیں ڈھیر ہوگئی۔ اس نے ایک خاص انداز سے پستول کو گھمایا اور اپنی جیب میں ڈال لی۔ اسی دن شام کو گھر میں بیٹھے بیٹھے اچانک پاگل ہوگیا' دو ماہ ہوگئے ایک کمرے میں زنجیروں میں قید ہے۔ پاکی ناپاکی کا اسے کچھ علم نہیں' سارا دن چیخیں مارتا ہے' دیواروں سے سر پٹختا ہے۔

نوجوان شفاء!

- قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
- خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
- کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
- نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
- شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
- منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن

قیمت صرف-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

www.ubqari.org

اندرونی ورم کا آزمودہ علاج	شوہر محبت پر مجبور! انوکھا عمل	تمام مسائل کا ایک حل
مجھے ڈاکٹر بننے کا شوق ہے!	رنگ میرا سانولا' فکرمند امی	بھتیجے نے پریشان کر رکھا

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ' تجربہ' کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے' کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

مئی کے جوابات

1۔ محترمہ آپ نے اپنی کزن کا پوشیدہ مسئلہ شیئر کیا' یہ مسئلہ میری چچی جان کو تھا' انہوں نے عبقری دواخانہ سے علاج کروایا' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے دوا کھائی آج الحمدللہ وہ بالکل ٹھیک ہیں' آپ بھی عبقری دواخانہ کے اسسٹنٹ صاحب سے مشورہ کرلیں۔ میری چچی جان کو انہوں نے درج ذیل دوا دی تھی جو صرف عبقری دواخانہ لاہور سے ہی ہمیں ملی تھی یہ ان کا خاص نسخہ ہوتا ہے جو ایجنسی ہولڈرز کو نہیں دیا جاتا۔ آپ عبقری دواخانہ لاہور" فیروزی' خون صفاء اور خیالی" یہ تین ڈبیاں جاکر لے لیں' اندرونی ورم کیلئے انتہائی لاجواب اور تیر بہدف ہیں' ان میں دو پاؤڈر ہیں فیروزی اور خون صفاء" اور خیالی دوا گولیاں ہیں' اس ڈبی میں 90 گولیاں ہیں' سفوف کی ڈبیوں میں سے آدھی آدھی چمچ چائے والی اور دو گولی صبح اور دو گولی شام کو لیں۔ ان شاءاللہ چند ہفتوں میں فرق آپ خود محسوس کریں گی۔ (ک، لاہور)

2۔ بہن آپ کے دکھوں کا اندازہ لگانا مشکل نہیں' میاں بیوی میں محبت کیلئے انتہائی آزمودہ عمل آج عرض کررہا ہوں' آپ بھی پڑھیں اور دیگر بہنیں جنہیں ایسے مسائل ہیں وہ بھی یہ عمل کرسکتی ہیں:۔ روزانہ نماز فجر کے بعد 11 بار درود ابراہیمی، 11 بار آیت کریمہ، 11 بار سورۃ فاتحہ، 11 بار سورۃ اخلاص، 11 بار سورۃ فلق، 11 بار سورۃ الناس ہر بار بسم اللہ کے ساتھ اور 11 بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ اکتالیس سے نوے دن یقین توجہ اور دھیان سے پڑھیں۔ پھر دیکھیں کایا کیسے پلٹی ہے اور شوہر محبت پر مجبور ہوتا ہے۔ (شاہد' گجرات)

3۔ محترم آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ "معجون شفاء یابی" چند ڈبیاں مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ آپ کے تمام مسائل کا حل اسی میں ہے۔ (جویریہ' سکھر)

4۔ آپ کے تمام مسائل پڑھے' یہ وظیفہ میرا نہیں بے شمار کا آزمودہ ہے' تمام مسائل کے حل کیلئے سارا دن تمام گھر یہی پڑھے۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ مستقل مزاجی سے کیجئے۔ انشاءاللہ مسائل حل ہوجائینگے۔ (زبیر آفتاب' راولپنڈی)

جون کے سوالات

1۔ مجھے ڈاکٹر بننے کا بہت شوق ہے ایف ایس سی اچھے نمبروں سے پاس کرنے کے بعد میں نے اس سال انٹری ٹیسٹ دیا تو نمبر کم آئے اب میں اگلے سال کے لیے تیاری کررہی ہوں برائے مہربانی مجھے کوئی اچھا سا وظیفہ یا عمل بتادیں جو میں کروں اور میرا انٹری ٹیسٹ کلیئر ہوجائے۔ (آ۔ لاہور)

2۔ میرا رنگ گہرا سانولا ہے اور چہرے پر بال بھی ہیں میری امی کو میری بہت فکر رہتی ہے۔ بازاری کریمیں استعمال کرنے سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا الٹا چہرے پر دانوں میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ برائے مہربانی مجھے کوئی اچھی سی کریم، کورس یا دوائی جو بھی ہو بتادیں۔ (فاخرہ' اسلام آباد)

3۔ محترم قارئین السلام علیکم! میری عمر 59 سال ہے' مجھے دو بیماریاں ہیں بہت علاج کروایا لیکن ٹھیک نہیں ہوا۔ ایک بیماری یہ ہے کہ میرے معدے میں گیس ہے' کوئی بھی چیز کھاتا ہوں تو گیس پیدا ہوجاتی ہے' وضو برقرار نہیں رکھ سکتا' دوسری بیماری یہ ہے کہ طویل عرصہ سے جریان' احتلام کی بیماری رہی اور اب بھی ہے۔ مردانہ اور جسمانی کمزوری شدید ہے' معدہ کی دوا استعمال کرتا ہوں تو کمزوری شدید ہوجاتی ہے اگر کمزوری کیلئے طاقت کی دوا استعمال کرتا ہوں تو معدہ میں شدید تکلیف شروع ہوجاتی ہے۔ میں مستقل کوئی دوا استعمال نہیں کرسکتا۔ میرے لیے کوئی نسخہ تجویز فرمائیں تاکہ میں صحت مند زندگی گزار سکوں۔ (ح۔ خ' پشاور)

4۔ میرا بھتیجا جس کا نام عمران ہے' اس بچے کو بچپن ہی سے بیماری ہے کہ بستر پر یا زمین پر لیٹ کر چکر لگاتا ہے' جتنا بھی منع کرو منع نہیں ہوتا' بولتا بھی بہت کم ہے' لفظ بولنا نہیں آتا' زبان کو روک کر بولتا ہے' بات کو سمجھتا نہیں' کبھی کبھی بہت زیادہ تنگ کرتا ہے' انتہائی ضدی ہے' بہت زیادہ ضد کرتا ہے' بڑے بہن بھائیوں کو مارتا ہے' چیخیں بہت مارتا ہے' کبھی کبھی ابنارمل بچوں کی طرح ہاتھ پاؤں کو موڑ لیتا ہے۔ ہر وقت بیمار رہتا ہے' الرجی اکثر رہتی ہے' بھوک نہیں لگتی' قد بھی نہیں بڑھ رہا۔ اس کیلئے کوئی وظیفہ یا دوا بتایئے۔ (پوشیدہ' ساہیوال)

مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: علامہ ابوعون حید رنقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہم اہل بیتؓ کی محبت کو لازم پکڑو پس وہ شخص جو اس حال میں اللہ سے (وصال کے بعد) ملا کہ وہ ہم سے محبت کرتا ہو تو وہ ہماری شفاعت کے وسیلہ سے جنت میں داخل ہوگا اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں مجھ محمد (ﷺ) کی جان ہے کسی بھی شخص کو اس کا عمل ہمارے حق کی معرفت حاصل کیے بغیر فائدہ نہیں دے گا۔ (امام طبرانی)۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میں درخت ہوں اور فاطمہؓ اس کے پھل کی ابتدائی حالت ہے اور علیؓ اس کے پھول کو منتقل کرنے والا ہے اور حسنؓ اور حسینؓ اس درخت کا پھل ہیں اور اہل بیتؓ سے محبت کرنے والے اس درخت کے اوراق ہیں وہ یقیناً یقیناً جنت میں (داخل ہونے والے) ہیں۔ (امام دیلمی)

آئی اسپیشلسٹ نے آپریشن بتایا' لونگ سے آنکھ ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درج ذیل ٹوٹکے میں نے خود آزمائے ہیں' بہت فائدہ ہوا ہے۔

پہلا ٹوٹکہ: میری بیٹی کی عمر تین سال کی تھی' اس کی پلکوں کے پاس دانہ ہوگیا تھا' بہت علاج کروایا مگر ڈاکٹر نے کہا آنکھ کا آپریشن ہوگا وہ بھی میجر آپریشن' ہم بہت پریشان تھے' مغل آئی ہسپتال میں بھی چیک کروایا وہاں بھی آپریشن بتایا پھر میری خالہ نے مجھے بتایا کہ گرم مصالحہ کی لونگ پانی کے ساتھ زمین پر گھس کر اس پانی کے ساتھ زمین میں گھس کر اس کا پانی دانے پر لگایا' تین دن میں دانہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔

2۔ میری دادی مرحومہ درد کی جگہ پر سرسوں کے تیل میں ایک چائے کا چمچ چونا اور ایک چائے کا چمچ ہلدی اچھی طرح پکا کر سوتے وقت حسب برداشت گرم لگا کر باندھ دیتیں' دو تین دن میں درد ٹھیک ہوجاتا تھا' میں نے یہ دوا بنانی انہی سے سیکھی تھی' مرہم تب استعمال کریں جب دوا پک کر لال ہوجائے۔ (مسز ماجد شکیل' لاہور)

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصے سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' تھیچش میں خون آرہا ہو' نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

اتنی کمزوری تھی کہ لوگ سمجھتے شوہر نشہ کرتے ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے آپ کیلئے اور آپ کے دواخانہ میں جو مخلصین خدمت خلق میں لگے ہوئے ہیں ان کیلئے دل سے دعا گو ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اور ان سب کی عمر میں برکت عطا فرمائے اور سب کے علم و عمل میں بھی اضافہ و برکت عطا فرمائے۔ آمین! ۔میرے شوہر کی طبیعت کافی عرصہ سے بہت خراب تھی‘ کمزوری اتنی زیادہ تھی کہ لگتا تھا کہ ہینگر پر کپڑے لٹکائے ہوئے ہیں‘ لوگ میرے شوہر کا بہت مذاق اڑاتے‘ بعض رشتہ دار خواتین تو مجھ سے ہر محفل میں ایک ہی بات پوچھتیں کہ کیا تمہارا شوہر نشہ کرتا ہے؟ کون سا نشہ کرتا ہے؟ میں ان کو یقین دلاتی کہ ایسی کوئی بات نہیں وہ کوئی نشہ نہیں کرتے۔ میرے شوہر خود بہت پریشان تھے اور احساس کمتری کا شکار ہو چکے تھے بلکہ بے شمار ڈاکٹرز اور نام نہاد حکماء کی ادویات کھا کھا کر اپنے معدہ کا بیڑہ غرق کر چکے تھے۔ حالت اتنی خراب ہو چکی تھی کہ کام پر بھی نہ جا پاتے اور گھر چارپائی سے ہی لگ گئے تھے۔ مجھے میری بڑی بہن نے عبقری دواخانہ کا بتایا‘ شوہر سے بات کی تو وہ جانے کو تیار ہی نہ تھا کیونکہ ان کا یقین ہر کسی سے اٹھ چکا تھا‘ بمشکل ان کو راضی کیا اور عبقری دواخانہ میں لائی۔ مجھے وہ تاریخ آج بھی یاد ہے وہ 11 فروری کا دن تھا‘ ہم نے اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروایا انہوں نے ہمیں عبقری دواخانہ کی ”فشاری‘ اکسیر البدن اور روحانی پھکی“ استعمال کرنے کیلئے دی‘ میرے شوہر کافی مطمئن گھر لوٹے اور دوا کا استعمال شروع کر دیا‘ چند دن دوائی کے استعمال سے میرے شوہر کی صحت پہلے کی نسبت بہت بہتر ہو گئی۔ ماشاء اللہ جو علاج اسسٹنٹ صاحب نے شروع کیا وہ کامیاب رہا۔ تین ماہ ہوئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو صحت عطا فرمائی ہے۔ جب سے عبقری کی دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ادویات کا استعمال کیا ہے صحت بھی ٹھیک ہو گئی ہیں اور کام پر جانا بھی شروع کر دیا ہے۔ اللہ کا شکر ہے میں جب بھی انہیں دیکھتی ہوں دل سے عبقری کو دعائیں دیتی ہوں۔ اب جب بھی میرا کوئی رشتہ دار بہن بھائی بیمار ہوتا ہے تو میں فوراً اس کو عبقری دواخانہ جانے کا کہتی ہوں کیونکہ مجھے عبقری کی خالص ادویات پر پورا یقین ہے۔ عبقری کی چند ادویات تو میرے گھر میں ہر وقت موجود رہتی ہے۔ اس کے علاوہ عبقری کی تمام ادویات سستی ہیں جو ہر غریب آسانی سے خرید سکتا ہے اور دوائی کی مقدار بھی اتنی ہوتی ہے کہ بعض ادویات تو مہینوں چلتی ہیں۔ محلے میں کسی کو پیٹ درد بھی ہو تو وہ میرا دروازہ کھٹکھٹاتے ہیں اور میں انہیں عبقری دواخانہ کی ہاضم خاص تھوڑی سی دے دیتی ہوں انہیں اللہ کریم شفاء عطا فرما دیتے ہیں۔ (زلیخاں‘ لاہور)

کزن کے پوشیدہ مسائل 180 روپے میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کی گزشتہ تین ماہ سے قاریہ ہوں‘ اس رسالے کی وجہ سے مجھے بہت روحانی طور پر سکون ملا ہے‘ میں اپنی ہر پریشانی کیلئے عبقری پر موجود وظائف کو پڑھتی ہوں جس سے میری پریشانی دور ہو جاتی ہے۔ میری ایک کزن کو کچھ پوشیدہ مسائل تھے جس کی وجہ سے اسے شدید لیکوریا بھی ہو گیا‘ اس کے جسم پر غیر ضروری بال بھی آ گئے‘ تھوڑا سا کام کر کے تھک جاتی‘ کمزوری انتہائی بڑھ گئی‘ دل کی دھڑکن بیٹھے بیٹھے بڑھ جاتی‘ اس نے مجھے اپنا مسئلہ بتایا تو میں نے اسے عبقری دواخانہ کی جوہر شفاء مدینہ اور روحانی پھکی کھانے کو کہا۔ اس نے مجھ سے ان ادویات کی قیمت پوچھی تو میں نے حساب کر کے بتایا کہ تقریباً بیس دن کی دوا 180 روپے کی بنے گی تو ہنسنا شروع ہو گئی کیونکہ اس سے پہلے وہ ایک ایک ہفتے کی ہزاروں کی میڈیسن کھا چکی تھی اور اسے وقتی فائدہ بھی نہ ہوا تھا‘ مگر میرے عبقری پر اعتماد کو دیکھتے ہوئے اس نے یہ دونوں ادویات عبقری دواخانہ کی قریبی ایجنسی سے منگوا استعمال شروع کر دیا‘ صرف ایک ایک ڈبی کے استعمال سے ہی اس کی کمر کا درد ختم ہو گیا‘ اسے لیکوریا کا مرض ختم ہو گیا‘ اسے الرجی اور زکام ہو جاتا تھا وہ بھی ٹھیک ہو گیا۔ واقعی یہ کمال ہے‘ جہاں ہزاروں کی ادویات ناکام ہو گئیں وہ عبقری دواخانہ کی 180 روپے کی پھکیاں کام کر گئیں۔ (ت، منڈی بہاؤالدین)

دل کی بے ترتیب دھڑکن ٹھیک ہو گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ آپ نے اتنا عظیم رسالہ نکالا۔ جب سے یہ رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے زندگی میں سرور اور سکون دونوں آ گئے ہیں‘ کوئی بھی پریشانی اب پریشانی نہیں رہتی‘ ادھر کوئی پریشانی آئی عبقری رسالہ پڑھا اور اس مسئلہ کا حل سامنے نظر آ جاتا ہے۔ عبقری رسالہ سے پڑھ کر بے شمار لوگوں کو ٹوٹکے اور نسخہ جات بتائے جس نے بھی عمل کیا آج اسے صحت مند اور خوش دیکھتا ہوں۔ آج میں اپنا ایک مشاہدہ لیکر قارئین عبقری کے سامنے حاضر ہوا ہوں‘ یقیناً قارئین بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب عبقری مجھے نیا نیا ملا تھا‘ میرے ساتھ ایک مسئلہ تھا کہ میرے دل کی دھڑکن بہت تیز رہتی تھی اور کبھی کبھی تو ایسے لگتا تھا جیسے میرا دل باہر آ رہا ہے‘ اس کیلئے میں نے پہلے ہومیو اور پھر ایلوپیتھک کی ادویات کھانا شروع کیں جس کی وجہ سے میرے معدے میں گرمی ہو گئی اور میرا کھانے پینے کا نظام بھی خراب ہو گیا۔ میرے ہاتھ پاؤں سرخ ہونا شروع ہو گئے تھے۔ میں انتہائی پریشان تھا‘ چار قدم بھی نہ چل پاتا تھا‘ سیڑھیاں چڑھنا میرے لیے وبال جان سے کم نہ تھا‘ مجھے لگتا تھا کہ میری موت اب قریب ہے‘ مجھے کوئی بہت بڑی دل کی بیماری لگ گئی ہے‘ مگر عبقری پڑھنے کے بعد مجھے حوصلہ ہوا اور میں نے اپنے تمام مسائل ایک خط میں لکھے ساتھ جوابی لفافہ لگایا اور عبقری آفس میں بھیج دیا‘ صرف بیس دن کے بعد آپ نے جوابی خط میں مجھے عبقری دواخانہ کی ”معجون شفاء یابی“ کچھ عرصہ پابندی کے ساتھ استعمال کرنے کیلئے فرمایا۔ میں نے آپ کی بتائی ہوئی ترتیب کے مطابق تین یا چار ماہ یہ ”معجون شفاء یابی“ استعمال کی ہے جس سے الحمدللہ! میرے دل کی دھڑکن ٹھیک ہو گئی ہے اور پاؤں جو سرخ ہو جاتے تھے وہ بھی ٹھیک ہو گئے ہیں۔ (م۔الف، صادق آباد)

اکسیر البدن کامیاب بچپن‘ لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم‘ پچکے گال‘ آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ‘ امتحان کا خوف‘ یادماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف-/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

”ٹی بی“ کا نام ونشان تک نہیں رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کیلئے میرے دل سے بہت دعائیں نکلتی ہیں‘ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر اور کامل ایمان عطا فرمائے۔ آپ کے ادارہ عبقری کی ادویات نے ثابت کر دیا ہے کہ واقعی ابھی بھی ناپ تول اور صحیح چیزیں فراہم کرنے والے لوگ موجود ہیں۔ میرا ادویات کھا کھا کر یہ عالم ہو گیا تھا کہ میرا ان سے دل اٹھ گیا تھا اگر کوئی مجھے دوائی کھانے کیلئے کہتا تو میں یہ کہہ کر ٹھکرا دیتا کہ یہ بس پیسے کمانے کیلئے پڑیاں بنائی جا رہی ہے اس میں کچھ نہیں ہے۔ ڈاکٹری علاج نو ماہ کروایا‘ دوائی میں ایک دن بھی ناغہ نہ ہوا میری صحت بہتر ہوئی لیکن یہ بہتری صرف چند ماہ ہی رہی‘ دوبارہ سے وہی علامات شروع ہو گئیں‘ اس بار میں اپنی زندگی سے بالکل ہی مایوس ہو چکا تھا‘ سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکا تھا۔ پھر میرے ایک مخلص دوست نے میری طبیعت کو بھانپتے ہوئے مجھے آپ کا عبقری رسالہ دیا اور کہا کہ اس کو پڑھ کر فیصلہ کرو کہ ابھی بھی ایسے لوگ موجود ہیں یا نہیں؟ میں نے آپ کا عبقری رسالہ پڑھا تو اس میں ”عبقری ادویات کی شفاء یابی“ میں سے اپنے ٹی بی کے مرض سے نجات کیلئے ”شفاء حیرت سیرپ“ لے کر لکھی گئی ترکیب سے پینا شروع کر دیا۔ میں تقریباً 27 بوتلیں پی لیں۔ جیسے جیسے میں یہ سیرپ پی رہا تھا میری طبیعت میں دن بدن بہتری آ رہی تھی‘ اس کے ساتھ میں عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن اور فطنس فولاد ٹانک کا استعمال بھی لکھی گئی ترکیب کے مطابق جاری رکھا۔ الحمدللہ! چند ماہ میں ہی اللہ تعالیٰ نے مجھے اس موذی مرض سے شفاء دے دی ہے اور میں نے اب ٹیسٹ کروائے ہیں تو اس میں ٹی بی کا نام ونشان تک نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اسی طرح نیک نیتی، اچھی اور معیاری ادویات ہم تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے رکھے۔ آمین ثم آمین! (غ۔م)۔

موٹاپا ختم! کھویا وقار دوبارہ ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بائیس سال کی عمر تک بالکل سلم اور سمارٹ تھا‘ میری جسامت فیورٹ تھی‘ ہر کپڑا مجھ پر جچتا تھا‘ میں نے جم جانا شروع کر دیا‘ میرا جسم مزید نکھر گیا‘ مگر ایک نقصان ہوا کہ میں نے ساتھ فوڈ سپلیمنٹ بھی استعمال کرنا شروع کر دیا۔ میں نے اپنا مقصد تو حاصل کر لیا مگر چند دنوں کے بعد میں بیمار ہونا شروع ہو گیا۔ میرا جسم ڈھلک گیا ایسے محسوس ہوتا جیسے گوشت ہڈیوں سے علیحدہ ہو گیا۔ دن بدن موٹا ہونا شروع ہو گیا۔ لوگوں نے میرا مذاق اڑانا شروع کر دیا‘ پہلے ہر تقریب میں ضرور جاتا‘ سب میں گھل مل جاتا‘ مگر اب خوشی ہو یا غمی اپنی جسامت کو دیکھ کر احساس کمتری کا شکار ہو جاتا‘ گھر سے نکلنے کو دل ہی نہ کرتا۔ دوستوں‘ رشتہ داروں سے ملنا انتہائی کم کر دیا۔ جہاں بھی جاتا میرا مذاق اڑایا جاتا۔ اس موٹاپے کے ساتھ ایک اور پریشانی نے آگھیرا اور وہ تھی احتلام۔ میری راتوں کی نیندیں اڑ چکی تھیں‘ عبقری رسالہ ملا‘ پڑھنا شروع کیا بہت اچھا لگا‘ دل کو تسلی ملی۔ میں نے جوابی لفافہ کے ساتھ عبقری آفس میں خط لکھا جس میں اپنے تمام مسائل لکھ دیئے۔ تقریباً تین ہفتوں کے بعد مجھے جوابی لفافہ موصول ہوا‘ جس میں آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ”نوجوان شفاء“ کھانے کا مشورہ دیا اور اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ”موٹاپا کورس“ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنے کا کہا۔ میں نے یہ ادویات لکھی گئی ترکیب کے ساتھ استعمال کرنا شروع کیں۔ چار ماہ کے علاج کے بعد میری احتلام کی بیماری بالکل ٹھیک اور موٹاپا کورس کے استعمال سے میرا جسم دوبارہ اپنی اصلی حالت پر آ گیا ہے۔ میری قارئین سے گزارش ہے کہ کبھی بھی کسی بھی قسم کے ”فوڈ سپلیمنٹ“ یا جسم بنانے کیلئے میڈیسن کا استعمال ہرگز نہ کریں۔ اس کے بہت سنگین نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ میں بھگت چکا ہوں کوئی اور یہ غلطی نہ کرے۔ (سہیل: ملتان)

عبقری ادویات کی مقدار زیادہ اور قیمت کم ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر اور جزائے خیر عطا فرمائے‘ آپ مخلوق خدا کو سستے اور کامیاب علاج سے نواز رہے ہیں۔ آپ کی ادویات کی ایک سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ان کی مقدار زیادہ اور قیمت بہت کم ہے اور ان ادویات کیلئے باقاعدہ چیک اپ کروانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ مجھے پیلا یرقان تھا‘ میری رنگت‘ میری آنکھیں حتیٰ کہ دور سے ایسا لگتا تھا جیسے کسی نے میرے اوپر ہلدی چھینک دی ہو‘ ہر وقت متلی‘ دل گھبراتا تھا۔ بہت سیرپ پیئے‘ سیرپ ڈاکٹری ہدایات کے مطابق استعمال کرتی‘ چند ماہ تک جسم دوبارہ اپنی اصلی حالت پر آ جاتا۔ جیسے ہی موسم گرما کا آغاز ہوتا مجھے دوبارہ پیلیا ہو جاتا‘ عبقری پڑھنا شروع کیا‘ اس رسالے کے آخری صفحات جنہیں میں شفائی صفحات کہتی ہوں وہاں میں نے اپنے مرض کو دیکھتے ہوئے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ”ہیپاٹائٹس نجات سیرپ“ عبقری دواخانہ سے بذریعہ وی پی پارسل منگوایا۔ اس کے ساتھ معدہ کی خرابی دور کرنے سے عبقری دواخانہ ”جوہر شفاء مدینہ“ منگوائی۔ میں نے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کی 12 بڑی بوتلیں لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیں اور جوہر شفاء مدینہ تو اب بھی میرے گھر میں موجود ہے۔ الحمدللہ! اس بات کو دو سال بیت گئے‘ میرے معدہ اور یرقان کے تمام مسائل ختم ہو چکے ہیں۔ اب میں مکمل فٹ اور سرخ وسفید ہوں۔ (زوجہ سعید اللہ، چکوال)۔

مایوس زندگی میں خوشیوں کی بہاریں لوٹ آئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے میں غلط سوسائٹی کی وجہ سے بالکل زیرو ہو چکا تھا‘ میری حالت قابل رحم تھی۔ اتنا ناکارہ ہو چکا تھا کہ میں اب یہ سوچنا شروع ہو گیا تھا کہ کیا میں بھی کبھی زندگی میں شادی کروں گا؟ میرا گھر ہوگا‘ بچے ہوں گے‘ ازدواجی زندگی ہوگی؟ مگر جب اپنی حالت دیکھتا تو سرد آہ بھر کر رہ جاتا کہ نہیں یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔ سارا دن استغفار پڑھتا‘ باوضو رہتا‘ روروکر اللہ کریم سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرتا۔ بس نا معلوم وہ کون سی قبولیت کی گھڑی تھی کہ رب کریم کی رحمت نے مجھے اپنی آغوش میں لے لیا۔ تقریباً دو سال پہلے ایک دوست کے ذریعے عبقری رسالہ ملا‘ بس عبقری پڑھنا شروع کیا اور عبقری کے ذریعے تسبیح خانہ کا معلوم ہوا اور آپ کے درس سننا شروع کر دیئے‘ بس زندگی بدلنا شروع ہو گئی۔ موبائل فون پر وقت لے کر آپ سے ملاقات ہوئی۔ میرے اندر جینے کی آرزو جاگ اٹھی‘ آپ نے مجھے ایک وظیفہ بتایا اور ساتھ عبقری دواخانہ کی ”نیو طاقتی گولیاں“ اور ”معجون مراد“ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ دونوں کی ایک ایک ڈبی کھانے کے بعد مجھے اندازہ ہوا کہ یہی میری حیات نو ہے پھر دوسری، تیسری ڈبی کے استعمال تک میں نے اللہ کی مہربانی اور حکیم صاحب کی ایمانداری سے بنی ادویات سے دوبارہ زندگی کی بہاریں پا لیں‘ ورنہ آج کل تو ہزاروں روپے لگا کر بھی لوگ پہلے سے بھی زیادہ خطرناک مریض بن چکے ہیں۔ گھر والے میری شادی کی تیاریوں میں ہیں اور میں انتہائی خوش۔ (پوشیدہ: جہلم)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ

سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پیئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پا چکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے‘ خون بڑھائے‘ چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320 چھوٹی 120 روپے میں)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

پلاسٹک کے برتن چیخ جائیں

پلاسٹک کی بالٹی ٹپکنے لگی ہے۔ پہلے بھی ایک بالٹی چیخ گئی تھی۔ گھر کا خرچہ مشکل سے چلتا ہے مجھے کوئی ٹوٹکہ بتایئے جس سے بالٹی ضائع نہ ہو۔ (شائستہ، ساہیوال)

مشورہ: آپ بالٹی کو اچھی طرح صابن سے دھوکر دھوپ میں سکھایئے۔ اتنی دیر میں کاویہ گرم کرنے کے لیے سوئچ آن کر دیجئے۔ یہ ایک عام سا بجلی کا اوزار ہے۔ اکثر الیکٹرانکس کے مکینک اسی سے کام کرتے ہیں۔ تھوڑی دیر میں کاویہ گرم ہوجائے، تو پلاسٹک کی بالٹی کو مطلوبہ جگہ سے کاویے کی مدد سے جوڑیں۔ بازار سے پلاسٹک کا ایک سالڈ پائپ ملتا ہے۔ کاویے کی مدد سے مطلوبہ جگہ پر پگھلا کر تہہ لگادیں۔ پلاسٹک ایک طرح سے ویلڈنگ ہوجائے گا اور بالٹی دوبارہ استعمال کے قابل ہوجائے گی۔

جوئیں ختم نہیں ہوتیں

ہم چھ بہنیں ہیں اور ہم سب کے سر میں بے تحاشا جوئیں ہیں۔ شیمپو کریں تو تھوڑی بہت ختم ہو جاتی ہیں پھر وہی حال۔ سب کے سامنے سر کھجاتے شرم آتی ہے۔ سر میں زخم بھی ہوگئے ہیں۔ یقین مانیے ان جوؤں نے جینا حرام کردیا ہے۔ (شائلہ، جھنگ)

مشورہ: آپ کسی پنساری سے نیم کی ایک دو کلو سوکھی نمولیاں منگوایئے اور انہیں اچھی طرح باریک پیس لیں۔ دوپہر کے بعد دو پیالی پسی ہوئی نمولیاں گرم پانی میں بھگو دیں جیسے مہندی بھگوتے ہیں۔ مغرب کے بعد سر کے بالوں میں مانگ نکال کر آمیزہ سر میں اچھی طرح جڑوں تک لگا لیجئے۔ آدھا گھنٹہ میں وہ تھوڑا بہت خشک ہوجائے تو سر پر پلاسٹک کا لفافہ چڑھا کر اوپر سے کوئی پھٹا ہوا دوپٹہ باندھ لیجئے اور سوجایئے۔ صبح اٹھ کر سر دھو لیجئے۔ ہفتہ میں تین بار لگایئے۔ ایک دن چھوڑ کر بھی لگا سکتی ہیں۔ پندرہ بار سر پر لگانے سے ساری جوئیں مرجائیں گی اور پھر دوبارہ پیدا نہیں ہوں گی۔ ایک پاؤ نیم کے تازہ پتے دھوکر آدھ کلو سرسوں کے تیل میں جلایئے۔ جب تیل گرم ہوجائے تو تھوڑے تھوڑے پتے ڈالتی جایئے۔ سیاہ ہوجائیں تو نکال کر دوسرے پتے ڈال دیجئے۔ یہ تیل دن میں لگایئے۔ نیم کی نمولیاں تازہ نہیں لینی بلکہ پرانی اور خشک خریدیے۔

گھیکوار! انمول تحفہ

میرے سسرال میں گھیکوار جسے کوار گندل بھی کہتے ہیں کے پودے لگے ہوئے ہیں۔ سنا ہے یہ بہت سارے امراض میں کام آتے ہیں۔ آپ اس بارے میں بتایئے۔ گھریلو طور پر ہم کیسے اسے استعمال کرسکتے ہیں؟ (رعنا اشرف، قصور)

مشورہ: گھیکوار کے پودے گھر میں ضرور ہونے چاہئیں۔ یہ پودا کسی بھی زمین میں لگ جاتا ہے۔ باورچی خانہ میں اکثر ہاتھ جل جاتا ہے۔ ایسے میں آپ گھیکوار کی شاخ توڑ کر بیچ میں سے کاٹ کر اس کا گودا لگایئے۔ جلی ہوئی جگہ کو نرم گودے سے تر رکھئے۔ تھوڑی دیر میں جلن، درد سب ختم ہوجائے گا۔ اسی طرح سر کے بالوں کے لیے اس کا رس اچھا ہے۔ اس کی شاخ کاٹ کر ٹکڑے کرکے سر پر اچھی طرح ملئے۔ ایک گھنٹہ بعد سر دھو لیجئے۔ سر کی خشکی، زخموں اور دانوں کے لیے مفید گھریلو علاج ہے۔ چہرے کے کیل مہاسوں کے داغ نہ جاتے ہوں تو گھیکوار کا گودا صبح شام لگانے سے تین چار ماہ میں داغ ختم ہو جاتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں اگر آپ گھیکوار کا رس چہرے پر لگا کر باہر نکلیں تو دھوپ کے اثرات جلد پر نہیں پڑیں گے۔

بچہ تعلیم میں دلچسپی نہیں لیتا

میں نے اپنے بیٹے کو ایک بہت اچھے سکول میں داخل کرایا ہے۔ اس کا سالانہ خرچہ ہزاروں میں ہے۔ مگر میرا بچہ پڑھائی میں دلچسپی نہیں لیتا۔ جس کی وجہ سے میں سخت پریشان ہوں۔ اس کی وجہ کیا ہے، گھر میں ہر قسم کی سہولت موجود ہے مگر بچہ خاموش خاموش رہتا ہے۔ (شگفتہ نذیر، لاہور)

مشورہ: آج کے دور میں ماں باپ بچے کو مہنگے سے مہنگے سکول میں داخل کرا کے سوچتے ہیں کہ ہمارا فرض ادا ہوگیا۔ بچے پر بھرپور توجہ دیجئے۔ سکول سے آئے تو اس کے ساتھ کھانا کھایئے اور اس سے پوچھئے آج کا دن کیسے گزارا۔ بچے کو یہ احساس دلایئے۔ آپ اس کی ماں ہی نہیں بلکہ بہت اچھی ہمدرد دوست ہیں۔ رات کو سوتے وقت کم از کم ایک آیت یاد کرایئے۔ اسلام کے بارے میں بتایئے، آپ دیکھیں گی چند ہی ماہ میں بچہ پڑھائی میں بھی دلچسپی لے گا اور اپنے ہم عمر دوستوں میں گھلنے ملنے لگے گا۔

پریشان حال تاجر

میں دو سال سے بیمار ہوں ہر طرح کے ٹیسٹ کرا چکا ہوں مجھے ہر وقت نت نئی بیماریوں کا خوف رہتا ہے۔ میرا سارا کاروبار دفتر کے لوگ سنبھال رہے ہیں۔ گھر میں بیوی پریشان ہے۔ لاکھوں روپے خرچ ہوچکے ہیں۔ مجھے ایسا لگتا ہے نفسیاتی مریض بن چکا ہوں۔ کوئی دم درود بھی نہیں چھوڑا۔ میرے تین بچے ہیں۔ بیوی محبت کرنے والی ہے مگر اب وہ بھی مجھ سے عاجز آتی جارہی ہے۔ (وسیم بیگ، راولپنڈی)

آپ کا طویل خط میں نے بڑے غور سے پڑھا ہے۔ جن بچوں کو بچپن میں غیر ضروری لاڈ پیار اور تحفظ دیا جاتا ہے ان میں جوان ہوکر حالات سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔ کھانے میں نقص نکالتے ہیں، صفائی کا خبط رہتا ہے۔ اپنے علاوہ کسی کو صحیح نہیں جانتے۔ آپ کو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ آپ کے مالی حالات بہتر ہیں۔ کاروبار جیسے تیسے چل رہا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ کہ بیوی آپ سے پیار کرتی ہے۔ آپ پریشان نہ ہوں صبح اٹھئے نماز جسم اور ذہن کو تازگی بخشتی ہے۔ نماز پڑھ کر باپردہ اہلیہ کو ساتھ لیکر سیر کیلئے نکلئے۔ سورج نکلتا ہے تو پرندے کیسے پرواز کرتے ہیں؟ پھول کیسے کھلتے ہیں؟ اڑتے ہوئے پرندوں کو دیکھئے۔ آپ کو یہ سب کچھ بہت اچھا لگے گا۔ اپنی خوراک میں تازہ پھل اور سبزیاں شامل کیجئے۔ خصوصاً دہی کی ایک پیالی ضرور کھایئے۔ آپ بیمار بھی نہیں ہیں۔ نفسیاتی مریض بھی نہیں ہیں۔ کسی دم کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ نماز کی پابندی کیجئے۔ جب کبھی الٹے سیدھے خیالات آئیں تو درود شریف پڑھ کر دعا کیجئے۔ دعا سب سے بڑی طاقت ہے۔ خالق کائنات کے سامنے سر جھکایئے آپ کا ذہنی تناؤ کم ہوتا جائے گا۔ دو تین ہفتوں میں آپ اپنا کاروبار خود سنبھال سکیں گے۔

چہرے پر دانوں سے پریشان

چہرے پر دانے رہتے ہیں کریمیں استعمال کی کوئی فرق نہیں پڑا۔ (صوبیہ، لاہور)

مشورہ: چہرے کے دانے جب پک جائیں اور ان میں سے پیپ نکل جائے تو آپ کھیرا باریک کدوکش کرکے لگا سکتی ہیں۔ رات کو سونے سے پہلے آپ ہرے دھنیا کے جوس میں چوتھائی چمچ ہلدی ملا کر دانوں پر لگایئے۔ صبح اٹھ کا منہ دھو لیجئے۔ ہفتے میں ایک بار کچا آلو کدوکش کرکے کپڑے میں اس کا جوس نکال کر چہرے کے داغوں پر لگایئے۔ گھریلو علاج میں منڈی بوٹی کے پندرہ دانے اور عناب کے سات دانے ایک گلاس پانی میں بھگویئے صبح ان کو چھان کر ایک چمچ شہد ملا کر پی لیجئے۔ مستقل استعمال سے جسم کی حدت کم ہوجائے گی۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

اروی صرف سبزی نہیں شفایابی کا خزانہ بھی

ماہین اختر، لاہور

اروی ایک لیس دار اور پسندیدہ سبزی کہلاتی ہے۔ اروی کے فوائد: (۱) آنتوں کی خشکی کو دور کرکے تری پیدا کرتی ہے۔

(۲) اس کا استعمال سینے کی خشکی کے لیے مفید پایا گیا ہے۔

(۳) اروی بلڈ پریشر کو کم کرتی ہے۔

(۴) یہ جلدی امراض میں بالخصوص فائدہ دیتی ہے اور جلد کی خشکی اور جسم کی شکنیں دور کرنے میں مدد دیتی ہے۔

(۵) اس کے استعمال سے خون کی خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔ بھنی ہوئی اروی بطور سالن پیشاب اور مثانے کے امراض کو ختم کرتی ہے مگر شوربے والی اروی فائدہ مند نہیں ہے۔ ان فوائد کے باوجود اروی کے کچھ نقصانات بھی ہیں۔ مثلاً یہ دیر ہضم ہے۔ بلغم پیدا کرتی ہے اس کے کھانے سے ریح پیدا ہوتی ہے۔ بہرحال اگر اروی کا سالن بناتے وقت مناسب احتیاط کرلی جائے تو ان خرابیوں کا سدباب کیا جاسکتا ہے۔ (احتیاط) اس کا سالن بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اروی کو چھیل کر نمک لگا کر تھوڑی دیر رکھ دیا جائے اور پھر لونگ، دارچینی اور گرم مصالحے کے ساتھ اس کو گھی میں بھون لیا جائے تو یہ انسانی صحت کے لیے کافی مفید ہوتی ہے۔ موسم برسات میں اروی کا استعمال زیادہ کرنا چاہیے۔

یہ سبزی بھی آلو کی طرح پیدا ہوتی ہے۔ عام طور پر یہ سبزی بھی دوسری سبزیوں اور گوشت کے ساتھ ملا کر پکائی جاتی ہے اس کو تنہا بھی پکایا جاتا ہے۔ اس کے باریک چھلکے کو اتار کر تیل یا گھی میں پکایا جاتا ہے۔ اروی اپنے موسم میں بڑا مزہ دیتی ہے عام طور پر یہ سبزی موسم برسات میں نظر آتی ہے۔ اروی خون کو صاف کرتی ہے۔ جسم کو فربہ کرتی ہے اور طاقتور بناتی ہے۔ اس میں اگر لیموں نچوڑا جائے تو ذائقے اور فوائد میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ اگر زیرہ، اجوائین، کالی مرچیں اور انار دانہ ساتھ میں استعمال کیا جائے تو اروی کی افادیت اور ذائقہ بڑھ جاتا ہے۔ اروی پر روئیں دار چھلکا ہوتا ہے اندر سے گودا ٹھوس اور سفید ہوتا ہے اس کو بار بار نہیں دھونا چاہیے کیونکہ اس طرح اس کے قدرتی اجزاء کم ہو جاتے ہیں۔ اروی میں نشاستہ اور وٹامن سی کے اجزاء وافر ہوتے ہیں اگر دودھ پلانے والی ماؤں کو کھلائی جائے تو دودھ میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

کریلا نیم چڑھا لیکن فوائد حیرت انگیز

آمنہ طارق، لاہور

پھیپھڑوں کے امراض سے نجات

روزانہ کی بنیاد پر اگر کریلوں کو ابال کر، اس کا جوس نکال کر یا کچے کریلے کھائیں جائیں تو پھیپھڑوں کی کئی بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے جن میں سردی لگ جانا، دمہ، کھانسی، نزلہ زکام سمیت سانس کی نالی کا انفیکشن اور موسمی بیماریاں شامل ہے۔ **کیل مہاسوں سے نجات:** کڑوے ہونے کے باعث کریلوں کا جوس خون کو صاف کرنے میں مدد دیتا ہے، جس سے ایکنی یعنی کیل مہاسے، بلڈ انفیکشن، پھوڑے پھنسی اور جلد کی دوسری بیماریوں کے ساتھ ساتھ خارش کا بھی حل موجود ہے۔

شوگر کے مریض اور کڑوے کریلے

کریلوں میں فائیٹو نیوٹرنٹ اور پولی پیپٹائیڈ انزائم پائے جاتے ہیں جن سے خون میں انسولین کی افزائش ہوتی ہے جس کے باعث خون میں شوگر لیول کو متوازن رہنے میں مدد ملتی ہے۔ کریلوں میں ہائپوگلیسمک ایجنٹ نامی ایک اینزائم بھی پایا جاتا ہے جس سے شوگر ٹائپ 2 میں شوگر لیول متوازن رہتا ہے۔ **وزن میں کمی کا ذریعہ:** کریلے میں اینٹی آکسیڈنٹ اجزاء پائے جانے کے باعث اس کے جوس کا استعمال کرنے سے جسم سے فاضل مادوں سمیت چربی بھی زائل ہو جاتی ہے، روزانہ کے استعمال سے وزن میں واضح کمی آتی ہے۔ **بینائی تیز ہوتی ہے:** کریلوں میں بیٹا کیروٹین کی موجودگی آنکھوں کے انفیکشن سے بچاتا ہے اور بینائی تیز کرتا ہے۔ **قبض کشا سبزی:** جو افراد نظام ہاضمہ کو لے کر پریشان رہتے ہیں یا قبض کی شکایت ہے تو کریلے اس مرض سے چھٹکارا پانے میں بہترین مدد فراہم کرتے ہیں، کریلوں میں فائبر پائے جانے کے باعث نظام ہاضم اور میٹا بولزم میں تیزی آتی ہے بہتر طریقے سے کام کرتے ہیں جس سے قبض کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

دل کو صحت مند بناتا ہے: کریلوں کے روزانہ استعمال سے کولیسٹرول لیول میں کمی آتی ہے (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

عبقری قارئین تک ایک بات پہنچانا چاہتی ہوں!

(غلام کبریٰ، ہری پور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ اس کو پڑھ کر یہ رہنمائی ملتی ہے کہ مجھے کیا کرنا چاہیے۔ انسان اپنے مسائل کے حل کے لیے در در کی ٹھوکریں کھائے۔ میں نے آپ سے اور عبقری سے سیکھا ہے کہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے اپنا رابطہ مضبوطی سے قائم کرنا چاہیے اور مدد صرف اللہ سے مانگنی چاہیے۔ ہر مشکل ایک آزمائش ہوتی ہے ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی رضا طلب کرنی چاہیے۔ میں نے اپنی بساط کے مطابق اپنے راستوں کو درست کیا ہے اور اپنی منزل کا تعین کیا ہے۔ میں صرف اللہ سے مدد مانگتی ہوں اور اپنی سابقہ کوتاہیوں اور لغزشوں کی معافی مانگتی ہوں اور اللہ تعالیٰ سے ہر لمحہ ہدایت اور رہنمائی کی طلبگار رہوں۔ اللہ تعالیٰ میری سوچ اور میرے قدموں کو بھٹکنے سے بچائے اور سچی ہدایت نصیب فرمائے۔

میں عبقری قارئین تک یہ بات پہنچانا چاہتی ہوں کہ اسلام دین فطرت ہے۔ جب ہم اسلام کے بتائے ہوئے اصولوں سے انحراف کرتے ہیں تو مشکلات میں نہ صرف خود گرفتار ہو جاتے ہیں بلکہ دوسروں کو بھی مبتلا کر دیتے ہیں۔ ہمارے مذہب نے جہاں مرد و عورت کے آزادانہ اختلاط کو منع کیا ہے وہاں شادی کے لیے فریقین کے ایجاب وقبول کو ضروری قرار دیا ہے۔ ہمارے معاشرے میں والدین پہلے اپنی بیٹیوں کو مخلوط تعلیمی اداروں میں تعلیم دلوانے میں فخر محسوس کرتے ہیں لیکن بیٹی اگر شادی کے لیے اپنی پسند کا اظہار کردے تو والدین بپھر جاتے ہیں حالانکہ انہیں پہلے بچے کی تربیت ہی ایسی کرنی چاہیے کہ وہ شریعت کی متعین کردہ حدود سے باہر قدم نہ رکھے۔ ایسی صورت میں اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ والدین کی مخالفت سے بعض اوقات کوئی ایک یا دونوں خودکشی کرلیتے ہیں۔ اس سلسلے میں اسلام ہمیں نہایت متوازن اصول بتاتا ہے کہ والدین اپنے بچوں کی تربیت اس انداز میں کریں کہ ان میں حقیقت پسندی کی سوچ نشوونما پائے چاہے بیٹا ہو یا بیٹی (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں، صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

ٹورنٹو سے آئی تجربات اور مشاہدات کی پٹاری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ٹورنٹو سے خط لکھ رہا ہوں' عبقری رسالہ یہاں اردو بولنے اور سمجھنے والے بہت شوق سے پڑھتے ہیں' میرے پاس عبقری کے تمام شمارے دستیاب ہیں' لوگوں کو اس میں موجود نسخہ جات' ٹوٹکے اور وظائف بتاتا رہتا ہوں۔ مجھے اس کا جو بھی رزلٹ ملا وہ میں قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر لکھ رہا ہوں یقیناً قارئین بھرپور فائدہ اٹھائیں گے:۔

شوگر کنٹرول اور نظر میں تقویت

ماہنامہ عبقری 2007ء صفحہ نمبر 7 پر مضمون ''ایک انوکھا راز صرف مایوس مریض پڑھیں'' ایک صاحب نے کمر کی درد اور جوڑوں کی تکلیف کے لیے استعمال کیا جو کہ مکمل علاج نہیں کیا۔ لیکن ایک بات عبقری کو شائع کے لیے دے رہا ہوں کہ اس سے شوگر یقینی نیچے آجاتی اور نظر میں تقویت دیتا ہے۔ نسخہ یہ ہے:۔ گوند کتیرا ایک چھٹانک' گوند ببول (کیکر) ایک پاؤ' گھی دیسی ایک چمچ چاول والا۔ ترکیب: گوند کو لکڑی کے چھلکوں اور مٹی وغیرہ سے اچھی طرح صاف کرلیں۔ گوند کی گولیوں پر باہر سے ہلکا ہلکا گھی لگائیں تاکہ گرم کرتے وقت برتن سے نہ چپکیں (اس کیلئے ضروری نہیں کہ سارا چمچ ہی استعمال ہو کم بھی استعمال ہوسکتا ہے یعنی ضرورت کے درجہ میں) پھر بہت ہی ہلکی آنچ پر گوند گرم کرکے براؤن کرلیں اور ٹھنڈا ہونے پر گرائنڈر میں باریک پیس لیں۔ خوراک صبح و شام ایک چمچ چھوٹا' نیم گرم دودھ یا پانی میں خوب اچھی طرح حل کرکے کھانے کے ایک گھنٹہ بعد لیں۔ دن میں دو بار بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ نسخہ گھٹنوں کے درد' جوڑوں کے درد' کمر درد کیلئے انتہائی لاجواب ہے۔ مہروں کی تکلیف' پٹھوں میں کھچاؤ' تناؤ اور بے چینی کا آخری علاج ہے۔

صرف پانچ دن میں نظر کی کمزوری ٹھیک

(2) عبقری جنوری 2016ء صفحہ 7 پر ''شوگر کیلئے دعویٰ کا نسخہ مبارک'' یہ نسخہ استعمال کیا اور صرف پہلے 5 دن میں دور کی نظر 50% ٹھیک ہوگئی۔ ھوالشافی: ایک عدد بڑی الائچی لیں' اس میں سے سات عدد دانے لیکر صبح نہار منہ استعمال کریں' یہ نسخہ کم از کم تین مہینے استعمال کریں انشاء اللہ شوگر جڑ سے ختم کردے گا۔ اس نسخہ کو معمولی نہ سمجھئے گا یہ بہت کام کی چیز ہے۔ اس نسخہ سے شوگر ہمیشہ کیلئے کنٹرول ہوجاتی ہے۔

دانت اور مسوڑھوں کے لیے

دانت درد اور مسوڑوں کے لیے ایک چمچ چائے کا ہرڑ کا پاؤڈر اور آدھا چائے کا چمچ کھانے کا نمک، دونوں کو مکس کرکے انگلی سے آہستہ آہستہ مسوڑھوں پر صبح اور شام ملیں مسوڑھے بالکل ٹھیک رہیں گے اور درد بھی غائب ان شاء اللہ۔ ایمرجنسی ڈاڑھ درد کے لیے اسپرین کا پاؤڈر بنا کر ڈاڑھ کے باہر لگا کر گال سے دبالیں۔ پندرہ یا بیس منٹ میں ان شاء اللہ درد کو آرام آجائے گا۔ ایک دفعہ ہی کافی ہے۔ اس کے بعد ہرڑ سے دانت صاف کرتے رہیں پیسٹ استعمال نہ کریں' اٹھارہ سالہ ذاتی تجربہ ہے۔

ٹانسلز اور ناک، نزلہ اور زکام

گلے کے ٹانسلز کے لیے نیم کے پتے لے کر 1½ گلاس پانی میں جوش دیں۔ ایک گلاس رہ جانے پر تھوڑا سا نمک ملا کر غرارے کریں۔ صبح، دوپہر، شام ٹانسلز ٹھیک ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ

چار آیات جادو ٹونہ اور جنات کے خلاف ڈھال بن گئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سکول ٹیچر ہوں' 2015 سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ آپ کے درس باقاعدگی سے سنتا ہوں۔ حلقہ کشف المحجوب کے درس بھی سن رہا ہوں۔ آپ کی توجہات کی برکت سے پہلے 45 سالہ اور موجودہ کی زندگی میں بہت فرق آیا ہے۔ 100 مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ 313 بار حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ آپ اور آپ کی نسلوں کا تصور، پورے نظام کا تصور، حفاظت کیلئے پڑھتا ہوں۔ اس کے علاوہ 300 مرتبہ اللہ اکبر بھی پڑھتا ہوں۔ گیارہ بار سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 اور 7 بار سورۂ مومنون کی آخری چار آیات بھی پڑھتا ہوں۔ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات میرے لیے ڈھال بن گئیں' انہی آیات نے مجھے بچایا' شر، جادو ٹونہ جو کچھ بھی تھا اس کو تباہ برباد کردیا۔ واقعہ کچھ یوں ہوا کہ ایک رات نیند نہیں آرہی تھی۔ ایک چارپائی پر میں تھا' دوسری چارپائی پر میری بیوی سوئی ہوئی تھی' رات 12:30 بجے میری بیوی مجھے آوازیں دے رہی تھی مگر اس کی آواز نہیں نکل رہی تھی۔ آخر کار اس نے مجھے آواز دی کہ لگتا ہے کہ کوئی دروازے کو کھولنے کی کوشش کررہا ہے اور کنڈی ہل رہی ہے۔ میں نے دیکھا تو کوئی بھی نہیں تھا۔ پھر ہم سو گئے۔ رات تقریباً 3:30 بجے کے قریب میرے خواب میں ایک بہت طاقتور آدمی نظر آیا اور کہہ رہا ہے کہ میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا۔ اس نے میرے پنجے میں اپنا پنجہ ڈال لیا اور پوری طاقت سے زور لگانے لگا۔ بہت بہت ڈر گیا لگتا تھا کہ وہ مجھے مار دے گا کہ اچانک اللہ تعالیٰ کی مدد آپہنچی اور میرے منہ سے سورۂ مومنون کی آخری چار آیات نکلنا شروع ہوگئیں۔ میں بڑے زور شور سے پڑھنے لگا اور مجھے لگا میری طاقت بڑھ رہی ہے۔ وہ بھی زور لگا رہا تھا اور میں بھی آیات پڑھ رہا تھا اور پوری قوت سے اس کو دبا رہا تھا۔ اس طرح پتہ نہیں کتنے منٹ لگے۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے اپنی آیات کی برکت سے میری طاقت کو بڑھا دیا اور میں نے اس کو توڑ مروڑ دیا اور وہ ختم ہوگیا اور ایسے لگا کہ تحلیل ہوگیا ہے۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی اور پھر میں کافی دیر تک یہ چار آیات پڑھتا رہا اور خوشی سے میری آنکھوں میں آنسو آگئے کہ اللہ پاک نے مجھے اپنی رحمت سے بچایا پھر نماز فجر میں بھی میری آنکھوں میں آنسو تھے کہ رب کریم نے مجھ گنہگار پر اتنی رحمت کردی ہے۔ (افتخار حسین، سمندری)

الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی

دائمی نزلہ' الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا

قیمت صرف -/600 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

(3) اسی طرح پانی بنا کر ناک میں وضو کی طرح اوپر کھینچے بعد میں ناک میں روزانہ صبح و شام زیتون کا تیل لگائیں اور روزانہ ایک ٹیکہ 500m وٹامن سی ناشتے میں لیتے رہیں مجرب ہے۔ (فاروق، ٹورانٹو کینیڈا)

تہدیدی نامہ مبارک لگایا شکایت ختم

ایک میڈیکل ڈاکٹر جو ٹورانٹو میں عبقری رسالہ پڑھتی ہیں تہدیدی نامہ مبارک کے کرشمات بتارہی تھی۔ مکان کے تہہ خانہ کے دروازے کو ایک تالہ لگا کر باہر جاتے۔ جب واپس آتے تو دوسرا تالہ لگا ہوتا۔ نوکرانی سے پوچھا تم لگاتی ہو۔ اس نے کہا نہیں پھر انہوں نے تہدیدی نامہ مبارک تہہ خانے میں لگایا پھر یہ شکایت دور ہوگئی۔ تہدیدی نامہ انٹرنیٹ یا کسی بھی اسلامک بک سٹال سے مل جاتا ہے۔ (آمنہ، ٹورانٹو، کینیڈا)

گردے کی پتھری کو ریزہ ریزہ کرکے نکالنے کا نسخہ

غصہ سے اکثر وہ بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جو لاعلاج ہوتی ہیں اس لیے ہوشیار رہیں اور غصہ نہیں کریں۔ غصہ آنے پر صبر کریں کھڑے ہوں تو بیٹھ جائیں بیٹھے ہیں تو لیٹ جائے (ابوداؤد، ترمذی) یا غصہ آنے پر بار بار ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ'' پڑھیں۔ (ترمذی)۔

بار بار غصہ آنے والوں کیلئے روحانی ٹوٹکہ: جن لوگوں کو بار بار غصہ آئے وہ دو رکعت نفل برائے حاجت پڑھ کر بار بار اللہ کریم سے دعا کریں انشاء اللہ جلد کامیابی ہوگی۔

پتھری گردہ و مثانہ

بڑی الائچی توے پر ہلکی سی گرم کرلیں پھر اس کے دانے نکال لیں 50 گرام، قلمی شورہ 50 گرام، دو ٹکیہ مشک کافور سب اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں روزانہ تین وقت کچی لسی سے ایک ماشہ کھائیں یہ نسخہ پتھری کو آٹا بنا کر باہر نکال دیتا ہے۔ بے ضرر اور کامیاب نسخہ ہے' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

درد گردہ سے نجات کیلئے

سنگ یہود 50 گرام کا سفوف بنالیں اور 200 گرام مولی کے پانی میں کھرل کرلیں ایک ماشہ کی خوراک تین وقت پانی سے یا شربت بزوری سے استعمال کریں اکسیر نسخہ ہے۔ (حکیم فاروق، مظفر گڑھ)

سفلی اثرات اور شادی کا مسئلہ! دونوں حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق پنجاب کے ایک چھوٹے سے گاؤں سے ہے' مجھے پریشانیوں اور مشکلات نے گھیر رکھا تھا' جس کے حل کیلئے اپنی ایک دوست کے مشورہ پر آپ کو خط لکھا جوابی لفافہ کے ہمراہ لکھا تھا۔ چند ہفتوں بعد ہی آپ کا جواب موصول ہوا' بڑی خوشی ہوئی' اس میں آپ نے مجھے یہ وظیفہ دیا تھا:۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

محترم حکیم صاحب! جب میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا تو میں بیان نہیں کرسکتی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ گنہگار پر کیسے کیسے کرم کیا اور میری زندگی میں کتنی بڑی خوشگوار تبدیلی آئی۔ ابھی میں نے وظیفہ پچاس ہزار مرتبہ بھی مکمل نہیں پڑھا تھا کہ میرے حالات بدلنا شروع ہوگئے حالانکہ جس طرح آپ نے بتایا تھا ویسے تو میں نہ پڑھ سکی مگر اللہ نے مجھے اس وظیفہ پڑھنے کی وجہ سے بہت نوازا' اپنی کامیابی سے قارئین عبقری کو آگاہ کرنا اپنا فرض سمجھتے ہوئے لکھ رہی ہوں تاکہ عبقری رسالہ کے ذریعے لاکھوں قارئین اس وظیفے سے فیض حاصل کریں۔ میری زندگی پر گندے اثرات کے بہت مسائل تھے اور ایک سب سے بڑا مسئلہ میری شادی کا بھی تھا کہ رشتہ کہیں طے نہ ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے میرے رشتہ کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ گندے اثرات سے پریشان تھی وہ بھی ختم ہوگئے ہیں۔ چند ماہ بعد میری شادی ہے جیسا رشتہ میرے والدین ڈھونڈ رہے تھے الحمدللہ! اس وظیفے کی برکت بالکل ویسا ہی ملا ہے۔ میرے سسرال والے جلد از جلد شادی کا مطالبہ کررہے ہیں' مذہبی گھرانہ اور لڑکے کا اپنا کاروبار ہے۔ اب میری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے آنے والی زندگی میں آسانی دے اور سیدھے راستے پر چلنے کی توفیق دے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کام کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین! (ن، چکوال)

ہر غم سے نجات کیلئے حضرمی رضی اللہ عنہ نسخہ

امام ابوبکر محمد بن ولید رحمۃ اللہ علیہ کتاب الدعاء میں مطرف بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں خلیفہ منصور کے پاس گیا تو انہیں سخت غمزدہ پایا، وہ اپنے بعض احباب کو کھونے کی وجہ سے چپ سادھ بیٹھے تھے۔ انہوں نے مجھے کہا اے مطرف! مجھ پر ایسا غم سوار ہوچکا ہے جسے اللہ تعالیٰ کے سوا جس نے مجھے آزمائش میں ڈالا ہے کوئی دور نہیں کرسکتا، کیا کوئی ایسی دعا ہے جسے پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ مجھ سے غم کو دور فرمادے؟ میں نے جواب دیا اے امیر المومنین! مجھے محمد بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ نے بتایا ہے کہ بصرہ کے رہنے والے ایک شخص کے کان میں مچھر گھس گیا اور اس کے دماغ تک جا پہنچا۔ وہ شخص تکلیف میں مبتلا تھا اور دن رات نیند سے محروم تھا۔ تب اسے حضرت حسن بصریؒ کے ساتھیوں میں سے ایک نے کہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ والی دعا پڑھو، جو انہوں نے جنگل اور سمندر میں پڑھی تھی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی نصرت فرمائی۔ بیمار شخص نے کہا اللہ جل جلالہ تم پر رحم کرے وہ کون سی دعا ہے؟۔ انہوں نے کہا حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضرت علاء بن حضرمیؓ کو ایک لشکر کے ساتھ بحرین کی طرف بھیجا گیا، میں بھی اس لشکر میں شامل تھا ہم ایک ویران صحرا میں سے گزرے جہاں سخت پیاس نے ہمیں اتنا ستایا کہ ہمیں ہلاکت کا خوف ہونے لگا، تب حضرت علاءؓ سواری سے اترے اور انہوں نے دو رکعت نماز ادا کی پھر کہا: ''یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ اِسْقِنَا'' (ہمیں سیراب فرما)، پس اسی وقت ایک بدلی آئی جیسے کسی پرندے کا پر ہو وہ ہم پر خوب برسی یہاں تک کہ ہم نے برتن بھی بھر لئے اور اپنے جانوروں کو بھی سیراب کرلیا۔

پھر ہم چل پڑے یہاں تک کہ ایک سمندری خلیج پر پہنچے جو اس قدر گہری تھی کہ اس دن سے پہلے اور نہ اس دن کے بعد اس میں کوئی داخل ہوا ہمیں وہاں کوئی کشتی نہیں ملی تو حضرت علاءؓ نے دو رکعت پڑھی اور فرمایا ''یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ اَجِزْنَا'' (ہمیں پار فرما)۔ پھر انہوں نے اپنے گھوڑے کی لگام پکڑی اور فرمایا ''اللہ جل جلالہ کے نام سے پار کرو۔'' حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ہم پانی پر چل رہے تھے بخدا ہم میں سے کسی کے پاؤں یا ہمارے کسی جانور کے کھر تک گیلے نہیں ہوئے۔ یہ ہمارا لشکر چار ہزار نفوس پر مشتمل تھا۔ (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

معدہ کا السر (کورس)
طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت منداور ہشاش بشاش بنائیے
معدہ میں درد ہو معدہ کا کینسر ہو تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف/- 400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

اچھی صحت کے چار اہم راز جان لیجئے!

کامران مجیب، اسلام آباد

گردوں میں پتھری عام طور پر کیلشیم، فاسفیٹ، یورک ایسڈ، آگزیلیٹ اور سسٹین سے وجود میں آتی ہیں۔ سبزی اور دال کھانے والے افراد گردوں کے مسائل سے اکثر محفوظ رہتے ہیں۔ گردوں کا درد پتھریوں کی حرکات کی وجہ سے ہوتا ہے ورنہ اکثر لوگوں کو سالہا سال تک پتھریوں کا علم نہیں ہو پاتا۔ ہمارے یہاں عام طور پر گردوں اور مثانے میں پیدا ہونے والی پتھریوں آگزیلیٹ کی بنی ہوتی ہیں۔ یوں تو یہ جزو ٹماٹر، پالک، جامن، چقندر، بینگن، دالوں، پیاز، انگور، خوبانی، سبز مرچ، شکرقندی، بادام، اخروٹ، پستہ، کاجو، تیل اور چاکلیٹ میں پایا جاتا ہے لیکن ان میں یہ بہت ہی معمولی مقدار میں ہوتی ہے جبکہ چائے، کافی، کلیجی، گردے، مغز، لبلبہ، مچھلی، گوشت، سری پائے، تلی اور بھنی ہوئی غذاؤں میں آگزیلیٹ کی بہت زیادہ مقدار پائی جاتی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق چائے نوش اور گوشت خور افراد طور پر گردوں کے مسائل میں گھرے دیکھے جاتے ہیں اور کچھ ادویات کے مضر اثرات کی وجہ سے بھی گردوں پر اضافی دباؤ بڑھتا ہے۔ ملٹی وٹامنز، اسٹیرائیڈز، اینٹی بائیوٹکس اور پین کلرز کے متواتر استعمال اور عطائیوں کے کشتے کھانے سے بھی گردے کی بیماریاں لاحق ہوتی ہے لہٰذا ایک تندرست آدمی کو روزانہ تین لیٹرز پانی یا پانی پر مشتمل غذاؤں مثلاً رسیلے پھلوں اور سبزیوں کا استعمال کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

خون کی گرمی انار کھانے سے جائے

اگر اضافی طاقت والا کوئی کام کرلیا جائے تو تمام بدن کا سرخ ہوجانا، اکثر گرمی لگتے رہنا اور طبیعت میں بے چینی کا ہونا جسم میں حدت کو ظاہر کرتا ہے۔ خون میں بڑھی ہوئی حدت کا علاج صرف اور صرف گرم مزاج والے غذائی اجزاء، تیز مصالحہ جات، مٹھائیاں، کولا مشروبات، بیکری مصنوعات، چاول، بینگن، دال مسور، چاکلیٹس، بادی اور مرغن خوراک چھوڑ کر کیا جاسکتا ہے۔ پھلوں میں کچھ دن تک خوبانی اور کھجور نہ کھائی جائے اور سبزیوں میں کریلے، بینگن اور اروی وغیرہ ترک کردی جائے اور کسی قسم کا گوشت نہ کھایا جائے۔ آلو بخارا، انار، ناشپاتی، تربوز، انگور، امرود اور پپیتا بکثرت کھایا جائے اور پانی ہمیشہ ابلا ہوا پیا جائے۔ کچھ ہی عرصے میں طبیعت میں بہتری پیدا ہوگی نارمل غذاؤں کا استعمال شروع کیا جاسکتا ہے۔

موسم گرما میں مٹھائی کھانے کے نقصانات

گرمی دانے، پھنسیاں اور جلدی امراض میں مٹھائیاں نہ کھائیں: نیچرو پیتھ کہتے ہیں ساون بھادوں کے مہینے میں پسینے کی زیادتی اور آب و ہوا میں نمی کا تناسب بڑھ جانے سے کئی جلدی امراض جیسے پھنسیاں، گرمی دانے اور خارش جیسے مسائل کا پیدا ہونا فطری امر ہے۔ اس موسم میں گڑ، شکر، مٹھائیاں اور چاکلیٹس وغیرہ کم سے کم استعمال کریں، بالخصوص موسم برسات میں تو بالکل ہی ترک کردیں۔ نیم کے صابن کا استعمال اکثر و بیشتر کرلیا کریں، ثقیل غذاؤں کا استعمال زیادہ نہ کیا جائے اور گوشت، کڑاہی یا مرغ مسلم جیسی خوراکوں سے کچھ عرصہ پرہیز کیا جائے تو آپ بہت حد تک مرض کی شدت سے بچاؤ کرسکیں گے اور اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا ہرگز نہ بھولیں۔

پیٹ میں گیس ختم ہوگی کھانے سے

گیس بننے کے عمل کے لیے غیر ضروری چکنائیوں، مٹھائیوں، چاول، دال ماش، بینگن، تلی اور بھنی ہوئی غذاؤں، بادی، ترش مرغن اور ثقیل غذائیں نقصان دیتی ہیں۔ ہر کھانے کے آدھے گھنٹے بعد عرق سونف کا آدھا کپ پینے سے گیس بننے کا عمل ختم ہوجاتا ہے۔ علی الصبح تیز قدموں کی سیر عمدہ ورزش ہے۔ کھانا کھا کر ٹہلنا اچھا ہے۔ فوراً سونا نقصان دہ ہے۔ کولا مشروبات سے بچنا بہت ضروری ہے۔ زیادہ چائے، سگریٹ، پان، تمباکو اور نسوار معدے کے افعال کو بگاڑ دیتے ہیں۔ ذرا احتیاط کرلی جائے تو گیس سمیت معدے کے لاتعداد مسائل سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔

(بقیہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پسندیدہ کھانے ومشروبات)

(۴) آپ صلی اللہ علیہ وسلم تکان ہونے، کھانا یا پھل کھانے پر اور جماع یا غسل کے بعد پانی پینے کو اچھا نہ سمجھتے تھے۔ (۵) احادیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانی چوس چوس کر پیو اور بڑے بڑے گھونٹ نہ پیو۔

اسم اعظم کے روحانی سات دم کروائے تو لاعلاج بیٹی صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی تقریباً 8 سال سے بیمار تھی بہت علاج کروایا لیکن فرق نہیں پڑا بہت جگہوں سے دم کروایا سب نے پیسے لیے مگر شفاء کسی در سے نصیب نہ ہوئی۔ کسی جاننے والے نے بتایا کہ لاہور میں تسبیح خانہ ہے وہاں جا کر دم کرواؤ ان شاء اللہ آپ کی بیٹی ٹھیک ہوجائے گی۔ میں نے اس سے کہا کہ پہلے بھی بے شمار جگہوں سے دم کروا چکا ہوں صرف پیسوں کے ضیاع کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوا۔ ان کے اصرار پر میں اپنی بیٹی کو مقررہ تاریخ پر لاہور لے آیا' دم کروایا' دم کے فوراً بعد مجھے اپنی بیٹی میں بہت بہتری محسوس ہوئی۔ بس پھر امید کی کرن نظر آئی اور میں نے سات دم لگاتار کروائے۔ یعنی سات ماہ مسلسل اپنی بیٹی کو تسبیح خانہ میں لاتا رہا۔ الحمدللہ اب وہ پہلے سے ستر فیصد بہتر ہے۔ (گل نواز مغل، سانگھڑ)

بُرے خیالات سے نجات ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ میں ہونے والے ماہانہ دم میں شرکت کرتا ہوں۔ دم کروانے سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے' برے خیالات سے نجات ملی ہے' طبیعت پہلے سے بہتر ہے' ڈپریشن سے نجات ملی ہے اور میرے جو کام نہیں ہورہے تھے وہ بھی ہوگئے ہیں۔ الحمدللہ! دم کروانے سے بہت فیض مل رہا ہے۔ (خورشید عالم، رحیم یار خان)

حکومتی ہدایات پر عمل! اسم اعظم کا روحانی دم تسبیح خانہ لاہور میں نہیں ہوسکے گا۔ ان شاء اللہ اسم اعظم کے روحانی اور شفائیہ دعا کی تاریخ کا اعلان حکومتی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد کردیا جائے گا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے!
لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

ناک شفاء دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے

نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا

قیمت -/100 روپے

الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

ایسی سنت جو زندگی کو اجیرن بننے سے بچائے

ثروت النساء، رینالہ خورد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری پھوپھو کا اکلوتا بیٹا آئے دن حادثات اور بیماریوں و جسمانی تکلیفوں کا شکار رہتا' گر کر ایک بار ناک کی ہڈی تڑوا بیٹھا' پاخانے والی جگہ ایک بار بڑا پھوڑا نکل آیا اسی طرح کے حالات تھے کہ پھپھو نے عقیقے کا سوچا کہ بیٹے کا کر دینا چاہیے۔ مگر جب سے عقیقہ کیا آج تک پہلے جیسا مسئلہ پیش نہیں آتا یہ اولاد کے سر کا صدقہ ہے دے دیا جائے تو اولاد کی زندگی بھر کے مسائل حل ہو جاتے ہیں مگر یہاں والدین بھی فائدے میں رہتے ہیں اولاد فرمانبردار ہوتی ہیں۔ جن کے بچے کسی بیماری یا مسئلے کا شکار ہے یا نافرمان ہوں تو عقیقہ کیجئے جس کا حکم بچے کی پیدائش کے پانچوں دن کرنے کا ہے۔ لڑکی کا ایک بکرا اور لڑکے کے دو بکرے۔

بڑے بڑے پھوڑوں کا سبب و علاج

میری دو کزنز کو چھوٹی عمر میں پیٹھ پر پھوڑے نکل آتے تھے جن کے درد سے کزنز روتی تھیں کہ درد بہت ہو رہا ہے۔ وہ ایسے پھوڑے تھے جن کا نہ ہی منہ ہوتا ہے بلکہ گلٹی کی طرح ہوتے ہیں۔ میری کزنز جب درد سے روتی تو میری چھوٹی بہن ان کی نقل اُتارتی تو ہوائیوں کے کزنز کے پھوڑے ٹھیک ہو گئے اور میری بہن کے نکل آئے۔ دین میں اس عمل سے منع کیا گیا تو یہی مصلحت تھی۔ ایک بار مجھے بھی ماحولیاتی آلودگی سے بھائی، باپ، ماں کے ساتھ اسی پھوڑوں سے واسطہ پڑا میں نے ایک دن جب کہ ان میں پیپ نہ تھی میں نے کناروں سے یوں ہی دبانا شروع کر دیا تو وہاں کی سختی ختم ہو کر جلد نارمل ہوتی گئی حتیٰ کہ ہتھیلی جتنا پھوڑا درمیان میں کیل جتنا رہ گیا۔ میں بہت خوش ہوئی باقی بھی پھوڑے میں نے اسی طرح اپنے ختم کیے۔ ہتھیلی والا واپس آیا تو دوبارہ یہی عمل کیا اس کے بعد آج تک دوبارہ نہیں نکلا۔ کیل جتنا پھوڑا خود بخود ختم ہو گیا جبکہ بھائی بے چارے کے پھوڑے ختم نہ ہوئے تھے ایک سے جان چھوٹتی پیپ وغیرہ نکلنے پر تو دوسرے آجاتے ایک کے تین۔ اسی طرح امی، ابو، بھائی، بہن بلکہ بہنوں اور اردگرد کے کئی لوگوں نے پیپ نکلنے پر شفا پائی اور 15،20 دن شدید تکلیف سہی۔

تھوڑے سے چاول اور مدینہ کی حاضری

نسیم کوثر، بکلر والی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ تقریباً 2008 کی بات ہے ہم لوگ رمضان شریف میں عمرے کے لیے گئے۔ مسجد نبوی ﷺ میں ظہر کی نماز کے لیے بیٹھی ہوئی تھی' ایک عمر رسیدہ عورت میرے ساتھ بیٹھ گئی' نماز کے بعد میں نے دیکھا کہ سفید کپڑے جو کہ کچھ پیلے پیلے ہو رہے تھے اور اوپر جوگیانہ رنگ کا دوپٹہ چادر نما پہنے ہوئے تھی' باتوں باتوں میں اس نے بتایا کہ نہ میرا خاوند ہے نہ بچے ہیں' خاوند فوت ہو گیا ہے' میں نے کہا: پھر پیسوں کا انتظام کیسے ہوا؟ اس نے کہا میں شہر سے کپڑے لاکر دیہات میں فروخت کرتی تھی' اس طرح رقم اکٹھی کی ہے۔ ایک رات دس بارہ سال پہلے میں نے خواب دیکھا کہ میری حویلی کے باہر نبی پاک ﷺ تشریف لائے' لوگ کہہ رہے ہیں کہ نبی پاک ﷺ ہیں اور وہ ہاتھ مبارک کے اشارے سے مجھے بلا رہے ہیں۔ میری آنکھ کھل گئی۔ میں صبح اٹھی گڑ والے چاول پکائے بچوں میں تقسیم کیے اور دل میں ارادہ کیا کہ میں عمرے کے لیے جاؤں' میں اکیلی عورت تھی' بستی والوں سے بات کی۔ انہوں نے میرا پاسپورٹ بنوایا پھر ایجنٹ کے پاس میرا پاسپورٹ گم ہو گیا' دو تین سال درمیان میں گزر گئے۔ اس نے کہا کہ میں ڈھونڈ رہا ہوں مل جائے گا' دو تین سال کے بعد دوبارہ وہی خواب آیا کہ بہت سے بچے خوش ہو رہے ہیں کہ نبی پاک ﷺ تشریف لائے ہیں' میں دیکھتی ہوں کہ وہ پھر ہاتھ مبارک کے اشارے سے مجھے بلا رہے ہیں۔ اس کے بعد میری آنکھوں کے آگے روشنیاں کوندنے لگیں۔ میں نے صبح اٹھ کر پھر وہی گڑ والے چاول پکا کر تقسیم کیے' ادھر ایجنٹ نے بھی آکر خوشخبری دی کہ آپ کا پاسپورٹ مل گیا ہے اب اس نے علاقے کے ایک آدمی کے ساتھ میرا ویزہ لگوانے کے لیے بھیج دیا ایک رات مجھے اطلاع دی کہ آپ صبح چھ بجے بس کے اڈے پر پہنچ جائیں سب ہمسائے اکٹھے ہو گئے۔ انہوں نے میری تیاری کرائی' بیگ بنایا اور ایک آدمی موٹر سائیکل پر لیکر مجھے اڈے پر چھوڑنے گیا کیونکہ ہمارے گھر سے اڈہ چار میل دور تھا۔ اب میں مسجد نبوی ﷺ میں ہوں' میں جب چلتی ہوں تو میری آنکھوں کے آگے اب بھی ایسے روشنیاں ہوتی ہیں۔ میں حیران ہو کر اس کی باتیں سن رہی تھی کہ واقعی عمرہ ان لوگوں کیلئے ہے جنہیں بذات خود سرکار ﷺ بلاتے ہیں۔ اتنے میں اس عورت کی گروپ والی خواتین آگئیں کہ نماز پڑھ لی ہے اب چلتے ہیں تو وہ عورت چلی گئی۔

حلقہ کشف المحجوب

مرشد سے رہنمائی نہ لینے کا نقصان

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب بیتا حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ دنیا کو جیب میں رکھنا تو جائز ہے دل میں رکھنا حرام ہے۔ اس لیے کہ جو جیب کی چیز ہوتی ہے اس کے نہ آنے کی خوشی اور نہ جانے کا غم اور جو دل کی چیز ہوتی ہے اس میں آنے کی خوشی بھی ہوتی ہے اور جانے کا غم بھی ہوتا ہے۔ یہ تو ہے حرص کی دنیا کی تفصیل اور دوسری چیز ہے آرزو۔ فقیر جو ہوتا ہے اس کا کھانا پینا اپنے لیے نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تکمیل کیلئے ہوتا ہے۔ مالک بن دینار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جب دنیا کی مذمت سنی تو سب کچھ چھوڑ چھاڑ دیا اور فاقہ کی حالت میں رہنا شروع ہو گئے اب اس سے ضعف' کمزوری اور نقاہت شروع ہو گئی' پہلے نوافل چھوٹے اور پھر سنتیں چھوٹنا شروع ہو گئیں اور خطرہ ہو گیا کہ فرائض نہ چھوٹنا شروع ہو جائیں جب آپ کے اس حال کی خبر ان کے شیخ کو ہوئی تو شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فوراً آپ کو تنبیہ کی اور فرمایا کہ ہم نے تو تمہیں یہ کہا تھا کہ ہم سے ہر چیز پوچھ پوچھ کر چلا کرو' اپنی مرضی سے تم نے فاقے کیوں شروع کر لیے؟ حضرت مالک رحمۃ اللہ علیہ نے عاجزی سے عرض کیا کہ جب حب الدنیا کی میں نے مذمت پڑھی تو میں نے غور کیا اور مجھے سمجھ آیا کہ اس کی ابتداء کھانے سے ہوتی ہے اسی وجہ سے میں نے فاقے شروع کر دیئے۔ تو ان کے شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جواب دیا کہ اپنے اوپر اتنا ظلم نہ کرو کہ تمہارے نفس اور تمہاری جان کا بھی تم پر حق ہے۔ میرے شیخ حضرت خواجہ سید عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بھی ایک بات ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ مرشد سے پوچھ پوچھ کر چلا کرو اور قدم قدم پر رہنمائی لیا کرو اگر مرشد سے رہنمائی نہیں لو گے تو یقیناً تمہارا رہبر شیطان بن جائے گا اور جس کا رہبر شیطان بن جائے اس کی ہلاکت اور بربادی یقینی ہو جاتی ہے اور شیطان بڑا تجربہ کار ہے وہ بہت طریقے اور سلیقے سے دوریاں پیدا کرتا ہے اور جس نوعیت کا شخص ہوتا ہے اسی نوعیت کا شیطان اس کیلئے ہوتا ہے' عالم شیخ کا شیطان بھی اس سے بڑا عالم ہوتا ہے۔ بعض مشائخ نے اس کی چار قسمیں بیان کی ہیں۔ اعراض' حجاب' سلب مزید اور سلب قدیم۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے اللہ ہم سب کی شیطان اور وساوس سے حفاظت فرمائے۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں۔

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا انوکھا نسخہ زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو جوڑ جوڑ کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفا بخشے
لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج | شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید | شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 126

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

جھونپڑی میں موجود بزرگ اور حیران شہزادہ

آخرکار وہ ایک جنگل میں داخل ہوا جنگل بہت گہرا تھا اندھیرا تھا راستہ نظر نہیں آتا تھا' وہ جنگل میں چلتا رہا' چلتا رہا بعض اوقات کسی چیز سے اس کا گھوڑا ٹکرا جاتا تھا' آخرکار اسے دور تھوڑی سی روشنی نظر آئی حیران ہوا کہ وہ روشنی کیا ہے؟ وہ اس روشنی کی تلاش میں جب آگے بڑھا تو اس نے دیکھا کہ ایک جھونپڑی ہے' گھوڑے سے اترا' گھوڑا باندھا اور زور سے آواز دی' اندر سے کمزور سی آواز آئی کہ اندر آجاؤ وہ جھونپڑی کے اندر آگیا اور جھونپڑی کے اندر آکر اس نے دیکھا تو ایک بوڑھے بزرگ تھے' جو اس جھونپڑی میں بیٹھے ہیں اور ہاتھ میں تسبیح لیے کچھ ذکر کر رہے ہیں' وہ بزرگ کے پاس جاکر خاموشی سے بیٹھ گیا' بزرگ آنکھیں بند کرکے جیسے رات کا ذکر کررہے ہیں' تسبیح پڑھ رہے تھے' جب وہ تسبیح اور ذکر کررہے تھے تو اس وقت شہزادہ خاموش بیٹھا رہا' اس نے ان سے کوئی گفتگو نہیں کی' تھوڑی ہی دیر کے بعد انہوں نے تسبیح منہ پر پھیری اور اس کی طرف متوجہ ہوئے اور فوراً اس کا نام لیا اور سارا واقعہ ہرن کی تلاش اور اس کے قتل کا بتادیا' یہ حیرت سے انہیں دیکھتا رہا کہ یہ کیا باتیں ہورہی ہیں؟

اب انہیں دیکھتے دیکھتے اسے حیرت انگیز طور پر احساس ہوا کہ یہ بزرگ تو میرے دل کی ساری باتیں جانتے ہیں اور میری کہانی کو سمجھتے ہیں' اب اس نے اگلا سوال کیا کہ یا شیخ یہ بتایئے! میں ولی عہد ہوں' ظلم و ستم' گناہ' بدکاری لوگوں کے ساتھ چھینا جھپٹی یہ میں برداشت نہیں کرسکتا' ان حالات میں کیا کروں؟ بزرگ نے سرگوشی کے انداز میں اس جوان کو کچھ نصیحتیں کیں اور ایک کونے کی طرف اشارہ کیا جب اس کونے کی طرف یہ بڑھا تو وہاں تازہ گرم اور لاجواب کھانا پڑا ہوا تھا' یہ سارے دن کا بھوکا تھا' یہ کھانا کھا رہا تھا اور خیال کررہا تھا کہ پتہ نہیں مجھے سارا کھانا کھانا چاہیے یا نہیں' بزرگ نے فرمایا: یہ سارا کھانا تمہارے لیے ہی ہے۔ تم کھاجاؤ اور وہ بچھونا تمہارے لیے بچھا ہوا ہے' تم سو جاؤ' وہاں تمہاری سواری (گھوڑے) کے کھانے کا انتظام بھی ہم نے کردیا ہے' وہ بہت حیران ہوا کہ یہ میرے ساتھ کیا ہورہا۔

میں اس ''بندر جن'' کی باتیں سن رہا تھا' اس نے بنگال کے بادشاہ کی بات سنائی' مجھے حیرت ہورہی تھی اور احساس ہورہا تھا' یہ واقعات کتنے دلچسپ بھی ہیں اور عبرت انگیز بھی ہیں کہ ان واقعات کے اندر کتنی داستانیں' کہانیاں اور انجام پوشیدہ ہیں۔ میں حیرت انگیز طور پر ساری داستان سن رہا تھا' سارے واقعات سن رہا تھا اور مجھے ایک انوکھا نظام سامنے بالکل سامنے نظر آرہا تھا۔

کیا میرا ہرن مجھے مل سکتا ہے؟

بندر جن مزید بولا: آخرکار وہ شہزادہ سوگیا اور تھوڑی دیر میں گہری نیند میں چلا گیا' صبح اسے احساس ہی نہ ہوا اور بہت دیر سے اٹھا' اسے اپنے دیر سے اٹھنے پر بہت ندامت ہوئی' اٹھتے ہی اس نے دیکھا تو بہترین خوشبودار کھانا اور جنگل کی جڑی بوٹیوں کے مختلف قہوے اس کا انتظار کررہے تھے' وہ حیران ہوا' بزرگ نے کوئی بات نہ کہی' ساتھ ہی چشمہ بہہ رہا تھا' اس نے ہاتھ منہ دھویا' کھانا کھایا' پانی پیا' تروتازہ ہوا' کھانا کھانے کے بعد دیکھا تو اس کا گھوڑا پانی پی کر گھاس کھا کر تروتازہ تھا اور ابھی مزید اس کے سامنے گھاس اور پانی پڑا ہوا تھا۔ یہ سارے حیران کن واقعات وہ دیکھ رہا تھا۔ آخرکار اس نے اس بزرگ سے اجازت مانگی اور ایک سوال کیا کہ کیا میرا ہرن مجھے مل سکتا ہے کہ جس ہرن کے بارے میں والد نے مجھے کہا تھا۔

کیا کوئی والد ایسا بھی ہوسکتا ہے؟

بزرگ نے کہا: بیٹا! تم ہرن کو چھوڑ کر اپنے محل میں چلے جاؤ تمہارا باپ تمہارا انتظار کررہا ہے' دیکھو! آئندہ کے لیے خیال کرنا یہ جو بھی لوگ تھے یہ ڈاکو اور شریر لوگ نہیں تھے یہ دراصل تمہارے والد کے بھیجے ہوئے لوگ تھے اور تمہارا والد تمہیں اپنی راہوں سے ہٹانا چاہتا ہے۔ ایک دم اس کو جھٹکا لگا یہ کیسے ممکن ہے؟ اس بزرگ کی کسی بات کو وہ جھٹلا بھی نہیں سکتا تھا لیکن اسے یقین بھی نہیں آرہا تھا کہ کیا کوئی والد بھی ایسا ہوسکتا ہے؟ جو اپنے بیٹے کو قتل کرادے اور اسے اپنی راہوں سے ہٹادے؟ اور اس بزرگ نے سرگوشی کے انداز میں اس شہزادے کو مزید احتیاطی تدابیر بتائیں اور احتیاطی تدابیر کے ساتھ ایک جڑی بوٹی کی پہچان کروادی جو ہر جگہ مل جاتی ہے اور کہا کہ دیکھو اب اگلا وار تمہارے اوپر کھانے میں زہر ملا کردینے کا ہوسکتا ہے' بیٹا یہ جڑی بوٹی روزانہ کھالیا کرو' تمہارے اوپر کوئی زہر اثر نہیں کرے گا اگر زہر تمہارے اندر چلا بھی جائے گا تو قے کے ذریعے نکل جائے گا اور اس بوٹی کو کبھی نہ چھوڑنا اور کچھ بوٹی کے پتے اس بزرگ نے اس شہزادے کو کھلا بھی دیئے۔

رات کی تاریکی قبرستان کا سناٹا اور بندر جن

بندر جن کی باتیں قبرستان میں' میں بھی سن رہا تھا اور میرے ساتھ وہ میرے مسلمان جنات بھی بیٹھے ہوئے تھے جو ذکر اور تسبیحات کررہے تھے۔ رات کی تاریکی تھی قبرستان کا سناٹا تھا اور میں اس بندر جن کی باتیں بہت غور اور دلچسپی سے سنے جارہا تھا وہ بندر جن کہنے لگا وہ شہزادہ یہ ساری ہدایات اور بوٹی کے پتے ساتھ لے کر واپس ہوا اور اس کا گھوڑا دوڑ رہا تھا اور اس کا رخ اس کے محل کی طرف تھا جب محل کی طرف پہنچا اور اپنے باپ سے ملا تو اسے باپ بہت ہمدردی سے ملا کہ بیٹا تو رات کہاں تھا میں بہت پریشان تھا؟ اور یہ تیرا جسم' لباس اور زخم بیٹے نے ساری کہانی سنائی' باپ نے ایسے محسوس کروایا کہ جیسے اسے کسی چیز کا پتہ ہی نہیں اور بہت زیادہ دکھ رنج اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وہ دکھ درد اور رنج کی باتیں سنتا رہا۔ اس نے محسوس کیا کہ والد کی آنکھوں میں وہ محبت' وہ شفقت نہیں ہے جو پہلے تھی۔ اب والد کی آنکھوں میں بھی انتقام کی آگ ہے' اب وہ چیز نہیں ہے جو پہلے تھی' اب وہ یہ سوچتا رہا' آخرکار والد نے اسے کہا کہ اب تم بیٹا اپنے کمرے میں جاؤ جہاں والد نے پہلے سے تدبیر یہ سوچی تھی کہ ایسی مرہم پہلے سے تیار کروا رکھی تھی کہ جس کے اندر زہر ملا ہوا تھا تاکہ زخموں کی دوا جسم پر لگائیں اور وہ زہر اس دوا کے ذریعے جسم پر اثر کرجائے اور یہ ختم ہوجائے۔ جب اس کے والد نے دوا کی بات کہی تو اسے اچانک اس بزرگ کی بات یاد آئی کہ دیکھو اگلا وار تم پر زہر کا ہوگا' اس نے خیال کیا پہلے میں اس جڑی بوٹی کے پتے کھالوں اس نے آتے ہی اپنے خاص ذاتی غلام سے کہا کہ فلاں جڑی بوٹی کے پتے پہلے سے

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

اکٹھے کر کے لاؤ وہ اپنے شاہی کمرے میں گیا اور چپکے سے اس نے بہت سے پتے کھا لیے اور باقی پتے سنبھال کر رکھ لیے اور معتمد قابل اعتماد غلام کو کہا کہ وہ تروتازہ پتے اکثر لایا کرے اور رکھا کرے اور مجھے بار بار کھلاتا رہا کرے۔ اب اس نے وہ پتے سارے کھا لیے اور کھانے کے بعد اس نے پٹی باندھنے والے جراح اور زخموں کا علاج کرنے والے جو کہ شاہی محل میں موجود ہوتے ہیں ان کو بلا لیا' وہ جراح آگئے اس کا علاج شروع کیا' زخموں کو صاف کیا' ان میں ایک جراح ایسا تھا جس کی آنکھوں میں شیطانیت تھی' کینہ اور بغض تھا' شہزادہ ولی عہد عاقل' بالغ' سمجھدار تھا' وہ سمجھ گیا کہ یہ وہ شخص ہے جو میرے باپ کے ساتھ ملا ہوا ہے اور میرے باپ نے اس کی ڈیوٹی لگائی ہے مجھے زہر کے ذریعے قتل کرانے کیلئے' شہزادہ مطمئن تھا' تھوڑی دیر ہوئی اس نے زخموں پر دوا لگائی' مرہم پٹی کی۔ دوائی کے تھوڑی ہی دیر کے بعد جب وہ پٹیاں وغیرہ باندھ کر چلے گئے تو شہزادہ کو قے کی کیفیت ہوئی' کمرے سے باہر پھولوں کی کیاری تھی اسے قے میں واضح زہر محسوس ہوا' اب اس کے بعد اس کے پاس فوراً یہی حل تھا کہ وہ فوراً وہ پتے کھائے' وہ اپنے شاہی کمرے میں گیا اور اس نے جی بھر کر وہ پتے پھر کھا لیے' اور اسے بزرگ کی باتوں کا احساس ہوا کہ بزرگ نے کہا تھا کہ تم پر اگلا وار زہر کا ہوگا' اب وہ روزانہ اسی جڑی بوٹی کے پتے کھاتا رہا' شاہی کھانا بھی کھاتا رہا۔

میرا باپ میری موت کیوں چاہتا ہے؟

چند دنوں کے بعد اس نے محسوس کیا کہ اس کا باپ الجھا الجھا سا ہے کیونکہ زہر دینے والوں نے کہا تھا کہ بس پٹی لگاتے ہی تھوڑی دیر کے بعد اس کا جسم تڑپے بغیر ساکت ہو جائے گا اور یہ مر جائے گا اور ہم کہیں گے کہ یہ شکار پر گیا تھا وہاں کے زخموں کی وجہ سے اور خون بہنے کی وجہ سے یہ مر گیا۔ ہم پوری مملکت میں موت کا اعلان کر دیں گے۔ اب اگلے چند دنوں کے بعد اس نے اپنے باپ کے چہرے پر الجھاؤ' تناؤ' کھچاؤ اور گھبراہٹ محسوس کی اور اس نے محسوس کیا۔ وہ حیران ہوا کہ یہ اس کے ساتھ کیا ہو رہا ہے اب اس کی حیرت بڑھتی چلی گئی اب بادشاہ نے اپنے اعتماد رکھنے والے وزیروں کو بلایا کہ میں نے تو اس کو زہر دیا تھا' زہر نے اثر کیوں نہیں کیا؟ اب وہ سب حیران' آخرکار اس نے کہا کہ اس کے پاس زہر کا کوئی تریاق ہے اور کوئی ایسی چیز ہے جس کی وجہ سے زہر اس پر اثر نہیں کر رہا اس کو بلایا اس سے حال احوال بادشاہ نے لیا اور باتوں ہی باتوں میں کریدا شہزادہ نے کچھ بھی نہ بتایا' انہی وزیروں اور مشیروں میں ایک شخص ایسا تھا جو شہزادے کا اعتماد رکھتا اس نے ولی عہد کو یہ ساری بات بتائی کہ کسی طرح آپ کو ان مرہموں میں زخموں کے علاج میں زہر دیا گیا اور ایسا خطرناک زہر دیا گیا کہ جس خطرناک زہر کی وجہ سے آپ کا نقصان ہو سکتا تھا اب وہ حیران ہوئے شہزادہ حیران ہوا کہ میرا باپ میری موت کیوں چاہتا ہے؟

لیکن اسے یہ بھی پتہ تھا کہ موت کو چاہنے کی بنیادی وجہ باپ میری وعظ و نصیحت کو برا سمجھتا ہے اور باپ چاہتا ہے کہ میں ختم ہو جاؤں' قتل ہو جاؤں' برباد ہو جاؤں۔

بندر جن یہ باتیں سنا رہا تھا میں سوچنے لگا کہ اس کے پاس صدیوں کے واقعات ہیں' صدیوں کے قصے ہیں' دن بیت جائیں راتیں بیت جائیں پھر صبح اور شام آجائے بندر جن کے واقعات ختم نہیں ہوں گے اور بندر جن کی کہانیاں کبھی ختم نہیں ہوں گی میں اس کے واقعات اور مشاہدات سن رہا تھا۔ آخرکار درمیان میں اسے روکتے ہوئے یہ بات کہی کہ اس قصے کو مختصر کریں اور بتائیں پھر کیا ہوا؟

یوں ایک عبرت اور ظلم کی کہانی ختم ہوئی

کہنے لگے: ہوا یہ کہ اور بہت دلچسپ بات ہے کہ ایک دفعہ اس نے پھر بیٹے کو کھانے میں زہر دیا' قدرت کا نظام ایسے بنا کہ جس کھانے میں زہر دیا تھا اور وہ زہر دینے والے نے کھانا ولی عہد کے سامنے رکھنا تھا وہ ولی عہد نے وہ کھانا اپنے باپ کے سامنے رکھا ولی عہد کو خود معلوم نہیں تھا اور بادشاہ کو بھی علم نہیں تھا کہ آج اس کھانے میں زہر ملا ہوا ہے' اچانک ماں نے بیٹے کو بلایا اور بیٹا اٹھ کر چلا گیا باپ نے کھانا کھایا اور تھوڑی ہی دیر میں وہ تڑپے بغیر مر گیا اور شہزادہ سمجھ گیا کہ جو زہر مجھے دینا تھا وہ زہر باپ پر اثر کر گیا اور باپ کا سخت نقصان ہوا اور باپ مر گیا یوں ایک عبرت اور ظلم کی کہانی ختم ہوئی اور رعایا نے سکھ کا سانس لیا اور احساس کیا کہ ایک ایسے شخص اور بادشاہ کی حکومت اور مملکت آئی کہ جس کے ذریعے انسانیت کو سکون راحت اور خیر ملی اور جس کے ذریعے سے انسانیت کو نفع اور عافیت کا نظام ملا۔ انسانیت کو بہت دکھ پہنچا رہا تھا وہ ظالم اور اب سکھ ملا۔

قبرستانی جنات کی تباہ کاریاں

بندر جن نے اور بہت واقعات سنائے جو اس دفعہ اس جن سے مجھے سبق ملا وہ یہ ملا کہ قبرستان میں باقاعدہ جنات ہوتے ہیں' جو لوگوں کو فسق و فجور' گناہ' بدکاری کی طرف مائل کرتے ہیں اور جو لوگوں کو گناہوں کی طرف اکساتے ہیں وہ قبرستانی جن ہی ہوتے ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کی زندگی میں پریشانی' بے سکونی' مشکلات مسائل اور دکھ اور تکالیف ہوتی ہیں۔ لوگ اسی پریشانی' مشکلات' دکھ' تکالیف میں اپنی نسلوں کو برباد کر بیٹھتے ہیں اور ان کی نسلیں برباد ہو جاتی ہیں' اس لیے بعض کتب میں یہ واقعات آئے ہیں کہ قبرستان میں جب جائیں تو جنات سے حفاظت کے اعمال ضرور کریں اور بڑوں سے بات سنی ہے کہ قبرستان میں لوگوں کو جن چپک جاتے ہیں اس کی بنیادی وجہ وہ شریر اور شیطانی جنات ہیں میں نے اس بندر جن سے ایک بات پوچھی کہ یہ بتائیں جو لوگ مسنون دعاؤں کا اہتمام کرتے ہیں کیا آپ انہیں بھی نقصان پہنچا سکتے ہیں اس نے حیرت اور حسرت سے میری بات کا جواب دیا کہنے لگا: ان کو چاہتے ہوئے بھی ہم ان کا کچھ نہیں کر سکتے اور چاہتے ہوئے بھی ہم انہیں نقصان نہیں دے سکتے۔ اس کی وجہ ہے کہ ان لوگوں کے ساتھ ایک حفاظت کا نظام ہوتا ہے اور وہ حفاظت کا نظام ہم چاہ کر بھی نہیں توڑ سکتے۔

شریر جنات کو آگ لگانے کیلئے تعوذ پڑھیں!

جو لوگ مسنون دعاؤں کا اہتمام کرتے ہیں مسنون دعاؤں کو پڑھتے ہیں ان کا ہم کچھ نہیں بگاڑ سکتے وہ لوگ محفوظ رہتے ہیں اور سدا حفاظت میں رہتے ہیں مجھے حیرت ہوئی کہ حفاظت کے اعمال کی کیا برکات ہیں' یہ خطرناک جنات شعلوں سے بنے ہوئے بھی انہیں کچھ نہیں کہہ سکتے۔ میں نے انہیں کہا کہ سب سے زیادہ کون سی چیز ہے جس سے آپ ڈرتے ہیں' کون سی تسبیح ہے' کون سا ورد ہے' کون سا وظیفہ ہے کہنے لگے: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ہمیں بہت ڈراتا ہے اس لفظ سے ہم بہت خوف زدہ ہوتے ہیں اور بہت خوف کھاتے ہیں' اور اس لفظ کی وجہ سے ہم تھرتھرا جاتے ہیں ہم خود (باقی صفحہ نمبر 55 پر)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 64 پر دیا گیا کوپن پر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

برص پھلبہری کورس

برص' خارش' چنبل' کوڑھ' جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

500

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

گھر میں جب کوئی چیز آئے یہ پڑھ لیں! غربت ختم

فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا گھر کرائے کا ہے' مالی حالات بہت خراب تھے' کچھ سالوں سے مشکلات بہت بڑھ گئیں بھائی کی انکم بس اتنی کہ کرائے کے بعد بل وغیرہ بھی مشکل سے ہی ادا ہوتے اور باقی خرچے بھی کرنا ہوتے۔ عبقری سے وابستگی کافی عرصہ سے تھی' میں نے عبقری دواخانہ سے اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی لی اور اس کا عمل شروع کیا اور آپ کے درس میں سنا کہ جب کوئی چیز گھر میں آئے تو ایک بار الحمدللہ کہہ کر ایک بار درود شریف پڑھ لیں' اس نیت سے کہ ایسا حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا بھی کرتیں۔ اس چھوٹے سے عمل کو بھی میں نے اپنی زندگی کا حصہ بنالیا۔ قرض تو ابھی بھی ہے' کافی مشکل بھی ہے' مگر حالات بہتر ہو رہے ہیں' اللہ تعالیٰ کا کرم ہو رہا ہے' برکت محسوس ہو رہی ہے' بھائی کی انکم میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اب الحمدللہ اتنا کرم ہو گیا ہے کہ پہلے برکت والی تھیلی بھی لیتے ہوئے سوچتی تھی اب خود بنا کر بانٹنا بھی شروع کر دی ہے اس کے ساتھ آپ کے دواخانہ سے ایک چھوٹا سا کتابچہ "مال دار بننے کا راز" بھی ضرور دیتی ہوں کہ سب کو برکت والی تھیلی کے عمل اور اس کے فوائد کا مکمل علم ہو سکے۔ الحمدللہ! جو لوگ بھی "برکت والی تھیلی" استعمال کر رہے ہیں اس کا فائدہ لے رہے ہیں۔ مزید قارئین سے گزارش ہے کہ اگر آپ "برکت والی تھیلی" تقسیم کر رہے ہے تو اس میں چھوٹا کتابچہ "مالدار بننے کا راز" ضرور ڈال کر بانٹیں اور پھر رقم اور گھر میں برکت دیکھیں۔ میرے چہرے پر بہت دانے نکلتے تھے اگر ختم بھی ہو جاتے تو نشان رہ جاتے میں نے ایک تسبیح پہلا کلمہ، ایک تسبیح استغفار، ایک تسبیح اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ، تین تسبیح اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سات بار بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ پڑھنا شروع کی یہ سب حضرت صاحب کے درس میں سنا تھا اس سب کے ساتھ میں نے ایک تسبیح يَاخَالِقُ يَامُصَوِّرُ يَا جَمِيْلُ بھی روزانہ پڑھنا شروع کی اب کافی عرصہ ہو چکا ہے نہ میرے چہرے پر دانے ہیں نہ نشان۔ (ایک بہن، لاہور)

یہ عمل کیجئے! رزق دولت مقناطیس کی طرح کھنچے چلے آئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری تقریباً ایک سال ہو گیا' باقاعدہ پڑھ رہا ہوں' یہ کاوش آپ کی عظیم ترین کاوش ہے۔ اس رسالہ میں کارآمد ٹوٹکے علاج کیلئے ہوتے ہیں اور ورد وظائف بھی بڑے کارآمد ہوتے ہیں۔ اس لیے میں ایک آزمودہ وردروزی ورزق کی کشادگی کیلئے لکھ رہا ہوں یہ ورد حقیقی ضرورت رزق وتنگدستی کیلئے ہے جو شخص مفلسی اور تنگدستی میں زندگی گزار رہا ہو اس کیلئے ایک بہت ہی بڑا ورد ہے اس کو وہی لوگ کریں جن کو حقیقی ضرورت ہو۔ خوب سے خوب کی تلاش والے نہ کریں۔ اس کو اگر یقین کے ساتھ کریں گے تو دولت' رزق مقناطیس کی طرح ان کی طرف کھنچتا ہوا آئے گا۔ ان شاء اللہ نیچے والا ہاتھ اوپر والا ہاتھ بن جائے گا۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿۳﴾ طریقہ: پہلے سات مرتبہ درود شریف پھر سات مرتبہ سورۂ اخلاص' پھر ایک سو ایک مرتبہ درج بالا آیات پڑھیں۔ پھر آخر میں سات مرتبہ سورۂ اخلاص اور پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل چالیس یوم تک کرنا ہے اور پرہیز جلالی لازمی کریں یعنی اکتالیس دن تک کسی قسم کا گوشت نہیں کھانا ہے' کچا پیاز' ٹماٹر وغیرہ نہیں کھانا ہے۔ عمل رات کو نماز عشاء کے بعد پڑھنا ہے۔ دال مونگ وغیرہ لاہوری نمک ڈال کر روٹی کے ساتھ کھائیں یا پھر کوئی اور سبزی وغیرہ۔ (اورنگ زیب' ہری پور ہزارہ)

مصیبت کی جڑ

بہت سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ مشکل صورت حال یا کوئی ناخوشگوار واقعہ انہیں پریشان' مضطرب اور بدحواس کر دیتا ہے یا کوئی جسمانی تکلیف بھی پریشانی کا باعث بن جاتی ہے لیکن میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ ہمارے خیالات ہی درحقیقت ہر مصیبت کی جڑ ہیں۔ ہمارے والدین' بہن بھائی' شوہر' بیوی یا روزمرہ پیش آنے والے واقعات ہمیں اتنا پریشان نہیں کرتے ہیں جتنا ہمارے خیالات ہمیں درہم برہم کر دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر شدید برف باری کے موسم میں آپ اپنی کار پر کہیں جا رہے ہیں کہ دفعتاً کار کا ایک ٹائر پنکچر ہو جاتا ہے دراصل ٹائر کے پنکچر نے آپ کو پریشان نہیں کیا پریشانی تو آپ کو اس خیال سے ہوئی کہ سخت سردی میں کار سے اتر کر آپ کو ٹائر تبدیل کرنا پڑے گا۔ ہمارے خیالات ہمیں بھڑکاتے ہیں یا ہمیں ٹھنڈا رکھتے ہیں۔ میں اسے جذبات کی ابجد کا نام دوں گا جس کی وضاحت میں اس طرح کروں گا کہ ہم دو قسم کی تکالیف محسوس کرتے ہیں۔ ایک جسمانی اور دوسری جذباتی یا روحانی۔ اگر چاقو سے آپ کو زخم لگ جائے تو چاقو کو میں الف کا نام دوں گا اور زخم کو ج، آپ یقیناً میری اس بات سے اتفاق کریں گے کہ الف جو ہے وہ ج (زخم) کا باعث بنا یعنی چاقو زخم کا باعث بنا' یا اگر کسی کار کی ٹکر سے آپ کی ٹانگ ٹوٹ جاتی ہے تو کار الف اور ٹوٹی ہوئی ٹانگ ج کہلائے گی۔ دوسری لفظوں میں الف، ج کا باعث بنا، یہ جسمانی تکلیف کا نظریہ ہے۔ آپ کے جسم کے کسی حصے پر جو کچھ ہوا ہے آسانی سے دیکھا جا سکتا ہے اور جو کچھ بھی ہوا وہ کسی دوسرے کے ذریعے ہوا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ہم تکلیف محسوس کرتے ہیں لیکن نہ کوئی زخم دکھائی دیتا ہے نہ جلد پر کوئی خراش لگی ہے اور نہ کوئی ہڈی ٹوٹی ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ تکلیف کہاں سے آئی؟ یہ تکلیف دراصل ب کی وجہ سے محسوس ہو رہی ہے جو آپ کے خیالات ہیں۔ جو تکلیف کا احساس دلا رہے ہیں۔ اس موقع پر کسی نے آپ کو کوئی تکلیف نہیں پہنچائی۔ تکلیف تو آپ کے خیالات آپ کو پہنچا رہے ہیں۔ فرض کیجئے کوئی شخص آپ کو گالی دیتا ہے۔ گالی دینے والا الف کہلائے گا۔ گالی سننے کے بعد آپ اپنے آپ سے کچھ اس طرح ہم کلام ہوتے ہیں (باقی صفحہ نمبر 53 پر)

ٹھنڈی مراد
بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ' قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں' مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یہ تمام طریقے عمر گھٹاتے ہیں! بچ کر رہیے!

حکیم عبدالحمید، حیدرآباد

یہ صحیح ہے کہ قدرت کسی چیز کو ایک حال میں رکھنا نہیں چاہتی۔ قانون تغیر، جمادات، نباتات اور حیوانات میں ہر آن جاری ہے۔ موت بھی ایک ایسا تغیر ہے جو اس دنیا کے نظام کے لیے اسی قدر ضروری ہے جس قدر کہ زیست، لیکن خیال رکھیے کہ قدرت ہم کو ایک معین وقت میں ضرور موت سے ہم آغوش کرنا چاہتی ہے، مگر اس معین وقت سے پہلے اس کا ہرگز منشا نہیں ہے کہ ہم ہلاکت اور امراض سے ہم کنار ہوں۔ آپ جتنا اس مسئلے پر غور کیجئے گا یہ حقیقت واضح ہوتی جائے گی کہ ہمارا تمام نظام جسمانی اور جسم سے باہر کی تمام چیزیں ہماری صحت اور ہمارے شباب اور درازی عمر کی معاون ہوتی ہیں۔ طوالت عمر اور صحت کا وراثت یا موروثی اثرات سے بھی گہرا تعلق ہوتا ہے۔ جو لوگ طویل العمر آباؤ اجداد کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں وہ بڑی عمر تک پہنچنے کا امکان رکھتے ہیں، لیکن اس کے یہ معنی ہرگز نہیں ہوسکتے کہ وہ حفظانِ صحت کے تمام اصول بالائے طاق رکھ دیں اور صرف وراثت پر بھروسہ کرلیں۔ ایسے لوگ یقیناً طویل عمر حاصل کرنے میں ناکام رہیں گے اور اپنی اس خصوصیت کو زائل کردیں گے۔

اس کے مقابلے میں ان لوگوں کو بھی مایوس ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے جن کے آباؤ اجداد کی عمریں کم تھیں یا وہ کسی خاص مرض میں مبتلا تھے۔ اس قسم کی وراثتی خصوصیات کو ہم اپنی جدوجہد اور استقلال سے زائل کرسکتے ہیں۔ اگر کم عمر والدین کا کوئی فرد طے کرے کہ وہ اپنی عمر کو طویل کرے گا اور اس سلسلے میں ہر کوشش سے دریغ نہ کرے گا تو وہ یقیناً اس میں کامیاب ہوسکتا ہے۔ اس سلسلے میں کئی مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ طویل العمری بعض خطوں اور ملکوں کی خصوصیت بھی ہے۔ بڑھاپے اور کم عمری کے اسباب: (۱) شراب، (۲) بسیار خوری، (۳) تمباکو نوشی، (۴) کثرتِ مجامعت، (۴) کثافت، (۵) حرص وہوس، (۷) طمع اور کنجوسی، (۸) غصہ، (۹) خودنمائی، (۱۰) مانع حمل طریقے۔

(۱) شراب: یہ مذہبی اور اخلاقی اعتبار سے مسلمہ طور پر ام الخبائث ہے۔ طبی نقطہ نظر سے بھی مضر چیز ہے۔ جسم میں اس کا خراب اثر زیادہ تر جگر اور آلاتِ خون پر پڑتا ہے۔ شراب کے عادی صلابت شریانی میں مبتلا ہوجاتے ہیں جو بڑھاپے کا پیش خیمہ ہے۔ **(۲) بسیار خوری:** شیخ الرئیس بوعلی سینا کا قول ہے کہ ہیضہ طاعون سے اس قدر لوگ نہیں مرتے جس قدر بسیار خوری سے۔ اس مقولے کی صحت قیامت تک مسلم رہے گی۔ خوراک کی زائد از ضرورت مقدار جسم میں داخل کردینے سے طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ ان بیماریوں کا تمام اعضائے جسم پر مخالف اثر یقینی ہے۔ جسم کو امراض کا اس طرح شکار بنائے رکھنے سے عمر کم اور بڑھاپے کی آمد جلد ہوتی ہے۔

(۳) تمباکو: تہذیب حاضر کی سب سے بڑی لعنت ہے۔ تمباکو نوشی اور تمباکو خوری دونوں نہایت مضر ہیں، لیکن تمباکو خوری کے اثرات اور بھی بے اندازہ ہیں۔ اس کا مضر اثر پھیپھڑوں پر ہوتا ہے اور غدۂ ورقیہ (تھائرائڈ) بھی اس سے متاثر ہوتا ہے۔ اس غدہ کا صحت دماغی اور طوالت عمر سے خاص تعلق ہے۔

لمبی عمر پانے کے حیرت انگیز قدرتی ذرائع

(۴) کثرت مجامعت: خصیتین کا طویل العمری اور بڑھاپے سے خاص تعلق ہے۔ کثرتِ مجامعت سے خصیتین کے افعال میں سخت خرابی لاحق ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف معتدل جماع ان کے افعال میں مدد دیتا ہے اور وہ اپنی رطوبات کی پیدائش میں مستعد ہوجاتا ہے۔ **(۵) کثافت:** یعنی گندگی بہت سے امراض کا سبب ہے۔ صفائی رکھنے والے اشخاص بہت کم امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ کثافت، امراض کی کثرت، قبل از وقت بڑھاپے اور کمزوری کی بین وجہ ہے۔

(۶) حرص وہوس: اخلاقیات میں اسے مذموم قرار دیا جاتا ہے لیکن اس کا اثر تمام جسمانی اور دماغی قوتوں پر یقینی ہے۔ حرص وہوس سے لوگ تمام اصول حفظ صحت کی پابندی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جس سے طرح طرح کی بیماریوں کا وقوع لازمی ہے۔ جسم کو اس طرح بیماریوں کی آماج گاہ بنا دینے سے لازمی طور پر بڑھاپا جلد آتا ہے اور عمر کم ہوجاتی ہے۔

(۷) طمع اور کنجوسی: قدرت کے قوانین سے ہم کو بخشش اور سخاوت کا سبق ملتا ہے اور اس سے انسان کے دل کو ایک طبعی فرحت حاصل ہوتی ہے اس سے دورانِ خون صحیح طور پر قائم رہتا ہے اور انسان مطمئن زندگی بسر کرتا ہے لیکن جن لوگوں کو اللہ نے ان صفات سے محروم رکھا ہے ان کا قلب اور دماغ فرحت سے محروم رہتے ہیں۔ طمع اور کنجوسی سے شرائن اور اعصاب بہت متاثر ہوتے ہیں اور ان میں ہر وقت ایک انقباض کی کیفیت طاری رہتی ہے۔ دوران خون کا تناسب قائم نہیں رہتا۔ عمر بڑھانے اور بڑھاپا روکنے والے غدود صحیح دورانِ خون نہ ہونے کی وجہ سے اپنے افعال اچھی طرح قائم نہیں رکھ پاتے، اس لیے لالچی اور کنجوس کا جلد بوڑھا ہونا اور کم عمر ہونا بالکل قدرتی قوانین کے تحت ہے۔ **(۸) غصہ:** جب کسی شخص کو بہت غصہ آتا ہے تو اس کے سر اور چہرے کی وریدیں پھول جاتی ہیں۔ چوں کہ ان وریدوں کا دماغ کے آلات خون سے قریبی تعلق ہوتا ہے، اس لیے ان کا پھولنا اس کی علامت ہے کہ دماغ کے آلات خون میں تغیرات واقع ہوتے ہیں۔ اگر قلبی اور دماغی آلاتِ خون میں تبدیلیاں واقع ہوں تو اس وقت غصے کے اثرات اور بھی زیادہ خطرناک ہوتے ہیں۔ غصے کا بار بار آنا آلات خون یا وریدوں کی سختی کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ غصے سے خون میں نہایت مضر صحت کیمیائی تبدیلیاں بھی واقع ہوتی ہیں۔ غدودی نظام کی اس مسلسل برہمی سے بڑھاپے کی کیفیت جلد طاری ہوجاتی ہے اور عمر گھٹ جاتی ہے۔ **(۹) خودنمائی:** خودنمائی کے مضر صحت اجزاء مثلاً خضاب وغیرہ کا استعمال جسم میں زہریلے اثرات پیدا کرکے اندرونی نظام میں خرابیاں پیدا کرتا ہے۔ **(۱۰) مانع حمل طریقے:** یہ تمام طریقے عمر گھٹاتے ہیں۔ ان سے طرفین کی غدودی صحت پر خراب اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ عورتوں میں اس سے اختناق رحم کے دورے پڑنے لگتے ہیں۔ ان کے عصبی اور غدودی نظام سخت متاثر ہوتے ہیں۔ میں نے ثباتِ شباب اور درازی عمر کے قدرتی ذرائع دو حصول میں تقسیم کردیئے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

۱۔ اندرونی ذرائع: ۱۔ غدۂ ورقیہ، ۲۔ خصیے، ۳۔ کلاہ گرد (ایڈرینال)، ۴۔ گردہ، ۵۔ جگر، ۶۔ قلب، ۷۔ دماغ، ۸۔ آنتیں، ۹۔ لبلبہ، ۱۰۔ پھیپھڑے، ۱۱۔ جلد ان کے علاوہ اور اعضا بھی ثباتِ شباب اور درازی عمر میں مدد دیتے ہیں، لیکن یہاں صرف چند اہم اعضا کا ذکر کیا گیا ہے۔

۲۔ بیرونی ذرائع: ۱۔ پاک وصاف ہوا، ۲۔ پاک وصاف پانی، ۳۔ سورج کی شعاعیں، ۴۔ غسل، ۵۔ معتدل ورزش، ۶۔ متوازن غذا، ۷۔ نیند، ۸۔ جماع معتدل، ۹۔ چشمے، ۱۰۔ زندہ رہنے کی کوشش۔

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

منفی سوچ سے پرہیز کیجئے

اس لائن میں مہارت کی وجہ سے بچوں کے پورے پروگرام کی تیاری کی ذمہ داری آرٹ کی ایک ٹیچر کو دی گئی تھی' پروگرام میں علاقہ کی اہم ترین شخصیات کو مدعو کیا گیا تھا اور یہ پروگرام سکول کی ساکھ کا سوال بن گیا تھا' اس کیلئے دن رات محنت کرکے طلباء اور طالبات کو تیار کیا گیا تھا، ان پروگراموں میں طالبات کی ایک ٹیم کو ان کی ماؤں کے سامنے ایک نظم پیش کرنی تھی' یہ نظم بچوں اور ان کی ماؤں کے رشتہ اور ایک دوسرے کی حق ادائیگی کے سلسلہ میں بیداری پیدا کرنے کے لیے تھی' تیاری اور ریہرسل کے مختلف مراحل کے بعد بالآخر پروگرام کا دن آگیا' نظم شروع ہوئی مگر ان کی اس خوبصورت کارکردگی پر اس وقت پانی پھر گیا جب ایک بچی جو اپنی سہیلیوں کے ساتھ نظم پڑھ رہی تھی اچانک اپنے ہاتھ' جسم اور انگلیوں کو حرکت دینے لگی اور اپنا منہ کسی کارٹون کے کریکٹر کی طرح بنانے لگی' اس کی ان عجیب وغریب حرکتوں کی وجہ سے دوسری تمام بچیاں پریشان ہوگئیں۔

معلمہ کہتی ہیں: میرا جی چاہا کہ میں جاکر اس بچی کو ڈانٹ پلاؤں اور اسے تنبیہ کروں کہ وہ ڈسپلن اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرے' مجھے اس پر اتنا غصہ آیا کہ قریب تھا کہ میں اسے سختی کے ساتھ ان بچیوں سے کھینچ کر الگ کردوں لیکن جوں جوں میں اس کے قریب جاتی' وہ پارے کی طرح چھلک کر مجھ سے دور ہوجاتی اس کی یہ حرکتیں بڑھتی گئیں اور وہ سارے لوگوں کی نظر کا مرکز بن گئی' وہاں موجود تمام خواتین اس کی حرکتوں پر زور زور سے ہنس رہی تھیں۔ میری نظر پرنسپل پر پڑی جن کی پیشانی مارے شرمندگی کے پسینہ سے شرابور تھی وہ اپنی سیٹ سے اٹھیں اور مجھ سے کہنے لگیں: اس بدتمیز اور بیہودہ لڑکی کو سکول سے نکالنا ضروری ہے میں نے بھی ان کی اس بات کی تائید کی لیکن ایک چیز نے ہم سب کی نظروں کو متوجہ کیا کہ اس پورے وقفہ میں بچی کی ماں کھڑی ہوکر اپنی بچی کی ان حرکتوں پر تالی بجاتی رہی۔ گویا وہ اس کی حوصلہ افزائی کررہی تھی کہ وہ اپنا یہ فضول کام جاری رکھے۔

جیسے ہی نظم ختم ہوئی میں جلدی سے اسٹیج کی طرف بڑھی اور اس لڑکی کو زور سے پکڑ کر کھینچا اور بولی: تم نے اپنی سہیلیوں کے ساتھ نظم پڑھنے کے بجائے اول جلول حرکتیں کیوں کیں؟ وہ بولی: اس لیے کہ پروگرام میں میری ماں بھی موجود تھی' مجھے اس کے اس ڈھٹائی بھرے جواب پر بڑی حیرت ہوئی لیکن مجھے اس وقت بڑا دھچکا لگا جب اس نے آگے یہ کہا: میری ماں بول اور سن نہیں سکتی' میں نے گونگوں کی زبان میں اس نظم کا ترجمہ اپنی ماں کے لیے پیش کیا تاکہ دیگر تمام بچیوں کی ماؤں کی طرح میری ماں بھی اپنی بیٹی کی کارکردگی پر خوشی کا اظہار کرسکے۔ جیسے ہی اس نے یہ وضاحت کی وہ دوڑ کر اپنی ماں کی طرف بڑھی اور اس کے گلے لگ کر زاروقطار رونے لگی' وہاں پر موجود سارے لوگوں کو جب یہ حقیقت معلوم ہوئی تو سارا ہال سسکیوں سے گونجنے لگا۔

واقعہ کا سب سے خوبصورت پہلو یہ ہے کہ پرنسپل نے اس لڑکی کو سکول سے نکالنے کے بجائے انعام سے نوازا اور اسے ''مثالی طالبہ'' کا خطاب دیا۔ وہ لڑکی جب وہاں سے نکلی تو سر اٹھا کر خوشی سے اچھلتے ہوئے جارہی تھی۔ منفی سوچ کے اس وبائی دور میں جہاں کسی خیر کو تلاش کرنے اور خیر کو دیکھنے کا قحط سا ہے' زندگی کے کتنے مراحل میں ہم اپنی منفی سوچ کی وجہ سے اللہ کی کائنات میں اور اپنے گردونواح اور اہل تعلق میں خیر دیکھنے سے محروم رہتے ہیں اور جلد بازی میں منفی ردعمل ظاہر کرکے کتنے خوبصورت رشتوں اور تعلقات کے خزانوں سے محروم ہوجاتے ہیں۔ اس لیے جلد بازی میں ردعمل ظاہر مت کیجئے دوسروں پر حکم لگانے میں جلدی سے کام مت لیجئے۔ محض بدگمانی کی بنیاد پر ہم ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہیں' ملنا جلنا کم کردیتے ہیں' رشتے ختم کرلیتے ہیں' اللہ سے لوگوں کے ساتھ حسن ظن کی توفیق مانگئے کہ اسی میں دلوں کا سکون اور سینوں کی سلامتی ہے۔ کاش ہمیں زندگی کا یہ خوبصورت راز معلوم ہوجائے!!

آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل

میری شادی کو تین سال ہوگئے ہیں اور سوائے شادی کے پہلے ایک سے ڈیڑھ ماہ کے میں نے ایک دن میں سکھ کا نہ دیکھا' شادی ہوتے ہی گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے' شروع میں تو شوہر میرا ساتھ بھی دیتے اور مجھے حوصلہ اور دلاسہ بھی' مگر چند ہفتوں بعد ہی شوہر نے بھی مجھ پر گھر والوں کی باتوں میں آکر چلانا شروع کردیا' میں کچھ بھی کرلیتی مگر صرف طعنے سننے کو ملتے۔ اپنی امی کی طرف جاکر مصنوعی مسکراہٹ چہرے پر سجائے جاتی' انہیں اپنی زندگی کے حالات کی بھنک بھی نہ لگنے دی' میرے شوہر صبح کو دکان پر جاتے اور رات گئے واپس آتے ہی گھر میں لڑائی جھگڑا شروع کردیتے۔ ایک مرتبہ میری شادی شدہ نند گھر رہنے آئی ہوئی تھی' اس نے جب میرے حالات اپنی آنکھوں سے دیکھے تو میرے پاس آئی' پہلے مجھے اور پھر اپنی والدہ کو سمجھایا۔ ہمیں عبقری رسالہ پڑھنے اور درس سننے کی تلقین کی۔ جاتے ہوئے اس نے ایک چھوٹا سا کتابچہ مجھے دیا جس کا نام ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' تھا' اس میں موجود ایک وظیفہ درود شریف کا تھا' میں نے سارا دن وہ درود شریف پڑھنا شروع کردیا' چند دنوں میں ہی میری ساس صاحبہ اور شوہر کا رویہ بہتر ہونا شروع ہوگیا' میرے کہنے پر ہر ماہ عبقری رسالہ گھر لاتے ہیں' خود بھی پڑھتے ہیں اور اعمال بھی کرنا شروع ہوگئے ہیں۔ میری ساس صاحبہ اب درس سننا بھی شروع ہوگئی ہیں۔ الحمدللہ! گھر میں اور زندگی میں سکون آگیا۔ ایک دکھ بھرا دور تھا جسے عبقری نے ختم کردیا۔ (ع، جہلم)

بیٹی کے دورے ختم: محترم قارئین! میری بیٹی سات سال کی عمر سے انوکھی بیماری میں مبتلا ہوگئی' بیٹھے بیٹھے اس کے ہاتھ پاؤں الٹے ہوجاتے اور شدید دورے پڑتے' ہم سب گھر والے پریشان' بہت علاج کروائے' مگر وقتی فائدہ بھی نہ ہوتا۔ میرے شوہر تسبیح خانہ ہر جمعرات کو درس سننے ضرور جاتے ہیں' وہاں سے انہیں کسی نے (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

قارئین! ابلا رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دادرسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے' تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
یوریا یورک ایسڈ اور کریٹنین بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)

مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

دماغ کو چاق وچوبند رکھنے کیلئے قدرت کی نعمتیں

چاق چوبند، چست، پُرسکون اور مسرور رہنے کے لیے انسان مختلف طریقے اختیار کرتا ہے۔ بعض لوگ چائے اور کافی کی ایک پیالی یا ایک سگریٹ سے کام چلالیتے ہیں جب کہ اکثر لوگ اس کیفیت کے حصول کے لیے کچھ قدم آگے بڑھ کر الکحل اور دیگر منشیات کا سہارا لیتے ہیں۔ ایک عالمی شہرت یافتہ ماہر غذا کا خیال ہے کہ سکون وسرور حاصل کرنے کے لیے ان چیزوں کا استعمال مناسب نہیں، کیوں کہ ان سب سے ''خواہش پھر شدید خواہش اور بالآخرلت'' کا ایک چکر چل جاتا ہے جو آگے چل کر تھکن، پستی اور دباؤ کا سبب بنتا ہے۔ اپنی نئی تصنیف میں پیٹرک ہولفرڈ نامی اس ماہر نے سکون اور سرور کے حصول کے لیے کچھ قدرتی طریقے تجویز کیے ہیں۔ یہ قدرتی متبادل ہمارے سوچنے اور محسوس کرنے کے انداز کو متاثر کرتے ہیں۔ مختلف عوامل سے ہمارے دماغ اور اعصابی نظام کے توازن میں جو تبدیلی ہوتی ہے اسے سمجھنا بہت ضروری ہے۔ مثال کے طور پر یہ دیکھتے ہیں کہ 'کافی' پینے سے دماغ پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ چندہی منٹ میں آپ کو زیادہ چستی محسوس ہوگی اور توجہ مرکوز کرنے میں زیادہ آسانی۔ مزاجی کیفیت بھی بہتر ہوسکتی ہے اور یادداشت بھی، لیکن گھنٹے دو گھنٹے گزارنے کے بعد ہوسکتا ہے آپ کچھ پستی (ڈپریشن) محسوس کرنے لگیں، اونگھ آنے لگے یا مزاج میں چڑچڑاپن پیدا ہوجائے۔ ساتھ ہی 'کافی' کی دوسری پیالی کی خواہش پیدا ہوجائے' آپ نے دیکھا کہ 'کافی' کے اجزاء خصوصاً کیفین کا دماغ کے کیمیائی مادوں پر کس طرح اثر ہوتا ہے اور دماغی کیفیت میں کیسی تبدیلی رونما ہوتی ہے۔ 'کافی' کی پہلی پیالی اپنا اثر دکھا چکتی ہے تو پھر دوسری اور پھر تیسری پیالی کی خواہش ہوتی ہے اور یہ ابتدا ہے اس حالت کی جسے ''ہم لت پڑجانا'' کہتے ہیں یا نشے کا نام دیتے ہیں۔ رفتہ رفتہ یہ کافی زیادہ تیز ہوتی جاتی ہے۔ اس کی لت پڑجانے کے بعد اس سرور میں بھی کمی ہوتی جاتی ہے جو ہم پہلے محسوس کرتے تھے۔ کم وبیش یہی عمل دوسری سکون بخش اور سرور آور چیزوں کے استعمال سے ہوتا ہے۔ سکون حاصل کرنے کے لیے 'کافی'، چائے کوئی سکون بخش دوا لینے کے بجائے غیر مضرصحت طریقہ یہ ہے کہ آپ قدرتی طریقوں سے سکون حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اس سلسلے میں برطانوی غذا ماہر نے درج تجاویز دی ہیں:

سکون بخش دوا: ذہنی دباؤ مختصر مدت کے لیے ہو یا لمبی مدت کے لیے، دونوں صورتوں میں قاتل ہے۔ کم مدت والے دباؤ میں مدافعتی نظام متاثر ہوتا ہے، جسم کے مقویات ضائع ہوجاتے ہیں، عضلات میں تناؤ پیدا ہوجاتا ہے اور بار بار دردِسر کی شکایت ہوتی ہے۔ دباؤ اگر طویل مدت کے لیے ہو تو بڑھاپے کی طرف ہمارے قدم تیز ہوجاتے ہیں، وزن بڑھ جاتا ہے اور ہڈیوں کی کمزوری، سرطان اور مرض قلب کا اندیشہ بڑھ جاتا ہے۔ ہم پر دباؤ جس قدر بڑھتا ہے اسی قدر ہمارے جسم میں مقویات (حیاتین ومعدنیات) کی کمی ہوتی جاتی ہے اور پھر ہمیں ان کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر حیاتین ب (وٹامن بی) اعصابی نظام کو صحیح خطوط پر چلانے میں مدد دیتا ہے۔ بعض معدنیات سکون بخش اثر کی حامل ہوتی ہیں۔ یہ کوشش کیجئے کہ حیاتین ب ا۔ حیاتین ب ۳، حیاتین ب ٦، حیاتین ب ۱۲، فولک ایسڈ کے علاوہ کیلشیم، میگنیشیم، اومیگا ۳ روغنی تیزاب (مچھلی اور السی کا تیل وغیرہ) آپ کے جسم میں مناسب مقدار میں پہنچتے رہیں۔ محرک دوا: عرصہ دراز سے لوگ کارکردگی، طاقت اور صلاحیت کار کو ابھارنے کے لیے مختلف اشیاء استعمال کرتے رہے ہیں مثلاً تمباکو، چائے، کافی، شکر، مختلف محرک ادویہ لیکن یہ اشیاء اکثر مسائل پیدا کردیتی ہیں اور کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ انسان ان کا عادی ہوتا جاتا ہے اور ان کا اثر وہ نہیں رہتا جو پہلے تھا۔

یادداشت خراب ہورہی ہے؟ لیجئے یہ کھائیے!

خشکی دور کرنے اور فشارِخون کم کرنے کے لیے سبز چائے کی دو پیالی روزانہ بھی بہت خوب ہیں۔ ان اشیاء سے آپ میں یک دم طاقت نہیں آئے گی لیکن جو توانائی حاصل ہوگی اور جو چستی پیدا ہوگی وہ تادیر قائم رہے گی۔ جنسنگ نامی بوٹی سے بھی دباؤ اور تھکن پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ ملٹھی سے خشکی کی صورت میں گردوں کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔ کھمبی سے ذہنی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔ **یادداشت:** اگر آپ کی یادداشت خراب ہونے لگے تو مچھلی کا تیل پیجئے یا ہفتے میں تین بار مچھلی کھائیے۔ ایروبک ورزش بھی کیجئے۔ اس سے دماغ کو آکسیجن ملے گی، کچھ چربی جلے گی، اینڈورفن ہارمون میں اضافہ ہوگا۔ نہائیے اور اپنے کمرے کو لیموں، یوکلپٹس، پیپرمنٹ یا دارچینی کی خوش بو سے مہکائیے۔ اپنے کمرے کو خوب روشن رکھیے۔ سورج کی روشنی کو کمرے میں زیادہ سے زیادہ آنے دیجیے۔ **نشاستہ:** جسم کے تمام خلیوں کے لیے بہترین ایندھن گلوکوز ہے۔ ظاہر ہے کہ ان میں دماغ کے خلیے بھی شامل ہیں۔ زیادہ تر نشاستے والی اشیاء مثلاً روٹی، دلیے، پھل اور سبزیاں وغیرہ عمل ہضم کے دوران میں گلوکوز میں تبدیلی ہوتی ہیں۔ ہم بہت فعال نہ ہوں تو ہمارے جسم میں پہنچنے والے گلوکوز کا پچاس فیصد تک ہمارے دماغ کو طاقت فراہم کرنے میں خرچ ہوتا ہے۔ لیکن دماغ کو گلوکوز کی لگاتار اور باقاعدہ فراہمی اس وقت ہوتی ہے جب یہ آہستہ آہستہ ہمارے خون میں شامل ہو، لہٰذا دماغ کے لیے بہترین ایندھن وہ نشاستے والی غذائی اشیاء ہیں جن سے علیحدہ ہوکر شکر دھیرے دھیرے خون میں شامل ہوتی ہے۔ اپنی غذا میں پھل، سبزیاں، چوکر والا اناج خوب شامل کیجئے اور غذا کو متوازن بنانے کی کوشش کیجئے۔

ہارمون: خودخوش رہنے اور دوسروں سے خوش گوار مراسم قائم رکھنے کا انحصار بڑی حد تک آپ کی ذہنی صحت پر ہوتا ہے، لیکن ان ہارمونوں پر بھی ہے جو ہمارے دماغ میں پیدا ہوتے ہیں۔ ان مادوں کی کمی ہمیں اکثر پستی، بے عملی اور خستگی میں مبتلا کردیتی ہے۔ دماغی صحت کے لیے ان کا باہمی توازن بھی ضروری ہے۔ **دماغی کیفیت بہتر بنائیے:** اگر آپ محسوس کریں کہ ذہن کند ہورہا ہے اور توجہ مرکوز کرنے میں دقت ہورہی ہے تو اس کیفیت سے چھٹکارا پانے کے لیے پہلے دباؤ اور تشویش میں کمی کرنے کی کوشش کیجئے۔ چائے، کافی اور تمباکو جیسے محرک کا سہارا لینے کے بجائے ایسی غذا کھائیے جو مانع تکسید اجزاء (اینٹی آکسیڈنٹس) سے پُر ہو۔ ساتھ ہی حیاتین الف، حیاتین ج، حیاتین ھ، جست (زنک) سے تیارشدہ گولیاں وغیرہ بھی لی جاسکتی ہیں۔ اومیگا تین قسم کی چکنائی بھی خوب کھائیے جو روغنی مچھلی سے حاصل (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پردانے 'داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ 'چڑچڑاپن۔ ڈیپریشن 'ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر

ڈاکٹر مایوس! ٹانگ کاٹنے کو تیار! مگر چھوٹا سا مفت ٹوٹکہ بچا گیا

1976ء میں میری بیوی کی بائیں ٹانگ گھٹنے کے نیچے سے کاٹ دی گئی تھی کیوں کہ اسے گینگرین ہو گیا تھا اور طب مغرب میں اس علاج صرف اعضاء کاٹ ڈالنا ہے۔

1978ء میں اس کی دوسری ٹانگ کی انگلیوں کے تمام جوڑوں میں زخم ہو گئے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ بھی بڑھ کر گینگرین کی شکل اختیار کرلیں گے اور دوسری ٹانگ بھی پہلی ٹانگ کی طرح کٹوانی پڑے گی۔ ڈاکٹروں کے جو کچھ بس میں تھا اس کو کرنے میں کوئی کسر اٹھا کرنہیں رکھی تھی۔ بالآخر انہوں نے صاف کہہ دیا کہ وہ اس سے زیادہ کچھ نہیں کر سکتے۔ پاؤں سوج کر زرد ہو گیا تھا۔ اسی اثناء میں میرا ایک پڑوسی آ گیا اور میری بیوی کی ٹانگ کو دیکھ کر کہنے لگا۔ آپ جو کچھ کر سکتے تھے کر چکے اب ذرا میری ایک تدبیر پر عمل کر کے تو دیکھیے شاید فائدہ کر جائے۔ اس کو معمولی چیز نہ سمجھیے میں نے اسی تدبیر سے ایک ایسے ہی مریض کو اچھا ہوتے دیکھا ہے۔ اس نے کہا دس سیکنڈ تک خوب ٹھنڈا پانی ٹانگ پر ڈالیے اور پھر بیس سیکنڈ تک گرم پانی ڈالیے اور ایسا عمل دس منٹ تک کیجئے ہمارے لیے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہ تھا کہ اس کی بھی بتائی ہوئی تدبیر پر عمل کر کے دیکھیں اگرچہ ہم اس کو اس قدر سادہ سی عام تراکیب پر یقین نہیں آیا تھا۔ بہرحال ہم نے اس پر عمل شروع کر دیا۔ ہم نے فیصلہ کیا کہ شروع میں یومیہ تین مرتبہ اس پر عمل کر کے دیکھا تو جائے آخر اس میں حرج ہی کیا ہے۔ پہلے دن میری بیوی کے پاؤں پر یہ ٹوٹکہ آزمایا تو وہ بیزار سی ہو گئی۔ اس کے باوجود دوسرے دن بھی اس عمل کو دہرایا گیا لیکن اس دن صرف دو ہی مرتبہ سرد گرم پانی ڈالا گیا۔ اس دن اس نے اپنی حالت کو کچھ بہتر محسوس کیا اور ہماری حیرت اور خوشی کی کوئی انتہا نہیں رہی جب تیسرے دن ہم نے دیکھا کہ سوجن بالکل رفع ہو گئی ہے اور ٹانگ کا رنگ پہلے کی طرح نارمل ہو گیا ہے۔ زخموں کو کامل طور پر مندمل ہونے میں چھ ماہ لگے۔ اس کے بعد سے یہ سرد و گرم کا عمل دس منٹ تک ایک دن چھوڑ کر برابر کیا جا رہا ہے جس سے میری بیوی کی ٹانگ صحیح حالت میں ہے۔ یہ بات پیش نظر رہنی چاہیے کہ اس وقت میری بیوی کی عمر نوے سال کی ہے اور میری عمر بھی تقریباً اتنی ہی ہے ہم دونوں میاں بیوی خدا کے بہت شکر گزار ہیں اور اس کی حمد و ثنا کرتے ہیں کہ اس نے ہم کو ایسی سادہ سی ترکیب سکھا دی جس سے مایوس کن اور لاعلاج بیماری بالکل رفع ہو گئی۔ میرے پاس کچھ ٹوٹکے ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

پھلوں کو تازہ رکھنے کے لیے

لیموں کا عرق اگر پھلوں پر چھڑک دیا جائے تو وہ خراب نہیں ہوتے۔ شہد میں اگر پھل رکھے جائیں تو تازہ رہتے ہیں۔ کیلوں کا گچھا لٹکا دیا جائے تو کافی دن تک کے لیے محفوظ رہتے ہیں۔ پپیتے کو خشک کاغذ میں رکھیں، جلدی خراب نہیں ہو گا۔ تربوز کو ٹھنڈا اور محفوظ رکھنے کے لیے ٹھنڈی زمین پر رکھیں۔ گاؤں کے لوگ تربوز کو کپڑے کے تھیلے میں ڈال کر کنویں میں رسی کے ساتھ لٹکا دیتے ہیں۔ تربوز میٹھا اور ٹھنڈا تازہ رہتا ہے، خراب نہیں ہوتا۔

پھلوں کے چھلکے سکھائیے! کام آئیں گے

خربوزے کے چھلکے پھینکئے نہیں انہیں تیز دھوپ میں سکھا کر گرائنڈر میں پیس کر رکھ لیں۔ اس کا تھوڑا سا سفوف گوشت اور دال کے گلانے میں کام آتا ہے۔ لیموں کے چھلکے بھی بہت فائدہ مند ہیں۔ ان سے آپ برتن دھو کر چمکا سکتی ہیں۔ منجن میں ملا سکتی ہیں، سر دھو سکتی ہیں، لیموں کے چھلکے سکھا کر رکھئے۔ پپیتے چھوٹے کچے مل جائیں تو ان کو کاٹ کر سکھا لیں۔ سیخ کبابوں میں چانپوں میں تھوڑا سا سفوف ملانے سے قیمہ گوشت جلدی گل جائے گا اور اس میں ذائقہ بھی آئے گا۔

لہسن کے چھلکے

لہسن کو پانی میں بھگو دیں، رات کو بھگوئیں، صبح لوہے کی چھلنی میں ڈال کر ہاتھ سے ملیں۔ چھلکے جلدی اتر جائیں گے۔ لہسن کو سرسوں کا تیل لگا کر اخبار دھوپ میں بچھا کر اس پر پھیلا کر رکھیں۔ تیز دھوپ پڑنے دیں۔ تین چار گھنٹے بعد موٹا کپڑا لے کر اس سے لہسن کو ملیں۔ چھلکے اتر جائیں گے۔

پیاز کی تیزی

افریقہ میں عورتیں یہ ٹوٹکا کرتی ہیں کہ پیاز کا موٹا سا چھلکا سر پر رکھ لیتی ہیں، اس سے آنسو نہیں بہتے۔ پیاز چھیل کر تازے پانی میں ڈالتی جائیں۔ پھر اسے پانی ہی میں کاٹ لیں۔ پیاز کی تیزی ختم ہو جائے گی۔ پیاز بہت سارے کاٹنے ہیں تو پانی کے تسلے میں برف ڈال دیں اور اس میں چھلی پیاز ڈال کر ٹھنڈی ہونے دیں۔ ٹھنڈی پیاز کاٹنے سے آنسو نہیں بہیں گے۔

گھی صاف کرنے کے لیے

گھی کے ڈبہ میں بعض دفعہ ناگوار سی بو ہوتی ہے۔ اس کے لیے بہتر طریقہ یہ ہے کہ پانچ کلو گھی میں ایک پاؤ دہی ڈال کر جلا لیں۔ جب دہی جل جائے تو گھی کپڑے سے چھان کر بھر لیں۔ گھی میں اصلی گھی جیسی خوشبو ہو گی، سالن کا ذائقہ بھی بہتر ہو گا۔ کچھ خواتین تو یہ ٹوٹکا آزما کر کہتی ہیں کہ ہم اصلی گھی میں ہی سالن پکاتی ہیں۔

(بقیہ: مصیبت کی جڑ)

"کیا یہ زیادتی نہیں ہے وہ مجھے پسند نہیں کرتا میں یہ سب کچھ برداشت نہیں کر سکتا آپ کی یہ سوچ دراصل ب ہے۔ جو آپ کو تکلیف پہنچا رہی ہے۔ اس کے بعد ج کی باری آتی ہے یعنی ہمارے جسم کا کوئی حصہ مثلاً سر میں درد ہونے لگتا ہے۔ یہ سارا عمل ب کا ہے۔ ہم یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ ہمارے خلاف کہے ہوئے ناخوشگوار الفاظ نے ہمیں پریشان کر دیا ہے جب کہ درحقیقت یہ ان الفاظ کے بارے میں ہمارے خیالات تھے جو تکلیف کا باعث بنے۔ الف ہمیں کسی قسم کی جذباتی یا روحانی تکلیف پہنچانے کا باعث نہیں بنتا۔ اس تکلیف کا باعث ہے یعنی ہمارے خیالات۔

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈیپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو "عرق شوگر شفاء" جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا "عرق شوگر شفاء" چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہو جاتی ہے۔ (قیمت-/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

دھاگہ کی 7 گرہیں بندشوں کا توڑ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ میں عبقری رسالہ اگست 2016 سے ہر ماہ باقاعدگی کے ساتھ پڑھ رہا ہوں اور اس میں سے کافی وظیفے پڑھتے ہیں اور جن کا بہت زیادہ اثر ہوتا ہے۔(۱) جب بھی ہماری گھر میں کوئی چیز گم ہوجاتی ہے تو میں نے کافی دفعہ خود یہ عمل کیا ہے یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے سے وہ چیز فوراً مل جاتی ہے۔(۲) ایک دفعہ میری والدہ کی ڈاڑھ میں سخت درد تھا تو انہوں نے مجھے درد کی گولیاں لینے کیلئے کہا میں نے لاکر وہ گولیاں ان کو دی جن سے ان کو آرام آگیا لیکن وہ ختم ہوئیں دوبارہ درد شروع ہوگیا تو انہوں نے دوبارہ گولیاں لینے کیلئے کہا تو مجھے عبقری میں سے پڑھا ہوا وظیفہ یاد آگیا تو وہ وظیفہ پڑھنے کے بعد تکلیف بالکل ختم ہوگئی اور کم از کم چار ماہ گزر گئے اس کے بعد دوبارہ ان کو تکلیف ہوئی تو یہ ہی وظیفہ پڑھنے سے آرام آگیا۔ وہ وظیفہ ہے جس سائیڈ ڈاڑھ درد ہو جس جگہ پر اس کو پکڑ کر تین بار یہ پڑھنا ہے۔ **موسیٰ کامیاب شود فرعون غرق شود۔** تین بار پڑھ کر پھونک ماردیں۔

(۳) تیسرا جو ٹوٹکہ میں نے آزمایا ہے وہ بھی عبقری سے پڑھا ہے۔ میری والدہ کو شوگر اور قے تھی' شوگر تو ویسے ہی ہے ساتھ بخار اور ہیچش بھی تھے تو میں نے جو عبقری میں پڑھا تھا کہ سفید دھاگہ لے کر اس پر سات دفعہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر سات گرہ لگانی ہے اور دھاگہ گلے میں پہن لینا ہے۔ یہ عمل میں نے کیا تھا جس سے میری والدہ بالکل ٹھیک ہوگئیں۔

(۴) گردوں کے درد کیلئے: یہ نسخہ میں نے ایک آدمی سے سنا تھا کیونکہ وہ اپنے گھر میں یہ نسخہ استعمال کرتے تھے تو گردے کا درد ٹھیک ہوجاتا ہے۔ وہ نسخہ یہ ہے کہ ایک کپ چائے بنا کر اس میں ایک گلاس پانی ڈالنے سے فوراً آرام آجاتا ہے ایک کپ چائے میں ایک گلاس پانی ملا کر مریض کو پلانے سے وہ درد ختم ہوجاتا ہے۔(۵) ہمارے ساتھ ایک آدمی کام کرتا ہے اس کی بکری گم ہوگئی دس دن گزر گئے کوئی پتہ نہیں چلا انہوں نے فکر چھوڑ دی کہ اب نہیں آئے گی کیونکہ پہلے بھی بکریاں آس پاس چوری ہوتی ہیں۔ دس دن کے بعد ان کے گھر والوں کو کسی نے بولا کہ چالیس مرتبہ سورۂ والضحیٰ پڑھ کر اس کی باندھنے والی جگہ پر پھونک ماردیں یقین کیجئے حضرت صاحب وہ بول رہے تھے کہ ایک دن عمل کیا دوسرے دن بکری کوئی باہر دروازہ پر باندھ کر چلا گیا ہم نے دروازہ کھولا تو سامنے بکری موجود تھی' خوشی کی انتہا نہ رہی۔(واجد علی، بھیوڑہ)

شریر بچوں کی شکایات! پریشان والدین یہ کام کریں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کیلئے اپنے آزمودہ ٹوٹکے لیکر حاضر ہوا ہوں:۔(۱) میرے بچے بہت زیادہ شریر ہیں جس کی وجہ سے روزانہ کوئی نہ کوئی محلے دار دروازہ پر دستک دے کر ان کی شکایت لگاتا' مجھے روز روز کی شکایات پر شدید شرمندگی سامنا کرنا پڑتا۔ پھر میں نے صبح نماز فجر کے لیے جاتے وقت انگلی سے بیرونی گیٹ پر اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ كَهْف قِطْمِير لکھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ میں حیران رہ گیا جس دن سے یہ عمل لکھنا شروع کیا ہے۔ اس دن سے آج تک کوئی شکایت نہیں آئی۔(۲) جب بھی گھر سے باہر نکلتا ہوں موٹر سائیکل کے آگے بتی کے سامنے کہف اور پچھلی بتی پر بحوالہ قطمیر لکھتا ہوں اللہ رب العزت نے کئی مرتبہ حادثات سے محفوظ رکھا ہے۔

میری بیوی پر اثرات: (۳) میری بیوی پر اثرات تھے جس کے لیے کئی عاملوں کے پاس گیا مگر وقتی افاقہ ہوتا تھا اور بیوی نماز روزہ وغیرہ نہیں کرسکتی تھی اگر وقتی طور کرتی بھی تو تکلیف بڑھ جاتی' جب سے تسبیح خانہ سے تعلق بنا اور اَلْحَسْبِتْم اور اذان کا وظیفہ کیا اس دن سے افاقہ ہوا' پھر عبقری حویلی احمد پور شرقیہ دسمبر 2018ء میں جانا ہوا' وہاں آپ سے اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ كَهْف قِطْمِير کی اجازت طلب کی' آپ نے بخوشی اجازت دے دی۔ پڑھنے سے افاقہ ہوا اور بیوی نماز اور تہجد کی طرف راغب ہوئی تکلیف تو اب بھی ہے مگر فائدہ بہت ہوا۔ الحمدللہ۔(محبوب علی، ٹنڈو الہ یار)

تعویذ پہنا اور بیماری ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں جو تعویذ تقسیم کیے گئے ان سے الحمدللہ 20 سال سے جو تکلیف تھی' وہ ختم ہوگئی ہے' بچپن سے آج تک میرے ساتھ مسئلہ تھا کہ رات کو میرا سانس بند ہوجاتا میں اونچی اونچی آواز میں (حلق پھاڑ کر) چیخیں مارتی ایسا لگتا کہ میرا کوئی زور زور سے گلا دبا کررہا ہے میری خوفناک آواز سے سارے گھر والے میرے پاس جمع ہوجاتے' پانی وغیرہ دیتے میری کمر اور سینے کو ہاتھ سے ملتے کہ میری سانس ٹھیک ہو' گھر والوں کو میری اس طبیعت کا علم تھا اس لیے میں کہیں بھی جاتی رات کو گھر واپس آجاتی' ڈاکٹروں کو بھی میری اس تکلیف کا پتہ نہ چل سکا' ہوسٹل میں بھی میری جب طبیعت بگڑتی تو ساری لڑکیاں ڈر جاتی کیونکہ میرے اپنے بس میں نہ تھا' میں نے کئی دم کروائے مگر کوئی فرق نظر نہ آیا' شکر اس ذات کا جب سے یہ بابرکت تعویذ ڈالا الحمدللہ مجھے اس تکلیف سے نجات مل گئی ہے' عبقری حویلی احمد پور شرقیہ حویلی میں یہ تعویذ اور ڈوری دسمبر 2018ء میں تقسیم کیے گئے تھے۔ شکریہ عبقری! شکریہ حکیم صاحب دامت برکاتہم!(م۔ گجرات)

آہ ہم ناشکرے انسان

ذرا سی بس تکلیف ملنے کی دیر ہوتی ہے ہم ناشکرے انسان اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی نعمتوں، آسائشوں، کرم نوازیوں کو نظر انداز کرکے اپنی تکلیفوں، مشکلوں، پریشانیوں اور محرومیوں کا رونا رونے بیٹھ جاتے ہیں' کبھی کسی اور کے درد کو نہیں دیکھتے، سوچتے۔ وقت پر اگر ہمیں کھانا نہ ملے، پانی ٹھنڈا نہ ملے، پسند کا لباس یا پسند کی چیز نہ ملے تو ہمارا لڑنا جھگڑنا دیکھنے کے قابل ہوتا ہے۔ ہم یہ نہیں سوچتے کہ دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں جو سوکھی روٹی کے ایک نوالے پانی کی ایک بوند تک کو ترستے ہیں۔ پسند کی چیز نہ ملنے پر لڑنا جھگڑنا تو دور وہ تو کسی چیز کی خواہش ہی نہیں کرتے ہیں' یہ سوچ کر کہ والدین ہماری پسند کی چیز لے کے دینے کے متحمل ہی نہیں ہوسکتے ہیں۔ ذرا سوچئے! تو سہی' کیا وہ انسان نہیں ہیں؟ کیا وہ دل نہیں رکھتے؟! اگر آپ اپنی چند ایک خواہشات ہی نظر انداز کرکے وہ پیسہ ضرورت مندوں پر خرچ کردیں تو یقین جانیے آپ خود کو بہت ہلکا پھلکا محسوس کریں گے۔ صرف ایک بار ہی کسی کے درد، کسی کی محرومی کو محسوس کرکے دیکھئے تو سہی آپ کی اپنی تکلیف دور ہوجائے گی۔ جیسی بھی تکلیف ہو، جیسی بھی مشکل ہو یا جیسی بھی محرومی ہو اگر آپ یہ سوچیں کہ میری تکلیف تو کچھ بھی نہیں جانے دنیا میں کتنے لوگوں کو مجھ سے زیادہ مشکلات و محرومیاں درپیش ہیں تو آپ کو اپنا درد بہت کم محسوس ہوگا جب آپ پر دوسروں کے دکھ درد کا احساس حاوی ہوجائے گا تو آپ کو اپنا درد بھول جائے گا۔(شائزہ مغل، سکھیکی منڈی)

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیلڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بزرگ ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ!(ادارہ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یہ اسم پڑھا جنات نے خواب میں آکر معافی مانگی

زندگی جادو، بندش، سفلی، کالے جادو میں گزاری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو 22 سال ہوچکے ہیں۔ میں نے ساری زندگی جادو، بندش، سفلی، کالا جادو میں گزاری ہے۔ چار سال پہلے عبقری رسالہ میں ''یاقہار'' پڑھا تقریباً بیس لاکھ تک پڑھا اور اب روزانہ 2200 دفعہ پڑھتی ہوں جب بھی کوئی جادو کرتا ہے وہ مجھے خواب میں نظر آجاتا ہے۔ میں ''یاقہار'' کی تعداد زیادہ کرلیتی ہوں جادو کرنے والا رونا شروع کرتا ہے زیادہ تر جنات ہوتے ہیں۔ (سعیدہ، حیات آباد)

یہ اسم پڑھا جنات نے خواب میں آکر معافی مانگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ساتھ کچھ مسئلہ تھا کہ مجھے سردرد سے آرام نہیں آتا تھا' جنات کو میں اپنی آنکھوں سے دیکھتی تھی' ہروقت یہ محسوس ہوتا کہ جہاں بھی جاؤں مجھے کوئی بہت غور سے دیکھ رہا ہے' ہروقت یہ لگتا ہے کہ میرے پیچھے کوئی کھڑا ہے میں اپنی اس خوف والی عادت سے تنگ اور بیزار تھی۔ عبقری رسالے اور جنات کے پیدائشی دوست' کتاب سے بے حد اور لاتعداد واقعات پڑھے۔ لوگوں کے مشاہدات بھی پڑھے جن لوگوں کو یَاقَھَّارُ سے کامیابی ملی' جنات سے چھٹکارا ملا' مشکلات حل ہوئیں اور زندگی میں سکون حاصل ہوا' میں نے اپنے استاد محترم سے مشورہ لیا اور یاقہار دن رات کثرت سے پڑھنا شروع کردیا۔ اس عمل کو ابھی چند دن شروع کیا تھا کہ خواب میں جنات ڈراتے کہ میں کسی طریقے سے یہ پڑھنا چھوڑ دوں مگر میں نے بالکل نہ چھوڑا۔ الحمدللہ وہ بھی دن آیا کہ میرے سب مسئلے حل ہوئے' دوبارہ نہ سردرد ہوا اور نہ ہی وہ اب کیفیت محسوس ہوئی کہ کوئی غور سے دیکھ رہا ہے یا کوئی پیچھے ہے اور خواب میں جنات نے معافی مانگی کہ اللہ کا واسطہ ہے اب مزید نہ پڑھو ہم دوبارہ تنگ نہیں کریں گے' ہمیں معاف کردو۔ یہ وظیفہ بس کردو' مگر میں ابھی تک پڑھتی ہوں اس وظیفہ سے میرے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں' اس کو میں کیسے چھوڑ سکتی ہوں۔ شکریہ عبقری! شکریہ علامہ لاہوتی۔ (مومنہ حنیف، گجرات)

ناممکن ترین کام کیلئے میرے دو آزمودہ وظائف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں اور خاص کر یَاقَھَّارُ کا وظیفہ 91 دن کا میں نے کئی مرتبہ کیا جب کوئی مشکل پیش آتی ہیں میں ''یاقہار'' کا وظیفہ پڑھتی ہوں اور میری ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ عبقری میں موجود دوسرے وظائف بھی پڑھتی ہوں۔ محترم حکیم صاحب میں آپ سے ایک واقعہ شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ میرے بیٹے کے 9th کلاس کے پیپر شروع تھے وہ بہت محنت کررہا تھا۔ وہ رات کو ایک بجے تک پڑھتا تھا۔ اس کے سارے پیپر بہت اچھے ہوئے جب اس کا آخری پیپر فزکس کا ہورہا تھا تو اس دوران چیکنگ والا ٹیچر آیا اور اس کے پاس سے نقل کا چھوٹا سا ٹکڑا پکڑا اس ٹیچر نے میرے بیٹے سے پیپر لیا اور اسے کینسل کردیا اور اس پر دستخط کردیے اور پیپر اسے واپس کردیا لیکن میرے بیٹے نے اپنا پیپر پھر بھی مکمل کردیا۔ جب رزلٹ آیا تو اس ٹیچر نے میرے بیٹے کے سارے پیپر فیل کردیے تھے اور بورڈ میں امتحان پر دو سال کی پابندی لگادی تھی۔ یہ تو ٹھیک ہے کہ نقل کرنا اچھی چیز نہیں لیکن ساتھ میں میرے بیٹے کی ایک سال کی محنت ہمارے سامنے تھی۔ اس نے پوری تیاری کی تھی۔ امتحان کیلئے دن رات محنت کی۔ میرا بیٹا بہت مایوس تھا کہ اس کے دو سال ضائع ہوئے تو اس مشکل میں میں نے عبقری میں موجود کچھ وظائف پڑھے اور ساتھ میں بورڈ چیئرمین کو درخواست لکھی کہ میرے بچے کے ساتھ بہت زیادتی ہوئی اگر ٹیچر سزا دینا چاہتا تھا تو اس کا ایک پیپر کینسل کردیتا' اس کے سارے پیپر کینسل کرکے دو سال کی پابندی ناانصافی ہے اور ساتھ میں عبقری میں موجود وظائف پڑھنا شروع کیا اور ساتھ میں عہد کیا کہ اگر میرا کام ہوا تو عبقری میں ضرور لکھوں گی۔ درج ذیل وظیفہ کی برکت سے ہم نے بورڈ رابطہ کیا' افسران بالا کے سامنے تمام کیس رکھا' بات سننے اور جانچنے کے بعد انہوں نے دو سال کی پابندی ختم کردی جو کہ ناممکن بات تھی۔ میرا بچہ اس مرتبہ دوبارہ پیپر زدے رہا ہے۔ وہ وظیفہ درج ذیل ہے:۔

ناممکن کام کیلئے دو رکعت نفل پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۂ یٰسین پڑھیں (ایک مرتبہ) اور پھر نفل مکمل کریں اور سارا دن ان شاء اللہ پڑھیں۔

دوسرا وظیفہ سورۂ رحمٰن گیارہ مرتبہ گیارہ دن پڑھیں اور ناممکن کام کیلئے دعا کریں ان شاء اللہ کام ہوجائے گا۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اکتالیس روز تک اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ (آجون خان، مردان)

یاقہار پڑھا اور آپریشن سے جان چھوٹ گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری کچھ عرصہ سے پڑھ رہا ہوں' ہر لحاظ سے بہت اچھا رسالہ ہے' عبقری رسالہ میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت شوق سے پڑھتا ہوں' علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے بتائے وظائف خود بھی کرتا ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتا ہوں' علامہ صاحب کا بتایا ایک وظیفہ 'یَاقَھَّارُ'' میں نے بھی پڑھنا شروع کیا۔ میری بیوی کی ڈلیوری تھی' راولپنڈی کے دو بڑے اور مشہور ہسپتال والوں نے کہا کہ آپریشن کے بغیر ڈلیوری ممکن نہیں' بچے کو بھی نرسری میں رکھنا پڑے گا۔ میں بہت زیادہ پریشان ہوگیا کیونکہ ایک تو آپریشن کا خرچ بہت زیادہ بتایا جارہا تھا اور دوسرا بچے کو ایک دن نرسری میں رکھنے کے ہزاروں روپے بتائے جنہیں سن کر میں چکرا سا گیا تھا کہ میں اتنا کہاں سے لاؤں گا۔ گھر والے بھی سخت پریشان تھے کہ اب کیا ہوگا؟ مگر میں نے اللہ کی طرف رجوع کیا اور لاتعداد یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا' جیسے جیسے پڑھتا حالات بدلتے گئے۔ اس اسم الٰہی کی برکت کی وجہ سے آپریشن بھی نہیں ہوا' نارمل ڈلیوری ہوئی' بچہ بھی ٹھیک ٹھاک ہے' اللہ کا شکر ہے کہ علامہ لاہوتی صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ میرے کام آگیا۔ اگر یہ وظیفہ نہ ہوتا تو آج میں قرض میں ڈوبا ہوا کسی کونے میں پریشان بیٹھا ہوتا۔ مگر اب میں اپنے بچے کو گود میں اٹھائے خوش وخرم ہوں۔ (عبدالواحد' گوجرخان)

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکتے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

جب بھی شیخ الوظائف کو خط لکھا پریشانی ختم

(شانہ کنول، راولپنڈی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ کی اور آپ کی آنے والی نسلوں کی حفاظت کریں (آمین)۔ جب سے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے اور میموری کارڈ سے روزانہ درس سننا شروع کیے ہیں زندگی بالکل بدل گئی ہے پہلے میں گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے ہروقت ذہنی ٹینشن میں مبتلا رہتی تھی' سر میں درد' زندگی ایک عذاب ایک بددعا لگتی تھی لیکن اب وہی زندگی ہے مگر پریشانیاں ختم ہورہی ہیں۔ دعائیں قبول ہورہی ہیں۔ جب بھی خط لکھ کر آپ کو پریشانی کا بتاتی ہوں حیرت انگیز طور پر وہ پریشانی ختم ہوجاتی ہے۔ عبقری سے جڑے میں عرصہ ابھی صرف دو سال کا ہوا ہے' گھر میں سکون آگیا ہے' لڑائی جھگڑے' رنجشیں سب ختم ہوگئی ہیں۔ شوہر کا اور گھر والوں کا رویہ بہت ہی اچھا ہوا ہے۔ مسنون دعاؤں کا سلسلہ شروع ہے' زندگی سنت کے مطابق گزارنے کا ارادہ ہے۔

آپ کے بتائے ہوئے عمل کی وجہ میری زندگی' رزق' مال' جان میں برکت ہی برکت ہے یعنی تنخواہ میں سے اڑھائی فیصد نکالنے کا عمل۔ اس عمل کی واقعی ہی بہت برکات ہیں۔ پہلے شوہر اوورٹائم کام کرتے تھے' مگر گزارہ پھر بھی نہیں ہوتا تھا' شوہر بچوں اور مجھے بالکل بھی وقت نہ دے پاتے' ان کی صحت بھی چودہ چودہ گھنٹے کام کرنے کی وجہ سے خراب ہورہی تھی۔ مگر جب میں نے آپ کے درس میں تنخواہ میں سے ہر ماہ صرف اڑھائی فیصد نکالنے کا عمل اور اس کے فوائد سنے تو میں نے شوہر کی تنخواہ میں سے اڑھائی فیصد نکالنا شروع کردیا الحمدللہ! اسی تنخواہ میں بہترین گزارہ ہوجاتا ہے۔ اب میں اپنے شوہر کو اوورٹائم کام نہیں کرنے دیتی اسی تنخواہ میں برکت اور سکون ہے۔

پھپھو نے جس کو دم کیا اس کا کام خراب

ہماری پھوپھی کے اندر اچانک جن آجاتے ہیں جس جس کو دم کرتی ہیں' کام خراب ہوجاتے ہیں' ہماری فیملی میں انسانوں کے اندر بزرگ کی حاضری ہوتی رہتی ہے پھر وہی انسان بعد میں تباہی کی طرف چلا جاتا ہے اور دوسروں کو بھی بربادی کی طرف لے جاتا ہے۔ ان کیلئے ہم عبقری کے وظائف شروع کیے ہیں' ان کی طبیعت میں بہتری آرہی ہے۔

کینیڈا!! لکڑی کا گھر گلہریاں کتر گئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کینیڈا میں رہتی ہوں' عبقری رسالہ عبقری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور آپ کے درس تو ہروقت گھر میں چلتے رہتے ہیں' میرا کینیڈا میں سارا گھر لکڑی کا ہی بنا ہوا ہے' کچھ عرصہ پہلے گیراج میں گلہریاں بہت زیادہ آگئیں اور لکڑی کترنا شروع کردی اس سے بہت نقصان کا اندیشہ تھا' میری استانی جی نے مجھے سورۃ الماعون پڑھنے کو بتائی' میں نے پڑھنا شروع کردی اور اس کے علاوہ موبائل پر ریکارڈنگ سارا دن چلاتی' چند ہی دنوں میں گلہریاں خودبخود ساری کہیں چلی گئیں اور ہم بڑے نقصان سے بچ گئے۔ ورنہ یہاں پر اگر کسی گھر پر گلہریاں حملہ کردیں تو وہ لاکھ کوشش سے بھی نہیں جاتیں اور سارے گھر کو تباہ کردیتی ہیں مگر اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ سورۃ الماعون کے عمل سے گلہریاں بغیر نقصان پہنچائے میرے گھر سے کوچ کرگئیں۔ میں صبح و شام اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۃ الماعون گیارہ مرتبہ پڑھتی اس کے علاوہ گیراج میں سارا دن اسی سورۃ کی آڈیو ریکارڈنگ چلاتی۔ الحمدللہ! میرا گھر بچ گیا۔ (مسز امتیاز' کینیڈا)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے' میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکرگزار رہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 66: روحانی دنیا کے انوکھے بھید:** کائنات ایک راز ہے' یہ رازوں اور بھیدوں سے لبریز ہے ہاں اللہ تعالیٰ جس پر یہ بھید کھول دے۔ میری مشاہداتی زندگی میں بے شمار واقعات ہوئے اور بھرپور احساس ہوا کہ کائنات میں کوئی مخفی نظام بھی ہے جو ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ اس کتاب کو تالیف کرنے کا مقصد مخفی نظام کے چند رازوں کو افشاں کرنا ہے۔ کائنات کے مخفی نظام کو سمجھنے کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کیجئے۔ ہاں ایک بات بہت ضروری ہے اس پر محنت اور کچھ کوشش لازم ہے جتنا مجاہدہ اتنا مشاہدہ بس یہی اس کائنات کا راز ہے' میری کوشش ہوگی آپ کائنات کے بھیدوں کو سمجھ کر اس کائنات کے بنانے والے کو سمجھیں کہ وہ بندے سے کیا چاہتا ہے۔ اس کتاب کو تالیف کرنے میں جن محترم شخصیات کی تحریروں اور کتب سے مواد لیا گیا ان کی تفصیل درج ہے: میاں محمد افضل۔ فریدالدین احمد۔ طاہر نصیر۔ سیف الدین حسام۔ میم الف۔ حسین ثاقب۔ عبدالرحیم تابی۔ ارشد سمیع۔ احمد صغیر صدیقی۔ آفتاب احمد پھلروان۔ محترمہ فوزیہ۔ جلال انور۔ اظہر جاوید۔ عبیداللہ طارق۔ م۔ ح۔ مجاہد علی کاظمی۔ عاشق حسین۔ ظفر سجاد۔ جی ایم ناز۔ عنایت اللہ۔ شمس النساء۔ خدیجہ آفاق۔ رسائل: سیارہ ڈائجسٹ۔ اردو ڈائجسٹ۔ ہفتہ روزہ ایشیاء۔ حکایت۔ سحر ڈائجسٹ۔ ماہنامہ خواتین میگزین۔ انصاف سنڈے میگزین۔ ماہنامہ اذان سحر۔۔۔

نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

اہلیہ نے دوا بنا کر کھلائی میں ٹھیک ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری مسلسل دو سال سے پڑھ رہا ہوں۔ میں قارئین عبقری کی خدمت میں ایک ٹوٹکہ عرض کرنا چاہتا ہوں' گزشتہ رات میرے پیٹ میں شدید درد اور موشن شروع ہوئے' درد اتنا شدید تھا کہ ہر پندرہ منٹ کے بعد مجھے لیٹرین جانا پڑ رہا تھا' صبح تک میری ٹانگوں سے جان ختم ہوگئی' چلنا مشکل ہوگیا' چکر آنا شروع ہوگئے' صبح اٹھ کر اپنی بیوی کو تمام ماجرا سنایا' وہ اسی وقت اٹھی اور جا کر ایک چورن بنایا' مجھے کھلایا' کھاتے ہی مجھے درد' موشن اور اپھارہ ختم ہوگیا' شدید بھوک بھی محسوس ہونے لگی' قارئین کی خدمت میں وہ نسخہ پیش کررہا ہوں' میں اتنا عرض کردوں کہ جتنی مجھے تکلیف تھی اگر کوئی ڈاکٹر مجھ سے تکلیف ختم کرنے کے پانچ ہزار روپے بھی مانگتا تو میں دے دیتا۔ ھوالشافی: سونف' اجوائن' خشک پودینہ' نمک حسب ذائقہ۔ طریقہ: تمام چیزوں کا سفوف بنا کر صبح نہار منہ ایک چائے کا چمچ بھر کر پانی کے ساتھ لیں۔ (محمد کاشف' لاہور)

پوشیدہ کورس

ایام کی کمی و زیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ' اندرونی ورم حتی کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ

صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان

خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج مایوس اور غیرمطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں

600

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

عبقری رسالہ، ادویات، کتب آپ کے شہر میں

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اسلام آباد 0336-0195366
اسلام آباد/راولپنڈی 0335-5605603
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
اوکاڑہ: 0303-7610475
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالا 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بھلوال: 03027108627
بہاولنگر 0333-6320766
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0305-7655288
بٹ خیلہ/چکدرہ: 0344-9783610
بکل 0334-4306823
[illegible] 0306-6482488
[illegible] 0300-2347638
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
تلہ گنگ 0346-5771975
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
ترنڈہ 0307-8321046
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
جہانیاں 0321-7359861
جہلم 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جٹیال گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313

"عبقری" نام رجسٹرڈ ہے کسی بھی ایجنسی، کلینک، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں' ورنہ ایجنسی ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
چترال: 0302-8062355
چوک اعظم 0300-6767661
چنیوٹ: 0301-7070779
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ: 0346-9520528
حاصل پور: 0305-2064915
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیرپور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رواٹ اسلام آباد: 0335-5490418
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان 0305-3872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
رجانہ 03318671720
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
[illegible] 0348-9651523
دیپالپور 0300-4059957
دوکی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
دریالا جالب: 0333-5869273
دندہ شاہ بلاول 0336-5953230
دولتالہ: 0336-5167423
دائرہ دین پناہ 0343-6051987
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈنگہ: 0300-6269086
ڈیرہ غازی خان 0334-6781558
ڈیرہ غازی خان 0315-8701970
ڈہرانوالا: 0304-5560006
ژوب: 0300-3904464
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
سبی: 0332-8819650
شیخوپورہ 0341-6616915

ایجنسی ہولڈر بورڈ، اشتہار، پیڈ، کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کی "زیر سرپرستی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ قطعی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر

شجاع آباد 0300-2539685
شہدادپور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
شنکیاری: 0346-5556265
صادق آباد 0333-7452600
صوابی 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال 0333-874946
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فیصل آباد: 0313-6648000
فیصل آباد: 0320-6719819
فتح جنگ: 0303-8680406
فتح پور 0333-6843333
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کراچی: 0332-3501450
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
کبیروالا 0306-9552336
کامرہ 0300-5565249
کندیاں 0344-4253576
کچھی والا 0348-7098026
قصور 0322-7616470
کاموکی 0323-8240642
کوئٹہ 081-2824617
کلورکوٹ 0300-7780221
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں' کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر

کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی 0301-6267600
قمر مشانی: 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-6292132
گوجرخان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گوجرہ: 0301-7237531
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور شاہدرہ 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاہور 0300-4526786
لاہور 0322-4574509
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفرگڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
مانسہرہ: 0301-8133822
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
ملتان: 0300-2033826
مری 0311-5734481
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ سوات: 0345-4947759

ادارہ کی طرف سے دواؤں کے اصول، خزانہ اور کتب کوئی نہیں چھاپ سکتا' قانونی حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
مظفرآباد 0312-4602800
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
میرپور خاص سندھ 0336-3611964
منچن آباد 0331-7584075
مریدوالا: 0335-3712502
نارووال 0342-6301084
نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005
نوشکی 0332-7846812
ننکانہ: 0301-4130141
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وزیرآباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
واہ: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہارون آباد: 0334-6188787
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
نیوجرسی یو ایس اے
01-683-1882
شکاگو 630-589-6432
یو کے
0044-7880-9842-16
آزاد کشمیر و گرد و نواح
آگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجوال 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
[illegible] 0300-9097993
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
راولاکوٹ: 0345-3137740
باغ: 0346-5757746
میرپور آزاد کشمیر: 0345-5742600
سہنسہ: 0346-5159324

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی' جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

عالیہ بختیار' لاہور۔ زاہد علی قریشی کنڈیارو۔ ریحانہ کوثر' لاہور۔ عفت پروین' لاہور۔ عاصمہ اسلم باٹاپور۔ شکیلہ بی بی' راولپنڈی۔ ف۔گ' گوجرانوالہ۔ غلام فاطمہ' جھنگ۔ گل عالم' کوہاٹ۔ مہرین' لندن۔ خالدہ پروین' وزیر آباد۔ قیصر مختار راجپوت' کویت۔ نوشین مسعود۔ راحیلہ اکبر' ہارون آباد۔ ساجدہ پروین' ڈسکہ۔ محمد قربان بن محمد اشرف' غیاری۔ محمد یعقوب سوری' راولپنڈی۔ والدہ تحریم فاطمہ' ملتان۔ محمد احمد زبیری' اسلام آباد۔ کاشف مختار' لاہور۔ محمد فراز بٹ' گوجرانوالہ۔ محسن شیخ' راولپنڈی۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ
کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں
قیمت 150 روپے
دانے' کیل مہاسے' چھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار' الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

یہ سورۃ پڑھی اور گلٹی ختم! میرا مشاہدہ

ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ اور آپ کے معاونین کیلئے جتنی بھی دعائیں کی جائیں کم ہیں اللہ آپ سب کو جزائے خیر عطا کرے آمین۔ عبقری سے بے شمار فوائد ہو رہے ہیں اور الحمد اللہ دوسروں کو بھی مستفید ہونے کا موقع فراہم کررہے ہیں۔ میری کزن ہے جو کہ عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہے اور دوسروں کو بھی رسالہ سے پڑھ کے ٹوٹکے اور وظائف بتاتی رہتی ہے ایک دن اچانک اس کے بائیں ہاتھ کی پشت پر گلٹی اُبھرنے شروع ہوئی اور کافی بڑی ہوگئی اور درد بھی بہت زیادہ ہورہا تھا سب نے کہا چلو ڈاکٹر کے پاس چیک اپ کرواؤ کہیں اور مسئلہ نہ بن جائے مگر کہنے لگی: ڈاکٹر آپریشن کا کہے گا اور دوائی وغیرہ جو مجھ سے نہیں کھائی جائے گی عبقری میں والضحیٰ والا وظیفہ آیا ہے اس سورۃ میں 9 ''ک'' ہیں ہر ''ک'' پر 9 دفعہ یَاکَرِیْمُ پڑھ جو حاجت ہو دعا ہو مانگی جائے پوری ہوتی ہے وہ کرتی ہوں انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گی حکیم صاحب ابھی دو دن شروع کیے تھے کہ پہلے درد ختم ہوا پھر چار دن تک گلٹی کا نام ونشان تک نہ رہا اور سب حیران رہ گئے تھے۔

تلووں کی مالش کے فوائد بے شمار

ایک ٹوٹکہ جس کو استعمال کرنے سے میں بے حد مستفید ہوئی ہوں آپ کی نذر کرتی ہوں جب میں نے عبقری میں نیند نہ آنے کیلئے تلووں کی مالش کے فوائد دیکھے تو میں نے بھی اسے آزمانے کی ٹھان لی۔ حکیم صاحب اتنی اچھی نیند آتی ہے کہ مجھے شروع میں فجر کیلئے دو آلارم لگانے پڑتے تھے واقعی یہ کمال ہے دماغ کو ایک سکون سا مل جاتا ہے اور بے حد گہری اور پرسکون نیند آتی ہے اب تو الحمد للہ رات سوتے وقت مالش کی میری عادت پکی ہوگئی ہے قارئین آپ بھی آزمائیں اور میٹھی اور پرسکون نیند سے لطف اندوز ہوں۔ (بنت مولانا حنیف، گاؤں سیدھڑی)

جب تک مسواک جیب میں ہے مجھے کچھ نہیں ہو سکتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کی نذر ایک واقعہ کرنا چاہتی ہوں کہ میں ہاسٹل میں تھی اُدھر کچھ چیزوں کی ضرورت پڑی تو بھائی کو کال کی کہ مجھے ابھی اگر فارغ ہیں تو یہ چیزیں دے جائیں تو بھائی فوراً تیار ہوگئے میرے بھائی کی عادت ہے الحمد للہ! جب سے بھائی نے ایک اللہ والے سے مسواک کے فوائد اور دعا کی فضیلت سنی ہے کہ جو بندہ اپنی جیب میں مسواک رکھتا ہے اللہ اس کے جوڑ جوڑ کی حفاظت فرماتے ہیں کیونکہ اس نے ایک ایسی لکڑی کو اپنے ساتھ رکھا ہے جو اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کو بہت محبوب اور رضامندی کا سبب ہے جس کے استعمال سے منہ کی بدبو ختم ہوتی ہے' دانتوں کی پیلاہٹ دور ہوتی ہے' نظر تیز ہوتی ہے' دماغ توانا رہتا ہے اور اس کے استعمال سے مرتے وقت کلمہ نصیب ہوتا ہے' اس کے استعمال سے نماز کا ثواب ستر گنا بڑھ جاتا ہے اور اس سے بڑھ کر نبی ﷺ کی سنت نبوی ہے۔ سبحان اللہ! اب جب وہ گھر سے نکلا تو اس نے مسواک کو جیب میں ڈالا' دعا اور آیۃ الکرسی پڑھ کر نکلا تھا راستے میں دو موڑ کیں تھیں ایک کار والا آدمی غلط سمت سے آرہا تھا جب اس کے پولیس پیچھے لگی تو اس نے گاڑی بھگا دی اور اس کی ٹکر میرے بھائی کی بائیک کو اتنی زور سے لگی کہ بھائی ایک سڑک سے دوسری سڑک پر جا گرا بہت سے لوگ آنا فانا اکٹھے ہوگئے مگر اللہ کی حفظ وامان سے بھائی اس وقت کپڑے جھاڑتا ہوا کھڑا ہوگیا' سب لوگوں نے دیکھا کہ یہ جوان گرا بھی بہت ہی شدت سے ہے مگر ایک چوٹ کیا خراش تک نہیں آئی' ایک بزرگ آگے آئے پوچھا بیٹا آپ کو چوٹ آئی ہے تو ہسپتال چلو مگر بھائی نے ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ چچا جان جب تک یہ مسواک جیب میں ہے انشاء اللہ کچھ بھی نہیں ہوگا۔

روحانی غسل کی برکت!

اللہ تعالیٰ علامہ لاہوتی صاحب اور شیخ الوظائف کی عمر میں برکت عطا فرمائے جن کی نصرت سے آج ہم مستفید ہورہے ہیں روحانی غسل کے بارے میں میں نے پڑھا تھا مگر عمل نہ ہوسکا اس رمضان میں رات تراویح پڑھانے کے دوران کئی دفعہ میری پسلی میں شدید درد ہوا کہ سانس لینا اور نماز پڑھنا مشکل ہوگیا میری ایک بہت اچھی دوست اور بہن بنی ہوئی ہیں وہ کسی عورت کو روحانی غسل کے بارے میں بتا رہی تھیں تو میرے دل میں آیا کہ مجھے بھی اس درد کیلئے روحانی غسل کرکے دیکھنا چاہیے تو میں نے دو دفعہ عمل کیا جب تیسری دفعہ غسل خانے میں گئی تو سورتیں پڑھنا یاد نہیں رہیں پھر دوبارہ واپس آئی اور تمام سورتیں اور دعا پڑھ کر گئی کیا آپ یقین کریں گے؟ میری پسلی میں جہاں درد ہوتا تھا اسی درد والی جگہ پر ایک، دو مہینے سے موہکا بن گیا ہوا تھا جو چیز کسی انسان کے جسم سے منسلک ہو وہ زیادہ جانتا ہے علامہ صاحب وہ موہکا ہی تھا مگر جب تیسری دفعہ روحانی غسل کیا تو دل ہی دل میں دعا بھی پڑھ رہی تھی اور مانگ بھی رہی کہ اللہ تمام گناہ بھی دھو دے اور اس درد کو بھی ختم کردے تو یقین کریں اس جگہ ہاتھ مارا تو میرے ہاتھ لگانے سے وہ موہکا اتر گیا میں بڑی حیران ہوئی اور غور سے دیکھا تو وہ عجیب وغریب قسم کا اور عجیب رنگ کا کیڑا تھا موٹا سا میرا تو خوف سے برا حال ہوگیا۔ ایک تو خیال آیا کہ اس کو ماردوں مگر میں نے مارا نہیں بلکہ اسی وقت نالی میں بہا دیا تھا میں نے اللہ کریم کا لاکھوں بار شکر ادا کیا کہ اس دن کے بعد میری پسلی میں درد نہیں ہوا میرا یقین ہوگیا تھا کہ وہ کوئی بڑی بلا ہی تھی جو ٹل گئی ورنہ درد سے برا حال ہوجاتا تھا کوئی کہتا تھا کہ گردوں کا مسئلہ ہے کوئی کہتا کہ پانی ختم ہوگیا ہوگا فلاں فلاں مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی کلام کی برکت سے تیسری دفعہ روحانی غسل کرنے سے وہ تکلیف دور کردی۔

چہرے کا حسن دوبالا کرنے داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ

قدرت کا انمول تحفہ

طب نبوی حسن و جمال کریم

انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے

طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد وخواتین کیلئے لاجواب تحفہ۔

قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ

چہرے کے داغ دھبے ایسے صاف جیسے تھے ہی نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سدا آباد رکھیں۔ میں اور میری فیملی ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ درس تمام گھرانہ بذریعہ انٹرنیٹ ہر جمعرات سنتے ہیں۔ ماہنامہ عبقری محلے میں بانٹنے کی وجہ سے پورے محلے کی خواتین میرے پاس اکثر وظائف وغیرہ اور ٹوٹکے پوچھنے آتی ہیں۔ اکثر خواتین کو عبقری کے وظائف بتائے ان کے کام بنے جو مجھے انہوں خود آ کر خوشی خوشی بتائے۔ ہمارے گھر کے بہت سے مسائل عبقری کے وظائف پڑھنے کی وجہ سے حل ہوئے۔ میرے چہرے پر بچپن سے کیل مہاسے' دانے اور ان کے داغ تھے۔ میں نے بہت علاج کروائے' مہنگی سے مہنگی امپورٹڈ کریمیں استعمال کیں۔ چار چار کریمیں مکس کرکے بھی لگائیں مگر کچھ حاصل نہیں ہوا۔ مگر جب عبقری ملا تو حوصلہ ملا اور امید حاصل ہوئی۔ میں نے آپ سے ملاقات کا وقت عبقری آفس سے بتائے گئے موبائل فون نمبر پر کال کرکے لیا۔ جب میں اپنی والدہ کے ہمراہ آپ کے کلینک پر آئی تو آپ نے میری بات سننے کے بعد مجھے چہرے کے کیل مہاسوں اور دیگر مسائل کے حل کیلئے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ "ہیپاٹائٹس نجات سیرپ" پینے کا مشورہ دیا۔ میں نے اسی وقت عبقری دواخانہ سے اس سیرپ کی دس بوتلیں لیں اور واپس اپنے شہر روانہ ہوئی۔ الحمدللہ! میں نے صرف دس بوتلیں ہی لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیں۔ انتہائی خوشی سے یہ بات لکھ رہی ہوں اور ہر جاننے والی کو بھی بتاتی ہوں کہ میرے چہرے کے داغ' دھبے' چھائیاں تمام ختم ہوچکے ہیں۔ چہرے کی رنگت بالکل صاف' شفاف اور چمکدار ہوگئی ہے۔ لوگ مجھ سے کریم کے بارے پوچھتے ہیں تو میں اس سیرپ کا تعارف کروا دیتی ہوں۔ (ش: گجرات)۔

بواسیر سے بچنے کا گر 5 سال بعد ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے متعلق ایک بک سٹال سے معلوم ہوا' خریدا پڑھا بہت اچھا لگا۔ پھر ہر ماہ لینا شروع کردیا۔ عبقری ویب سائٹ کے ذریعے آپ کے درس ڈاؤن کرکے سنے۔ دل کی دنیا ہی بدل گئی' نماز پڑھنا شروع کردی۔ پھر آپ سے ملاقات کی دل میں خواہش پیدا ہوئے' ملاقات کے لیے بہت کوشش کی مگر نمبر نہ ملتا۔ ہر ماہ کے آخر میں مجھے دن بتایا جاتا مگر اس دن کالز کا رش اتنا ہوتا کہ نمبر مصروف ملتا۔ چار ماہ کے بعد ایک دن میری قسمت بھی چمکی اور مجھے آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا۔ میں گزشتہ کئی سال سے بواسیر کا شکار تھا' ادویات' کیپسول' سیرپ پی پی کر تنگ اور بدحال ہوچکا تھا۔ آپ سے ملاقات کے مقررہ دن عبقری کلینک پہنچا' اپنی باری پر آپ کے پاس آیا اور تمام احوال آپ کے گوش گزار کردیئے۔ آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کا "بواسیر کورس" مستقل مزاجی سے چند ماہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے بتائی گئی ترکیب اور ترتیب سے "بواسیر کورس" مکمل احتیاطی تدابیر کے ساتھ استعمال کیا۔ صرف دو ماہ کے اندر اندر میری بواسیر مکمل ختم ہوچکی تھی' میں مکمل صحت یاب تھا' صحت کتنی بڑی نعمت ہے مجھے گزشتہ چار سے پانچ سالوں میں خوب اندازہ ہوا۔ آج میں نے مصالحہ' تلی' چٹ پٹی اور بیکری کی اشیاء سے کنارہ کشی اختیار کی ہوئی ہے اور صحت مندانہ زندگی جی رہا ہوں۔ آج دو سال ہوچکے ہیں مجھے دوبارہ بواسیر کی شکایت نہیں ہوئی۔ سادہ غذائیں کھاتا ہوں' برائیلر سے سو فیصد پرہیز کرتا ہوں۔ صبح وشام واک کرتا ہوں اور بھرپور زندگی جی رہا ہوں۔ میری قارئین سے عبقری سے بھی یہی گزارش ہے کہ برائیلر' بوتل اور برگر سے پرہیز کیجئے۔ چٹ پٹی چیزوں اور مرچ مصالحہ کم سے کم استعمال کریں' میٹھا کم استعمال کریں' صبح وشام واک کریں صحت مندانہ زندگی گزاریں۔ (کاشف' ننکانہ صاحب)

صرف 70 روپے میں مزدور کو شفاء ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا اور عبقری میگزین کا بے حد مشکور ہوں' میرے ساتھ ایک مسئلہ تھا چونکہ میں راج مزدوری کا کام کرتا ہوں' کام کرنے کی وجہ سے مجھے ہاتھوں کی الرجی ہوگئی' جس دن بھی کام پر جاتا میرے ہاتھوں پر چھالے بن جاتے اور درد کی وجہ سے مجھ سے کام نہ ہوتا' میں انتہائی پریشان تھا کہ میرا کیا بنے گا؟ میری تو روزی روٹی ہی یہی ہے۔ ایک ڈاکٹر کے پاس گیا' اس نے مجھے ایک گولی روزانہ کھانے اور ایک کریم لکھ دی' میں نے جب میڈیکل سٹور پر جاکر لڑکے کو بل بنانے کا کہا تو اس نے جب بل بنایا تو میرے ہوش اڑ گئے' 65 روپے کی ایک گولی تھی اور کریم ساڑھے چار سو کی تھی۔ میں نے نسخہ واپس لیا اور گھر کو لوٹ آیا۔ اگلے دن میں نے ہاتھ پر مہندی لگا رکھی تھی اور گلی میں بیٹھا تھا' ساتھ والے گھر میں سے ایک لڑکا نکلا جن سے میری اچھی خاصی سلام دعا ہے' اس نے دیکھتے ہی کہا چچا جان! کیا ہوا ہاتھوں کو' میں نے سارا دکھڑا اس کے سامنے بیان کردیا۔ اس نے مجھے کہا کہ آپ اب پریشان نہ ہوں' میں ابھی عبقری دواخانہ جاتا ہوں اور آپ کیلئے ایک مرہم لاتا ہوں' ان شاء اللہ آپ کے تمام مسائل کا حل اسی میں ہے۔ میں نے پیسے پوچھے تو اس نے کہا میری طرف سے ہدیہ رکھ لیں۔ اسی شام وہ مرہم لے آیا جس کا نام میرے چھوٹے بیٹے نے مجھے "مرہم سکون" بتایا اور قیمت 70 روپے بتائی۔ میں قیمت سن کر طنزاً مسکرایا کہ کہاں 450 روپے کی کریم اور 65 روپے کی ایک گولی اور کہاں یہ ستر روپے کی مرہم۔ پھر بھی اپنی بیوی کے کہنے پر لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنا شروع کردیا۔ دوسرے ہی دن مجھے پچاس فیصد فرق محسوس ہوا' ادھر ڈبی میں سے مرہم سکون ختم ہوئی اُدھر میرے ہاتھ بالکل بھلے چنگے ہوگئے۔ آج میں روزانہ اپنے کام پر جاتا ہوں' سارا دن اینٹیں بھی اٹھاتا ہوں' سیمنٹ بھی ہاتھوں کو لگتا ہے' پانی بھی لگتا ہے مگر چھالے نہیں بنتے۔ بس رات کو جاکر مرہم سکون تھوڑی سی دونوں ہاتھوں کو لگا کر سوجاتا ہوں اور صبح اچھی طرح ہاتھ دھولیتا ہوں۔ اپنے ہمسائے کے بیٹے کا بھی دل سے مشکور ہوں۔ وہ ہمارے گھر میں ہر ماہ عبقری رسالہ دے جاتا ہے۔ میرے بچے اور اہلیہ پڑھتی ہے آپ کو ڈھیروں دعائیں دیتی ہے۔ یہ خط میں اپنی بیٹی سے لکھوا رہا ہوں تاکہ عبقری میں چھپے' لوگ پڑھیں اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا سامان بنے۔ (محمد شکور' ساہیوال)

آگ شفاء — جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم

خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں (قیمت 80 روپے)

لیکوریا میں مبتلا بہنوں کے نام میرا پیغام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں یہ خط اپنی عبقری کی قارئین بہنوں کیلئے لکھ رہی ہوں ہمارے ملک میں مرض لیکوریا بہت عام ہے پاکستان میں نام نہاد معالج خواتین کو سب سے زیادہ اس مرض کے نام پر لوٹ رہے ہیں میں نے بھی پیسہ پانی کی طرح بہایا جہاں اشتہار دیکھا جہاں کسی معالج کا سنا جہاں کسی اسپیشلسٹ کا سنا فوراً ادھر کی راہ لی۔ مگر صرف وقتی فائدہ ملتا۔

دو سال پہلے میرے بھائی عبقری دواخانہ سے ''مشروب عبقری افزا'' شربت لائے تو جس شاپر میں وہ مشروب تھا اس میں سے ایک کتابچہ بھی نکلا جس کا نام ''عبقری ادویات کی شفاء یابی'' تھا۔ میں نے کچن کی شیلف پر رکھ دیا کہ نا معلوم اس میں کیا لکھا ہو؟ مگر جب مشروب استعمال کرنا شروع کیا تو میری رگ رگ میں سکون بھرتا گیا' کیا فرحت بھرا مشروب اور لاجواب ذائقہ تھا۔ ہمارا تو پورا گھرانہ اسی مشروب کا دیوانہ ہوگیا۔ ہم ہفتے کی چار سے پانچ بوتلیں پی جاتے' ہمارا معدہ لاجواب ہوگیا' شدید گرمیوں میں گرمی کا احساس نہ رہا۔ ایک دن گھر میں مشروب عبقری آیا تو پھر اس شاپر سے ''عبقری ادویات کی شفاء یابی'' کا کتابچہ نکلا' میں نے پکڑا اور اپنے کمرے میں چلی گئی' وہاں بیٹھ کر دیکھا تو اس میں عبقری ادویات کا تعارف اور اس کے فوائد لکھے ہوئے تھے' چونکہ میں لیکوریا کی گزشتہ سات سے آٹھ سال سے مریضہ تھی' میری نظر فوراً ایک دوا ''لیکوریا شفاء'' پر پڑی اس کی تفصیلات میں گئی تو مجھے یقین ہوگیا کہ مجھے شفاء اسی دوا سے ملے گی۔ اپنی والدہ کو ہمراہ لیا' رکشہ پر بیٹھ کر عبقری دواخانہ مزنگ چونگی پہنچی' لیکوریا شفاء کی پانچ ڈبیاں لیں اور واپس گھر کو لوٹ آئی۔ بس جیسے جیسے یہ دوا کھاتی گئی اس مرض سے چھٹکارا ملتا گیا۔ پانچ ڈبیوں کے بعد مجھے چھٹی ڈبی لانے کی آج تک ضرورت نہیں ہوئی۔ آج میں مکمل صحت یاب ہوچکی ہوں۔ اس مرض میں مبتلا بہنوں کو یہی پیغام ہے کہ یہ دوا انتہائی سستی اور کامیاب ہے۔ (ح۔ظ)

ایک منٹ 36 بیماریاں! علاج بھی جان لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر ستائیس سال ہے اور میری شادی کو ابھی ایک سال ہوا ہے' میں دن بدن کمزور ہو رہا تھا' کچھ بھی کھانے کو دل نہیں چاہتا تھا' دل کی دھڑکن تیز رہتی' معدہ انتہائی خراب تھا اگر کچھ کھا بھی لیتا تو سارا دن طبیعت خراب رہتی' غذا جیسے سینے پر پڑی رہتی۔ انہی مسائل کو دیکھتے ہوئے میں نے قریبی لیب سے انولائیزر مشین سے ٹیسٹ کروایا جو ایک منٹ میں 36 بیماریاں بتاتی ہے۔ اس ڈاکٹر نے مجھے کہا کہ آپ کو جگر اور مثانے کی گرمی ہے اور خاص بات یہ کہ آپ جو کچھ کھاتے ہو خوراک جزو بدن نہیں بنتی اس طرح جو آپ مہنگی سے مہنگی دوائی بھی کھاتے ہو وہ اثر نہیں کرتی اور معدہ آگے پہنچاتا ہی نہیں۔ میں انتہائی پریشان ہوگیا کہ اتنے مہنگے علاج کروائے مگر فرق ہی نہیں پڑ رہا تھا۔ عبقری فیس بک پیج میں نے لائیک کیا ہوا تھا' روزانہ کی پوسٹیں مجھے ملتیں' پڑھتا' میں نے عبقری دواخانہ میں رابطہ کیا ان کی ٹائمنگ معلوم کی۔ وہاں پہنچا' اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات ہوئی انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی روحانی پھکی' جوہر شفاء مدینہ اور ٹھنڈی مراد تینوں سفوف لے کر ایک جار میں مکس کرنے کو کہا اور کھانے کا طریقہ یہ بتایا کہ اس مکس شدہ سفوف میں ہر گھنٹے کے بعد ایک چائے کا چمچ سادہ پانی کے ساتھ کھالو۔ میں نے صرف دو مہینے اس ترتیب سے دوائی استعمال کی۔ الحمدللہ مجھے تمام طبی مسائل کا حل مل گیا۔ میں دن میں زیادہ سے زیادہ آٹھ سے نو مرتبہ یہ دوا ایک چمچ لیتا۔ میں ازدواجی طور پر خود کو بہت کمزور محسوس کرتا تھا۔ مگر جب سے یہ دوائی دو ماہ کھائی میں ازدواجی طور پر خود کو بہت بہتر محسوس کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ قبض تھی وہ بھی دور ہوگئی۔ عبقری رسالہ ہر ماہ ضرور پڑھتا ہوں' درس میں شامل ہوتا ہے۔ گھر میں بھی اکثر عبقری یوٹیوب چینل پر آپ کے درس سنتا ہوں۔ (ع۔م، لاہور)

دوا کھائی! بیماری' سوزش اور موٹاپا ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے پڑھ رہی ہوں بہت لاجواب رسالہ ہے' اس میں بہت آسان ٹوٹکے اور تیر بہدف ہوتے ہیں۔ مجھے اس شمارہ کی بدولت ہی صحت و تندرستی ملی۔ میں نے عبقری پڑھنے کے بعد ایک دو مرتبہ دفتر ماہنامہ عبقری کا وزٹ کیا' آپ سے ملاقات کی بہت کوشش کی مگر آپ کی مصروفیات اور اپوائنٹمنٹ نہ ملنا نے مجھے مایوس نہ کیا بلکہ میں نے ایک اور سہارا ڈھونڈا اور وہ تھا خط' میں نے جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھا اور اس میں اپنے تمام مسائل لکھ دیئے۔ جوابی لفافہ میں آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کا پوشیدہ کورس' اکسیر البدن اور جوہر شفاء مدینہ لکھی گئی ترکیب کے ساتھ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میرے بے شمار پوشیدہ امراض تھے۔ اس کورس کے استعمال سے جہاں مجھے میرے مسائل اور امراض میں بہت زیادہ فائدہ ہوا وہی میرے جسم پر سوزش تھی وہ بھی ختم ہوگئی اور میرا جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا۔ ان امراض کی وجہ سے میری راتوں کا سکون غارت ہوچکا تھا مگر آج میں خوش و خرم زندگی گزار رہی ہوں۔ عبقری خود بھی پڑھتی ہوں اور جہاں بھی جاتی ہوں لوگوں کو عبقری رسالہ کے متعلق تو ضرور ہی بتاتی ہوں۔ عبقری میں آئے ٹوٹکے' وظائف لوگوں کو بتاتی ہوں اور پھر دوبارہ ملاقات پر اس کے فوائد پوچھتی ہوں۔ الحمدللہ! لوگوں کو بہت فیض مل رہا ہے اور آپ کیلئے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ (م۔خ۔اٹک)

شرمندگی سے بھرپور زندگی سے نجات ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ سات سال سے ایک ایسے مرض میں مبتلا تھی جس کا ذکر میں نے اپنے شوہر سے بھی نہ کیا' ہر وقت شرمندہ رہتی' وہ مرض مجبوراً یہاں اس لیے لکھ رہی ہوں کہ عبقری پڑھنے والی اگر کسی بہن کو یہ مرض ہو تو وہ بھی یہی دوا استعمال کرے تاکہ اس کی زندگی میں سکون آئے اور اللہ ذریعہ بننے پر مجھے اس کا اجر دے۔ قارئین! گزشتہ سال سے مجھے ایک تکلیف تھی اور وہ یہ کہ جب بھی ازدواجی حقوق ادا کرنے کا وقت آتا مجھے مخصوص جگہ پر شدید قسم کا درد شروع ہوجاتا' درد اتنا شدید ہوتا کہ مجھ سے برداشت نہ ہوتا' جس کی وجہ سے ہر وقت شرمندگی کا احساس رہتا۔ مگر کسی سے کچھ کہہ بھی نہ پاتی۔ دوران ایام اتنی تکلیف ہوتی کہ بعض اوقات میری چیخیں نکل جاتیں۔ سات ماہ پہلے کی بات ہے کہ میری ہمسائی آئی اس نے باتوں میں بتایا کہ آج میں عبقری دواخانہ گئی اور وہاں سے ''شہد'' لائی وہاں بہت رش تھا۔ میں نے پوچھا یہ عبقری دواخانہ کیا ہے؟ اس نے مجھے تفصیل سے تعارف کروایا اور گھر جا کر عبقری رسالہ بھجوا دیا' میں نے پڑھا تو مجھے بہت اچھا لگا۔ اس میں موجود نمبر سے عبقری آفس فون کیا' اسسٹنٹ صاحب سے بات کی' ڈرتے ڈرتے اپنا مرض بتایا' انہوں نے ''خاتون شفاء'' سیرپ پینے کو دیا' میں نے چار بوتل پی' اس بات کو چھ ماہ ہوچکے' مجھے دوبارہ تکلیف نہ ہوئی۔ (پوشیدہ)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟

معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)

آیتِ کریمہ! ایسی جگہ سے رزق ملے کہ گمان نہ ہو

محمد لطیف، قصور

اللہ کریم کا نام برکت والا ہے۔ صاحب قرآن کے اعمال بابرکت ہیں۔ جو آدمی بھی جس دور میں بھی ان مبارک اور نورانی اعمال کو کرے گا' اللہ کریم کرنے والے کو بھی برکت عطا فرما دے گا۔ اللہ کریم نے ساری برکات، خیریں، عافیت اور کامیابیاں اپنے پیارے دین میں رکھی ہیں۔ دین کا ایک ایک عمل خیروں اور برکات کا خزانہ ہے۔ پیارے نبی ﷺ کا ایک ایک طریقہ اور عمل خزانوں کی کنجی ہے۔ انہی مبارک طریقوں میں سے ایک اہم عمل عاجزی اور ندامت ہے جو اللہ کریم کو بہت محبوب ہے اور اس پر عمل کرنے والا بھی اللہ کریم کو محبوب ہے۔ قرآن پاک میں اللہ کریم ارشاد فرماتے ہیں۔ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ فِيْهِمْ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (الانفال:33)۔ ترجمہ: اللہ ہرگز نہ عذاب کرتا ان پر جب تک تو رہتا ان میں اور اللہ ہرگز نہ عذاب کرے گا ان پر جب تک وہ معافی مانگتے رہیں گے۔ نزول عذاب سے دو چیزیں مانع ہیں۔ ایک ان کے درمیان پیغمبر کا موجود رہنا۔ دوسرے استغفار۔ اسی طرح جب تک گنہگار نادم رہے گا اور توبہ کرتا رہے گا تو پکڑا نہیں جاتا۔ اگرچہ بڑے سے بڑا گناہ ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ گنہگاروں کی پناہ دو چیزیں ہیں ایک میرا وجود، دوسرا استغفار۔ ندامت اور استغفار سے گناہ یوں جھڑتے ہیں جیسے سردی کے موسم میں یعنی خزاں میں (پت جھڑ) درخت سے پتے گرتے ہیں' ہر مشکل اور تنگی سے نکلنے کا آسان راستہ ہے۔ استغفار کرنے والے کو اللہ کریم ایسی جگہ سے رزق دیتے ہیں جہاں سے اس کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔ ایمان والوں کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ وہ آخری رات میں استغفار کرتے ہیں۔ اللہ پاک جب کسی جگہ عذاب بھیجنے کا ارادہ کرتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ وہاں کچھ لوگ مساجد کو آباد کرتے ہیں اور رات کے آخری پہر میں توبہ واستغفار کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ عذاب کو موقوف کر دیتے ہیں۔ آیت کریمہ کا اہتمام اور اس سے دوستی غموں سے نجات کا قرآنی اور نبوی نسخہ ہے۔

(1) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ کو اس کی خبر دیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے سامنے اوّل دعا کا ذکر فرمایا تھا کہ اچانک ایک اعرابی آ گیا اور آپ ﷺ کو اپنی باتوں میں مشغول کر لیا بہت وقت گزر گیا۔ حضور ﷺ وہاں سے اٹھے اور مکان کی طرف تشریف لے چلے میں بھی آپ ﷺ کے پیچھے ہو گیا۔ جب آپ ﷺ گھر کے قریب پہنچ گئے تو مجھے ڈر ہوا کہ کہیں آپ ﷺ اندر چلے جائیں اور میں رہ جاؤں تو میں نے زور زور سے زمین پر پاؤں مار کر چلنا شروع کر دیا۔ میری جوتیوں کی آہٹ سن کر آپ ﷺ نے میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ ابواسحق؟ میں نے کہا جی ہاں! یا رسول اللہ ﷺ۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا حضور ﷺ آپ ﷺ نے اوّل دعا کا فرمایا' پھر وہ اعرابی آ گیا اور آپ ﷺ کو مشغول کر لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں ہاں وہ حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا ہے جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں پڑھی تھی یعنی "لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ" سنو جو بھی مسلمان کسی معاملہ میں جب کبھی اپنے رب سے یہ دعا کرے اللہ تعالیٰ ضرور اسے قبول فرماتا ہے۔

اسمِ اعظم! جو دعا مانگیں جو حاجت وہ پوری

(2) ابن حاتم میں ہے جو بھی حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس دعا کیساتھ دعا کرے اس کی دعا ضرور قبول ہو گی۔ (3) ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسی آیت میں اس کے بعد ہی فرمان ہے اسی طرح مومنوں کو نجات دیتے ہیں۔ (4) ابن جریر میں حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے اللہ کا وہ نام جس سے وہ پکارا جائے قبول فرمالے اور جو مانگا جائے وہ عطا فرمائے وہ حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا ہے۔ (5) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ وہ دعا حضرت یونس علیہ السلام کیلئے ہی خاص تھی یا تمام مسلمانوں کیلئے جو بھی یہ دعا کرے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تو نے قرآن میں نہیں پڑھا کہ ہم نے اسے غم سے چھڑایا اور اسی طرح ہم مومنوں کو چھڑاتے ہیں پس جو بھی اس دعا کو کرے اس سے اللہ تعالیٰ کا قبولیت کا وعدہ ہو چکا ہے۔ (6) ابن ابی حاتم میں ہے کہ کثیر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ ابوسعید وہ اسم اعظم کہ جب اس کے ساتھ سے دعا کی جائے' سوال کیا جائے تو اللہ تعالیٰ قبول فرمالے اور جب اس کے ساتھ اس سے سوال کیا جائے تو عطا فرمائے۔ وہ کیا ہے؟ آپ نے جواب دیا برادر زادے کیا تم نے قرآن کریم میں خدا کا یہ فرمان نہیں پڑھا۔ پھر آپ نے یہی دو آیتیں تلاوت فرمائیں اور فرمایا بھتیجے یہی خدا کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس کے ساتھ دعا کی جائے تو قبول فرماتا ہے اور جب اس کے ساتھ اس سے مانگا جائے تو عطا فرماتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۳، ص ۹۶، ۳۹۵)۔ (7) حدیث شریف میں آیا ہے جس کا مفہوم ہے کہ جس مسلمان نے اپنی بیماری کی حالت میں چالیس مرتبہ مذکورہ بالا آیت کریمہ پڑھ لی تو اگر اس بیماری کی حالت میں وفات پا گیا تو چالیس شہیدوں کا اجر پائے گا اور اگر تندرست ہو گیا تو اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (حصن حصین، ص:۲۴۱)۔ اس وقت امت کو مجموعی طور پر اور انفرادی طور پر توبہ واستغفار کی اشد ترین ضرورت ہے۔ اپنے لیے اور پوری امت کیلئے بھکاری بن کر اللہ کریم سے گناہوں کی معافی اور عذاب سے بچنے کیلئے دست دراز کیجئے۔ جھولی پھیلائیے۔ اللہ کریم ہمیں اور پوری امت کو معاف فرما دے۔ اللہ کریم سے سارے انسانوں اور جنات کیلئے قیامت تک کیلئے استغفار کیجئے اپنے آپ کو بے بس اور مجبور جان کر سب کی ہدایت اور دنیا آخرت میں برکت وعافیت کی بھیک مانگے۔

(بقیہ: تجربات رومی)

سے بھرپور یا سنیکس دانتوں میں چپک کر بیکٹیریل پلاک بنانے کا باعث بنتے ہیں۔ 9۔ پینسل چبانا: اکثر لوگوں کی پینسل چبانے کی عادت ہوتی ہے۔ پینسل چبانے سے دانتوں پر زور پڑتا ہے جس سے دانت ٹوٹ اور جھڑ سکتے ہیں اس عادت کو ختم کرنے کے لیے بالکل ہلکا زور لگا کر مسواک چبائیں اس سے دانت بھی مضبوط ہوں گے اور صفائی بھی رہے گی۔ 10۔ کافی اور سگریٹ: کافی اور سگریٹ میں موجود کیفین منہ میں تھوک بننے سے روکتی ہے جس سے منہ میں خشکی ہو جاتی ہے جو دانتوں کی خرابی کا باعث بنتی ہے اب میں آتا ہوں اس ٹوٹکہ کی طرف جس کا ذکر میں نے اوپر کیا ہے۔ چند دن پہلے میرے چھوٹے بھائی صاحب کے دانت میں شدید درد ہو گیا۔ والد صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ اس کے دانت پر ہاتھ یا انگلی رکھ کر پڑھو "فرعون غرق شد" میں نے چند دفعہ پڑھا تو بھائی دیکھا تو وہ کچھ پرسکون ہوئے میں نے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ میرا درد تو بالکل ٹھیک ہو گیا۔ قارئین! یہ عمل عبقری رسالہ میں بھی کئی مرتبہ چھپ چکا اور بے شمار کا آزمودہ بھی ہے میں نے چونکہ یہ اب آزمایا اس لیے سوچا کہ اس کو بھی "تجربات رومی" میں لکھ دوں۔ ہاں ایک اہم بات اور مسواک کو اپنی زندگی سے کبھی نہ نکالیے مسواک ضرور کیجئے مسواک کرنے والے کے دانت کبھی خراب نہیں ہوتے۔ مسواک کے جہاں طبی فوائد ہیں وہاں روحانی فوائد اتنے ہیں کہ جگہ کی کمی کی وجہ سے صرف اتنا لکھوں گا کہ ہر پریشانی' دکھ' الجھن' حادثات سے بچاؤ کا آخری حل مسواک ہے۔

گردے فیل شفاء

گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام

کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹینن' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

مثانہ و جگر کی گرمی ختم! موٹاپا کیلئے لاجواب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ اسی طرح مخلوق خدا کی خدمت سے سرشار فرمائے رکھے اور آپ اسی طرح عبقری رسالہ' درس اور عبقری ادویات کے ذریعے ہم جیسے غریب لوگوں کا سستا علاج فرماتے رہیں۔ عبقری سے ناطہ کیسے جڑا' یہ ایک انوکھا واقعہ ہے' پہلے یہ لکھ دوں' ایک دن صبح اٹھا تو ہمارے صحن میں ایک میگزین پڑا تھا جو کسی نے باہر سے پھینکا تھا' میں نے پکڑا اور بغیر پڑھے ہی اندازہ لگایا کہ کسی اشتہاری حکیم نے اپنی ادویات کے بارے میں بلند و بانگ دعوے لکھ کر چھاپ کر بانٹا ہوگا۔ مگر جب میں نے ٹائٹل پر ہیڈنگز پڑھیں اور ایسے ہی ورق گردانی کرنا شروع کی تو میں حیران رہ گیا کہ اتنی مفید اور کارآمد چیز جس کسی نے بھی میرے گھر میں پھینکی اللہ اس کا بھلا کرے۔ اس دن پہلے میں نے مکمل رسالہ پڑھا پھر اپنی بیوی کو دیا کہ وہ بھی پڑھے۔ بس وہ دن اور آج کا دن عبقری رسالہ پڑھنا نہ چھوڑا۔ میں نے طبی مسائل جن میں مثانہ و جگر کی گرمی اور قطروں کا مسئلہ تھا لکھ کر خط ماہنامہ عبقری کے ایڈریس پر بھیجا۔ تقریباً بیس دن بعد مجھے جواب موصول ہوا جس میں آپ نے عبقری دواخانہ کی دوا ''نوجوان شفاء'' اور ''ٹھنڈی مراد'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے صرف ایک ماہ مستقل مزاجی سے یہ دوا کھائی الحمدللہ! میں سوفیصد تندرست ہوں اور میرے یہ طبی مسائل ختم ہو چکے ہیں۔ اب میں نے عبقری دواخانہ سے بذریعہ وی پی پارسل ''موٹاپا کورس'' منگوایا ہے۔ وہ استعمال کر رہا ہوں اس سے بھی مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ (نعمان شہزاد۔ چکوال)

دوران ایام شدید تکلیف سے نجات کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 36 سال ہے' چند سالوں سے دوران ایام مجھے شدید تکلیف ہوتی' عبقری رسالہ سے دیکھ کر میں نے خود ہی عبقری دواخانہ سے ''خاتون شفاء'' اور کمزوری کیلئے ''اکسیر البدن'' اور فغنس فولاد ٹانک لے کر لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنا شروع کر دیا۔ چند ہفتوں میں ہی میرے چند سالوں کی تکلیف ختم ہوگئی۔ میں بتا نہیں سکتی کہ میں آپ کی کتنی شکر گزار ہوں آپ کو دعاؤں کا تحفہ پیش کرنے کے علاوہ میرے پاس الفاظ نہیں کہ میں کیا بتاؤں آپ کی دوا اکسیر البدن اور فغنس فولاد ٹانک نے مجھے بہت طاقت دی ہے' میری ٹانگیں درد کرتی تھیں ہر وقت تھکاوٹ رہتی جو کہ اب بالکل بھی نہیں ہے۔ ماہانہ ایام بھی صحیح ہو گئے ہیں' ورنہ تو ٹکڑے خون کے نکلتے محسوس ہوتے تھے' اب تو میں یہ دوا اپنی بیٹی کو بھی استعمال کروا رہی ہوں جو لیکوریا اور ماہانہ ایام کی درد کی تکلیف میں مبتلا تھی اور کوئی دوا استعمال نہیں کرتی تھی کیونکہ وہ ایک اسپیشل چائلڈ ہے اور بہت مشکل سے گولیاں نگل پاتی ہے لیکن یہ دوا بہت آرام سے پی لیتی ہے۔ اس دوا کا مثبت اثر اپنی بیٹی میں بھی دیکھ رہی ہوں۔ محترم حکیم صاحب! آپ کے تسبیح خانہ سے جڑنے کے بعد زندگی سکون بھر گئی ہے' ہر پریشانی پر سب سے پہلے اعمال کرنے کی طرف دوڑتی ہوں اور جو کچھ بھی آپ کی بتائی ہوئی باتیں اور اعمال ہیں ان پر عمل کر کے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ رسالہ میں موجود ٹوٹکے اکثر آزماتی ہوں۔ اللہ پاک آپ کو نبی کریم ﷺ کے ساتھ قیامت کے دن جنت الفردوس میں مقام عطا فرمائے۔ آمین! (س۔ ز)

معدہ کی تکالیف اور بلڈ پریشر! یقینی چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ چار پانچ سال سے امراض معدہ کا شکار تھا' بازاری' چٹ پٹی اشیاء اور برگر شوارمے کھا کھا کر اپنے معدہ کا میں نے کچھ نہ چھوڑا۔ معدہ اتنا خراب ہوگیا کہ کچھ بھی کھالوں اسی وقت بیت الخلاء کی حاجت ہو جاتی' جسمانی طور پر بہت زیادہ کمزور ہوگیا۔ آنکھیں اندر کو دھنس گئیں' کچھ بھی کھانے کو دل نہ چاہتا' بے شمار پھکیاں' کیپسول اور سیرپ استعمال کیے۔ مگر میرا معدہ درست نہ ہوا۔ اس کے علاوہ مجھے بلڈ پریشر کی شکایت ہوگئی۔ بلڈ پریشر نے میری راتوں کا سکون بھی چھین لیا' ایسے بیٹھے بیٹھے میرا بلڈ پریشر ہائی ہو جاتا۔ میرے ایک دوست نے آپ سے ملاقات کا ٹوکن لے رکھا تھا' اسے جب میری طبی حالت کا علم ہوا تو اس نے مجھے بلا کر عبقری کے بارے میں بتایا اور آپ کا تعارف کروایا۔ میں نے اس سے کہا کہ میری ایک بار ان سے ملاقات کروا دے' اس نے کہا اسی لیے تو تمہیں بلایا ہے' کل میری ان سے ملاقات ہے' ایک ٹوکن پر دو افراد ان سے ملاقات کر سکتے ہیں' تم ایسا کرو میرے ساتھ چلو اور ان سے چیک اپ کروا کر دوا لو۔ اگلے دن مقررہ وقت ہم دونوں آپ کے کلینک میں آپ کے سامنے بیٹھے تھے' پہلے میرے دوست نے آپ سے بات کی' آپ نے اسے نسخہ لکھ کر دیا وہ اٹھ کر باہر چلا گیا پھر میں نے اپنی تمام روداد سنائی کہ کس طرح میں ایک صحت مند شخص سے آج بیمار ہو کر آپ کے سامنے پہنچا ہوں۔ آپ نے تسلی سے میری بات سنی اور مجھے صرف ایک دوا لکھ کر دی اور کہا کہ اس کو کم از کم چار ماہ کھانا ہے۔ روزانہ تین سے پانچ مرتبہ۔ میں نے باہر آ کر عبقری دواخانہ سے وہ دوا لی جس کا نام ''جوہر شفاء مدینہ'' تھا اور وہ صرف 150 روپے کی تھی۔ میں نے بتائی گئی ترکیب کے مطابق اس دوا کو کھانا شروع کر دیا' ابھی میری تیسری ڈبی تھی کہ میرا معدہ درست ہونا شروع ہوگیا اور صرف دو ماہ کے اندر اندر میرا معدہ مکمل تندرست ہوگیا ساتھ بلڈ پریشر بھی نارمل رہنے لگا۔ میں نے پھر بھی چار ماہ وہ دوا کھائی' آج میرا معدہ مکمل تندرست اور بلڈ پریشر کنٹرول میں رہتا ہے۔ الحمدللہ! اب میں بازاری اشیاء سے مکمل پرہیز کرتا ہوں گھر کا کھانا ہی کھاتا ہوں اگر کبھی مجبوری میں باہر سے کچھ کھانا بھی پڑ جائے تو پھل وغیرہ خرید کر اچھی طرح دھو کر استعمال کر لیتا ہوں مگر ہوٹل کا کھانا نہیں کھاتا کیونکہ میں انجام بھگت چکا ہوں۔ آپ کیلئے دل سے ڈھیروں دعائیں نکلتی ہیں۔ (عبدالقیوم' سیالکوٹ)

19 اجزاء پر مشتمل
مغل اعظم شاہی معالج آٹا
نسلیں رہیں تندرست ذہین
صحت مند اور خوبصورت
شوگر۔ کولیسٹرول۔ موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔
اعصابی کمزوری و کمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔ قیمت 400 روپے

(بقیہ: تربوز کھانے کے فوری بعد شربت یا چائے ہرگز نہ پئیں)

ایسا 2 سے 3 بار پئیں۔ دن بدن فائدہ محسوس ہوگا۔ اس سے دل کی دھڑکن، دل کی کمزوری کو مکمل آرام آجائے گا۔ **قبض:** اس تکلیف دہ بیماری کے لیے تربوز کا کئی روز تک استعمال کرنا مفید ہے۔ کیونکہ جہاں تربوز کھانے سے پیشاب کھل کر آتا ہے وہیں تربوز لگاتار دس دن تک کھانے سے قبض بھی دور ہوتی ہے۔ **قے:** اگر کھانا کھانے کے بعد جگر میں جلن ہو تو ہو اور پھر قے ہو جاتی ہو اور قے میں کھایا ہوا کھانا زردی مائل ہو کر نکلتا ہو تو اس کے علاج کے لیے تربوز ایک بہترین پھل ہے۔ اس کے لیے روزانہ صبح کے وقت 2 تولہ تربوز کا پانی تھوڑی مصری ملا کر پی لیں۔ معدے کی اصلاح ہو کر قے کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ **تربوز کھانے میں احتیاط:** چاول کے ساتھ اس کا استعمال مضر ہے۔ یعنی چاول کھانے کے بعد یا پہلے تربوز نہیں کھانا چاہیے۔ پرانے زمانے اور موجودہ جدید دور کے طبیب اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ اسے کھانے کے فوری بعد استعمال نہ کیا جائے اس صورت میں یہ نقصان پہنچا سکتا ہے۔ خصوصاً ہیضہ کی شکایت ہو سکتی ہے۔ اسے کھانا کھانے سے کم از کم دو گھنٹے پہلے یا دو گھنٹے بعد کھانا چاہیے۔ کھانے کے فوری بعد اس کے استعمال سے تخمہ یا قولنج کا احتمال ہے۔

(بقیہ: خواتین کے پوشیدہ امراض اس عمل سے دور)

سے بھی بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ روزانہ اذان والا عمل کرتا ہوں اور والدہ کے دونوں کانوں میں دم کرتا ہوں یہ بھی عمل میں نے ڈی این کی سے پہلے شروع کیا ہوا ہے اللہ کے فضل سے ابھی تک جاری ہے اس عمل کی برکت سے والدہ کو نیند بھی اچھی آتی ہے اور اس عمل کی برکت سے ماشاءاللہ طبیعت میں بھی سکون ہے یہ اذان والا عمل رات کو سوتے وقت روزانہ ایک بار کرتا ہوں۔ (حافظ آصف مسعود، لاہور)

(بقیہ: حکیم نابینا کی چشم کشا کرامات)

جس کے استعمال سے حضرت علامہ محمد اقبال صحت مند ہوگئے۔ چنانچہ حضرت علامہ محمد اقبالؒ نے اظہار تشکر کے طور پر حکیم صاحب کے پاس اشعار تحفہ میں بھیجے وہ یہ تھا۔

دردوں کا نشیمن ہے تن خاکی میرا
ایک میں ہے سوز سی ایک میں ہے تاب و تب
ایک جو اللہ نے بخشی ہے مجھے صبح ازل
دوسری وہ آپ کی بھیجی ہوئی روح الذہب

حکیم نابینا امراء سے دواؤں کی قیمت دل کھول کر لیتے تھے اور غرباء کو دوائیں مفت دیتے تھے۔ مطب میں ہر وقت مریضوں کا ہجوم رہتا تھا مگر اس کے باوجود دین داری بہت غالب تھی۔ آپ نہایت عبادت گزار تھے اور ہر وقت آپ کی زبان پر ذکر اللہ جاری رہتا تھا۔ دین داری اور عبادت کا یہ عالم تھا کہ اکثر چلہ میں بیٹھ جاتے اور تین دن یا سات دن مطب سے کنارہ کش ہو کر اللہ کی عبادت میں مشغول ہو جاتے تھے۔ اللہ تعالیٰ حکیم نابینا کی مغفرت فرمائے اور ان کو جنت فردوس عطا کرے۔ آمین۔

(بقیہ: کینسر کی مریضہ پر عمل آزمایا تو حیران رہ گئی!)

کسٹرڈ، کھیر، روٹی کھا سکتے ہیں مگر پھیکی نمک کے بغیر۔ وظیفہ ختم کرنے کے بعد میٹھی روٹیاں پکائی ہیں چھ بڑی روٹیاں ایک چھوٹی روٹی کوئی بھی گھر کا فرد پکا سکتا ہے روٹیاں خود بھی کھا سکتے ہیں بانٹ بھی سکتے ہیں کچھ کھالیں کچھ بانٹ دیں انشاء اللہ جو خواہش ہوگی ضرور پوری ہوگی جمعرات کو خواب نظر آئے گا۔ نو بیٹیوں والی کو خواب میں نظر آیا اس کا بیٹا صحن میں کھیل رہا ہے مریضہ کے میاں نے خواب دیکھا کہ دودھ کی بھری ہوئی بالٹی اٹھا کر پگڈنڈیوں سے گزر رہا ہوں دودھ گرنے کا اندیشہ رہتا ہے لیکن دشوار گزار راستے گزر آیا ہوں دودھ کی بوند بھی نیچے نہیں گرتی۔ اولاد کیلئے، رزق کیلئے، مقدمے کیلئے یعنی ہر مشکل کے لیے یہ وظیفہ اکسیر ہے۔ آزمودہ ہے کبھی کبھی کسی کو خواب نہیں بھی نظر آتے عموماً آتے ہیں اعتماد سے کریں انشاءاللہ پھل پائیں گے۔

(بقیہ: بچے کا بے جا خوف اور اس کا علاج!)

بہتر یہی ہے کہ آپ شروع ہی سے خوف پیدا کرنے والے اسباب اور موقعوں کو اپنے بچوں کی زندگی سے حتی الوسع دور رکھیں۔ خوف کی مناسب روک تھام علاج سے کہیں زیادہ اہم اور ضروری ہے۔ **خوف اور بیماریاں:** بچپن کے خوف بالغ زندگی میں دیوانگی کی صورت میں بھی نمودار ہو سکتے ہیں۔ مثلاً ایک مریض کو تنگ جگہوں سے بہت خوف آتا تھا۔ مریض کی تاریخ مرتب کرنے سے پتہ چلا کہ بچپن میں ایک دفعہ جب یہ شخص کسی دکان سے لوٹ رہا تھا تو محلے کی تنگ و تاریک گلی میں ایک کتا اس کا راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔ اور اس قدر زور زور سے بھونکنے لگا کہ بچے کا مارے خوف کے برا حال ہو گیا۔ وہ بڑی مشکل سے بھاگ کر گھر پہنچا۔ رفتہ رفتہ کتے سے اس کا خوف تنگ گلی کی طرف منتقل ہوتا گیا۔ اور ایک وقت آیا کہ وہ ہر تنگ مقام سے خوف محسوس کرنے لگا ہے۔ اسی طرح ایک اور مریض بھی سامنے آیا۔ جسے اپنی گردن بار بار ایک طرف موڑنے کی اس قدر پختہ عادت پڑ چکی تھی کہ وہ خود بھی اس سے عاجز تھا۔ مرض کا تجزیہ کرنے سے معلوم ہوا کہ بچپن میں وہ شخص بازار میں آتے جاتے ایک میوہ فروش کے مونگ پھلی کے ڈھیر سے چپکے سے مٹھی بھر لیا کرتا تھا۔ میوہ فروش اس موقع کی تلاش میں رہنے لگا کہ کسی روز اس شریر چور کو موقع پر پکڑے۔ چنانچہ ایک دن وہ ایک بوری کے پیچھے تاک لگا کر بیٹھ گیا۔ جونہی بچے نے مونگ پھلیاں اٹھائیں۔ میوہ فروش نے جھٹ سے اس کی گردن دبوچ لی۔ بچہ یوں اچانک پکڑے جانے کے صدمہ سے بے ہوش ہو کر گر گیا۔ اس واقعہ کے بعد اسے بار بار ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے کوئی اسے گردن سے پکڑ رہا ہو۔ دن میں اسے یہ خیال سینکڑوں بار آتا اور وہ سینکڑوں بار اپنے خیال پکڑنے والے سے بچنے کے لیے گردن کو ایک طرف جھٹکا دے دیتا۔ گردن کو یوں ایک طرف جھٹکتے رہنے کی اس تکلیف دہ عادت سے وہ بہت تنگ آیا ہوا تھا۔ مگر جب اسے نفسیاتی طریقوں سے بچپن کا وہ واقعہ یاد دلایا گیا اور اس واقعہ کو بھول جانے کی رغبت دلائی گئی تو ٹھیک ہو گیا۔ ان دو واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ متعدد ذہنی الجھنوں اور بیماریوں کی بنیاد یں بچپن کے ان خوفناک حادثوں پر رکھی ہوتی ہیں۔ جنہیں ابتداء میں اچھی طرح سمجھنے اور ان سے نمٹنے کے بجائے بہت سختی سے ذہن میں دبا دیا جاتا ہے اور یہ ضبط شدہ واقعات انجام کار ہماری جذباتی زندگیوں کو تباہ و برباد کر ڈالتے ہیں۔

(بقیہ: ہر غم سے نجات حاصل کرنے کا بہترین حضرمیؓ نسخہ)

یہ واقعہ سن کر بیمار آدمی نے ان اسماء کے ذریعہ دعا کی اللہ تعالیٰ کی قسم ہم ابھی وہیں تھے کہ مچھر اس کے کان سے نکل گیا وہ بھنبھنا رہا تھا۔ یہاں تک کہ دیوار سے جا ٹکرایا اور وہ آدمی ٹھیک ہو گیا۔ یہ سن کر خلیفہ منصور قبلہ رو ہوئے اور انہوں نے تھوڑی دیر ان اسماء کے ذریعہ دعا مانگی۔ پھر میری طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے اے مسلم! تو! اللہ تعالیٰ نے میرے غم کو دور فرما دیا ہے۔ پھر انہوں نے کھانا منگوایا اور مجھے اپنے ساتھ بٹھالیا اور میں نے ان کے ساتھ کھانا کھایا۔ حضرت انسؓ کی روایت کے آخر میں یہ بھی ہے کہ جہاد سے واپسی پر حضرت علاءؓ انتقال فرما گئے ہم نے انہیں غسل وکفن کے بعد قبر کھود کر دفنا دیا۔ دفن کے بعد ایک مقامی شخص آیا اور کہنے لگا یہ (مدفون) کون ہیں؟ ہم نے کہا یہ ایک بہترین انسان علاء بن حضرمیؓ ہیں۔ اس نے کہا یہ زمین مردوں کو باہر اگل دیتی ہے تم لوگ انہیں اگر میل دو میل دور لے جاؤ تو وہاں کی زمین مردوں کو قبول کرتی ہے۔ ہم نے کہا ہمارے ساتھی (حضرت علاءؓ) کا کیا قصور ہے کہ ہم انہیں درندوں کا لقمہ بنا کر چھوڑ جائیں؟ چنانچہ ہم نے قبر کھودنے پر اتفاق کر لیا۔ جب ہم نے قبر کھودی تو حضرت علاءؓ اس میں موجود نہیں تھے اور قبر تاحد نظر نور سے جگمگا رہی تھی۔ ہم نے یہ دیکھ کر واپس مٹی ڈال دی اور اپنے سفر پر روانہ ہو گئے۔ (ابن کثیر فی البدایہ و النہایہ) (محمد آصف ایوب، لاہور)

(بقیہ: آیئے بچو! آپ کو جنت کا راستہ بتائیں)

کی روشنی میں علم کے متعلق فرمایا۔ کیا علم کے متعلق پیارے نبی ﷺ اور اصحاب رسول ﷺ کے بھی ارشادات موجود ہیں۔ احمد نے پوچھا بھائی جان نے بتانا شروع کیا۔ حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ پیارے نبی ﷺ نے فرمایا ''جو شخص علم کی طلب میں کسی راہ پر چلا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دے گا''۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''علم پیغمبروں کی میراث ہے جبکہ مال و دولت کافروں کی میراث ہے''۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے ''علم مال و دولت سے بہتر ہے کیونکہ مال کی تمہیں حفاظت کرنی پڑتی ہے جبکہ علم تمہاری حفاظت کرتا ہے'' علم جتنا حاصل کرتے چلے جاؤ گے بڑھتا چلا جائے گا۔ علم کی اس قدر فضیلت اور اہمیت ہے میرے خواب و خیال میں بھی نہیں تھا۔ اب میں دنیاوی علوم کے ساتھ ساتھ اتنا زیادہ دینی علم حاصل کروں گا کہ اللہ اور حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں باعمل انسان بن جاؤں اور اس روشنی کو آگے پھیلاؤں گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ احمد نے پرعزم لہجے میں کہا۔

(بقیہ: عبقری قارئین تک ایک بات پہنچانا چاہتی ہوں!)

دونوں کی شادی کے لیے ''کفو کے اصول'' کا خیال رکھنا چاہیے۔ مال و دولت یا عہدہ رشتہ کا معیار نہیں بلکہ ایک اچھا انسان جو انسانیت کے اصولوں کا خیال رکھنے والا ہو اور دین داری اول شرط ہو۔ رشتہ دینے اور کرنے کا معیار ہونا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عقل و شعور اور معاملات کو درست طریقے سے حل کرنے کا اہل بنائے اور توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(بقیہ: جنات کا پیدائشی دوست)

آگ سے بنے ہوئے ہیں لیکن اس لفظ کی جو طاقت' ہیبت' قوت اور قدرت ہے ہمیشہ ڈراتی ہے اور ہمیشہ خوفزدہ کرتی ہے' مجھے اس کی بات سن کر بہت حیرت ہوئی کہ اس کی بات میں کیا طاقت ہے' کیا تاثیر ہے' کیا وزن ہے اور مجھے ایک احساس ہوا کہ یہ لفظ جسے ہم خدانخواستہ کوئی اہمیت ہی نہیں دیتے یہ لفظ جنات کے ہاں کتنا بھاری ہے اور ہماری ہاں کتنا ہلکا ہے۔ میں اس بندر جن کی بات سن رہا تھا' میں نے دل ہی دل میں سانس روک کر اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھا تو ایک دم کہنے لگا یہ کیا کیا آپ نے؟ میں نے کہا کیا ہوا؟ کہنے لگا: آپ نے وہ چیز پڑھی ہے جو میں نے ابھی بتائی ہے۔ کہنے لگا: میں ایک دم جل کر رہ گیا ہوں اور ایک دم ایسے ہوا کہ میں ختم ہو جاؤں گا' مجھے آگ لگ جائے گی آپ ایسا نہ کریں یہ نہ پڑھیں' مجھے احساس ہوا کہ اس نے جو کچھ کہا ٹھیک کہا تھا کیونکہ میں نے نقد اس پر آزمایا تھا' میں اس کی باتوں سے بہت متاثر ہوا اور مجھے اس دفعہ جو جن ملا' خوب ملا اس نے مجھے بہت سبق دیا' میں نے اس سے دوستی اس لیے کی تھی کہ یہ جن میرے قریب آئے گا پھر میں اس کے ایمان اسلام اور ہدایت کا اللہ کے خزانوں سے ذریعہ بنوں گا کہ اللہ اس کا دل بدل دے' کیونکہ بڑا سردار تھا اس کی بے بہا رعایا جنات تھی' میری دوستی اس سے چل رہی ہے' میری کوشش ہے کہ اس کو کلمے والی دولت نصیب ہو جائے اور ان شاء اللہ ہوگی۔ (جاری ہے)

(بقیہ: کریلا نیم چڑھا لیکن فوائد حیرت انگیز)

جس کے نتیجے میں خون کی روانی صحت مندانہ طریقے سے جاری رہتی ہے۔ کریلوں میں مختلف انزائم پائے جاتے ہیں جن سے شریانوں میں رکاوٹ پیدا کرنے والی چربی اور مضر صحت اجزا جسم سے نکل جاتے ہیں، خون صاف اور دل صحت مند رہتا ہے۔ کریلا ہاضم، بھوک لگانے والا اور مصفی خون غذا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس میں فالج اور لقوہ جیسے امراض میں فائدہ دینے کی استعداد بھی موجود ہے۔ یہ ترکاری وجع المفاصل، نقرس اور گنٹھیا کے مریضوں کیلئے بھی فائدہ بخش ہے جبکہ اس کے استعمال سے پیٹ کی ریاح خارج ہو جاتی ہے مرارہ، گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر دیتا ہے اور یرقان میں بھی نافع ہے

چھلکا اسپغول
معدے کو صاف رکھے۔ بلڈ پریشر کا لیول برقرار رکھنے میں مدد دے۔ کولیسٹرول کم اور دل صحت مند۔ قبض سے دور۔ نظام ہضم کو تندرست رکھے۔ پیچش۔ مروڑ میں فائدہ بخش۔ گھر میں رکھنے کی چیز۔
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

خواب اور روشن تعبیر

رزق کمانے میں احتیاط کیجئے | آپ کی ایک مراد پوری ہوگی | اللہ والوں کا روحانی فیض | ایک عورت نے یرغمال بنالیا | سخت پریشان کن حالات آنے کا اندیشہ

خدارا رزق کمانے میں احتیاط کیجئے

خواب میں دیکھا کہ چھت پر کھڑا ہوں تو آسمان پر گہرے سیاہ بادل چھانے لگے اور پھر میرے چاروں طرف سیمنٹ اور ریت سے بنے پتھر بارش کی طرح برسنے لگے اور ریت برسنے لگی، پھر خوف سے آنکھ کھل گئی۔ (م۔ا، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ رزق کے کمانے میں احتیاط سے کام لیں اور رزق حلال کی طلب کیا کریں، ورنہ اس بات کا اندیشہ ہے کہ کوئی آفت نازل نہ ہوجائے۔ واللہ علم۔

آپ کی ایک مراد پوری ہوگی

میں نے دیکھا کہ ایک زمین کا ٹکڑا ہے، ایسا لگتا ہے جیسے ہم نے خریدا ہو، وہاں ہمارے تمام قریبی رشتہ دار جمع ہیں، میں نے اپنی بیوہ چچی کی والدہ کو کندھوں پر اٹھایا ہوا ہے۔ ہم زمین کے ٹکڑے پر ہیں جو ہم نے خریدی ہے اور میں جس طرف جاتا ہوں ہر طرف پھل ہی پھل ہیں، انار، انگور، میٹھے وغیرہ وغیرہ۔ (عمر فاروق، مظفر گڑھ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ایک مراد پوری ہوگی تاہم اخلاص نیت کا اہتمام کریں (یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ) 313 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں (بعد نماز عشاء) واللہ اعلم۔

اللہ والوں کا روحانی فیض

میں نے دیکھا کہ لوگوں کا بہت بڑا ہجوم ہے، سخت گرمی اور دھوپ سے دوپہر کے وقت پیر علی ہجویری المعروف داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ لاہور کے گیٹ کے سامنے سڑک پر لوگ پیاس اور دھوپ سے تھکے ہارے کھڑے ہیں، میں بھی ان میں شامل ہوں اور سوچتا ہوں کہ کہیں سے پانی اور چھاؤں مل جائے۔ اتنے میں دربار کا مین گیٹ کھولا جاتا ہے جس کا رخ بھاٹی گیٹ چوک کی طرف ہے اور اندر داخل ہونے کے لیے مجھے بلایا جاتا ہے۔ میرے ساتھ میرے دو دوست بھی اندر جاتے ہیں۔ اندر ٹھنڈی اے سی کی ہوائیں ہماری طرف چلائی جاتی ہیں، بیٹھنے کے لیے کرسیاں دی جاتی ہیں اور جگ جو تعداد میں چار سے زیادہ تھے اور گلاسوں میں ٹھنڈا پانی پیش کیا جاتا ہے، لیکن پانی دینے والے لوگ نظر نہیں آتے۔ نامور سیاسی لوگ بھی اس جلوس میں شامل تھے لیکن مجھے اور میرے ساتھ دو لوگوں کو ہی اندر بلایا جاتا ہے۔ (م۔س، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اللہ والوں کا روحانی فیض نصیب ہوگا، بہتر ہوگا کہ آپ متبع شریعت وسنت بزرگ سے اپنا روحانی اصلاحی تعلق قائم کرلیں۔ واللہ اعلم

ایک عورت نے یرغمال بنالیا

میں نے خواب میں دیکھا کہ ہمارے ہاں ایک عورت آئی ہے، اس نے ہم لوگوں کو یرغمال بنایا ہوا ہے۔ میں پتہ نہیں کسی بات پر اس سے بحث کرتی ہوں، تو وہ میرے سر پر ہاتھ رکھ کر میرے بال نوچ لیتی ہے، اس کے ہاتھ میں میری ایک لٹ آجاتی ہے۔ میرا دیور کہتا ہے کہ آپ کیوں بحث کرتی ہیں، پھر دیکھا کہ ہم بہت ڈرے ہوئے ہیں وہ ہم سب کے دوپٹے اتروا کر ہمیں کالے رنگ کے ڈوپٹے دیتی ہے کہ یہ اوڑھو۔ اس کے ساتھ شاید ایک بچہ بھی ہے، میں اس سے نرمی سے بات کرتی ہوں تو وہ عورت مجھ سے متاثر ہوجاتی ہے۔ (پوشیدہ، سکھر)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو وظیفہ سورۂ مزمل کی رجعت ہوئی ہے جو کہ بغیر کسی اجازت کے آپ نے شروع کردیا تھا تاہم آپ اپنا اور گھر والوں کا گوشت کی صورت میں صدقہ دیں اور سورۂ الرحمٰن روزانہ تین مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ کر اپنے اور گھر والوں پر دم کریں یہ عمل چالیس روز تک کرنا ہوگا۔ واللہ اعلم۔

سخت پریشان کن حالات آنے کا اندیشہ

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں کمرے میں بیٹھی ہوئی ہوں اور منہ میں ہاتھ ڈالتی ہوں تو میری داڑھ ہاتھ میں آجاتی ہے۔ ہتھیلی پر رکھتی ہوں تو وہ عام سائز سے بڑی ہوتی ہے۔ مگر داڑھ نکلنے میں نہ تکلیف ہوتی ہے نہ خون نکلتا ہے۔ کچھ دن بعد دوبارہ دیکھا کہ میری دوست (ر) کی داڑھ نکلنے والی ہے اور وہ سخت بیمار ہے، میں اور والدہ اس کی دیکھ بھال کرتے ہیں، اسے کھانا کھلاتے ہیں، اسی دوران میں منہ میں ہاتھ ڈالتی ہوں تو میری داڑھ ہاتھ میں آجاتی ہے۔ سائز نارمل ہے۔ نہ تکلیف ہوئی نہ خون نکلا۔ والدہ دیکھ کر کہتی ہیں اپنی داڑھ کو چھپالو نظر لگ جائے گی کہ اتنی آسانی سے نکل گئی اور تمہاری دوست کو اتنی تکلیف ہے۔ (نرگس احمد، حیدرآباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے دوودھیالی رشتہ داروں میں سے کسی پر سخت پریشان کن حالات آنے کا اندیشہ ہے تاہم یہ کیفیت عارضی ہوگی جبکہ اسی طرح کے حالات آپ کی دوست کے ساتھ بھی پیش آئیں گے لیکن پریشانی کا سلسلہ طویل ہونے کا اندیشہ ہے، انہیں کہیں حسب توفیق صدقہ دیں۔ واللہ اعلم۔

ثابت قدم رہیں! مشکلات آسان ہوجائیں گی

میں نے دیکھا کہ پرانے گھر کی سڑک پر ہوں اور پھر وہاں ایک گھر کی چھت پر چلی جاتی ہوں ہاتھ میں بچہ ہے اور میرے ساتھ کوئی عورت بھی ہے۔ اچانک آسمان پر بہت بڑا جہاز نمودار ہوتا ہے بلکہ جہاز چھت کے نیچے سے گزر کر عین میرے سامنے سیدھا ہوتا ہے اور پھر بہت آواز کے ساتھ اوپر اٹھتا ہے اور پھر اچانک تیزی سے پتہ نہیں کہاں غائب ہوجاتا ہے پھر اچانک جیسے شیشے کی بنی ہوئی گول ٹائپ سواری فضا میں نمودار ہوتی ہے اس میں لوگ سوار ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں میں بڑی بڑی جدید گنیں ہوتی ہیں۔ وہ نیچے دشمنوں کو ہلاک کرنے کے لیے فائرنگ کرتے ہیں۔ میں عورت کو کہتی ہوں کہ نیچے چلتے ہیں پھر ہم نیچے آجاتے ہیں۔ پھر منظر بدلتا ہے ہم ایک کارخانہ ٹائپ جگہ پر جاتے ہیں، وہاں میری بھابھی بھی ہوتی ہے، ہاتھ میں سے بو آتی ہے کافی ہاتھ دھوتے ہیں پھر ہم وہاں سے باہر نکل آتی ہوں۔ (مہرین، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو کسی کام کے لیے سخت جدوجہد کرنا پڑے گی اور اگر ثابت قدم رہیں تو انشاء اللہ مشکلات دور ہوں گی اور کامیابی حاصل ہوجائے گی۔ واللہ اعلم۔

تریاق — پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج

الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)

امتحان میں A+ گریڈ! درود خضری کا ادنیٰ کرشمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی محنت اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں سے عبقری اور آپ کی کوشش بارآور ہوں آمین! اس رسالہ کی مدد سے میں بہت فیض پارہا ہوں' آپ کا شائع کردہ یہ رسالہ عبقری ہر ماہ باقاعدگی سے ہمارے گھر آتا ہے اس میں موجود اعمال کی برکت مجھے اپنے گھر میں واضح نظر آتی ہے' گھر والے نماز' اعمال' رزق کی قدر کرنا شروع ہوگئے ہیں۔ اب ہمیں کوئی پریشانی آتی ہے تو سب سے پہلی نظر اعمال پر جاتی ہے۔ گھر میں کوئی بیماری آتی ہے تو عبقری میگزین میں موجود ٹوٹکے اور نسخہ جات آزمائے جاتے ہیں۔

بے شک قارئین اپنے آزمودہ تجربات خلوص کے ساتھ بھیجتے ہیں اور جن پر عمل کرنے سے ہماری پریشانیاں ختم ہوتی ہیں اور ہمارے دل سے ان کیلئے ڈھیروں دعائیں نکلتی ہیں۔

میرے پاس بھی ایک ایسا ہی واقعہ ہے جسے پڑھ کر بے شمار قارئین کے مسائل کا حل انہیں مل جائے گا۔ کوئی بھی مشکل ہو پریشانی ہو' رب سے کچھ منوانا ہو یہی عمل کیجئے دیکھئے پھر کیسے مقدر سنورتے ہیں اور کیسے بگڑے کام بنتے ہیں۔ قصہ کچھ یوں ہے کہ اسی سال کی بات ہے کہ جب میرے الیف اے کے امتحان ہوئے جو کہ میں نے سخت کشمکش کے عالم میں دیئے' کچھ پریشانی ایسی تھی کہ میں ٹھیک طرح سے تیاری نہ کرسکا تھا' میرا دھیان ہروقت ادھر ہی ہوتا تھا' کچھ معلوم نہیں تھا کہ کیا پڑھوں کیا نہ پڑھوں؟ پیپر میں کیا لکھوں کیسے لکھوں کیونکہ دماغ ہی حاضر نہ ہوتا تھا۔ ایسے ہی پیپرز گزر گئے۔ مجھے ہروقت ایک ہی پریشانی گھیرے رکھتی کہ آیا میں پاس ہوجاؤں گا یا نہیں' اللہ کی ذات بڑی رحیم ہے اس کے کرم سے یہ عبقری رسالہ میرے ہاتھ آیا جس میں درود خضری کے فوائد درج تھے۔ بس میرے ہاتھ تو جیسے کوئی خزانہ لگ گیا ہو' میرے دل کو یقین ہوگیا کہ میری پریشانی صرف اسی درود پاک کے ورد سے ہی ختم ہوسکتی ہے اور پھر میں نے رزلٹ آنے سے پہلے اس درود شریف کا لاتعداد مرتبہ ورد کرنا شروع کردیا۔ سارا دن چلتے پھرتے' وضو بے وضو ہر حالت میں زبان پر صرف اسی درود شریف کا ورد ہوتا۔ میرے دل کو سکون مل گیا' راتوں کی نیند پرسکون ہوگئی۔ سینے میں جیسے ٹھنڈ پڑگئی ہو۔ مجھے اپنی صحت بہترین محسوس ہونا شروع ہوگئی' نماز میں دل لگنا شروع ہوگیا' فجر کے وقت خودبخود آنکھ کھل جاتی۔ مسجد میں سکون محسوس ہوتا۔ جب نتیجہ آیا تو میں حیران رہ گیا کہ اللہ کے فضل وکرم اور حضور ﷺ کی نظر شفقت سے میں نہ صرف پاس ہوا بلکہ بہت اچھے نمبر بھی آئے۔ محترم حکیم صاحب! میں نے نیت کررکھی تھی اگر امتحان میں اچھے نمبر آئے تو عبقری میں درود شریف کی بدولت ہونے والی اللہ کی رحمت کے اس واقعہ کو ماہنامہ عبقری میں ضرور شائع کرواؤں گا تاکہ لاکھوں قارئین تک میرا پیغام پہنچ جائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو قدم قدم پر کروڑوں برکات، رحمتیں عطا فرمائے۔ آمین! درود خضری درج ذیل:

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ (ط، ساہیوال)

گھر جنت بنانا ہے تو خواہشات کی قربانی دینا سیکھ لیں!

حنا وحید، پشاور

قارئین! بیٹیاں پرایا دھن ہوتی ہیں اور انہیں ایک نہ ایک دن پرائے گھر جانا ہی ہوتا ہے۔ وہ گھر جہاں پر ایک لڑکی جنم لیتی ہے اور عمر کا ایک بڑا حصہ اسی گھر میں رہتے ہوئے انہی طور طریقوں کے مطابق زندگی بسر کرتے ہوئے گزار دیتی ہے، لہٰذا اس ماحول میں اسے تربیت دی جاتی ہے کہ شادی کے بعد اسے دوسرے گھر میں مختلف طور طریقوں اور اجنبی لوگوں میں کس طرح زندگی گزارنی ہے۔ اسے آگاہ کیا جاتا ہے کہ سسرال میں جاکر سمجھوتے کرنا پڑتے ہیں۔ ان کی باتوں اور طور طریقوں کے آگے سر تسلیم خم کرنا پڑتا ہے۔ کسی بات کو اپنی انا کا مسئلہ نہیں بنانا ہوگا۔ اگر کوئی لڑکی ان باتوں کو اپنے پلے سے باندھ لیتی ہے تو اس کا گھر جنت کا نمونہ پیش کرتا ہے۔ بحیثیت بیٹی اور ایک لڑکی کے میں ان تمام باتوں سے مکمل طور پر متفق ہوں۔ یہ بالکل ٹھیک ہے اور ایک شریف لڑکی اپنے سسرال میں جاکر ایسا ہی کرے گی اور کرتی بھی ہے لیکن میرا سوال یہ ہے کہ عورت تو ہر لحاظ سے سمجھوتہ کرلے گی لیکن اگر مرد سمجھوتہ نہ کرے تو پھر کیا ہوگا؟ ایک لڑکی کو اپنی بیوی بنا کر بھی وہ اس کو بیوی کے حقوق نہ دے تو پھر کیا ہوگا؟ ایک لڑکی جو اس کی خاطر اپنا سب کچھ چھوڑ کر اپنے ماں باپ کو، بہن بھائیوں کو اپنے خاندان کو حتیٰ کہ اس گھر تک کو چھوڑ کر آچکی ہوتی ہے جن کے درمیان اس کی تقریباً آدھی عمر بیتی ہوئی ہوتی ہے۔ ایک لڑکی بیوی بن کر جب اپنے شوہر کے گھر میں آتی ہے تو وہ اپنے شوہر کے ماں باپ، اس کے بہن بھائی، اس کے خاندان اور اس کے گھر سے نباہ کرتی ہے۔ اکثر مشکلات کے وقت وہ قربانیاں بھی دیتی ہے لیکن اگر وہ شخص جس کیلئے اس کی بیوی اتنی قربانیاں دے رہی ہے وہ اپنی بیوی کے لیے کسی موقع پر کوئی قربانی نہیں دیتا!! آخر ایسا کیوں؟

میں یہ بھی مانتی ہوں کہ پانچ انگلیاں ایک جیسی نہیں ہوتی' ہمارے معاشرے میں بہت سے شوہر ایسے ہیں جو اپنی بیوی اور والدہ دونوں میں برابر کا درجہ رکھتے ہیں' بیوی کے حقوق پورے کرتے ہیں اور آپ نے بھی دیکھا اور مشاہدہ کیا ہوگا کہ ان کے گھر واقعی جنت کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔ اگر شوہر بیوی کا پورا ساتھ دے اور بیوی کا رویہ شوہر کے ساتھ ٹھیک نہ ہو تب بھی گھر کبھی نہیں بستا' ساری زندگی روتے ہی گزرتی ہے۔ اسی طرح اگر مرد ساری زندگی اپنی بیوی کو قانونی، شرعی اور سماجی ''حقوق'' نہ دے تو ہم اس کو کیا نام دیں گے اس کا ذمہ دار کسے کہیں گے؟۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسے حالات ہوں تو نہ صرف اس لڑکی کی بلکہ وہ شخص خود اپنی زندگی بھی تباہ کررہا ہوتا ہے۔ اس طرح سے مرد کی اس حرکت سے صرف دو زندگیوں کو ہی نہیں بلکہ دو خاندان تباہ ہورہے ہوتے ہیں۔

آج کل ہمارے معاشرے میں طلاق کا تناسب بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ اس صورتحال کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ بعض مرد، عورت کی ذات اور اس کے مفاد کے پیش نظر کوئی قربانی یا سمجھوتہ نہیں کرتے۔ مجھے یقین ہے کہ جس طرح ایک لڑکی بیوی بن کر، اپنے شوہر اور اس سے منسلک تمام رشتوں پر جس طرح اپنی زندگی، خواہشات اور امنگوں کو قربان کردیتی ہے اگر مرد یعنی شوہر صرف بیوی کے لیے اپنی خواہشات اور انا کی تھوڑی سی قربانی دینا سیکھ لے تو گھر مثالی جنت بن سکتا ہے اور آنے والی نسلیں بھی ترقی کرسکتی ہیں کیونکہ میاں بیوی کے رویئے اور ان کی باہمی ہم آہنگی ہی مثالی خاندان کو جنم دیتی ہے۔

سات تخم شفاء

اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔

بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈیپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی زخموں کیلئے۔ چھائیاں/داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

گرمیوں میں صحتمندانہ لائف اسٹائل مگر کس طرح؟

صحت مندانہ زندگی کا دارومدار کھانے پینے کی اچھی عادات میں پوشیدہ ہے لہٰذا ہر انسان پر واجب ہے کہ وہ کھانے پینے میں احتیاط برتے' خاص طور پر اس وقت جب ایک موسم ختم ہونے کے بعد دوسرا موسم شروع ہو رہا ہو۔ سردیاں گزر چکیں اور اب گرمیاں لوگوں کو نڈھال کئے دے رہی ہیں۔ یہ ایسا موسم ہے جس میں کھانے پینے کے معمولات میں بڑی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے اور ذرا سی بے احتیاطی انسان کو بیماری میں مبتلا کر سکتی ہے۔ اگر ہم گرمیوں کے سیزن میں اپنے غذائی معمولات پر نظر ثانی نہیں کریں گے روزمرہ کی خوراک میں ضروری فوڈ آئٹم شامل نہیں کریں گے تو لازمی سی بات ہے کہ ہم اور ہمارے بچے جسم کے لیے ضروری کئی اہم غذائی اجزاء سے محروم رہ جائیں گے اور گرمی کا مقابلہ کرنا انتہائی کٹھن اور دشوار ہو جائے گا۔

گرمیوں کی صحت مندانہ غذا کی تیاری کے لیے ہمیں روزمرہ کے مینو میں لازمی طور پر مناسب مقدار میں مختلف قسم کے فوڈ گروپس کا سہارا لینا پڑتا ہے جس میں سبزیاں، تیل، نشاستہ، گوشت اور دودھ وغیرہ شامل ہیں۔ جو غذا ہم کھا رہے ہیں اس کی قدر و قیمت کا انحصار اس بات پر ہے کہ اسے کس طرح پکایا گیا ہے۔ حد سے زیادہ پکی اور یا ڈیپ فرائی کی ہوئی چیزیں تمام خصوصیات کو تباہ کر دیتی ہیں جو کہ ہمارے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔ گرمیوں کا موسم اس بات کا بھی تقاضا کرتا ہے کہ ہم مائع اجزاء کا استعمال بڑھا دیں جیسے کہ دہی یا اس کی مدد سے تیار کردہ لسی جو کہ ہمیں گرمی کی شدت میں سکون ہی نہیں پہنچاتی بلکہ ایسے ضروری نمکیات بھی فراہم کرتی ہیں جو کہ جسم سے پسینے کے ذریعہ نکل چکے ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ پھل اور کچی ہری سبزیاں استعمال کرنے سے معدنی اجزاء، وٹامن اور کیلوریز کی کمی پوری ہوتی ہے۔

گرمیوں میں بہت زیادہ گوشت کھانا بھی اچھا نہیں ہوتا جبکہ مرغن کھانوں اور ڈیپ فرائی کی جانے والی اشیاء سے بھی گریز کرنا چاہیے خاص طور پر ہاف بوائل انڈا کھانا بھی غیر محفوظ اور غلط آئیڈیا ہو سکتا ہے۔

کم چکنائی اور کم پروٹین کی حامل غذائیں گرمیوں میں زیادہ بہتر رہتی ہیں خاص طور پر آپ کی غذا میں پپیتے، تربوز اور سیب جیسے پھل ضرور شامل ہوں جو شدید گرمی کی حالت میں جسم کو توانائی فراہم کر سکتے ہیں۔ خیال رہے کہ کھانے پینے کی تمام چیزوں کو استعمال سے قبل اچھی طرح دھو لیا جائے بصورت دیگر آپ گیسٹرو، ہیپاٹائٹس اور ٹائیفائیڈ جیسی بیماریوں میں بھی مبتلا ہو سکتے ہیں۔ کھانا تیار کرنے اور کھانے سے قبل ہاتھوں کو اچھی طرح دھونا بھی انتہائی ضروری ہے جبکہ پکاتے ہوئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ صاف ستھرا پانی استعمال کیا جائے۔ فریج میں زیادہ عرصے سے پڑی اشیاء اور یا ایسی چیزوں سے بھی پرہیز کریں جو کہ ڈھانپ کر نہ رکھی گئی ہوں۔ بہت سے لوگ گرمیوں میں سی فوڈ استعمال کرنے کے حوالے سے فکر مندی میں پڑے رہتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ انہیں کھانے سے کسی قسم کا نقصان نہیں ہوتا اور شرط صرف یہ ہے کہ تازہ اور صاف سی فوڈ کا انتخاب کیا جائے۔ گرمیوں میں سب سے اہم چیز اہم غذائی اجزاء کی ہم آہنگی اور مقدار سے واقفیت ہے کہ ہمیں کون سے کھانے اور

گرمیوں میں بچوں کی خصوصی دیکھ بھال

جوں جوں گرمی کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے اور یہ اپنے عروج کو پہنچنے لگتی ہے اس کے ساتھ ساتھ بچوں کی دیکھ بھال اور ان پر توجہ کی ضرورت بھی محسوس کی جانے لگتی ہے۔ ان کے جسم کی نشوونما کے باعث بچوں میں میٹابولک ریٹ انتہائی بلند ہوتا ہے جو کہ گرمی سے بہت زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ ایسے حالات میں انتہائی ضروری ہو جاتا ہے کہ ان کی خوراک اور جسمانی سرگرمیوں کو گرمی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔ عام طور پر تمام بچے کھیل کود کے عادی ہوتے ہیں اور اس بات سے بے خبر ہوتے ہیں کہ شدید گرمی میں کھیلنے سے وہ ہیٹ اسٹروک کو دعوت دے سکتے ہیں۔ گرمی جب اپنے عروج پر ہو تو ایسی حالت میں سورج کا سامنا پسینے کے اخراج کا باعث ہوتا ہے جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جسم میں نمکیات کی کمی ہو جاتی ہے اور اہم ترین الیکٹرولائٹس' سوڈیم اور پوٹاشیم ضائع ہو جاتے ہیں۔ جسم میں نمکیات کی کمی کے باعث پٹھوں میں اینٹھن اور کھچاؤ پیدا ہوتا ہے اور بچے دماغی طور پر بھی متاثر ہو سکتے ہیں اور نہ صرف وہ کمزوری اور چکر محسوس کرتے ہیں بلکہ بعض حالات میں بیہوشی اور دورے کی سی کیفیت بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے گیارہ بجے سے لے کر دو بجے تک دھوپ میں باہر نہ نکلیں جب گرمی اپنے عروج پر ہوتی ہے۔ اگر انہیں کسی وجہ سے باہر نکلنا پڑے تو فلاپی ہیٹ' کیپ یا رومال ضرور پہنائیں۔ کاٹن کی آدھی آستین والی ٹی شرٹس کے علاوہ دھوپ کے چشمے کا استعمال بھی بہتر رہتا ہے جس سے آنکھیں تیز شعاعوں سے محفوظ رہتی ہیں۔ بچوں کو گرمی کے موسم میں پانی، جوس اور لیموں پانی جیسی مائع چیزیں کثرت سے استعمال کرائیں اور خیال رہے کہ سکول جاتے وقت ان کے پاس پانی کی بوتل ضرور موجود ہو۔ گرمیوں میں بچوں کو تیز مرچ اور مصالحے والے کھانوں سے دور رکھیں اس کے بجائے ایسے فروٹ کھلائیں جن سے ان کے جسم کو تراوٹ اور ٹھنڈک مل سکے۔ تربوز اس حوالے سے ایک بہترین پھل ہے جبکہ کھیرا اور ککڑی بھی ان کی غذا کا حصہ بنائیں۔ گرمیوں کے آتے ہی بجلی کا بحران بھی شدید تر ہو جاتا ہے اور اکثر علاقوں میں گھنٹوں لائٹ غائب رہتی ہے لہٰذا ایسے اوقات میں بچوں کو کسی کھلی جگہ مثلاً بالکونی، ٹیرس یا چھت پر لے جائیں اور انہیں معمول سے کہیں زیادہ مائع اجزاء استعمال کرائیں۔ رات گئے بجلی جانے کی صورت میں بچوں کو مچھروں سے بچانے کے لیے کوئی موثر طریقہ بھی اختیار کرنا ضروری ہے ورنہ ملیریا کا خطرہ ہمہ وقت موجود رہتا ہے۔ گرمیوں میں پابندی کے ساتھ نہانا بھی ازحد ضروری ہے کیونکہ بے تحاشہ پسینہ بہنے کے باعث جلد خشک ہو کر ترخنے لگتی ہے اور اس پر نشانات بھی پڑ جاتے ہیں جس کا علاج نہ کیا جائے تو اسکن انفیکشن کے خطرات لاحق ہو جاتے ہیں۔ گرمی اپنے ساتھ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں ہیپاٹائٹس، گیسٹرو، ٹائیفائیڈ اور پیشاب میں انفیکشن بھی ساتھ لاتی ہے لہٰذا اس بات کو یقینی بنائیں کہ پینے کا پانی بیکٹیریا سے پاک ہو۔ نلکے کے پانی کو محض پندرہ منٹ تک ابال کر بچوں کو گرمی میں پیدا ہونے والی بہت ساری بیماریوں سے بچایا جا سکتا ہے۔

فیملی شفاء
گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات' ہر وقت جیب میں رکھنے کی چیز
شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہو جائے تکلیف دور۔ ہر وقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم' طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)

یورک ایسڈ سے نجات! میرے تجربہ سے استفادہ کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے یورک ایسڈ کا مسئلہ کئی سال پرانا تھا' کافی عرصہ سے ڈاکٹری دوا استعمال کررہا تھا' مگر جب بھی میڈیسن کھانے میں غفلت برتی یا بدپرہیزی ہوئی یورک ایسڈ بڑھ جاتا۔ عبقری دواخانہ کا کسی کے ذریعے معلوم ہوا۔ کچھ ماہ پہلے عبقری دواخانہ میں آیا' اسسٹنٹ صاحب سے دواخانہ میں ملاقات ہوئی' انہیں اپنی پوری میڈیکل ہسٹری بتائی' رپورٹیں چیک کروائیں انہوں نے تمام ادویات جو میں کھا رہا تھا چھوڑنے کا کہا اور صرف عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''یورک ایسڈ کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے صرف ڈیڑھ ماہ یہ دوا کھائی' الحمدللہ! مجھے یورک ایسڈ کا مسئلہ بالکل ختم ہوگیا۔ اب کبھی میں بدپرہیزی بھی کرلوں تو یورک ایسڈ کنٹرول رہتا ہے۔ میں نے دوا کھانا گزشتہ ایک ماہ سے چھوڑی ہوئی ہے مکمل صحت یاب ہوں۔ اب تو جس کسی کو بیمار حتیٰ کہ نزلہ زکام اور کھانستا بھی دیکھوں تو اسے عبقری دواخانہ کا بتاتا ہوں' میرے دوست کی بیٹی جو کہ صرف ڈیڑھ سال کی تھی اس کے موشن نہیں رک رہے تھے' آئے دن پیٹ خراب رہتا تھا میں اس کو عبقری دواخانہ لے کر آیا' اس نے اپنی بیٹی کو اسسٹنٹ صاحب سے چیک کروایا تو انہوں نے عبقری دواخانہ کا ''چلڈرن سیرپ'' بچی کو کم از کم دو ماہ مستقل مزاجی سے پلانے کا کہا۔ وہ بچی اب مکمل صحت یاب ہے میں اکثر اس سے پوچھتا ہوں تو کہتا ہے کہ اب بچی کو نہ موشن لگتے ہیں اور نہ ہی وہ پیٹ درد کی وجہ سے روتی ہے۔ جو غذا ہم دیتے ہیں خوش ہوکر کھاتی ہے اور سارا دن ہنسی کھیلتی ہے۔ (ممتاز' لاہور)

2 شادیاں! پہلے پچھتاوا مگر اب پرسکون ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ نہایت شکرگزار ہوں کہ آپ کا رسالہ عبقری اور آپ کی خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ہربل میڈیسن نے میری زندگی پرسکون بنادی ہے۔ میں اپنی مختصر داستان یہاں کرنا مناسب سمجھوں گا۔ میں واپڈا میں ملازم ہوں سخت کام اور کبھی ڈے' کبھی نائٹ شفٹ نے میری زندگی کا سکھ' چین سب چھین لیا۔ پھر اس پر ظلم یہ ہوا کہ میں نے دو شادیاں رچالیں' بے وقت کھانا' نیند پوری نہ ہوا اور بہت سخت ڈیوٹی کی وجہ سے میرے جسم کی طاقت بالکل ختم ہوگئی' زندگی صرف شرمندگی بن گئی' جسم بہت لاغر ہوگیا دفتر جانے کو ذرا برابر دل نہ چاہتا' کبھی سوچتا کہ دو شادیاں کرکے بہت بڑی غلطی کی ہے۔ کچھ بھی اچھا نہ لگتا' ہروقت پریشان رہتا' دفتری کام بھی صحیح طریقے سے انجام نہ دے پاتا جس کی وجہ سے سینئر اکثر مجھ سے ناراض رہتے۔ دفتر کے ایک ہی ساتھی سے اپنا سارا مدعا بیان کیا تو اس نے مجھے عبقری رسالہ کے متعلق بتایا اور ساتھ دواخانہ کا بھی ذکر کیا' میں اسی شام چھٹی کرکے سیدھا عبقری دواخانہ پر گیا' اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروایا' انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ معجون مراد' قوتی گولیاں اور مشروب عبقری استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ معجون مراد اور قوتی گولیاں تو میں نے صرف ڈیڑھ سے دو ماہ استعمال کیں مگر مشروب عبقری میں مسلسل استعمال کررہا ہوں' میرا دماغ پرسکون ہوگیا ہے' ٹینشن ڈیپریشن کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ لاغرپن اور کمزوری بالکل ختم ہوگئی ہے بلکہ جسم میں ایک چستی اور طاقت محسوس ہوتی ہے جس سے الحمدللہ ازدواجی زندگی پرسکون ہوگئی ہے۔ پہلے دو شادیاں کرکے پچھتا رہا تھا مگر اب خوش اور مطمئن ہوں۔ عبقری رسالہ دونوں گھروں میں لے کر جاتا ہوں' میری دونوں بیویاں خوشی سے رسالہ بھی پڑھتی ہیں اور درس بھی سنتی ہیں۔ (ا۔م' لاہور)

(بقیہ: یادداشت خراب ہورہی ہے؟ لیجئے یہ کھائیے!)

ہوسکتی ہے یہ مچھلی ہفتے میں تین بار کھائیے۔ السی بھی کھائیے۔ السی میں اومیگا 3 روغنی تیزاب پائے جاتے ہیں۔ کینولا تیل بھی کام کی چیز ہے۔

روشنی: قدرتی روشنی یا سورج کی روشنی دماغی کیفیت پر مثبت اثرات مرتب کرتی ہے۔ اکثر لوگوں کو روشنی کی کمی کی شکایت ہوتی ہے اور ان کی مزاجی کیفیت اس سے متاثر ہوتی ہے خصوصاً سردی کے موسم میں ایسا ہوتا ہے۔ ایسے شواہد موجود ہیں کہ روشنی بڑھ جانے سے کارکردگی بھی بہتر ہوگئی اور مزاجی کیفیت بھی۔ یہی وجہ ہے کہ مغربی ممالک میں جب لوگ ساحل سمندر پر کھلی دھوپ میں چھٹی کے دن گزار کر واپس آتے ہیں تو کافی بہتر محسوس کرتے ہیں۔ **لمس کی قوت:** لمس یا چھونے کی قوت کے لوگ عرصہ دراز سے قائل ہیں۔ روتے اور بلکتے ہوئے بچے کی مثال آپ کے سامنے ہے۔ ادھر ماں نے اسے چھوا اور سینے سے لگایا' ادھر اسے سکون آگیا۔ لمس نے ایک علاج کی شکل اختیار کرلی ہے۔ اسی کی ایک صورت مالش بھی ہے۔ مالش سے جسم اور دماغ دونوں کو سکون ملتا ہے اور صدیوں سے اسے علاجی طریقے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مالش تو بڑی بات ہے' اگر کوئی محبت اور ہمدردی سے آپ کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر سہلائے تو قرار آجاتا ہے۔ **نیند:** اگر سوال کیا جائے کہ دماغ کو سکون اور سرور پہنچانے والا سب سے سستا' سب سے محفوظ اور نہایت آسانی سے مہیا ہونے والا طریقہ یا ذریعہ کیا ہے تو صحیح جواب ہوگا نیند۔ دماغی سکون کے لیے نیند ایک قدرتی ذریعہ بھی ہے۔ ماہرین کی رائے ہے کہ اگر آپ چست اور خوش رہنا چاہتے ہیں اور دن بھر توانا اور ذہنی طور پر مستعد رہنا چاہتے ہیں تو پھر چوبیس گھنٹے میں آٹھ گھنٹے سو لیجیے۔ یہ نیند رات میں ہی پوری کرلی جائے تو اچھا ہے۔ کوشش کیجیے کہ آپ کے سونے اور جاگنے کے اوقات مقرر ہوں اور ان کی پابندی کی جائے۔ اگر ان اوقات کی پابندی نہ ہو تو رات کی نیند پرسکون نہیں رہتی۔ سونے سے قبل کوئی ایسا کام کیجئے کہ دماغ ہلکا ہوجائے۔

کوئی چیز کاٹ لے یا زخم ہو فوراً یہ لگائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' لاجواب ٹوٹکے اور بے مثال وظائف نے ہماری زندگی میں ان گنت سہولیات پیدا کردی ہیں۔ خاص طور پر عبقری ٹوٹکہ سیکشن کے ٹوٹکے انتہائی لاجواب اور انوکھے ہوتے ہیں۔ ایسا ہی ایک انوکھا ٹوٹکہ میرے پاس بھی ہے قارئین عبقری کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ جس کسی کو بچھو' بھڑ' شہد کی مکھی کاٹ لے یا چھری یا کسی چیز سے کٹ لگ جائے اور خون نکلنا شروع ہوجائے فوری طور پر اس جگہ پر بریک آئل لگادیں' بریک آئل لگتے ہی جلن پیدا کرے گا مگر تھوڑی ہی دیر کے بعد بالکل سکون ہوجائے گا۔ زخم بھی جلد مندمل ہوجائے اور اگر کسی چیز نے کاٹا ہو تو اس کی جلن اور درد بھی ختم ہوجائے گا اور اس جگہ پر سوجن بھی نہ ہوگی۔ یہ کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ (عاشق حسین' گوجرخان)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔

نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

بنفشی قہوہ — دائمی ریشہ' بلغم' کیرا' نزلہ' زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
دردشقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش' نسیان' منہ میں چھالے' پڑنا' آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ستو پینا سنت رسول ﷺ! فوائد جدید سائنس سے جانیے

انتخاب: بروحی احمد پوری

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب کھانوں میں سے زیادہ پسندیدہ روٹی کا ثرید، ستو اور گھی کا بنا ہوا ثرید تھا۔ (ابوداؤد) ایک اور حدیث مبارکہ اس طرح ہے کہ حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ جب سورج غروب ہوگیا تو آپ نے ایک آدمی سے فرمایا: اے فلاں! اٹھو اور ہمارے لیے ستو گھولو۔ عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! شام ہونے دیجئے۔ فرمایا: اترو اور ہمارے لیے ستو بناؤ۔ پس وہ اترا اور آپ ﷺ کے لیے ستو بنائے۔ پس نبی کریم ﷺ نے نوش فرمائے پھر فرمایا کہ جب تم دیکھو کہ رات ادھر سے آرہی ہے تو روزہ دار روزہ افطار کرے۔ (بخاری، مسلم، ابوداؤد)۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ بیس سالہ رفاقت نبویؐ میں آپ ﷺ کا بیشتر کھانا پانی اور ستو تھا۔ احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ اکثر ستو اور اس کا مشروب نوش فرمایا ہے۔ صدیوں سے ستو استعمال ہورہا ہے اور اسے کھانا اور اس کا مشروب پینا سنت رسول ﷺ بھی ہے۔ جدید سائنس ستو کے بارے میں کیا کہتی ہیں آیئے وہ جانتے ہیں:۔ جیسے جیسے لوگ فطرت کی طرف لوٹ رہے اور صحت مند رہنے کے لیے بیدار ہورہے ہیں اسی طرح قدرتی اشیاء کے استعمال کا رجحان بھی بڑھ رہا ہے۔ موسم گرما میں ایسی چیزیں درکار ہوتی ہیں جو صحت کے ساتھ ساتھ جسم کو ٹھنڈک پہنچائیں۔ چنانچہ لوگ پھلوں کے رس، شربت یا ایسے مشروبات استعمال کرتے ہیں جو بغیر کسی سائیڈ افیکٹ کے صحت کی دیکھ بھال کریں۔ ستو بھی گرمی کے مشروبات میں خاص مقام رکھتا ہے۔ عام طور پر ستو جو سے تیار کیا جاتا ہے جبکہ جو، چنا گیہوں اور سویابین کو بھون کران کا آٹا بنا کر بھی تیار کیا جاتا ہے۔ سوگرام ستو میں ۴۳۱ کیلوریز، ۵ء۷ے چکنائی اور ۲۳ فیصد پروٹین ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ وٹامن اے، بی، کیلشیم اور فولاد بھی پایا جاتا ہے۔ ستو کو کالا نمک اور زیرہ ڈال کر نمکین کرکے پیتے ہیں یا میٹھا کرنے کے لئے اس میں براؤن شوگر (شکر) ملاتے ہیں۔ ۶۰ گرام (تقریباً چار چمچ) ستو میں ۱۹ء۷ے گرام پروٹین ہوتا ہے۔ اس میں کیلشیم اور میگنیشیم بڑھتے بچوں اور کمزور ہڈی والوں کے لیے مفید ہے۔ اس میں قدرتی فولاد (Iron) ہوتا ہے۔ جس کی کمی سے خون کی کمی کا مرض ہوجاتا ہے۔ عام طور پر لوگ آئرن کے ٹانک اور کیپسول پسند نہیں کرتے ان لوگوں کو ستو پینا چاہیے۔ اس میں قدرتی فولاد پایا جاتا ہے۔ یہ گیس اور قبض کے مریضوں کے لیے مفید مشروب ہے کیونکہ اس میں ریشہ بڑی مقدار میں ہوتا ہے جو آنتوں اور معدے کو صاف کرتا ہے۔ یہ ان لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے جو اپنا وزن کم کرنا چاہتے ہیں۔ جو لوگ ضعیف، کمزور ہیں یا کسی بیماری میں مبتلا رہتے ہیں انہیں ستو ضرور پینا چاہیے کیونکہ یہ تیزی سے جسم میں گوشت کی مقدار بڑھاتا ہے اور قوت بخشتا ہے۔ اگر تیز دھوپ اور پسینے کے سبب آپ کو کمزوری محسوس ہورہی ہے اور آپ تکان سے چور ہیں تو ایک گلاس ستو پی لیں تھوڑی دیر میں فرحت اور تراوٹ محسوس کریں گے۔ گیہوں اور جو میں مناسب کاربوہائیڈریٹ کے علاوہ ریشہ پایا جاتا ہے۔ جو شوگر کے مریضوں کے لیے بھی مفید ہے جو خون میں اچانک شوگر بڑھنے کی سطح کو قابو میں رکھتی ہے۔ شوگر کے مریض صبح جو کا ستو استعمال کریں تو انہیں فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ جو میں بھرپور زنک ہوتا ہے جو مردانہ ہارمون ٹیسٹوسٹیرون کی مقدار بڑھاتا ہے۔ اس میں سلینیم پایا جاتا ہے جو کینسر کا خطرہ کم کرتا ہے۔ اس میں اینٹی آکسیڈینٹ مادے پائے جاتے ہیں جو کینسر بڑھانے والے مادوں کا مقابلہ کرتے ہیں۔ اس میں موجود تانبہ، فاسفورس اور میگنیشیم ہڈیوں کو مضبوط کرتے ہیں اور ہڈیوں کے جوڑوں کے مریضوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ ہمارے پنجاب کے دیہات میں آج بھی ستو اور شکر سے تیار مشروب کا بہت زیادہ ہے یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ شدید گرمی میں سارا دن کام بھی کرتے ہیں اور ہشاش بشاش بھی رہتے ہیں۔ کسی قسم کی گرمی کا اثر نہ ان کی جلد پر نظر آتا ہے اور نہ ہی ان کی طبیعت میں۔ ستو! پیٹ کے جملہ امراض میں انتہائی مُفید ہے خاص طور پر معدے کی تیزابیت اور بھوک کی کمی کے لیے مجرب ہے۔ اطباء کے مطابق جو کا پانی تقریباً سو بیماریوں میں مُفید ہے۔

(بقیہ: چٹکی دوا سے مریض صحت یاب)

حتیٰ کہ اس نے اس فارمولے کو باقاعدہ انگلینڈ کی بہت بڑی لیبارٹری کو دیا انگلینڈ کی اس لیبارٹری نے اس پر مزید ریسرچ کرکے بالکل اسی حالت میں خوبصورت شکل میں پیک کیا۔ اٹھارہویں صدی اور انیسویں صدی میں وہ دنیا کا بہترین ٹانک تھا جو راجوں مہاراجوں شہنشاہوں بادشاہوں امیروں کی پہنچ میں تھا غریب لوگوں کی پہنچ میں نہیں تھا اور لوگ اس کو لیتے تھے اور جو بھی استعمال کرتا تھا اس کو بہت فائدہ ہوتا تھا یہ داستان ہے اس ٹوٹکے جو میں آپ کو چند الفاظ میں بیان کررہا ہوں آپ کے پاس کوئی ایسا مریض ہو جو واقعی مریض ہو اور لاعلاج ہو کوئی ایسا مریض ہو جس کی صحت وتندرستی کی آپ کو شک ہو اور آپ مایوس ہوں اور اس کے پٹھے اعصاب کمزور ہوگئے ہوں وہ زندہ لاش ہو اس کا جسم بالکل مردہ ہوگیا ہو اس کی طبیعت میں بے زاری بے چینی ہو اعصاب کمزور ہوں یا وہ فالج زدہ ہو یا اس کو لقوہ ہوگیا ہو یا پھر اس کو جوڑوں کا درد ہو اور جسم اس کا بالکل ختم ہوگیا ہو تو ایسے مریض کو ایک چٹکی یا ایک بڑا کیپسول گرم دودھ کے ساتھ یا تازہ پانی کے ساتھ کھانے کے درمیان استعمال کرنے کو دیں۔ یہ ایک جوگی اور سنیاسی نسخہ ہے لیکن انگریز نے اس کو بہت ریسرچ اور تحقیق کے بعد حیرت انگیز فوائد اور کمالات میں پایا۔ لیکن اصل ہمیں تحقیق نہیں ہمیں تو پرانے تجربات ہیں ٹوٹکے ساتھ صدیوں پرانے تجربات اور کمالات موجود ہیں اور جب بھی جس کو بھی یہ ٹوٹکہ دیا لیکن حیرت انگیز بات ہے کہ یہ ٹوٹکہ میں عام کررہا ہوں جبکہ مجھے کیسے ملا؟ کس طرح ملا؟ اور پھر اس پنساری کو کیسے ملا؟ کس جستجو اور کس محنت سے علاوہ کسی کو نہیں دیتا تھا۔ وہ کہتا تھا کہ میری روزی روٹی اسی میں ہے لیکن رزاق تو اللہ کی ذات ہے مخلوق اور انسانیت کے لیے نفع اور بھلے کا ذریعہ بنیں اور فائدہ کا ذریعہ بنیں اور ہم جتنا فائدہ مخلوق کو پہنچاتے جائیں گے اللہ راضی ہوتا جائے گا۔ آیئے! ہم ٹوٹکے کو اور اس راز کو افشاں کردیں۔ **ھوالشافی:** ہریاول پچاس گرام۔ **فلفل دراز** (جسے مگھاں بھی کہتے ہیں) پچاس گرام۔ دونوں بالکل باریک پیس لیں، پاؤڈر کی طرح کپڑے سے چھان۔ صرف ایک چٹکی صبح وشام دودھ یا پانی کے ساتھ۔ (بڑا کیپسول بھر کر بھی ایک صبح وشام کھاسکتے ہیں) چند دن، چند ہفتے استعمال کریں۔ ٹوٹکہ مختصر تاثیر بہت زیادہ، کمالات بہت زیادہ ہیں۔ کبھی بھی اپنے تجربات چھپائیں نہیں بلکہ لوگوں کو دیں اور لوگوں کو کہیں کہ اس کو استعمال کریں اور آپ بھی یہی نسخہ استعمال کرنے کو دیں ان شاء اللہ فائدہ ہوا ہے فائدہ ہوگا۔

(بقیہ: آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل)

"آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کتابچہ دیا، جو کتابچہ تقسیم کررہے تھے شوہر نے ان سے پوچھا کہ آپ یہ کیوں تقسیم کررہے ہیں؟ تو ان کا کہنا تھا کہ اس میں آزمودہ وظائف ہیں جنہیں پڑھنے سے لوگوں کی مشکلات حل ہوجاتی ہیں، آفات ٹل جاتی ہیں، بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں، شیخ الوظائف اکثر فرماتے ہیں تم کسی کی مشکل دور کرنے والے بن جاؤ اللہ تمہاری مشکلات ختم فرمادے گا۔ بس یہی سوچ ذہن میں رکھ کر میں یہ کتابچے تقسیم کرتا ہوں اور اللہ کریم پریشانیوں کو مجھ سے دور رکھتا ہے۔ اس سے اگلے ہی میرے شوہر عبقری دواخانہ سے پانچ سو کتابچے لے آئے محلے مسجد اور سکول میں تقسیم کیے اور اسی ہر طرح ہر ماہ تقسیم کرنا شروع کردیے ساتھ ہی اس میں موجود ایک وظیفہ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کی نیت کرکے سارے گھر نے سارا دن کھلا پڑھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ! آج میری بیٹی بالکل ٹھیک ہے۔ (مسز عبداللہ، لاہور)

سر درد ختم: میرے سر کا درد ختم نہیں ہوتا تھا، مجھے کسی نے "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کتابچہ مسجد سے نکلتے ہوئے تھمایا، میں نے اس میں موجود یاقہار کا وظیفہ پڑھنا شروع کردیا میرا کم ازکم آٹھ سال پرانا سر درد ختم ہوگیا جو کہ بے شمار علاج کروانے پر بھی ختم نہ ہوتا تھا۔ (کامران، کراچی)

گُردی

مختصر دوائی، فائدے بے شمار کمزور گردے پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری یوریا یورک ایسڈ، کریٹنن ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں

گردے کے مریض کو جہاں شفا یابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔

(قیمت صرف 230 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جنت کے پودے دنیا میں لگائیں: عبقری خود پڑھیں احباب کو محبت کیساتھ متوجہ کریں۔ ہر ماہ حسب توفیق عبقری پھیلائیں۔ بے شمار لوگوں کے تجربات کہ انہوں نے عبقری تقسیم کیا ان کی گھریلو مشکلات ایسے حل ہوئیں کہ وہ خود حیران رہ گئے۔ آپ بھی تقسیم کریں اور مسائل حل کروائیں۔

نہ کوئی کیمیکل نہ اضافی اشیاء! بالکل تازہ اور خالص ترین اجزاء پر مشتمل

ہر بچے جوان بوڑھے کی پسند

لاجواب ذائقہ! بے مثال صحت

مشروب املی آلو بخارا

قے، ہائی بلڈ پریشر، نقاہت، ڈی ہائیڈریشن، ہیضہ، گرمی، صفراوی بخار، یرقان، پیاس کی شدت، دل کی گھبراہٹ، دل کی کمزوری، جوش خون، یہ مخصوص امراض زنانہ و مردانہ اور قبض کیلئے لاجواب ہے۔ چھوٹے بڑے سب خواتین استعمال کر سکتی ہیں۔ بخار کی شدت میں اگر متلی اور قے بھی ہو پیاس کی زیادتی ہو تو وقفے وقفے سے مریض کو "مشروب املی آلو بخارا" پلایا جائے۔ اس خوش ذائقہ مشروب کے استعمال سے قلب کو تقویت ملتی ہے۔

"مشروب املی آلو بخارا" پرانے بخاروں اور یرقان کی معدہ اور خوش مزاج ترش و شیریں ذائقہ کی حامل موثر دوا ہے

تازہ اور خوش مزہ مشروب جتنا دل چاہے استعمال کریں، ہر گلاس آپ کو نئی راحت، نئی ٹھنڈک اور بھرپور تازگی و قوت کا احساس دلائے گا۔

RS: 250

مشروب عبقری

ایک ایک بوند خالص

باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے

بہترین مشروب ٹانک اور زندگی کا ساتھ

گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار

فطری اور نبوی ﷺ جڑی بوٹیوں کا سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ

قیمت 200 روپے

چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب

کمزوری، خون کی کمی، گرمی کا برداشت نہ ہونا، روزے میں بے طاقتی اور پیاس کے علاج کیلئے تسکین اور راحت جان کا پر اعتماد مشروب ہر عمر، ہر موسم اور ہر مزاج کیلئے یکساں مفید اور ہزاروں سالوں سے تجربہ شدہ ایک نہایت کارآمد اور بہترین فارمولہ جو پیاس اور بے چین کر دینے والی گرمی میں ٹھنڈک کا دلفریب احساس

نوجوان اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج

دل شفاء

دل کے امراض کیلئے تیر بہدف قدرتی ٹانک

Rs: 500

- دل کی بند شریانوں کو کھولتا ہے۔
- بلڈ پریشر کو اعتدال پر لاتا ہے۔
- خون سے کولیسٹرول (چربی) کو کم کرتا ہے۔
- شریانوں میں چربی جمنے کے عمل کو روکتا ہے۔

مغل اعظم شاہی

معالج آٹا

شوگر، کولیسٹرول، موٹاپا، ہائی بلڈ پریشر، یورک ایسڈ، امراض قلب، پیٹ کا بڑھنا، جوڑوں کا درد، قبض اور اعصابی وجسمانی کمزوری اور بیماریوں سے نجات کیلئے انتہائی مفید

جو، مکئی، چنا، باجرہ، جوار، کلونجی، اجوائن سونف اور سفید زیرہ کا انوکھا امتزاج

بچوں، بڑوں، صحت مند اور مریضوں کی یکساں غذا صحت مند اور کامیاب نسلوں کیلئے کامیاب فطری ٹانک

بالکل تازہ اور زود ہضم۔ طاقت کا خزانہ

Rs 400

طریقہ استعمال:

2 کلو معالج آٹے کو دس کلو گندم کے آٹے میں بھی مکس کر سکتے ہیں اور چاہیں تو صرف معالج آٹا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

دیسی گھی

Rs: 1000

نسلوں کی تعمیر، پرانی ریت اور روایتوں کے ساتھ وہی سچا ذائقہ مہکتی خوشبو اور لاجواب صحت

پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ

شیخ الوظائف کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً برتن، تانبے، کانسی، چمڑے، لکڑی کی بنی ہوئی چیزیں یا الیکٹرانکس کی پرانی بے کار چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کے پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلز وغیرہ ہوں تو شیخ الوظائف کو ہدیہ کی نیت سے بحفاظت باامان پہنچائیں، دل کی گھبراہٹوں سے دعائیں لیں۔ نیز تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی بھی تحفہ قبول کیا جائے گا۔

شیخ الوظائف سے دعائیں لینے کا سنہری موقع

آج ہی اپنے قریبی ایجنسی ہولڈر یا دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے طلب فرمائیں گھر بیٹھے منگوانے کیلئے ابھی آرڈر کریں۔ 0332-7552382 0332-4091206